کریمُ اللُّغات

یہ کتاب حاوی الفاظ فارسی اور عربی مستعملہ کتب درسیۂ
مدارس پنجاب جسکو مولوی کریم الدین صاحب ڈپٹی انسپکٹر لاہور نے
سنہ ۱۸۶۱ عیسوی مین
حسب الحکم جناب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن ممالک پنجاب کے
تصنیف کی
الحال واسطے استعمال مدارس سررشتہ تعلیم بمبئی کے معہ

مختصر اللُّغات

تصنیف مولوی جعفر صاحب کہ جسمین اکثر لغت درسی کتب جیسا گلستان و
بوستان وغیرہ کے ہین واسطے نفع عام کے سنہ ۱۸۷۲ عیسوی
مطابق تیرہویں ماہ صفر المظفر سنہ ۱۲۸۹ ہجریہ نبویہ کو شہر بمبئی مین
حسب درخواست شائقین مدارس سرکار چھاپی گئی

دیباچہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

خدایا مطلع انوار رحمت ساز جانم را
کلید مخزن انوار دل گردان زبانم را

چونکہ حاصل ہونا کسی زبان کا بدون واقف ہونے صرف اور نحو اور لغت کے
نہین سکتا اور معنی زباندانی کے بھی یہی ہین کہ اوس زبان کے لغت سے آشنا
تام حاصل ہو پس بلحاظ اسکے جو دیکھا جاتا ہے تو کوئی کتاب لغت کی مدارس پنجاب
لڑکون کے پاس ایسی نہین ہے جس سے وے خود معنی الفاظ نامعلوم کا لگا
ترقی اس زبان مین پیدا کرین اسلیے جناب کپتان فول صاحب بہادر
ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن مدارس ممالک پنجاب نے مجھ کمترین کریم الدین
جو صاحب ممدوح کے دفتر مین عہدہ سررشتہ داری پر نامزد ہے ارشاد فر

کہ ایک ڈکشنری زبان فارسی کی ایسی طیار کر جسمین سب الفاظ اون کتابون
کے آجاوین جو سرکاری اسکولون مین پڑہائی جاتی ہین تاکہ طلبا پنجاب کو کامل
مدد اونکے مطالعہ اور ترقی استعداد کی حاصل ہو اسلیے بندہ نے حسب الحکم صاحب
موصوف کے سب الفاظ کتب مروجہ سرکاری اسکولون کی جمع کر کے ایک کتاب
لغت کی مرتب کی اور معنی اون الفاظ کے سہل ترین زبان اردو مین لکھے
تاکہ طلباء کم استعداد جلد تر معانی نکال سکین اور معلمان دیہات بھی جو الفاظ
اردو سے کم واقف ہین اس ڈکشنری کو دیکھکر اچھی طرح طلبا کو مطالب کتاب کے
اردو زبان مین سکھلا سکین چنانچہ حسب الارادہ یہ کتاب ماہ جولائی ۱۸۶۸ء مین طیار ہوئی اور نام اسکا

	کریمُ اللّغات	
	رکھا گیا	

واضح ہو کہ جو لفظ اس کتاب مین لکھا ہے اوسکے معنی قاموس اور منتہی الارب
اور برہان قاطع وغیرہ کتب لغت سے تصحیح اور تحقیق کر کے
لکھی گئی ہین پس اب کوئی مقام شک کا اون لوگون کے واسطے نہین
رہا ہے جو معتقد علم رسمیہ ہین اگر کسیکو کوئی شک ہو کتب مذکورہ مین دیکھ
لیوے امید جناب باری سے یہ ہے کہ اس کتاب کو درجہ قبولیت کا
عطا فرما کر طلباے ہند کو اس سے فائدہ بخشے ❊

	آمین	

نشانات

چونکہ فارسی اور عربی اور بعضے لفظ ترکی بھی فارسی کتب مین مستعمل ہوتے ہین اس لیے یہہ نشان اون زبانون کے بتلانے کے واسطے لکھے گئے ہین

نشان	زبان
ع	عربی
ف	فارسی
ت	ترکی
مب	معرب

معرب اوس لفظ کو کہتے ہین جو کسی غیر زبان کا لفظ ہو اور اوس مین کچھہ تغیر یا تبدل کر کے مثل عربی کی بنا لین جیسے صنج اصلمین چنگ تہاچ کو ص سے اور گ کو ج سے بدل لیا اسکو معرب کہین گے

بابُ الالف

آب ف لغوی معنی پانی اصطلاحی آبرو عزت ۔ فیض ۔ دولت ۔ طرز ۔ موتی جوہر تیغ ۔ تلوار جوہر دار

اَب ع باپ ۔ پدر

اِباع انکار کرنا ۔ نہ ماننا

ابابیل ع دیودلائی نام ایک چھوٹے پرند کا ہے جو اکثر گھرون مین رہتا ہے

آباد ف بسا ہوا ۔ ورود ۔ کعبہ خوش اور خوب

آبادی ف بستی

آبادانیدن ف سراہنا ۔ تعریف کرنا

آبان ف آٹھوان مہینا فارسی زبان کا اور نام اوس فرشتہ کا ہے جو لوہے پر موکل ہے

آبپاشی ف سیچنا کہیتی کو پانی دینا چھڑکاؤ پانی کا کرنا

آبتاب ف رونق ۔ چمک

ابتداع شروع ۔ ارنبہ

ابتذال ع بیہودہ خرچ کرنا ۔ ذلیل کہنا

ابتر ع لغوی معنی اسکی دُم کٹا ہوا مرادی یہ کہ بیخبر آدمی بدچلن ۔ بگڑا ہوا

ابتسام ع مشتق ہے تبسم سی ہنسنا مسکرانا اور پھول کا کہلنا

ابتہاج ع خوشی ۔ کہلنا ۔ خوش ہونا

ابجد ع حروف تہجی ۔ الف بے

آب حیات ف امرت جسکی پینے سے موت نہین آتی مرادی معنی شعرا اور معشوق کا منہہ

آبخورد ف آن جل ۔ آبخورش

آبخورہ ف پانی پینے کا برتن ۔ گلاس

اَبَد ع جسکی انتہا نہو ۔ ہمیشگی

آبدار ف چمکدار ۔ اور پانی کہنے والا نوکر اور دولتمند آدمی

آبداری ف چمک ۔ صفائی

ابر ف بادل

ابرام ع تنگ کرنا ۔ ملول کرنا محکم کرنا کسی کام کا

آبراہ ف موری ۔ بدررو ۔ سیلاب

ابوص ع کوڑہی چتلا ۔ چتکبرا اور گرگٹ جو چھپکلی کی قسم سے اوسکو بھی کہتی ہین

ابرش ع جسپر سیاہ یا سفید داغ ہون

ابرق ع ابرک اور چمکدار

ابرقوہ ف
ابرکوہ فَ عراق عجم میں ایک شہر ہے
ابرو فَ بھوں جو آنکھ کے اوپر ہوتی ہے
آبرو فَ عزت ۔ رتبہ ۔ نیکنامی
آب ریختن فَ بےعزت اور ذلیل کرنا ۔
ابریسم عَ
ابریشم فَ ریشم }
ابریق عَ روشن ۔ چھاگل پانی کی اور
تلوار چمکدار ۔ عورت خوبصورت
آبستن فَ حاملہ ہونا ۔ پیٹ سے ہونا
آبستنہ فَ پیٹ والی عورت ۔ اوچھا پلو پکڑنے والا
آبشار فَ جھرنا جہاں پر پانی جھرتا ہو اور چشمہ پہاڑ کا
آبشم فَ کویا ریشم کا ۔ کچی ریشم کو یا جو کپڑا بنا تا ہے
آبکار فَ کلال ۔ شراب فروش
آبشخور فَ قسمت ۔ چھوٹا پانی کا چشمہ ۔ تالاب
آبگیر فَ جوہڑ یعنی وہ گڑھا جہاں پر پانی کھڑا رہے
آبگینہ فَ کانچ ۔ شیشہ ۔ بلور ۔ شراب انگوری
دل عاشق کا ۔ آنسو آنکھ کے
اِبل عَ اونٹ ۔ شتر

ابلاء عَ محنت میں ڈالنا ۔ آزمائش میں ڈالنا
بلا میں پھنسانا ۔ کہنہ کرنا کسی چیز کا
ابلاغ عَ پہونچانا ۔ بھیجنا
ابلج عَ روشن ۔ ظاہر ۔ مرد ابرو کشادہ
ابلق عَ چتکبرا ۔ سپید دست و پا گھوڑا
ابلہ عَ نادان ۔ سادہ ۔ بیوقوف
آبلہ فَ پھپولا ۔ پھنسی
ابلہی عَ بیوقوفی ۔ احمق پن
ابلیس عَ شیطان ۔ فریب دینی والا ۔ بدنا امید
ابن عَ بیٹا ۔ فرزند ۔ پسر
ابناء عَ جمع ہے ابن کی بمعنی بیٹے ۔ ساتھی ہمجنس
ابنت عَ بیٹی ۔ دختر
ابن سبیل عَ مسافر ۔ راہی
آبنوس عَ نام ایک درخت کا
آب نقرہ فَ پارہ
آب نخوردن فَ مراد دیر نکرنا ۔ توقف نکرنا
ابواب عَ جمع باب کی دروازے
اور کتاب کے حصے
آب و دانہ فَ رزق ۔ خوراک ۔ کھانا پینا

ابو عَ باپ ۔ صاحب
ابوالفضل عَ اکبر بادشاہ کا وزیر
ابوبکر عَ نام خلیفہ اول پیغمبر خدا کا
ابہام عَ انگوٹھا اور کھولکر بیان نکرنا ۔
اُبہت عَ بزرگی ۔ رونق ۔ شکوہ
آبی فَ مرطوب ۔ نم ۔ پھیلا
ابیات عَ جمع بیت کی گھر ۔ شعر
ابیض عَ سفید ۔ تلوار ۔ چاندی
ابیضان عَ دو رنگ ہیں چھاتی میں شتر کی اور شیر
اور آب ۔ چربی اور جوانی ۔ روٹی اور
پانی ۔ اور دو روز ۔ یا دو ماہ
اتابک فَ بادشاہان شیراز کا لقب ہے
اتالیق تَ ادب سکھلانیوالا اوستاد
اتباع عَ پیروی کرنا ۔ تابع ہونا
اتحاد عَ ایک ہونا ۔ دوستی
اِتحاف عَ تحفہ دینا ۔ سوغات دینا
اِتراب عَ مٹی میں ملانا
اَتراب عَ ہم عمر ۔ برابر کی لڑکیاں
اِتّساق عَ ترتیب دینا ۔ تمام ہونا ۔ فراہم ہونا ۔ آراستہ ہونا

اتسام عَ نشان کرنا مشتق وسم سے ہے
آتش فَ آگ ۔ نور ۔ رواج ۔ غصہ ۔ اور شیطان
آتشباز فَ جو شخص آتشبازی کری اور جو بیچے
آتشبازی فَ آگ سی کھیلنا اور نام آگ کی کھیلونکا
آتش پیکر فَ سورج ۔ شیطان ۔ جن وغیرہ
آتشخوار فَ نام ایک جانور کا ہے اور بد اور ظالم آدمی کو بھی کہتے ہیں
آتشدان فَ انگیٹھی
آتش دل فَ مراد چھوڑ دینا اور ترک کرنا اور کسیکو ٹھہر کانا
آتش زبان فَ یاوہ گو سخت مزاج آدمی
آتش سرد فَ شراب ۔ لب معشوق ۔ اور سونا چاندی
آتشی ۔ آتشین فَ آگکا ۔ گرم
اتصاف عَ کوئی صفت اختیار کرنا ۔ تعریف
کیا جانا ۔ باہم وصف کرنا کسی چیز کا
اتصال عَ ملنا ۔ لگاتار ہونا کسی کام کا اور پہونچنا
اتفاق عَ باہم ملنا ۔ اچانچک
اتفاقاً عَ اچانچک ۔ کسی اچانک سی
اتفاقی عَ جو اتفاق سے بات ہو جاوے
اِتقاء عَ بچنا ۔ پرہیز کرنا ۔ گناہ سے بچنا
اتقیاء عَ پرہیزگار لوگ جمع تقی کی ہے

اتکا ع بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا
اتکال ع اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا
اتلاف ع ضایع کرنا۔ تلف کرنا کھو دینا
اتم ع بہت پورا۔ کامل۔ تمامتر
اتمام ع پورا کرنا۔ انجام کو پہونچانا
اتون ف وہ عورت ہوتی ہے جو لڑکیون کو علم
پڑہنا۔ اور کپڑی سینا جالی نکالنی وغیرہ تعلیم کرتی ہے
اتہام ع تہمت لگانا کسی پر۔ دوش دینا۔
غلطی مین ڈالنا
اتہاب ع بخشش قبول کرنا۔ ہبہ کرنا
اتیان ع رسیدگی۔ دخول۔ قدوم۔ آنا
اثاث ع اسباب خانگی۔ گہر کا اسباب
اثارہ ف نشان پرانے بچے ہوی پتہرونکی ڈہیر کہوج
اثفیہ ع دیگ ماپہ چولہی کا پا کہا جمع اوسکی
اثافی آتی ہے
اثم ع گناہ۔ جرم جمع اوسکی آثام ہے اور شراب اور جوا
اور جو کام کرنا ناروا ہو اوسکو بھی اثم کہتی ہین
اثبات ع ثابت کرنا۔ ثبوت کو پہونچانا
اثر ع تاثیر۔ نشان۔ کہنڈر۔ کہوج

اثقال ع جمع ہے ثقل کی معنی اوسکی بوجہہ بہار
اثمار ع جمع ہے ثمر کی معنی پہل
اثنا ع بیچ۔ درمیان۔ عرصہ درمیان کا
اثناء راہ ف درمیان راستہ کے
اثنین ع دو
اثیل ع ذاتی۔ محکم۔ بڑی خاندان کی نسل
اجابت ع ماننا۔ منظوری
اجاج ع آب تلخ۔ آب شور۔ کہاری یا کڑوا پانی
اجارہ ع ٹہیکہ۔ یا ٹہیکہ لینا
اجازت ع حکم دینا۔ پروانگی دینی
اجتباء ع پسند کرنا۔ چہانٹنا
اجتماع ع اکٹہا ہونا۔ جمع ہونا
اجتناء ع پہل چننا۔ میوہ اکٹہا کرنا
اجتناب ع پرہیز کرنا۔ بچنا۔ گوشہ پکڑنا
اجتہاد ع کوشش کرنا دل سے سوچکر
ایک بات نکالنی
اجداد ع باپ دادا وغیرہ
آجر ع اینٹ۔ خشت
آجر اجرت ع انعام۔ بدلا۔ مزدوری

اجرا ع جاری کرنا۔ کام چلانا
اجل ع وقت مقرر۔ موت کا وقت۔ تقدیر
اجل ع واسطے۔ سبب۔ لیے
اجل ع بڑا بزرگ۔ بڑا ذیشان
اجلاس ع بٹھنا۔ کچہری کرنیکو بیٹھنا
اجلال ع بزرگی۔ علو شانی
اجماع ع اکٹہی ہونا۔ سبکی رائ متفق ہونی
اجمال ع کھولکر نہ کہنا۔ بہت کو تھوڑا کر دینا
پراگندہ کو اکٹہا کرنا۔ بہت درستی سے کام کرنا
اجمعین ع سب۔ تمام۔ سبکے سب
اجنبی اجنب ع پردیسی۔ کسی اور
دیس کا آدمی باشندے
اجوبہ ع جمع جواب کی یعنی بہت سے جواب
اجورہ اجور ع مزدوری۔ محنتانہ
اجوف ع کھوکھلا۔ شکم خالی اور وہ لفظ
جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو
اجیر ع مزدور۔ محنتی
اچار اچار ف مشہور ترشی ہے جو روٹی
کے ہمراہ کہاتے ہین

ملا ہوا یہ معنی اسکے ہین
اخ ع آواز کہانسی کی۔ آواز درد کی
احاطہ ع گھیرنا۔ اور گھیری ہوئی چاردیواری
احباب ع جمع حبیب کی بمعنی دوست
احتباس ع روکنا۔ اور خون بند ہو جانے
کے بیماری عورتون کو
احتراز ع بچنا۔ پرہیز کرنا
احتراس ع نگاہبانی کرنی
احتراق ع جلانا۔ پھونکنا
احتساب ع حساب کرنا۔ آزمایش کرنا
احتشام ع شکوہ۔ نوکر چاکر کا مالک ہونا
صاحب حشمت ہونا
احتلام ع خواب مین ناپاک ہونا۔ خواب دیکھنا
احتظاظ ع لذت اوٹھانا۔ مزہ لینا۔ بخت مند ہونا
احتمال ع برداشت کرنا۔ بوجھ اوٹھانا
بات کا سہنا
احتیاج ع حاجت ہونا۔ ایک چیز کی
خواہش ہونی

احتیاط ع بچنا گناہ سے پرہیز کرنا بُری بات سے بچنا
اِحتیال ع فریب کرنا حیلہ کرنا۔ مکر کرنا
احد ع ایک ایک
احدیت ع ایکائی۔ ایک ہونا
اِحداث ع بینا پیدا کرنا۔ نئی بات نکالنا
اِحراز ع بچانا۔ گھیرنا۔ استوار کرنا
احراق ع جلانا۔ پھونکنا
اِحرام ع حرم مین آجانا۔ ماہ ہای حُرم مین داخل ہونا۔ حج کرنیکی نیت کرنی مکہ کے قریب جاکر
اِحزان ع غم مین ڈالنا۔ غمگین کرنا
اِحساس ع چھونا۔ حس کرنا
اِحسان ع کسی کے ساتھ نیکی کرنا
احسانمند ف وہ شخص جسکے ساتھ اچھا سلوک کسی نے کیا ہو
اَحسَنتَ ع بہت اچھا کیا تو نے۔ یہہ کلمہ آفرین کے مقام پر بولا جاتا ہے

اَحسَن ع بہت نیک۔ بہت خوب
احضار ع حاضر کرنا۔ موجود کردینا کسی چیز کا
اَحفاد ع جمع حَفَد کی معنی اسکے پوتے نواسے ہین
احقر ع زیادہ حقیر۔ بڑا ذلیل۔ اپنے تئین بسبب کسرنفسی کے بولا کرتے ہین
اَحلی ع نہایت شیرین
احمر ع بہت سُرخ
احمق ع نہایت بیوقوف
اَحوَل ع انبرنکور۔ بھنگا
احوال ع جمع حال کی ہے
اِحیا ع زندہ کرنا۔ جان ڈالنا
اَحیان ع جمع حین کی ہی بمعنی زمانہ اور وقت کے
اَحیاناً ع اتفاقاً اور شاید کسی زمانہ مین یا کسی وقت
اَخ ع بھائی۔ برادر
آخ ف کلمہ تحسین کا ہے بجای آفرین کی بولتے ہین
اَخبار ع جمع خبر کی یعنی خبرین
اِخبار ع خبر کرنا۔ بتلانا۔ اطلاع دینا
اُخت ع بہن۔ ہمشیرہ۔ بوا

اختتام ع ختم کرنا۔ پورا کرنا
اختر ع ستارہ
اختراع ع نئی بات نکالنی۔ ایجاد کرنا
اختراق ع پھاڑنا۔ پھٹنا۔ پارہ پارہ ہونا اور فراخ دستی کرنا
اِختصار ع کم کرنا۔ بہت کو تھوڑا کرنا
اختصاص ع خاص کرنا۔ خصوصیت رکھنا
اختفاء ع چھپانا۔ پوشیدہ کرنا
اختلاط ع ملانا۔ محبت۔ دوستی
اختلاف ع فرق۔ تفاوت۔ باہم فرق ہونا
اختلال ع خلل ڈالنا خلل پڑنا خلل
آختن ف تلوار کھینچنا
آختہ ف تلوار کھینچی ہوئی۔ اور نامرد کیا ہوا جانور
اختیار ع پسند کرنا۔ ایک بات کو ماننا
اخذ ع لے لینا۔ پکڑنا۔ اختیار کرنا
اُخری ع پچھلی عورت یا چیز یہ لفظ مؤنث ہے
آخر ع پچھلا۔ دوسرا

اخراج ع نکالنا
اخراجات ع جمع خرچ کی بمعنی خرچ کے ہے
آخرالامر ع آخر کو۔ اسباب کی آخر
آخرت ع انجام۔ دوسری دنیا قیامت
اخرس ع گونگا اسکی جمع خرس اور خرسان آتی ہے
اَخضر ع سبز چیز۔ سبز رنگ
اخفا ع پوشیدہ۔ پوشیدہ کرنا
اخفش ع نام ہے تین نحویونکا جو اس فن نحو مین امام گذری ہین قاموس[۱۲] چھوٹی آنکھ والا
اخگر ف آگ کی چنگاری۔ شروع عشق کا
اخلاص ع دوستی۔ خالص کرنا
اخلاصمند ف دوست جو خیرخواہ ہو
اخوان ع بھائی بند جمع ہے اَخ کی
اخوت ع بہنین۔ جمع ہے اخت کی
آخورسالار ف طویلہ کا سردار
آخور ف وہ جگہہ جہان پر چارپائے گھاس کھاتے ہین ہندی مین اوسکو کھورلے کہتے ہین

اخون
اخوند ف معلم اوستاد
اخوی ع میرا بھائی
اخیر ع پچھلا
اخی ف ع فارسی مین صاحب مروت
عربے مین میرا بھائی
ادا ع پورا کرنا۔ انداز۔ ناز
آداب ع جمع ادب کی بمعنی عزت کرنی
سلام کرنا۔ تعلیم کرنا
ادات ع بمعنی اوزار اور ہتیار۔ اور علم صنعت
اِدامت ع ہمیشگے
اَدَب ع سلام۔ قاعدہ۔ علم زبان
اَدَبانہ ف بطور ادب کے
اِدْبار ع لغوی معنی پیٹھ پھیرنا
اصطلاحی بداقبالی۔ نحوست۔
کم قسمتی بدنصیبی
اِدْرار ع روزینہ۔ جاری ہونا پیشاب کا
جارے ہونا
ادراک ع پانا۔ عقل۔ دریافت کرنا

ادریس ع نام ایک پیغمبر کا
اِدّعا ع دعوی کرنا۔ بی دلیل ایک بات کہنی
اَدَق ع بہت باریک۔ بہت مشکل
آدم ع نام ہے پہلے آدمی کا جس سے
انسان کی نسل چلی
اِدْمان ع ہمیشگی ــ اور مشق
آدہم ع نام ایک بادشاہ بلخ کا جو تخت کو
چھوڑ کر فقیر ہو گیا تھا۔ اور لوہے کی
بیڑی جو قیدیون کے پیر ومین ڈالتے
ہین اور سیاہ سانپ اور گھوڑا مشکی رنگ کا
آدمی ف وہ جو اولاد آدم کی ہے
آدمیت ف انسانیت۔ خلق نیک ہونا
ادنی ع بہت نزدیک۔ نالایق۔ کم رتبہ
ادوات ع ہتیار۔ اوزار جمع ادات کی
ادویہ ع جمع دوا کی
اَدْیان ع جمع دین کی بمعنی مذاہب
ادیب ع جو علم ادب سے واقف ہو
یعنی زبان دان
اور قاعدہ دان

ادیم ع ادہوڑی۔ چمڑا
آدینہ ع روز جمعہ
اذ۔ اذا ع جب۔ جسوقت۔ جبکہ
اِذْن ع اجازت۔ پروانگی۔ حکم۔ اب.
اذان ع آواز۔ اور نماز کی وقت کی بانگ
اذی ع ایذا۔ تکلیف۔ دکھ
آذر ف آگ۔ اور کنایہ عشق سے ہے۔
اور نام اوس فرشتہ کا ہے جو سورج کا موکل ہے
اذعان ع یقین کرنا
اذقان ع جمع ذقن کی بمعنی ٹھوڑی
اِذکار ع ذکر کرنا۔ یاد دلانا
آذوقہ ع طعام۔ کھانا۔ رزق
اَذِیّت ع دکھ۔ مصیبت۔ تکلیف
آر ف لاؤ۔ لے آؤ
آرای ف
آرات ف آراستہ کرنے والا
اِرابہ ف گاڑی
ارادت ع ارادہ کرنا۔ مرید ہونا
ارادی ع اختیاری۔ ارادہ کا

آراستگی ف زیبایش کرنا
آراستن ف زیبایش کرنا۔ سنوارنا
آراستہ ف زیبایش کیا ہوا
اراضی ع جمع ارض کی بمعنی زمین
آرام ف چین۔ سکھ
آرامش ف فراغت۔ آرام وراحت
آرامیدن ف آرام کرنا۔ آرام پانا
آرائیدن ف آراستہ کرنا
آرایش ف زیبایش۔ آراستگی
اَرْباب ع جمع رب کی بمعنی صاحب۔ مالک
اَرْبع ع چار یعنی (۴) (للو)
اَرْبعون ع چالیس یعنی (۴۰) (للعہ)
ارتباط ع دوستی۔ ربط کرنا۔ ملانا
ارتجال ع بدون سوچے کے بولنا۔ جلدی بولنا
ارتحال ع کوچ کرنا۔ موت آنا
اِرْتداد ع مذہب سے پھر جانا۔ پھر جانا
اِرْتسام ع منقش ہونا۔ تصویر کھینچنا
اِرْتشا ع رشوت کھانا۔ گھونس لینا
ارتضا ع باہم راضی ہونا۔ خوش ہونا آپسمین

ارتفاع ع اونچا ہونا۔ بلندی۔ نفع محصول

ارتقاع ع چڑھنا۔ ترقی کرنا

ارتکاب ع اختیار کرنا۔ پسند کرنا

ارتیاح ع راحت پانا

ارث ع مردے کا مال

ارج ف قسمت۔ قدر۔ مرتبہ۔ حد۔ اندازہ

ارجمند ف صاحب قدر۔ اور صاحب رتبہ کا

ارحم ع بڑا رحم والا۔ بہت ہی مہربان

آرد ف آٹا۔ اناج پسا ہوا۔ اور تقصیر کے معنی مین بھی آیا ہے

ارذل ع بہت ذلیل۔ بڑا نیچ

ارزاق ع جمع رزق کی۔ روزی

ارزان ف سستا۔ جو مہنگا نہو

ارزانی ف سستاپن

آرزو ف امید

آرزومند ف صاحب امید

ارزیدن ف قیمت پانا۔ لائق ہونا

ارزیز ف ٹن یعنی انگریزی لوہا جس پر رانگ کی قلعی ہوتی ہے

ارسال ع بھیجنا۔ نامہ بھیجنا

ارسطو ع نام حکیم کا ہے جو سکندر کا وزیر اور افلاطون کا شاگرد تھا

ارشاد ع ہدایت کرنا۔ راہ بتلانا

ارشد ع بہت ہدایت یافتہ آدمی

ارض ع زمین۔ دھرتی

ارضہ ع دیمک مشہور کیڑے ہین جو بڑا نقصان کرتے ہین

ارضی ع زمینی۔ زمین کا

ارغنون ع نام باجہ کا ہی جسکو ارگن کہتے ہین

ارغوان ع سرخ اور نارنجی رنگ

ارقام ع لکھنا

ارکان ع جمع رکن کی بمعنی ستون۔ وزیر۔ امیر

ارکان دولت ع امرا۔ وزرا۔ رئیس قوم

ارم ع نام ایک محل۔ اور بہشت جو عاد نے

بنائی

بنائی تھی اِس دنیا پر۔

ارمان ف آرزو۔ اور حسرت

آمانیدن ف آرزو کرنا۔ حسرت کرنا

ارمغان ف تحفہ۔ انوکھی چیز سوغات

آرمیدن ف آرام کرنا۔ بدن کو سکھ دینا

ارنب ع خرگوش۔ سسا

آرنج ف کہنی اور بازو کو بھی کہتے ہین

آرندہ ف لانی والا کسی چیز کا

ارنہ ف ورنہ۔ نہین تو۔ واگر نہ

ارواح ع جمع روح کی

آروغ ف ڈکار اسکو آروق بھی بعضون نے لکھا ہے

آروغیدن ف ڈکار لینا

ارہ ف لکڑی چیرنے کا اوزار۔ اور جڑ دانتون کی

اروین ف امتحان۔ تجربہ۔ آزمایش

آری ف ہان

اریب ع عقلمند۔ عالم

آز ف حرص لالچ اور نام ایک شہر کا بھی ہے

از ف سے

آزاد ف بی قید۔ بے عیب اور سوسن سفید اور درخت بکاین اور درخت بے میوہ کو بھی کہتے ہین

آزادی ف بی قیدی۔ بی عیب ہونا

آزار ف دکھ۔ بیماری

ازاربند ف ناڑا

آزاردن ف دکھ دینا۔ آزردہ کرنا

آزاری ف بیمار

ازالت ع دور کرنا۔ زائل کرنا

ازان باز ف اوسوقت سے

ازبر ف حفظ۔ یاد

ازبس ف بہت

آزدن ف سوئی چبھا دینی

ازدواج ع نکاح کرنا۔ شادی کرنا

اژدہا ف بڑا سانپ

ازدحام ع انبوہ لوگون کا۔ اجتماع اور لوگون کی بھیڑ

ازدیاد ع زیادہ ہونا۔ بڑہنا

آزردگی ف رنج ـ خفگی ـ ناراضگی
آزردن ف آزرده کرنا ـ ستانا ـ آزرده ہونا
آزرده ف ستایا ـ خفا کیا ہوا
ازرق ع گربہ چشم ـ نابینا
ازکیا ع جمع زکی کی ذہین آدمی
ازل ع جسکا شروع نہو ـ اناد
ازلی ع انادی ـ ازل والا
آزمات آزمانے والا
ازمان ع جمع زمانہ کی ازمن بھی اسکی جمع آتی ہے
آزمایش ف پرکہنا ـ آزمانا ـ امتحان
آزمند ف لالچی ـ حریص
ازمنہ ع جمع زمانہ کی
آزمودن ف آزمانا جانچنا
ازد ف سوئین چبھانا
ازواج ع جمع زوج کی بمعنی جوڑا
ازوقہ ع یہ لفظ ذوق سے بنا ہے اصل اسکی ازاقہ تھا اوسکو بگاڑکر فارسی مین ازوقہ بنالیا ہے معنی اسکے طعام کھانا ہے

ازہار ع کلیان ـ پہولون کے غنچے
ازہر ع بہت کھلا ہوا ـ چمکتا ہوا
آسا ف مانند
اسابع ع ہفتے جمع ہے اسبوع کی اسکے معنی ہفتہ کے ہین یعنی سات دن
اِساءت ع بُرائی ـ بُراپن ـ بدی کرنا
اساتین / اساطین ع کہم ـ ستون
اساس ع بنیاد ـ نیو ـ جڑ
اساطیر ع کہانیان ـ قصے
اسافل ع نیچ لوگ ـ کم رتبہ کے
اسالیب ع طریق ـ طور ـ راہہا جمع ہے اسلوب کی
اسامی ع جس سے لین دین ہوتا ہے
آسان ف سگم ـ سہج ـ ہولا
آسانی ف سہج پن
آسایش ف آرام
اسپ ف گھوڑا
اسباب ع جمع سبب کی اوسکے معنے رسی ـ وسیلہ ـ اور اتم

اسباط ع قومین ـ ذاتین
اسبق ع سب سے اول ـ سب سے بڑہا ہوا
است ف ہے
اُستاد ف سکہلانے والا
استادن ف کہڑا ہونا
استاکار ف اوستاد
آستان ف دہلی ـ دہلیز
استبداد ع ہٹ کرنا ـ استقلال ـ مضبوطی
استبراء ع بری ہونیکی خواہش ـ پاکی چاہنا ـ عیب یا قرض سے برات چاہنا
استتار ع پوشیدہ کرنا ـ چھپانا
استثناء ع نکالنا ـ الگ کرنا
استجابت ع جواب کہنا ـ قبول کرنا
استحسان ع نیکی طلب کرنا ـ نیک گننا
استحقاق ع طلب حق کی کرنا ـ حقدار ہونا ـ حق
استحکام ع مضبوطی ـ مضبوط کرنیکی خواہش

استخراج ع نکالنی کی خواہش کرنا ـ ایک بات نکالنا
استخلاص ع چھوڑانا چاہنا ـ خلاصی کرانا
اُستخوان ف ہڈی ـ ہاڑ
استدامت ع ہمیشگے چاہنا
استدعا ع خواہش کرنا
استدلال ع دلیل طلب کرنا ـ دلیل لانا
استر ف وہ کپڑا جو رضائی کی نیچی لگاتے ہین اور مشہور چوپایہ بھی کہتے ہین کہ یہ اختراع فرعون کا ہے
استراحت ع آرام ـ طلب راحت کی کرنا
استرخاص ع رخصت چاہنا ـ طلب رخصت کرنا
استرداد ع لوٹالینا ـ لوٹالینا چاہنا
استردن ف مونڈنا ـ صاف کرنا
استرضا ع طلب رضا کی ـ خوشنودی
استره ف چھرا ـ بال مونڈنے کا اوزار
استسعاد ع طلب سعادت کی ـ طلب نیکی کی

استسقا ع طلب سیرابی کی۔ نام ایک بیماری کا
ہے جسمین پیاس بہت ہوتی ہے
استشمام ع طلب سونگھنی کی۔ سونگھنا
استطاعت ع طاعت۔ طاقت
طلب تابعداری کی
استظہار ع مدد چاہنا۔ پشتی طلب کرنا
۔ ظاہر کرنیکی طلب
استعارہ ع مانگنا
استعجاب ع تعجب کرنا
استعانت ع مدد کرنا۔ مدد طلب کرنا
استعجال ع شتابی مانگنا۔ جلدی
کرنا طلب شتابی کی
استعداد ع مادۂ طاقت علمی۔ سامان
استعفا ع طلب عفو۔ نوکری چھوڑنیکو اسواسطے
استعفا کہتے ہین کہ گویا وہ نوکر یہ چاہتا ہے
کہ اب مجھکو نوکری کرنے سے معاف کرو
جو لوگ اسکو استیفا لکھتے ہین
غلطی کرتے ہین
استعلام ع جتلانا۔ خبر دینا۔ طلب جانکی کرنا

استعمال ع کام مین لانا۔ عمل مین لانا
استغاثہ ع فریاد۔ طلب فریادرس کی کرنا
استغراب ع عجیب بات کرنا۔ تعجب دلانا
استغراق ع محو ہونا۔ غرق ہونا۔
ڈوب جانا
استغفار ع طلب بخشش۔ گناہ بخشوانیکی
خواہش
استغنا ع بے پروائی
استفسار ع پوچھنا۔ طلب معنی کرنا
استفہام ع پوچھنا۔ سمجھنا چاہنا
استقامت ع سیدہا ہونا۔ مستقیم ہونا
استقبال ع آیندہ۔ پیش روی
آگے جانا
استقرار ع ٹہرنا۔ آرام کرنا۔ قرار کسی جگہ
پکڑنا
استقصا ع کوشش تمام کرنا۔
اور کسی چیز کی انتہا کو پہونچنا
استقصار ع کم کرنا۔ طلب کمی
استقلال ع استحکام۔ مضبوطی۔ کم جاننا

استکبار ع بڑا سمجھنا۔ غرور کرنا
استکراہ ع نفرت کرنا
استیلام ع ہاتھ یا مُنہہ سے چومنا پتھر کا
کہیتی کا خوشہ نکل آنا
استماع ع سُننا
استمالت ع اپنی طرف ملالینا۔ مائل کرنا
استمداد ع مدد مانگنا
استمرار ع ہمیشگے
استمراری ع ہمیشگے اور ہمیشگی والا
استمزاج ع مزاج پوچھنا۔ رای دریافت کرنی
استنباط ع بات کہودنی۔ ایک بات سے
دوسری بات نکالنی۔ چُننا
استنشاء ع ناک جہاڑنی۔ سِنکنا۔
پراگندہ کرنا
استنجا ع پاک کرنا۔ دہونا۔ ناپاکی دور کرنا
اِستوا ع برابری۔ ہمواری
اُستوار ع مضبوط۔ محکم
اُستواری ع محکم
استہزا ع ہنسی کرنا۔ اوہنسی

استیصال ع جڑ سے اوکھیڑنا
استیفا ع پورا کرنا
استیلا ع غالب ہونا
آستین ف کُرتے یا انگرکھے کی بانہہ
استیناس ع طلب انس۔ محبت پڑجانا
اُنس ہوجانا
اسحاق ع نام ہے ابراہیمؑ کے بیٹے کا
اسد ع شیر ببر
اَسرار ع جمع ہے سر کی یعنی بھید پوشیدگیان
اسراف ع بیفائدہ خرچ کرنا۔ فضولخرچی
اسرافیل ع نام ہے اوس فرشتہ کا جو قیامت
کو صور پہونکے گا
اسرع ع بہت جلد۔ بہت شتاب
اسطبل ع وہ مکان جہان گھوڑے
باندہے جاوین
اسطرلاب ع
اصطرلاب ع وہ اوزار جس سے شمس کا
ارتفاع اور انحطاط اور سعادت اور نحوست
دریافت کرین

اسعاد عَ نیک کرنا ۔ بختاور کر دینا
اسعاف عَ حاجت روا کر دینا ۔ کسیکا کام
کر دینا اوسکی حسب خواہش
اسعد عَ بہت نیک ۔ بڑا سعید
اسفار عَ جمع سفر کی ۔ اور کتابین اگلے
وقتونکی جیسے توریت وغیرہ ہین
اسفاناخ فَ پالک کا ساگ
اسفل عَ سب سے نیچا ۔ کم ۔ فرومایہ
اسفنج عَ اسپنج ۔ مُوا بادل ۔ ابر مردہ
اسقاط عَ گرانا ۔ ڈال دینا
اسقام عَ بیماریان ۔ دُکھ جمع سقم کی ہے
اسلاف عَ بزرگ ۔ اگلے وقت کے لوگ
جمع سلف کی
اسلام عَ مسلمان ہونا ۔ خدا کی
راہ پر گردن رکھنی
اسلحہ عَ جمع سلاح کی ہے بمعنی ہتھیار
اور اوزار
اسلم عَ بہت بچا ہوا ۔ سالم تر اور سانپ
کاٹا ہوا

اسلوب عَ طریق ۔ طور ۔ راہ
اسم عَ نام
اسمار عَ جمع سمر کی رات کو جو کہانی کہتے ہین
اوسکو سمر بولتے ہین یعنی کہانیان وغیرہ
رات کی باتین ۔
اسماع عَ جمع سمع کی بمعنی کان ۔ وگوش
اسمر عَ گندم گون ۔ گیہوان رنگ
اسنان عَ دانت دندان ہا جمع سن کی
اسواط عَ کوڑی ۔ تازیانہا جمع سوط
کی ہے
اسوار دعَ کنگن جو ہاتھو نمین پہنتے ہین
جمع سوار کی ہے
اسود عَ کالا ۔ اور کالا سانپ
آسودگی فَ آرام ۔ چین ۔ بیفکری
صلح ۔ امن
آسودن فَ آرام کرنا ۔ چین کرنا ۔
آسودہ ہونا
آسودہ فَ آرام یافتہ ۔ چین یافتہ
اسہال عَ پیٹ چلنا ۔ دست آنا

اسہل عَ بہت آسان ۔ سہلتر
آسی عَ رنج ۔ دُکھ ۔ مُصیبت
آسیا فَ
آسیاب فَ چکّی ۔ آٹا پیسنے کی چکی
آسیب فَ دُکھ ۔ دہکا ۔ خطرہ
اسیر فَ قیدی ۔ بندی
اسیری فَ قید ۔ بند
آش فَ شوربا ۔ حریرا ۔ پتلی شی پکی ہوئی
اشارت عَ سین مارنا ۔ اشارہ کرنا
اشاعت عَ مشہور کرنا ۔ پراگندہ کرنا ۔ پھیلانا
اشتباک عَ شبکہ سے شبکہ ملنا ۔ درزین
ملانا ۔ چھید کرنا ۔ بال بنانا
آشامیدن فَ پینا اور پلانا
اشباہ عَ صورتین ۔ اور شکلین
اشتباہ عَ شک ۔ شبہہ
اشتداد عَ سختی کرنا ۔ شدت کرنا ۔
مضبوطی کرنا
اشتر فَ مشہور جانور باربردار ہے اونٹ
اشترا عَ خرید کرنا ۔ مُول لینا

اشتراک عَ ساجھا ۔ شراکت
اشتعال عَ روشن ہونا ۔ لپٹ مارنا
اشتغال عَ مشغول ہونا ۔ کسی کام مین لگنا
اشتقاق عَ چیرنا ۔ نکالنا ۔ ایک لفظ سے
دوسرا لفظ بنانا
اشتمال عَ شامل ہونا ۔ شامل کرنا ۔
ملانا ۔
اشتہا عَ بھوک ۔ خواہش
اشتہار عَ مشہور کرنا ۔ شہرت دینا
آشتی فَ دوستی ۔ صلح
اشتیاق عَ شوق ہونا
اشجار عَ درختہا ۔ بہت درخت ۔
جمع شجر کی
اشخاص عَ بہت شخص جمع شخص کی
اشد عَ مضبوط ۔ بہت سخت ۔ تیز مزاج
اشداء عَ تیز مزاج ۔ سخت مزاج جمع اشد کی
اشر عَ بہت بد ۔ بڑا شریر
اشرار عَ جمع شریر کی
اشراف عَ بھلی مانس جمع شریف کی واحد بھی

استعمال اسکا ہو گیا ہے
اشراف ع جھانکنا۔ اوپر سے نظر ڈالنا
اشراق ع روشنی دینا۔ طلوع کرنا
اشربہ ع جمع شرا کی پینے کی چیزین
اشرف ع بہت شریف۔ بڑا بھلا مانس بزرگتر
اشعار ع ابیات۔ جمع شعر کی
اشعہ ع جمع شعاع کی روشنی۔ چمک شعاعین
اشغال ع جمع شغل کی بمعنی کام۔ کاروبار
اشفاق ع مہربانی کرنا۔ خوف کرنا
آشفتن ف پریشان ہونا۔ خفا ہونا
آشفتگی ف پراگندگی
آشفتہ ف ⎫
آشفتہ حال ف ⎭ وہ شخص جو پراگندہ حال ہو
پریشان حال۔ عاشق
آشفتہ مومی ف بال بکھرے ہوئے وہ شخص جسکے سر کے بال بکھرے ہوئے ہون
اشقیا ع جمع شقی کی معنی بدبخت
اشک ف آنسو۔ آنکھوں سے رونے کا جو پانی نکلتا ہے

آشکار ف ظاہر۔ کھلا ہوا
اشکال ع جمع شکل کی بمعنی صورت
اصطباغ ع غوطہ دینا۔ رنگنا
اِشکال ع مشکل کرنا
اشل ع ٹنڈا۔ اور جسکا ہاتھ سوکھ جاوے
اشمام ع سونگھنا
آشنا ف دوست۔ واقف۔ ملاپی
آشوب ف گھبراہٹ۔ فتنہ
آشوردن ف خمیر کرنا۔ ملانا۔ مرکب کرنا
اشہاد ع گواہی دینا
اشہب ع جنگل کا شیر۔ کام سخت۔ بکری جو سپیدی رکھتی ہو۔ گھوڑا سبز خنگ
اشہر ع مشہور زیادہ
اشیا ع چیزین جمع شی کی
آشیان ف گھونسلا۔ آشیانہ۔ آلنا
اصابع ع انگلیان ہاتھ اور پیر کی۔ جمع اصبع کی
اَصاغر ع چھوٹی۔ خورد۔ جمع اصغر کی
اصالت ع اصل پن۔ ذاتی پن۔ جڑ
اصبع ع اُنگلی

اصح ع جمع اسکی اصحاہی۔ تندرست بہت صحیح
اصحاب ع دوست۔ یار۔ جمع صحب کی
اصدار ع نکالنا ایک بات کا صادر کرنا
اصداف ع جمع صدف کی معنی سیپ
اصدقا ع جمع صدیق کی بمعنی دوست۔ رفیق
اصرار ع تاکید کرنا۔ ہٹ کرنا
اصراف ع خرچ کرنا
اصطبل ع گھوڑون کے باندھنے کی جگھہ
اصطفا ع چھانٹنا۔ برگزیدگی
اصطلاح ع اتفاق ایک قوم کا
اصغا ع سننا کسی بات کا۔ کان جھکانا کسی بات کے سننے کے واسطے
اصغر ع بہت چھوٹا
آصف ع سلیمان بادشاہ کے وزیر کا نام ہے
اصفار ع جمع صفر کی بمعنی خالی
اصفہان ف نام شہر کا جو فارس مین ہے
اصفیا ع برگزیدہ۔ اور پاک لوگ جمع صفی کی
اصل ع جڑ۔ بیخ
اصلاع ازروے اصل کے

اصلاح ع درست کرنا
اصلح ع بہت درست
اصلی ع ذاتی۔ بے بناوٹ
اَصَمّ ع بھرا جو سنتا نہین ہے
اصنع ع کر۔ بنا صنعت سے مشتق ہے
اصناف ع اقسام۔ قسمین جمع صنف کی
اصنام ع بت۔ اور معشوق جمع صنم کی
اصوات ع آوازین جمع صوت کی
اصول ع جڑین۔ اصلین۔ جمع اصل کی
اصیل ع شام کا وقت۔ اصل آدمی۔ نیک پید الیش۔ محکم۔ ثابت رائے شخص
اضاءت ع روشن کرنا۔ روشن ہونا
اضاعت ع ضایع کرنا کھو دینا۔ ظاہر کرنا
اضافت ع لگاؤ۔ لگانا
اضافہ ع زیادتی۔ بڑھاؤ
اضافی ع نسبتی جو اصلی نہو
اضحاک ع تعجب لانا کسیکو ہنسانا۔ حوض اسقدر بھر دینا کہ روان ہو جاوے گھاس اوگنا زمین پر

اضداد ع جمع ضد کی
اضرار ع نقصان کرنا۔ ضرر پہونچانا۔ دوڑنا ظلم سے کسیکو ایک کام پر رکھنا
اضراس ع ڈاڑہ۔ دانت جمع ضرس کی
اضطراب ع گھبراہٹ۔ بیقراری
اضطرار ع لاچار کرنا۔ حاجتمند کرنا۔ ضرورت ہونی کسی شی کی
اضعف ع بہت ضعیف۔ بہت ناتوان
اضلاع ع پسلیاں جمع ضلع کی
اضلال ع گمراہ کرنا۔ راہ بھلانا
اطاعت ع تابع داری کرنا۔ حکم ماننا
اطباء ع حکیم لوگ۔ جمع طبیب کی
اطراف ع جمع طرف کی کنارہ
اطلس ع نرم۔ ملائم۔ نام ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا
اطعمہ ع جمع طعام کی۔ خوراک۔ کھانا
اطفاء ع بجھانا۔ آگ کو ٹھنڈا کرنا۔ چراغ گل کرنا
اطلاع ع خبر دینا

اطلاق ع چھوڑنا۔ بے قید کرنا
اطماع ع لالچ مین ڈلنا
اطمینان ع تسلی۔ دلاسا
اطوار ع جمع طور کی
اطہار ع جمع اطہر کی یعنی بہت پاک لوگ
اظہار ع کھولنا۔ ظاہر کرنا
اظہر ع بہت ظاہر
اعادہ ع لوٹانا۔ پھر کر لانا
اعادے ع دشمن لوگ جمع عدو کی
اعاظم ع جمع اعظم کی بہت بڑی
اعالی ع بہت بلند جمع اعلی کی
اعانت ع مدد کرنا
اعتبار ع بھروسا کرنا۔ ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا نصیحت پکڑنا۔ امتحان کرنا
اعتدال ع برابر کرنا
اعتذار ع عذر کرنا
اعتراض ع شبہہ کرنا۔ کوئی قباحت پیش کرنی
اعتزال ع گوشہ گزینی کرنا۔ گوشہ نشینی۔ کام سے الگ کرنا

اعتراف ع اقرار کرنا
اعتساف ع جور کرنا۔ راہ سے بیراہ چلنا کسی سے کام چاہنا
اعتصام ع چنگل مارنا کچھ شی پکڑنا واسطے بچنے کے
اعتضاد ع مدد چاہنا۔ بازو بنانا۔ قوت پانا
اعتقاد ع یقین کرنا۔ گرویدہ ہونا
اعتکاف ع گوشہ نشین ہونا۔ اپنی تئین باز رکھنا۔ انتظار کرنا
اعتلا ع بلند ہونا
اعتلال ع بیمار ہونا
اعتماد ع بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا
اعجاز ع عاجز کرنا۔ ناتوان کرنا
اعجوبہ ع عجیب تر۔ انوکھی شے
اعدا ع دشمن۔ بیری۔ جمع عدو کی
اعداد ع جمع عدد کی
اعدل ع بہت عدل کرنیوالا
اعذار ع عذر کرنا
اعراب اعرابی ع گنوار آدمی جو جنگل مین خانہ بدوش رہتے ہین

اعراض ع روگردانی کرنا۔ منہہ پھیرنا
اعراف ع نام ایک مقام کا ہے جو دوزخ اور بہشت کی درمیان ہے اور سب سے بلند ہوا
اعراق ع ملک عراق کو جانا اور جڑ سخت ہونا۔ شراب مین پانی ملانا
اعزاز ع عزت کرنا
اعضاء ع جمع عضو کی یعنی جوڑ ہاتہ اور پاؤن کے
اعسر ع بہت دقیق۔ بہت مشکل
اعطاف ع مہربانیاں
اعظم ع بہت بڑا
اعلی ع بہت بلند
اعلام ع جمع علم کی۔ نشان۔ جھنڈے لڑائی کے
اعلام ع خبر دینا۔ جتلانا
اعلان ع ظاہر کرنا۔ کھولدینا
اعم ع جو سب جگہہ ہو۔ جسکو سب جانتی ہون
اعمار ع جمع عمر کی
اعمال ع جمع عمل کی
اعوان ع جمع عون کی معنی سپاہی ہے۔ مددگار۔ مددگار

اعیان ع افراد چشمے ۔ اور آنکھین
آغا ف صاحب ۔ مالک ۔ خداوند
آغازیدن ف قصد کرنا ۔ اور ابتدا کرنا
آغاز ف شروع ۔ ابتدا
آغازیدن ف شروع کرنا
آغاشتن ف فراہم کرنا ۔ جمع کرنا ۔ حاصل کرنا
آغالیدن ف بھڑکانا ۔ لڑائی کی واسطی تیز کرنا لوگون کا
اَغذیہ ع جمع غذا کی طعام ۔ کھانا
آغشتن ف آلودہ ہونا ۔ لتھڑ جانا
اِغلاق ع مشکل کرنا ۔ بند کرنا
اغلب ع قریب یقین کے
اَغلمش ف نام بادشاہ کا
اِغماض ع چشم پوشی کرنا ۔ در گذرنا
اِغوا ع بہکانا ۔ برانگیختہ کرنا
آغوش ف گود
اغیار ع جمع غیر کی
آف ف سورج
اُف ع افسوس

آفات ع جمع آفت کی
اِفادہ ع فائدہ پہونچانا
اَفاضل ع جمع افضل کی
آفاق ع جمع افق کی کنارے آسمان کے
اِفاقت ع کسی کام سے فرصت پانا ۔ یا دکھ سے آرام پانا
آفت ع مصیبت ۔ دکھ
آفتاب ف سورج اور دھوپ
آفتابگیر ف چھتری
آفتابہ ف پانی کا لوٹا
اِفتتاح ع شروع کرنا
افتادگی ف عاجزی
افتادن ف گر پڑنا
اِفتخار ع فخر کرنا ۔ غرور کرنا ۔ شیخی کرنا
اِفترا ع جھوٹ بات بنانا ۔ بہتان
اِفتقار ع احتیاج ۔ افلاس ۔ فقیری
افراختن ف کھڑا کرنا ۔ بلند کرنا
اَفراد ع جمع فرد کی
افراشتن ف بلند کرنا
اِفراط ع بہت زیادہ کرنا

افروختن ف روشن کرنا
آفریدن ف پیدا کرنا ۔ اُپجانا
آفریدگار ف پیدا کرنیوالا
آفریدگان ف پیدا کیی ہوئی ۔ دنیا کے لوگ
آفرین ف شاباش ۔ تحسین کا کلمہ ہے
آفرینندہ ف پیدا کرنیوالا ۔ یعنی خدای تعالے
آفرینش ف پیدا کرنا
افزا ف بڑہانیوالا
افزائیدن ف بڑہانا
افزودن ف بڑھنا ۔ اور بڑہانا
افزون ف زیادہ ۔ اور بڑہا ہوا
افزونی ف زیادتی
افسانہ ف کہانی ۔ قصہ
افسر ف کلاہ ۔ ٹوپی حاکم
افسردن ف مُرجھانا ۔ ٹھٹرنا
افسردہ ف مُرجھایا ہوا
افسوس ف افسوس
اَفسون ع منتر ۔ جادو
اِفشا ع ظاہر کرنا

افشاندن ف جھاڑنا
افشان ف بوندین پڑی ہوئی ۔ چھڑکی ہوئی کوئی پانی کی چیز
افشاندن ف جھاڑنا پچھوڑنا
افشردن ف نچوڑنا
افصح ع بہت فصیح ۔ صاف عبارت بولنے والا
افضل ع صاحب فضل سب سے تحفہ
افطار ع روزہ کھولنا
آفعال ع جمع فعل کی
افعی ع کالا سانپ
افغان ف فریاد ۔ زاری ۔ اور نام ایک قوم مشہور کا ہے جو پشاور کے قریب بستی ہے
اُفُق ع کنارہ آسمان کا
اَفقر ع بہت فقیر ۔ بہت محتاج
افگن ف ڈال ۔ ڈالدے
افگندن ف ڈالنا ۔ گرانا
اِفلاح ع نیکی کرنا ۔ بھلائی کرنا
اِفلاس ع احتیاج ۔ غریبی ۔ پیسہ نہونا
افلاطون نام حکیم مشہور کا جو ارسطو کا اوستاد تھا

افلاک ع جمع فلک بمعنی آسمان
افنان ع جمع فن کی - شاخیں - اورعلوم اورصنعتین
افواج ع جمع فوج کی
افواہ ع جمع فوہ کی معنی مُنہ افواہ بہت سے مُنہ
اِفہام ع سمجھانا
افیال ع جمع فیل کی ہاتھی
افیون ع افیم - تریاک
آقا ف صاحب - خداوند - مالک
اقارب ع رشتہ دار لوگ جمع قریب کی
اقاصی ع بعید بہت دور جمع اقصی کی
اقالیم ع جمع اقلیم بمعنی ولایت کی
اِقامت ع قائم ہونا - ایک جگہہ رہنا وطن کرنا
اقبال ع قسمت نیک - لغوی اسکے معنی ہین سامنے آنا
اقبال مند ف صاحب اقبال
اِقتباس ع شے روشن کرنا - مراد روشنی لینا - اورکسیکے کلام کو اپنے کلام مین بدون ذکر اوسکے نام کے درج کرنا
اِقتدا ع پیروی کرنا
اِقتدار ع صاحب قدرت - طاقت ور ہونا
اِقتران ع نزدیک ہونا
اِقتسام ع آپسمین بانٹ لینا
اِقتصار ع ایک بات پر ٹھہرنا - بس کرنا
اِقتضا ع خواہش کرنا
اَقداح ع جمع قدح کی پیالہ
اِقدام ع قدم رکہنا
اَقدام ع جمع قدم کی پانون - پیر
اَقدس ع زیادہ پاک
اَقدم ع بہت مقدم - سب سے اول
اِقرار ع ہان کرنا
اَقران ع جمع قرن کی - سو برس
اقرب ع بہت نزدیک
اقربا ع رشتہ دار
اَقرع ع گنجا - جسکے سر پر بال نہون
اَقساط ع جمع ہے قسط کی بمعنی حصے

اقسام ع جمع قسم کی - ٹکڑے
اقصے ع بہت دور - نہایت بعید
اقطار ع جمع قطر کی - کنارہ اوراگر کی بتی جو خوشبو کے واسطے جلاتے ہین
اقطاع ع جمع قطع کی ٹکڑے
اقطع ع ہاتھ کٹا ہوا آدمی - چور - رہزن
اقل ع بہت چھوٹا - بہت تھوڑا
اقلیم ع ساتوان ٹکڑا ربع مسکون کا - اقالیم جمع
اقمشہ ع جمع قماش کی بوبخیان
اکابر ع جمع اکبر کی بہت بڑے
اکارم ع جمع اکرم کی - بہت بخشنے والے بہت بزرگ
آگاہ ف خبردار - واقف
آگاہی ف خبرداری
آگاہیدن ف خبردار ہونا - جتانا - آگاہ کردینا
اکبر ع بہت بڑا
اکتتاب ع لکھنا - اورلکھنا سیکھنا اور کچھری مین نام اپنا لکھنا
اکتساب ع پیدا کرنا - کام اختیار کرنا - کمانا
اکتفا ع کفایت کرنا - بس کرنا
اکثر ع بہت - سب سے زیادہ
اگر ف جو - اگر
اکرام ع بخشش - عطا - بزرگ کرنا
اکراہ ع نفرت کرنا - کسی سے زبردستی سے کوئی کام کرانا
اگرچہ ف اگرچہ
اکرم ع بہت بخشنے والا - بزرگتر
اکسیر ع رساین
اکل ع کھانا
اکلیل ع تاج - عصابہ مرصع جواہرات کا
اکمل ع بہت کامل
اکناف ع اطراف
آگندن ف بھرنا - پُرکرنا
اکنون ف اب - ابھی
آگین ف بھرا ہوا - پُر
آل ع اولاد - اوربیٹی کی اولاد کو خصوصاً بولتے ہین
اِلّا ع نہین تو - اگر نہ - ارنہ
آلات ع اوزار - ہتیار

الآن ع ابھی - اسوقت
آلہ ع خدا ے تعالے
اَللّٰہ ع خداے تعالے
آلایش ف آلودگی - عیب - گناہگاری - خیانت
آلائیدن ف لتھڑنا - لتھیڑنا
البتہ ع بیشک
آلت ع اوزار - ہتیار - راچھ
التباس ع شبہہ پڑنا - شک پڑنا
التجا ع آرزو کرنا
التذاذ ع لذت اُٹھانا - مزہ اُٹھانا
التزام ع لازم پکڑنا - ہاتھ گردن پر مارنا
التفات ع توجہ کرنا - مہربانی کرنا - توجہ - میلان
التماس ع کچھ ڈہونڈنا - تلاش کرنا - عرض کرنا
التمغات فرمان بادشاہی - مُہر بادشاہی
التہاب ع شعلہ بھڑکنا - بھڑکنا آگ کا
التیام ع زخم بھرنا - ملنا گھاؤ کا
الحاح ع گڑگڑانا - منت کر کے مانگنا
الحاصل ع آخر کلام - خلاصہ کلام کا

الحاق ع ملانا ایک کو دوسرے سے لگا دینا
الحال ع ابھی - اسیوقت
الحان ع گیت - آوازین گانے کی
الزام ع لازم کرنا - کسی بات کا کسی پر لگا دینا
اَلسن ع جمع لسان کی - یعنی زبانین
اِلصاق ع لگانا - چپکانا
اُلش ت جھوٹا کھانا - بچا ہوا طعام
الطاف ع مہربانیان - جمع لطف کی
الغاز ع چیستان اور پہیلیان جمع لغز کی
الغرض ع القصہ - حاصل مطلب
الغیاث ع فریاد - دُہائی
اُلفت ع دوستی - محبت
اِلقا ع ڈالنا - دلپر ایک بات ڈالنا
اَلقاب ع خطاب اور نام جو بادشاہ یا کسی امیر کبیر کیطرف سے دیا جاوے
القصہ ع حاصل کلام مطلب
اَلکَن ع توتلا - ہکلا - جو صاف نہ بول سکے
الم ع غم - رنج - دُکھ
الماس ع ہیرا مشہور قیمتی پتھر ہے

النگ ف مورچال - دیوار جو اپنی حفاظت اور قلعہ کی فتح کرنیکو بناتے ہین
اولنگ ت سبزہ زار - چمن سبز
الواح ع جمع لوح کی - تختیان - تختے
الوان ع رنگہا - جمع لون کی
آلودن ف لتھڑنا - آلودہ ہونا
آلودگی ف آلایش - ناپاکی
آلوس ف بسبب غصے اور ناز کے کن انکھیون دیکھنا
اُلوف ع ہزارہا - جمع الف کی
اُلوہیت ع خدائی - خداوندی
آلہ ع خدا
الہام ع دلپر خدا کیطرف سے کچھ بات آنی
الٰہی ع میرا خدا - اے میرے خدا
اَلیم ع دُکھ دینے والا - رنج دہندہ
اُمّ ع ماں - مادر - مائی
اَمّا ع لیکن - مگر
آماج ف نشانہ جہانپر تیر مارتے ہین
اماجد ع بزرگ - بڑے رئیس جمع امجد کی
آمادن ف مہیا کرنا - آمادہ کرنا

اِمارت ع امیر ہونا - حکومت کرنا
اَمارت ع دور کی جاے اور وقت اور نشان
آماس ف سوج - ورم
آماسیدن ف سوجنا - ورم سے پھولنا
اماکن ع مکانات جمع مکان کی
آمال ع امیدین - جمع امل کی
اِمام ع پیشوا - بادشاہ - ہادی
اِمامت ع پیشوائی
اَمان ع پناہ - تکلیف ندینا
امانت ع دھر دھر کسیکی چیز حفاظت مین رکھنی
امانی ع امیدین آرزوئے - جمع اُمنیہ کی
اُمت ع ایک گروہ جو تابع کسی پیغمبر کا ہو جیسے مسلمان - نصاری - یہود
اِمتثال ع حکم ماننا - داستان کہنا تصور کرنا - کسیکی پیروی کرنا - بدلا خونکا لینا کسی سے - مثل بیان کرنا
امتحان ع آزمانا - آزمایش مصیبت مین ڈالنا

امتداد ع دراز- اور کشیدہ ہونا
امتزاج ع ملانا- کئی چیز کو ملا دینا
امتعہ ع جمع متاع کی- پونجی- اسباب فروخت کا
امتلا ع پر ہونا- پیٹ بھرنا- ایک بیماری شکم کی ہے جو بدہضمی سے ہوتی ہے
امتناع ع منع کرنا- روکنا- روک
امتنان ع احسان رکھنا- کسی پر منت رکھنا
امتیاز ع فرق کرنا- تمیز کرنا
امثال ع مثل کی جمع ہے
امجد ع بزرگتر
آمد ف آیا
امداد ع مدد کرنا- مدد
آمدن ف آنا
آمدنی ف پیداوار- آمد
آمدوشد
آمدورفت ف آناجانا
امرا ع جمع امیر کی

امرأۃ ع عورت
امراض ع جمع مرض کی
امرد ع جس شخص کے ابھی تک داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو
آمرزش ف بخشش- گناہ معاف کرنا
آمرزگار ف بخشنے والا گناہ کا
آمرزیدن ف بخشنا- گناہ معاف کرنا
امساک ع بند کرنا- روکنا- بخل کرنا
امروز ف آج کا دن
امس ع شام- وقت شام کا
امساس ع چھونا- مس کرنا
امصار ع جمع مصر کی- شہر
امسال ف ایکا برس
امشب ف آجکی رات
امضا ع جاری کرنا- حکم اجرا کا دینا
امعان ع گہری نظر کرنا- خوب سوچنا
امکان ع ہوسکنا
امکنہ ع جمع مکان کی
امل ع امید- آرزو

املا ع لکھنا
املاک ع جمع ملک کی
املاک ع مالک کر دینا
امم ع جمع امت کی
امن ع چین- آرام- صلح
امنا ع جمع امین کی جو امانت دار ہو
امنیت ع بےخوف ہونا- آرام پانا
آموختن ف سیکھنا- اور سکھلانا
آمودن ف بھرنا- سنوارنا
امور ع جمع امر کی
آموزش ف سیکھنا- اور سکھلانا
آموزگار ف سکھلانے والا
امہال ع نرمی اور آہستگی- دیر کرنا- تاخیر کرنا
امی ع وہ شخص جسنے علم نہ پڑھا ہو
آمیختن ف ملانا- ملنا
امید ف آرزو- آس
امیدوار ف امید رکھنے والا
امیر ع رئیس- سردار

آمیز ف ملا- باہم ملا دے
آمیزش ف ملانا
آمین ع خدا یون ہی کرے
امین ع وہ شخص جو امانت دار ہو
آن ف وہ شخص
آن ع وقت- لمحہ- لحظہ
ان ع اگر- جو
انا ع ہم- ہم لوگ
انابیب ع پوریان جمع انبوب کی معنی پورین درخت کی جیسے لاٹھی مین ہوتی ہین
اناث ع عورتین- زنان
انامل ع انگلیان
انابت ع الٹا پھرنا- برے کامون سے پھرنا
انار ف مشہور درخت ایک میوہ کا ہے
انارت ع روشن کرنا
انام ع خلق اللہ- لوگ دنیا کے
آنان ف وے لوگ- وے شخص
انانیت ع مین پن- تمنا
انبار ف ڈھیر- تودہ

انباردن ف پاٹنا۔ ڈھیر کرنا
انبارش ف کسی چیز کو کھلی چیز کو پر کرنا۔ بھرنا
انباز ف برابر کا شریک۔ ساجھی
انبازی ف شریک پن۔ ساجھی پن
انباشتن
انپاشتن ف بھرنا۔ پاٹنا۔ ڈھیر کرنا
انبان ف دھوکنی۔ چمڑا
انبساط ع خوشی کھلنا۔ پھیلنا
انبعاث ع اوٹھنا۔ کھڑا ہونا
انبوہ ف ہجوم۔ گروہ
انبودن ف ایک دوسرے پر چنا
انبہ ف آنبہ پھل مشہور ہے
انبیاء ع جمع نبی کی
اَنْتَ ع تو ایک مرد
اَنْتِ ع تو ایک عورت
انتباہ ع مطلع ہونا۔ خبردار ہونا
انتخاب ع چننا۔ پسند کرنا
انتساب ع نسبت کرنا۔ لگاؤ کرنا
لگاؤ

انتشار ع پھیلنا۔ پراگندہ ہونا
انتظار ع راہ دیکھنا۔ اوڈیک کرنا
انتظام ع بندوبست۔ سلسلہ وار ہونا
مزوارید کا اور تمام ہونا کام کا
انتفاء ع نفی ہونا۔ کھویا جانا۔ نہ ہونا
انتفاع ع فائدہ پانا۔ نفع پانا
انتقال ع ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا
انتقام ع بدلا لینا۔ بغض نکالنا۔ خفگی کرنا
انتہاء ع انجام۔ اخیر
انتہاب ع لوٹنا۔ غارت کرنا
انجاح ع مطلب پورا کرنا۔ مراد پوری کرنا
انجام ف آخر۔ انتہا
انجامیدن ف تمام ہونا۔ پورا ہو جانا
انجمن ف مجلس۔ محفل
آنچہ ف جو کچھ
انجیل ع مژدہ۔ خوشخبری۔ وہ کتاب
جو حضرت عیسیٰ ؑ کی ہے
اِنْحاء ع ہر طرف کرنا۔ ہٹا دینا۔ پیش آنا
متعرض ہونا

انحراف ع پھر جانا۔ حکم عدولی کرنا
انحصار ع گھیر لینا۔ احاطہ
انداختن ف ڈالنا۔ پھینکنا
انداز ف ڈال۔ ڈول۔ وضع
اندام ف بدن۔ جسم
اندر ف درمیان۔ بیچ
اندرون ف درمیان۔ بیچ
اندمال ع زخم بھرنا
اندوختن ف جمع کرنا۔ جوڑنا۔ اکٹھا کرنا
اندودن ف لیپنا۔ پوتنا۔ اور ملمع کرنا
اندوہ ف غم
اندوہگین ف غمگین۔ رنجیدہ
اندیش ف سوچ۔ فکر کر
اندیشہ ف فکر۔ سوچ
اندیشیدن ف سوچنا۔ بچارنا۔ فکر کرنا
انزال ع اوترنا۔ اوتارنا
انزواء ع گوشہ نشینی۔ کونے میں بیٹھنا
اِنْس ع آدمی۔ انسان
اُنْس ع محبت۔ پیار

اِنسان ع آدمی
انسانیت ع آدمیت۔ بھلامانس پن
انسب ع بہت مناسب
اِنْسِداد ع بند کر دینا
انشاء ع عبارت لکھنا کوئی بات دل سے پیدا کرنا
اَنْصار ع مددگار لوگ جمع ناصر کی
انصاف ع نیاو چکانا۔ دو ٹکڑے کرنا
اِنصرام ع انجام کو پہونچانا۔ انتظام کرنا
انطفاء ع بجھ جانا۔ افسردہ ہونا
انعام ع نعمت دینا۔ تحفہ دینا
انفجار ع پھوٹنا۔ چشمہ پھوٹ کر بہنا
انفاس ع سانس۔ دم۔ جمع نفس کی
انفصال ع جدا کرنا
انفعال ع شرمندہ ہونا
انقباض ع سکڑنا۔ بھچنا
انقضاء ع گذرنا۔ پورا ہونا
انقطاع ع کٹ جانا۔ منقطع ہونا
انقلاب ع دور۔ زمانہ کا الٹ پلٹ
انقیاد ع قید کرنا۔ مقید کرنا۔ تابع ہونا

انکار ع نہ ماننا
انگاردن ف معلوم کرنا
انگاشتن ف اٹکلنا معلوم کرنا
انگیختن ف اوٹھانا۔ بھڑکانا۔ اوکسانا
انگژ ف آنکس ہاتھی کے ہانکنے کا
انکسار ع عاجزی
انکشاف ع کھولنا۔ کھلنا
انگِشت ف کوئیلا جسکو جلاتے ہین
انگُشت ف اونگلی
انگشتانہ ف درزی لوگ جو اونگلی پر چڑھاے
یا ہاتھ کا خول بناکر پہنتے ہین
انگشتری ف انگوٹھی
انگور ف نام میوہ کا ہے
انگوزہ ف ہینگ
انگہ ف اوس وقت
انوار ع جمع نور کی روشنیان
انواع ع جمع نوع کی اقسام
انہدام ع ڈہا دینا۔ ڈہے جانا
انہلال ع زور سے مینہ پڑنا۔ آنسو نکا بہنا

اِنہزام ع شکست کھانا۔ شکستہ ہونا
انیس ع دوست۔ محبت کرنیوالا
انیقہ ع عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ خوش آیند
او ف وہ چیز۔ وہ شخص
اوارجہ ف بہی۔ دفتر کی کتاب رجسٹر
آوارہ ف بیہودہ جسکا کچھ ٹھکانا نہو
آوارگی ف بی سروسامانی بیہودگی
آواز ف آواز۔ بول منہہ کا
آوازہ ف شہرت۔ نام وری
اوامر ع جمع امر کی احکام
آوان ع وقت۔ لمحے۔ لحظے
اوانی ع جمع آنیہ کی۔ معنی برتن۔ ظروف
اوائل ع جمع اول کی
اوباش ع لچا۔ بدمعاش
اوتاد ع جمع وتد کی میخین
اوج ع بلندی
اوجاع ع جمع وجع کی۔ درد۔ دکھہ
اوراد ع جمع ورد کی۔ وظیفہ ہر روز جو
تھوڑا سا قرآن وغیرہ پڑہا جاوے

اوراق ع جمع ورق کی
اورام ع جمع ورم کی
آوردن ف لانا
اورنگ ف تخت بادشاہی۔ عقل و دانش
فریب و حیلہ اور نام ایک کرم کا جسے بمک کہتے ہین
اوزار ف ہتیار۔ کام کرنیکا ہتیار
اوزان ع جمع وزن کی بمعنی بوجھہ بٹہ
اَوسط ع درمیان والا۔ بیچ والا
اوصاف ع جمع وصف کی
اَوضاع ع جمع وضع کی
اوفتادن ف گر پڑنا
اَوفق ع بہت موافق۔ زیادہ موافق
اَوقیہ ع مقدار درم کی یعنی ۲ تولہ ماسے
اَوّل ع پہلا۔ سریکا
اَولیٰ ع بہتر۔ سب سے اچھا
اُولیٰ ع پہلی عورت۔ پہلی چیز
اَولاد ع نسل۔ بیٹا۔ بیٹی
اَولیاء ع جمع ولی کی اور بمعنی مالک دوست
اولیاء دولت ع صاحبان سلطنت اور رئیس اور امیر

اولین ع پہلے آدمی
آوند ف باسن۔ برتن۔ اور فریب۔ مکر
آویختن ف لٹکانا۔ اور لٹکنا
آویز ف لٹکا
آویزش ف لٹکاؤ۔ لٹک
آویزہ ف لٹکا ہوا اور ایک قسم کا زیور جو کانمین پہنتے ہین
آہ ع ہائے۔ افسوس
اَہالی ع مالک صاحبان۔ کام والے لوگ
اِہانت ع برا جاننا۔ نفرت کرنا۔ ذلیل سمجھنا
اِہتدا ع راہ پر لانا۔ ہدایت کرنا
اہتزاز ع گھاس کا بڑہنا۔ ہلنا۔ اور خوش ہوکر
ہلنا اونٹ کا آواز ساربان سے۔ اور ستارہ چمکنا
اور خوشی۔ اور غمخواری
اہتمام ع غمگین ہونا۔ اور غمخواری کرنا
آہیختن ف لٹکانا۔ تلوار کھینچنا
آہستہ ف ہولا۔ دہیما
آہک ف چونا
اہل ع گھر کے لوگ۔ لائق صاحب۔ مالک
اہلیت ع لیاقت

اہلیہ ع جورو۔ گھر کی عورت
اہم ع جسکی بڑی ضرورت ہو
اہمال ع بمعنی چھوڑنا۔ بمطلب چھوڑ دینا
آہن ف لوہا
آہن ربا ف مقناطیس
آہنگ ف وقت۔ قصد۔ اندازراگ
آہنگر ف لوہار
آہنی
آہنین ف لوہے کی چیز
آہو ف ہرن
آہوبرہ ف ہرن کا بچہ
اہویہ ع جمع ہوا کی خواہشین
ای ع حرف ندا کا یعنی او میان یا او بی بی
ایادی ع جمع ید کی ہاتھ نعمتین
ایالت ع سرداری
ایام ع جمع یوم کی بمعنے دن
آیت ع نشانی۔ فقرہ قرآن یا توریت
اور انجیل وغیرہ کا
ایتلاف ع مجتمع ہونا اور سازواری کرنا

الفت کرنا
ایثار ع اختیار کرنا۔ دوسرے کا مطلب اپنے
مطلب پر مقدم کرنا۔ بزرگی کرنا
ایجاب ع ماننا۔ منظور کرنا
ایجاز ع مختصر کرنا۔ تھوڑا کرنا بہت مضمون کا
ایذا ع دُکھ۔ دُکھ دینا
ایراد ع وارد کرنا۔ لانا
ایزد ف نام خداے تعالے کا
ایزدی ف خدائی
ایستادن ف کھڑا ہونا
ایشان ف یہ لوگ۔ یے
ایصال ع پہونچانا۔ مطلب کو پہونچانا
ایضاً ع بھی
ایفا ع پورا کرنا۔ وفا کرنا
ایکہ ع درخت گنجان یا ہم پیچیدہ یا جنگل درختوں کا
جہان پر بہت گنجان درخت ہون جنکو
گپھہ ہندی مین کہتے ہین ایک اسکی
جمع آتی ہے
ایل ت ترکی زبان مین دوست اور تابع

اور موافق آدمی اور جماعت کو بھی
کہتے ہین
ایلچی ت قاصد۔ نامہ بر۔ تابعدار
فرمانبر
ایلغار ت تاخت۔ چڑہائی دشمن پر
ایما ع اشارہ کرنا۔ اشارہ
ایمان ع یقین دل سے خدا پر کرنا
امین ع بیخوف۔ نڈر
این ف یہ
اینان ف یہ لوگ
آیندہ ف آنے والا
اینک ف یہ کہ
ایوان ف محل۔ محل شاہی
ایوب ع نام ایک پیغمبر کا
آئین ف قاعدہ۔ دستور
آئینہ ف منہہ دیکھنے کا شیشہ

بابُ الباء

با ف ساتھ۔ باوجود۔ سامنے وغیرہ
باب ع دروازہ اور حصہ کتاب کا
باب زن ف سیخ کباب کی خواہ لوہے
کی ہو خواہ لکڑی کی
بابا ف باپ۔ دادا۔ نانا۔ سردار
سفید داڑہی۔ فقیر آزاد
بابت ف لیے واسطے
بابل ع ایک شہر مشہور درمیان
عراق کے دریاے فرات پر مشرق کی
طرف واقع تھا
بابک ف آئین ستوار اور نام بادشاہ
عظیم الشان کا جسکا بھانجا اردشیر تھا
باج ف کر۔ محصول۔ ٹیکس
باجدار ف محصول کرنیوالا نوکر
باج گذار ف جو سرکاری محصول ادا کرتا ہے

باجگیر فَ جو محصول لیوے
باخبر فَ واقف - جاننے والا
باختن فَ کھیلنا - مار دینا
باختہ فَ ہارا ہُوا
باد فَ ہوا - باو
بادام فَ ایک میوہ مشہور ہے
بادبان فَ جہاز کی پال
بادپا فَ گھوڑا تیز رو
بادبروت فَ غرور شیخی - اور مغرور آدمی
باد صبا فَ وہ ہوا جو مابین مشرق
باد برین
اور شمال کے چلتی ہے
بادگرد فَ بگولا - گرد باد
بادکش فَ پنکھا
بادنجان فَ بیگن مشہور ترکاری ہے
بادہ فَ شراب - دارو - مدہ
بادی فَ ہوائی ہوا کا - اور ہمیشہ رہنیو
بادی عَ شروع کرنیوالا - ابتدا کرنیوالا
ظاہر

بادیان فَ سونف مشہور دوا ہے
بادیہ عَ جنگل - صحرا
بار فَ بوجھ - وقت - باری
باربردار فَ بوجھ اُٹھانیوالا
باران فَ مینہ - بارش
بارانی فَ لبادہ اُون کا جو بروقت
بارش مینہ کے اُوڑھتے ہیں
بارحہ عَ شب گذشتہ - پچھلی رات گذری
ہُوئی
بارخانہ فَ اسباب رکھنے کا مکان - گودام
بارخدا فَ ای پیدا کرنیوالے خدا
بارِد عَ سرد - ٹھنڈا - خنک
بارش فَ مینہ کا برسنا - برکھا
بارعام فَ عام کچھری بادشاہ کی
بارِق عَ چمکنے والا - روشنی - چمک بجلی
بارِقہ عَ بجلی - روشنی - چمک
بارگہ فَ کچھری کی جگہہ محل شاہی
کسی بزرگ کا مکان
بارکش فَ بوجھہ لیجانیوالا

بارگیر فَ جو کسی دوسرے شخص کے گھوڑے پر
نوکر ہوا اور اپنا گھوڑا نہ رکھتا ہو
بارہ فَ مضمون - ایکدفعہ - بابت
بارہا فَ اکثر - بہت دفع - کئی بار
باری فَ ایک دفع - ایکبار
بارِی عَ خدا - پیدا کرنیوالا
باریاب فَ کچھری میں آنیوالا - کچھری
میں داخل ہونیوالا
باریتعالیٰ عَ خدا برتر
باریک فَ پتلا
باریدن فَ برسنا - اور برسانا
باز عَ نام ایک پرند کا ہی جو چڑیونکا شکار کرکے کہاتا ہے
بازپرس فَ پوچھنا - تحقیقات ہونی
بازخواست فَ مطالبہ - پھر مانگنا - واپس
کرنا - چاہنا
بازغہ عَ چمکتا ہوا - روشن
بازرگان فَ سوداگر - بیوپاری
بازرگانی فَ سوداگری
بازگشت فَ لوٹنا - پھر کر آنا - لوٹ کر آنا

بازندہ فَ کھلاڑی - کھیلنے والا
بازو فَ بھجا - بازو - ڈنڈ
بازی فَ کھیل
بازیافتن فَ پھر پانا
بازیدن فَ کھیلنا
باس عَ دُکھ - رنج - خوف
باسلیق عَ ایک رگ ہے ہاتھ میں
باش فَ رَہ - ٹھر جا
باشندہ فَ رہنے والا - دیسی
باشہ فَ نام ایک پرند کا ہے جو چڑیونکو
مار کر گوشت اونکا کہاتا ہے
باشیدن فَ رہنا - بسنا
باصِر عَ دیکھنے والا
باصِرہ عَ دیکھنے کی قوت - نظر آنکھہ
باطل عَ جھوٹا - دروغ - جھوٹ - بے اصل
باطن عَ اندرونی - بھیتر کا - دل
باعث عَ سبب - وجہ
باغستان فَ باغ کی جگہہ - باغ
باغی عَ حاکم سے پھرا ہوا - دنگئی

بافتن ف بُننا کپڑے وغیرہ کا
بافتہ ف بنا ہوا۔ اور نام ایک قسم کی کپڑے کا ہی
باقی ع بچا ہوا
باک ف خوف۔ ڈر
باکورہ ع اول پھل۔ پہلا میوہ
باکی ع رونے والا
بال ع دل۔ وبازو۔ وجان
بالا ف اوپر
بالائی ف بلندی۔ اونچائی اور ملائی دودھ کی
باللہ ع قسم خدا کی
بالاتفاق ع سبکے اتفاق سے
بالجملہ ع حاصل کلام
بالش ف تکیہ۔ سرہانا
بالغ ع گبرو۔ حد بلوغت کو پہونچا ہوا۔ جوان
بالمشافہہ آمنے سامنے۔ دوبدو۔ روبرو
بالی ع کہنہ۔ پُرانا
بالیدگی ف بڑہنا درخت وغیرہ کا
بالیدن ف جسم کا بڑہنا۔ دن بدن زیادہ
ابھرنا درخت یا حیوان کا

بالین ف سرہانا۔ تکیہ
بام ف گھر کی چھت۔ ماڑھی
بامداد
بامگاہ ف صُبح
بانگ ف آواز
بانو ف امیر کی بی بی۔ بیگم
بالنوا ف آوازدار۔ بے پروا۔ فقیر
بانی ع بنانے والا۔ بنا کرنے والا
باوجود ع تسپر بھی
باور ف یقین
باورچی ف رسوئیا۔ روٹی پکانیوالا
باوصف ع باوجود۔ ساتھ ہونے اِس بات کے
بادین ف کتنی یعنے چھوٹی ٹوکری جسمین روئی
رکھکر عورتین سوت کاتتی ہین
باہ ع قوت شہوت
باہر ع ظاہر۔ روشن۔ کھلا ہوا۔
باہم ف آپسمین۔ ایک ساتھ
باید
بایست ف چاہیئے

بایستن

بایستن ف چاہنا۔ لائق ہونا
بایزید ف نام ایک ولی مشہور کا ہی
جنکو بایزید بسطامی کہتے ہین
بایع ع بیچنے والا۔ فروخت کرنیوالا
ببر ع شیر۔ چیتا
بتر ف اسکی اصل بدتر ہی
بُت ف مورت
بتکدہ ف بتخانہ۔ مندر
بتول ع کنواری عورت۔ اور نام بیٹی محمد رسول اللہ کا
بجا ف ٹہیک۔ درست
بجنس ف عین ہین۔ ویسا ہی
بحت ع خالص۔ صِرف
بحث ع کھودنا۔ تکرار کرنا۔ کبھی بات
کی تحقیق کرنی
بحر ع سمندر
بحران ع تپ کی بیماری مین جو مزاج مین ایک سخت تغیر ہوتا ہی
بحری ع سمندری۔ دریائی
بُخار ع بھاپ جمع جگہہ یا پانی لے جوش دینے
یا گرمی سے اوٹھتی ہی

بخت ف بھاگ۔ قسمت۔ نصیب
بختاور ف بھاگوان۔ نصیب ور
بختیار ف قسمت والا۔ نصیب والا۔ دولتمند
بخردی ف عقل۔ چترائی
بخشودن ف بخشنا۔ معاف کرنا
بخشیدن ف بخشنا۔ کسیکو کچھ عطا کرنا
بخش ف حصہ۔ بخرہ
بخشایش ف عطا۔ بخشش۔ مہربانی.
بخشی ف تنخواہ تقسیم کرنیوالا ملازم
بُخل ع کنجوسی
بُخور ع خوشبو
بخیل ع کنجوس
بخیہ ف ایک قسم کی مضبوط سلائی کپڑے کی
بداء ع شروع۔ نئی رائے
بداءت ع شروع ہونا۔ ابتدا
بدآموز ف ابتر جسکی تعلیم خراب ہوئی ہو
بداندیش ف دشمن
بدایت ع شروع ہر چیز کا اور اچانک اور بے
سوچ کوئی بات ہوجانی اور سخن بے سوچ

بدائع ع نادرات - بیمثل
بدتبار ف نالایق کنبے کا آدمی - بداصل
بدخشان ف نام ایک ملک کا ہے جو درمیان ہندوستان کے اورخراسان کے واقع ہے وہان پر کان لعل اور سونے کی ہے
بُددل ف ڈرپوک - اور بگڑا دل آدمی
بَدْر ع چودہوین رات کا چاند - پورا چاند
بدرستی ف بیشک - واقعی
بدرقہ ع محافظ - نگہبان
بدرہ ع ہزار روپیہ کی تھیلی
بدستور ف موافق قاعدہ کے - حسب عادت
بدسگال ف دشمن - بدگرد - بدخواہ
بدعت ع نئی بات اور نئی رسم دین مین نکالنی
بدکردار ف بدفعل - اوباش - حرامکار
بدکیش ف بدمذہب - ناپاک
بدلا ف عوض - پلٹا
بدمست ف متوالا - مست نشہ سے
بَدَن ف تن - دیہ - جسم

بدنام ف جسکا نام برا نکل گیا ہو
بدنژاد / بدنہاد ف بداصل جسکی پیدایش مین بدی ہو
بدون ف سوای مگر - سوائے اُسکے
بَدُو ف اوسکو - ساتھ دو کے
بُدُو ع شروع ابتدا
بَدَوِی ع جنگلی - گنوار
بدولت ف آسرہ - آسرہ سے
بدیع ع انوکہا - نادر - نئی بات
بدیہہ ع بے سوچ کہنا - ظاہر
بدیہی ع جسکی دلیل کی حاجت نہو
بَذل ع بخشش - عطا - اور دوڑ گہوڑے کی
بذلہ ع لطیفہ - چٹکلہ
بُر ف اوپر - پہل
بَرّ ع خشک زمین
برات ف حصہ - بخرہ
بُرادہ ف چورا
براری ع جنگل جمع ہے بر کی

براز ع کہلا ہوا میدان جہان درخت نہون
بَرَاز ع پیخانہ - گوہ - گند گے
براعت ع فضل فصاحت اور بلاغت اور دانش
بَرّاق ع چمکتا ہوا - چمکیلا
بُراق ع اوس چوپایہ کا نام ہے جسپر شب معراج کو محمد رسول اللہ سوار ہوئے خچر سے قد اوسکا کم اور گدہے سے بڑا تھا
برآمد ف نکاس
برآمدن ف باہر نکلنا - باہر آنا
بُرّان ف کاٹنے والا - تیز
برآورد ف آنکنا - جانچنا - تنخواہ کا کاغذ
برآوردن ف باہر لانا - لانا
برآویختن ف لٹکانا
براہمہ ف برہمن لوگ
براہین ع دلیلین جمع برہان کی
برای ف واسطے - لیئے
برایا ع رعیت - دنیا کی لوگ جمع بریہ کی
بربط ع نام ایک ساز کا ہے جسکو عود کہتے ہین
برتافتن ف موڑنا - بل دینا

برج ع گھڑی - گنبد - بارہوان حصہ آسمان کا
برجستن ف کودنا
برجستہ ف ٹھیک - رچپت - تحفہ
برچیدن ف چگنا
برجیس ف مشتری ستارہ
برحق ف سچ - درست
برخاستن ف اوٹھنا
برخوردار ف خوش - پھل مند
برخی ف تہوڑا - کچھ ایک
بَرْد ع سردی - اولا
برداشتن ف اوٹھانا
بردبار ف سہنے والا
بردجرد ف نام ایک قصبہ کا ہے جو قریب ہمدان کی واقع ہے
بردن ف لیجانا
بَرْدِیمانی ع یمن کی چادر
برز ع اونچائی
برزن ف کوچہ - گلی
برشتن ف بہونا
برشکال ف برسات

بَرَص ع کوڑھ - بدنکا بگڑجانا فساد مزاج سے
برطرف ف موقوف - کام سے الگ
برعکس ف اولٹا
برق ع بجلی - اور چمک بجلی کی
برقرار ف قائم - ٹھرا ہوا
برقع ع عورت کے چھپنے کا پردہ جو سر پر ڈالکر باہر نکلتی ہے
برگ ف پتا درخت کا
برکات ع جمع برکت کی
برکت ع افزائش وزیادت - و نیک بختی
برگردیدن ف پہر جانا - اور آیات پر نہ رہنا
برگزیدن ف پسند کرنا - چہانٹنا
برگستوان ف گہوڑے کی گردنی - اور لڑائی کا
لباس جو بروقت لڑائی کے آپ بھی پھنتے
اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہین
برگشتن ف پہر جانا - حکم نہ ماننا
برگشتہ ف پہرا ہوا
برگ ونوا ف کہتا سامان - توشہ خوراک کا
برملا ف برسر مجلس لوگونکے سامنے
برنا ف جوان - گبھرو - ظریف

برنج ف چاول - برنج پیتل کانسی
برنجن ف دست بند - بازو بند
برلنشاندن ف بٹھلانا
برنغارت لڑائی کے وقت بادشاہ کے دہنے طرف کی فوج
بروت ف موچھہ
بروج ع جمع برج کی
بروجہی ف ایسی وجہ پر
بُروز ع باہر نکلنا - ظاہر ہونا
برون ف باہر - باہر کی طرف
برّہ ف بکری کا بچہ - حلوان - لیلا
برہان ع دلیل - وجہ عقلی
برہیختن ف کہینچنا - اختصار کرنا - تعلیم کرنا
برہم ف الٹ پلٹ - خفا - ناراض
برہنگی ف ننگاپن - لُچ پن
برہنہ ف ننگا - لُچ
بَری ع پاک - الگ - بے قصور
بِریان ف بُھنا ہوا
بریۂ خلق اللہ - مخلوق - دنیا کے لوگ
بُریدن ف کاٹنا

بریشم ف ریشم
بریق ع درخشندگے - روشن - چکا چوند لگانیوالا
برین ف بلند - بہت اوپر - برتر
بزع کپڑا - جامہ - پونجی گھر کے اسباب کے
بزاز ع کپڑا بیچنے والا - اسباب بیچنے والا
بزاق ع تھوک - تف
بزر ع بیج تخم
بزرقطونا ع بیرجا ایک قسم گوندسا ہوتا مشہور ہے
بزرگ ف بڑا
بزرگوار ف مانند بزرگ کے - بزرگ
بزغالہ ف بکری کا بچہ
بزل ع سختی - شدت
بزلہ ع باتین لطیف - اور سخن ظریفانہ - اور لطیفہ
بزم ف انسبہا مجلس شراب کی - جشن
بزمگاہ ف مجلس شراب کی اور جگہہ عیش کی
بزور ع جمع بزر کی معنی بیج تخم
بزور ف ساتھہ زور کے
بزہ ف گناہ - خطا - بدنصیب آدمی - ظلم
بزہ کار ف گنہگار - خطاکار

بس ف بہت اور بس کہنا گرہنگی سیخ کو کہتے ہین
بساف بہت - اکثر تمام ایک شہر فارس مین
بسان ف مانند - ویسا ہی
بست ف بیس یعنے ۲۰
بُستان ف پہلواری - باغ
بستر ف بچھونا - چٹائی وغیرہ
بستم ف بیسوان یعنے (۱/۲۰)
بستن ف باندہنا
بسط ع بچھانا - پہیلانا
بساط ع بچھونا - چٹائی وغیرہ
بسمل ع زخمی - گھائل
بسم اللہ ع خدا کی نام سے شروع کرتا ہون
بسندہ ف بس کیا ہوا - پسند کیا ہوا
بسے ف
بسیار ف بہت
بسیط ع جو کہ مرکب نہو - بیجزو - فرخ
بشارت ع خوشخبری
بشاشت ع کشادہ روئی - اور لطف کلام
سے پیش آنا - خوش ہوکر بات کرنا

بشر ع آدمی انسان اسمین مونث اور مذکر برابر ہین
بشرہ ع چہرہ - مکھہ
بشریٰ ع خوشخبری - اچھی خبر
بشریت ع آدمیت
بشیر ع خوشخبری دینے والا - اور خوبصورت
بصارت ع نظر - بینائی
بصر ع آنکھہ - اور بینائی
بصائر ع جمع بصیرت کی بینائیان - اور زیرکیان
بصرہ ع نام مشہور شہر کا
بصل ع پیاز بصلہ ایک گٹھا پیاز کا -
اور لوہے کی خود
بصیر ع دانا - بینا - اور نابینا
بصیرت ع بینائی - دانائی - یقین بصائر جمع
بضاعت ع پونجی - تھوڑا سا مال جس سے
سوداگری کیجاوے
بط ع بطخ
بطال ع ناچیز آدمی - اور معطل اور
بیکار اور دلاور
بطالت ع دلیری - بیکاری - اور ہزل

بطانت ع راز پوشیدہ - اور رضائی کا استر
بطش ع حملہ کرنا - حملہ - دلیری
بطل ع بہادر - پہلوان جمع ابطال
بطلان ع جھوٹ - بے اصل
بطن ع پیٹ - شکم
بعث ع اوٹھنا - اور لشکر جو کسیطرف روانہ کیاجاوے
روانہ کرنا - اور زندہ کرنا نیند سے جگانا اور پراگندہ کرنا
بعثت ع برانگیختگی - اوٹھاؤ - بیداری
پراگندگی
بعد ع پیچھے - پس
بعد ع دور ہے
بعض
بعضے ع کوئی - کچھ ایک
بعید ع دور
بعینہ ع عین ہین - وہی
بغاوت ع دنگا - اور پھر جانا
بغتتاً ع اتفاقاً - فوراً - اچانک - اچاچک
بغچہ ت چھوٹی سے گٹھری - کپڑون
وغیرہ کی

بغرا ع ایک قسم کا کھانا ہے جو گوشت چانول اٹا لکر
پکاتے ہین بانی اس کھانے کا بغراخان بادشاہ خوارزم کا
تھا اسواسطے بغرا کہتے ہین - اور سور نر -
اور کلنگ کو بھی کہتے ہین
بغض ع کینہ - و دشمنی
بغل ع کلہ بازو کے نیچے کا جسم اور تخچر
بغی ع پھرا ہوا
بفت ف بنا - کپڑا بنا
بقا ع باقی رہنا - موجود رہنا
بقاع ع جمع بقعہ کی معنی مکان - جگہہ
بقایا ع جمع باقی کی
بقر ع گاے
بقچہ ت گٹھری کپڑونکی
بقعہ ع مکان رہنے کا - خانقاہ - مندر
بقل ع ساگ پات - جو تخم سے اوگے
بقیہ ع بچا ہوا - بچت
بکا ع رونا
بکارت ع چہرہ - دوشیزگی - کنوارپن
بکاول ف بھنڈاری - باورچی

بکتر ف ایک قسم کی زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین
بکر ع دوشیزہ کنواری
بکم ع جمع ابکم کی بمعنی گونگے لوگ جو بول نہین سکتے
بل ع بلکہ
بلا ع بپت - مصیبت دکھہ
بلاد ع جمع بلد کی
بلادت ع بیوقوفی - کند ذہنی
بلاغ ع پہونچانا
بلاغت ع حسب موقع گفتگو کرنے جیسا حال
دیکھنا ویسی گفتگو کرنی
بلاہت ع احمق پن - بیوقوفی - سادگی
بلبل ع نام ایک پرند خوش الحان کا ہے
بلبلہ ع غم اور وسوسہ - اور جو بات سمجھہ مین
نہ آوے - مصیبت پڑنا - اور بلبلہ پانی کا -
آبلہ
بلخ ع نام شہر مشہور کا ہے خراسان مین
بلدان ع جمع بلد کی بمعنی شہر
ابلد
ابلدہ ع نگر - شہر - بستی

بلشت ف بالشت یعنی اونگلی سے انگوٹھے تک کی ناپ
بُلغاء ع جمع بلیغ کی
بلکہ ف بلکہ
بلقیس ع ملکہ قوم سبا کی اوسکا نکاح سلیمان نے ملک تبع اصغر سے کر دیا تھا اور اوس سے اولاد بھی ہوئی جو لوگ سلیمان کی جورو کہتے ہین وہ غلط ہے
بلندہ ف اونچا
بلوہ ف آزمایش سختی۔ اور دریافت کرنا کسی چیز کا
بلّوط ع نام ہے ایک بڑے درخت کا جسکی چھال سے چمڑے رنگے جاتے ہین
بلوغ ع پہونچنا۔ بالغ ہونا۔ جوانی کو پہونچنا
بَلَہ ع احمق۔ بیوقوف
بَلے ف ہان۔ ہانجی۔ ہان صاحب
بَلید ع کُند ذہن آدمی۔ کم سمجھ۔ افسردہ دل
بلیغ ع جو حسب حال گفتگو کرے۔ جسکی زبان بہت فصیح ہو
بلّیات ع جمع بلا کی مصائب۔ اور مصیبتین
بَم ف آواز راگ کی جو اونچی ہو

بمجرد ف ترت۔ فوراً۔ جبھی
بن ع بیٹا۔ ولد
بُن ف جڑ اور بَن باغ اور کھیتی
بِنا ع ساتھ ہمارے
بنات ع جمع بنت کی بیٹیان۔ لڑکیان
بنابر ف اس لیے۔ اسی سبب
بنادر ف جمع بندر۔ منڈیان سوداگرون کی
بناگوش ف کان کی لو
بنان ع اونگلیون کی پوریان
بنای ف بنیاد۔ دیوار۔ مکان
بِنت ع بیٹی۔ لڑکی
بنج مب بہنگ
بندر ف سوداگرے کی جگہہ دریا کے کنارے پر
بندگی ف خدمت گری۔ تابعداری۔ غلامی سلامی
بندن ف باندہنا
بند ف قید۔ بندہن۔ بدن کا جوڑ
بندہ ف غلام۔ داس
بندی ف قید۔ جیلخانہ
بنگ ف بہنگ

بنگاہ ف مکان اور جگہہ جہان نقد اور جنس رکھین
بنی ع جمع بن کی پسران۔ بیٹے
بنیاد ف نیو۔ کسی چیز کی جڑ
بو ف گندہ۔ بو
بوّاب ع دربان۔ چوکیدار دروازہ کا
بواطن ع جمع باطن کی
بوالعجب ع انوکھا آدمی جسکو دیکھکر تعجب آوے
بوالفضول ع سست آدمی جو بیٹھا ہوا باتین بنایا کرے
بوالہوس ع جسکو ہوس زیادہ ہو
بیُوتات ع گھر۔ مکانات جمع بیوت کی اور وہ جمع بیت کی ہے
بوتہ ف سونا یا چاندی ڈھالنی کی کٹھائی ع اونٹ کا بچہ۔ درخت شاخدار۔ انکر
بوتیمار ف بگلہ جو دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے
بُود و باش ف بناس رہنا سہنا
بُودن ف ہونا
بورہ ف کھانڈ یہ لفظ فارسی ہے معرب اسکا بورق ہے

بورہ ع سوراخ۔ گڑہا۔ غار آگ کا
بُوزنہ ف بندر۔ جانور مشہور ہے
بَوزَہ ف ایک قسم کی ہلکی شراب جسکو انگیریزی مین بیر شراب کہتے ہین
بُوس ف چومنا۔ بوسہ
بُوس ع شدت۔ دُکھ۔ رنج
بوستان ف پھلواری۔ باغ
بوس و کنار ف پیار کر۔ اور بغل مین لینا
بوسہ ف چومنا۔ پیار
بوسیدن ف چومنا۔ بوسیدہ ہونا
بوسیدہ ف کہنہ۔ پورانا۔ گلا ہوا۔ سڑا ہو
بُوغرہ ف ایک قسم کا کھانا ہے گوشت اور آٹا ڈالکر پکاتے ہین
بُوق ف کرنا ہے سرنا۔ شکار کی وقت جو سینگ بجاتے ہین اوس سینگ کو بوق کہتی ہین۔ سنکہ
بوقلمون ف رنگا رنگ۔ طرح بطرح
بول ع موت۔ پیشاب
بُوم ع الو جانور پرندہ ہے۔ زمین جسمین ہَل نکلا ہو۔ سرشت۔ طینت

بوئیدن ف سونگھنا ۔ سونگھانا
بہ ف اچھا
بہا ف مول ۔ قیمت
بہا ع روشنی ۔ رونق ۔ زیبائی
بہار ف بسنت ۔ فصل ربیع
بہادر ف بیر ۔ سورما ۔ شجاع
بہانہ ف حوالہ ۔ سبب ۔ وجہ
بہائم ع جمع بہیمہ کی چوپائے جانور
بہبود ۔ بہبودے ف بھلائی کسی حق مین اچھی بات ہونی
بہتان ع دوس جھوٹ لگانا ۔ افترا
بہتر ف بہت اچھی چیز
بہجت ع خوشی ۔ تازگی ۔ زیبائش خوبی
بہر ف واسطے ۔ لیے ۔ باعث
بہرام ف ستارہ مریخ ۔ اور نام ایک بادشاہ عراق کا جسکو بہرام گور بھی کہتے ہین
بہرحال ف ہر طرح سی ۔ ہر ریت سے ۔ سب طرح
بہشت ف جنت ۔ باغ
بہق ع چھیپ منہ پر داغ جو پڑجاتے ہین

بہم بر آمد ف غصہ ہوگیا ۔ خفا ہوگیا
بہم ف ساتھ
بہمن ف گیارہوان مہینا فارسی ہندی پھاگن ۔ اور نام بادشاہ جو اسفندیار کا بیٹا تھا ۔ نام فرشتہ کا
بہی ف بہتری ۔ بہبودے ۔ اور نام ایک میوہ کا جسکا تخم بہیدانہ ہے
بہی ع روشن ۔ تابان
بہیمہ ع چوپایہ مثل گائی بھینس وغیرہ کے
بہین ف بہت بہتر ۔ سب سے تحفہ
بے ف بنا ۔ بدون ۔ سوائے
بیاض ع سفیدے
بیباق ف جو کچھ باقی نرہے
بیت ع گھر ۔ شعر
بیت اللہ ع خانۂ خدا ۔ خدا کا گھر مراد کعبۂ مکہ
بیت العتیق ع کعبہ
بیت الحرام ع
بیت اقصیٰ ع
بیت المقدس ع رچیرو وزلم ۔ اورشلیم

بیت المال ع خزانۂ سرکار ے
بیت الخلا ع پیخانہ ۔ جا ضرور
بیت الشرف ع بہت اونچا مقام سیارہ کا
بینات ع جمع بینہ کی روشن کرنیوالیان اور روشن ۔ گواہان صادق ۔ دلائل
بیتوتت ع شب باشی کرنا کسی جگہ
بیچوبا ف ایک قسم کا خیمہ جسمین چوب نہو
بیچون ف بیمانند جسکا ہمسر کوئی نہو مراد خدا
بی حمیت ف بیحیا ۔ بیشرم
بیخ ف جڑ ۔ اصل
بیختن ف چھاننا
بید ف بیت کا درخت
بیدا ع میدان ۔ بیوند ۔ اور ہلاک ہونا اسکی جمع بید آتی ہے
بیداد ف ظلم ۔ ستم
بیدار ف جاگتا ہوا ۔ جو سوتا ہوا نہو
بیدق مب نرد شطرنج کی معرب پیادہ کا ہے
بیر ع کوا ۔ چاہ
بیرق ت چھوٹا نیزہ ۔ چھوٹا جھنڈا اور کپڑا جو علم پر لگاتے ہین
بیرون ف باہر ۔ خارج
بیش ف زیادہ ۔ ادیک ۔ بہت
بیشابہہ ف بیشک بیشبہہ ۔ بے میل
بیشہ ع جنگل ۔ شیر کے رہنے کی جگہ ۔ بن
بیشی ف زیادتی ۔ ادہکائی
بیضا ع روشن سفید سورج ۔ نام شہر کا جو فارس مین ہے
بیضوی ع انڈے کی مانند شکل
بیضاوی ع شمے ۔ رہنے والا بیضا شہر کا
بیضہ ع انڈا ۔ تخم مرغ
بیطار ع جو چارپاؤن گھوڑوں وغیرہ کا علاج کرے
بیع ع بیچنا ۔ فروخت کرنا
بیعانہ ع سائی جو فروخت کی واسطے کچھ پہلی دین
بیعت ع مرید ہونا ۔ کسی پیر کا شاگرد بننا
بیغل و غش ف بیشک و بیشبہہ ۔ لغوی معنی بے کھوٹ اور ملاپ کے
بیگ ت خداوند ۔ امیر
بیگم ت امیر کی بی بی ۔ لیڈی ۔ خاتون بی بی

بیگلربیگ ت امیر الامرا- سپہ سالار
بیل فع کدال یا پہاوڑہ زمین کہودنے کا
بیم ف خوف- ڈر
بیمار ف روگی- آزاری
بیمہ ف بخوف رہزنی جو کسی ساہو کار کو محصول کسی نقد یا
مال کی پہونچانیکا دیا جاوے اور وہ ذمہ دار اوسکا ہو
بینش ف دیکہنا- دید- بینائی
بین ع درمیان
بیّن ع ظاہر- آشکار- گواہ
بینوا ف بے توشہ- فقیر- بے سامان
بینی ف ناک
بے نیاز ف بے پرواہ
بیوتات ف گہر محل شاہی جنمین بیگمین رہتی ہون
بیواہ
بیوا ف رانڈ جسکا خصم مر گیا ہو
بیہودہ ف بیفائدہ جس سے کچھ فائدہ
نہ نکلی

باب الپاء

پا ف ٹانگ- ٹنگڑی- بیخ بنیاد
پاافزار ف جوتی- کفش
پانداز ف وہ بچھونا جو آمد و رفت کی جگہ
دروازیکے مقام پر بچھاتے ہین
پا بلند کردن ف بہاگ جانا- دوڑ جانا
پا برجا ف ثابت- قائم- ہمیشہ
پا برنجن ف پیرونکا گہنا جسکو گوجری اور
پازیب کہتے ہین
پابند ف رسّی- اور جال
پابوس ف پیر چومنیوالا- اور پیر چومنا
پابوسی ف پیر چومنا
پاپوش ف جوتا- پیزار
پاجامہ ف وہ کپڑا جو انگرکہے کی نیچی ٹانگونمین
پہنتی ہین یعنی سہنان
پاجی ف نالائق- کمینہ- نیچ
پاچک ف اوپلہ- گوہا
پاچلہ ف جوتی- جراب

پاچاپہ ف جولاہے کی پیر لٹکانیکا گڑہا- گہڈی
پاداش ف بدلا- عوض- پلٹا
پارچہ ف کپڑا لتّا
پارس ف ملک فارس
پارسا ف پرہیزگار- گناہ سے بچنے والا
پارسال ع گذشتہ سال- پچھلا برس
پارسا ف فقیر گدا
پارہ ف ٹکڑا حصہ- نام ایک دہات کا- اور ثبوت
یہ پرانی فارسی ہے- تحفہ تبرک
پارہ کار ف شوخ- لچّا
پارہ دوز ف وہ شخص جو خیمہ کو سیتا ہے
اور پیوند لگاتا ہے
پاریدن ف ٹکڑے ہونا- پہٹ جانا
پارینہ ف پرانا- قدیم
پاس ع واسطے- تین گہنٹے کا عرصہ پہر- محافظت
پاسبان ف چوکیدار- پہرہ وا
پاستان ف اگلا- گذرا ہوا
پاسخ ف جواب
پاسخاطر ف لیے- واسطے- کسیکی خاطر کرنا

پاسداری ف طرفداری- نگاہبانی
پاسدار ف طرفدار- نگاہبان
پاسنگ ف وہ پتہر جو ترازو کی پلڑون کی
برابر کرنیکو رکہتے ہین
پاش ف چہٹنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا اور پراگندہ کرنا
پاشنہ ف ایڑی پیر کی- اور ککڑی اور
خربوزہ اور تربوز کو بھی پاشنہ کہتے ہین
پاشیدن ف چہڑکنا- بکہرنا
پاک ف پوتر جسمین کچھہ ناپاکی نہو- بی گناہ
پاکباز ف نیک آدمی
پاکوفتن ف ناچنا- گت بہرنا
پاکی ف صفائی- پوترتائی- اور استرہ بال مونڈنے کا
پاکیزہ ف پاک- صاف- پوتر
پالان ف گدہے کی اوپر کی کاٹھی- چہٹ گون
پالودن ف پاک کرنا- صاف کرنا
پالودہ ف پاک- و صاف- صفا کیا ہوا
پالوڈ ف ایک قسم کی بہت پتلی چانون کی جمی
ہوئی بنا کر شربت مین ملا کر کہاتے ہین
مشہور شے ہے

پالہنگ فَ شکاربند وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں باندہتے ہیں۔ باگڈور
پالیدن فَ پاک کرنا۔ ملنا۔ جستجو کرنا
پالیز فَ خربوزہ یا تربوز یا ککڑی کا کہیت
تباہ۔ اوجڑ
پامال فَ مصیبت زدہ
پان فَ مشہور پتا ہے جسکو سب ہندوستانی کہایا کرتے ہیں
پانزدہ فَ پندرہ یعنی (۱۵) (پنده)
پای فَ پیر۔ پانون۔ پایہ
پایاب فَ تہوڑا پانی دریا کا جسمیں کوئی آدمی پیدل نکلجاوے
پایان فَ انتہا۔ اور آخر۔ انجام
پای بند فَ کسی کام مین پہنسا ہوا۔ بیڑی
پای تابہ فَ جراب۔ موزہ چمڑے کا
پای تخت فَ وہ شہر جہان پر بادشاہ رہتا ہو۔ راجدہانی
پایخانہ فَ جگہ ہگنے کی
پائیدن فَ ٹھرنا۔ پایدار ہونا۔ نظر مین رکھنا
پایدار فَ مضبوط۔ ہمیشہ۔ صاحب قدر اور مرتبہ کا

پای کاشت فَ وہ کسان جو دوسرے گانونسے جوتنے کو آتا ہو
پای زیب فَ ایک قسم کا زیور جو پیرون مین پہنتے ہین
پابستن فَ منتظر رہنا۔ توقع رکہنا
پایگاہ فَ رتبہ۔ درجہ
پایمال فَ پامال
پایمرد فَ مددگار۔ مدد دینے والا
پایمردی فَ مددگاری۔ بل۔ زور
پایمزد فَ مزدوری جو قاصدون کو ملتی ہے
پایندہ فَ قائم۔ استوار
پایہ فَ پانون۔ رتبہ۔ درجہ۔ تخت
پائین فَ نیچے۔ تحت۔ زیر
پتک فَ ہتوڑا
پتیل فَ بتی چراغ کی
پجاوہ فَ اینٹ پکنے کا آوہ
پختن فَ پکانا
پختہ فَ پکا ہوا

پدر فَ باپ
پدرانہ فَ مانند باپ کے
پدروار فَ موافق باپ کے
پدری فَ باپ کا
پدید فَ ظاہر۔ پرتکش
پدیدار فَ ظاہر۔ نمودار
پذیر فَ قبول کر۔ مان۔ ماننے والا
پذیرای فَ قبولیت
پذیرفتن فَ قبول کرنا۔ منظور کرنا
پُر فَ بھرا ہُوا
پَر فَ جانور کا پر
پراگندگی فَ تتر بتر ہونا
پراگندن فَ تتر بتر کرنا
پراگندہ فَ تتر بتر۔ بکھرا ہوا
پرانیدن فَ اوڑانا
پرتاب فَ تیر جو دور جاسکتا ہوا ور ڈالنا
پرتو فَ شعاع۔ روشنی۔ کرن
پرخاش فَ لڑائی۔ جھگڑا
پرچم فَ کپڑا جو نیزہ پر باندہتے ہین

پرچین فَ باڑ کہیت کی۔ باغکی باڑ جو خار دار درختون کی شاخون کی بناتے ہین
پرداختن فَ آراستہ کرنا۔ خالی کرنا۔ سنوارنا
پردگی فَ پوشیدگی
پردہ فَ چلمن۔ چک۔ کپڑیکا پردہ اوٹ
پردہ پوش فَ بہید پوشیدہ کرنیوالا
پردہ نشین فَ عورت جو پردہ مین رہتی ہے
پرزہ فَ ٹکڑا۔ چیتہڑا
پرس فَ پوچھہ۔ دریافت
پرستار فَ غلام کنیز۔ باندی۔ خدمتگار
پرستش فَ پوجا۔ عبادت
پرسش فَ پوچھنا۔ پوچھہ پاچھہ کرنا
پرستک فَ ابابیل دیودلائی۔ ایک پرند مشہور ہے
پرستن فَ پوجنا
پرستیدن فَ پوجنا
پرسیدن فَ پوچھنا
پرسان فَ پوچھنے والا
پرسیدنی فَ لائق پوچھنے کے

پرکار ف موٹا غفص
پرکالہ ف ٹکڑا۔ حصہ۔ چتھڑا
پرگنہ ف ایک حصہ ضلع کا
پرنیاں ف دیبا۔ ایک قسم کا کپڑا
پرند ف اوڑنے والا۔ چڑیا
پروا ف طاقت آرام۔ خبر۔ توجہ۔ رغبت
التفات۔ خوف۔ پرورش
پرواری ف موٹا۔ تازہ۔ چربی دار
پرواز ف اوڑنا۔ اور نثار کرنا زر کا
پروانگی ف اجازت۔ اگیا
پروانہ ف تیتری۔ کیڑا اوڑنے والا۔
پتنگا۔ حکمنامہ۔ حکم
پروبال ف پر اور بازو۔ قوت
پرور ف پالنے والا
پروردگار ف خدائے تعالےٰ۔
پالنے والا
پرورانیدن ف
پروردن ف پالنا
پرورده ف پلا ہوا

پرورش ف پالنا۔ اور حکمت اور علم سے
بھی مراد ہوتی ہے
پرویز ف فتحمند۔ چھلنی۔ نام نوشیرواں کے بیٹے کا
پرویزن ف چھلنی جسمیں آٹا چھانتے ہیں
پروین ف نام چند ستاروں کا ثریا۔ موتی
پرّہ پرہ ف صف۔ دامن۔ طرف
کنارہ ہر چیز کا
پرّۂ بینی ف نتھنے کا پردہ
پرہیز ف بچنا گناہ یا کسی چیز سے
پرہیزگار ف بچنے والا
پرہیزیدن ف گناہ سے بچنا۔ پرہیز کرنا
پری ف پرسون۔ خوبصورت عورت دیو کی ضد
پری پیکر ف خوبصورت شکل۔ معشوق
پری خوان ف منتر جاننے والا۔ اور وہ
شخص جسکے اسمیں کوئی جن ہو
پُریدن ف بھرنا۔ پُر کرنا
پریدن ف اوڑنا
پریروز ف پرسون کا دن گذرا ہوا
پریزاد ف پری کی اولاد۔ خوبصورت شخص

پریشان ف پراگندہ۔ مصیبت زدہ
پریشانی ف پراگندگی
پریشب ف پچھلی رات سے جو آگے ہو گذری
پزانیدن ف پکوانا
پزاوہ ف اینٹ پکانیکا آوہ
پزشک ف طبیب۔ جرّاح
پزشکی ف طبابت۔ بیدک
پژمان ف مرجھایا ہوا۔ بیرونق۔ غمگین
پژمردن ف مرجھانا۔ کملانا
پژمردہ ف کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا
پژوہش ف تلاش کھوج لگانا
پژوہیدن ف کھوجنا۔ تلاش کرنا۔ فکر کرنا
پزیدن ف پکانا
پس ف تب۔ اسلیے۔ آخر۔ پیچھے
پست ف نیچا۔ کم رتبہ۔ کمین
پستان ف چھاتی۔ چوچی۔ ممّا
پستی ف نچائی۔ نیچ پن
پس خورد ف جھوٹا کھانا بعد کھانے کے
جو بچ رہے

پسر ف لڑکا۔ بیٹا
پس رو ف پیچھے چلنے والا
پس فردا ف پرسون۔ آیندہ
پسندیدن ف پسند کرنا
پسند ف اپنی خوشی۔ رجھہ
پس و پیش ف دکھڑ پکڑ۔ سوچ بچار
پسین ف پچھلا
پشت ف پیٹھہ
پشتارہ ف بوجھہ۔ گٹھری
پشت دادن ف بھاگ جانا
پشت پناہ ف حمایت کرنیوالا۔ اور حمایت
پشتہ ف تودہ۔ ٹیلا
پشتی ف مدد۔ تائید۔ پرورش ٹیکنی
پشتیبان ف سہارا دینے والا۔ مددگار معاون
لکڑی جو دیوار کی استحکام کے واسطے کھڑی کریں
پشم ف اُون
پشمینہ ف اون کا کپڑا وغیرہ
پشیز
پشیزہ ف پوتہ۔ اور زر قلب کھوٹائی

پشیمان فَ پچتانے والا - شرمندہ
پشیمانی فَ پچتاوا
پشہ فَ مچھر
پگاہ فَ بھور - صبح
پل فَ دریا پر راہ بنا ہوا
پلاس فَ موٹا کپڑا - ڈھاک کا درخت - جاجم موٹی
پلاو فَ گوشت اور چاول پکے ہوئی مشہور
کھانا ہے - پُلاؤ پیش سے غلط ہے
پلپل فَ سیاہ مرچ
پلک فَ آنکھ کے پردہ کے بال
پلنگ فَ چیتا - تیندوا
پلہ فَ ترازو کا پلڑا - سیڑھی - درجہ
پلہ فَ ڈھاک کا درخت
پلیتہ فَ چراغ کی بتی - لپٹی ہوئی بتی
پلید فَ ناپاک
پناہ فَ بچاو - بچنے کا ٹھکانا
پنبہ فَ روئی
پنبہ دوز فَ اوسکو کہتی ہین جو پُرانے پارچے
اور چمڑے سیوے - گودڑیا

پنج فَ پانچ یعنی (۵) (ہ)
پنجم فَ پانچوان (۵ؑ)
پنجاہ فَ پچاس یعنی (۵۰) (ہ)
پنجاہم فَ پچاسوان یعنی (۵۰ؑ)
پنجرہ فَ قفس - پنجرہ
پنجشنبہ فَ جمعرات کا دن
پند فَ نصیحت - بھلائی کی بات
پندار فَ غرور - سمجھ - اٹکل
پنداشتن فَ پہچاننا - معلوم کرنا
پنہان فَ پوشیدہ - چھپا ہوا
پوچ تَ نالائق - بیہودہ - خالی - بیمغز - بیخانہ آدمی کا
پود فَ بانا بننے کا سُوت
پور فَ بیٹا - نام ایک راجہ قنوج کا جو لاہور پر سکندر سے
لڑا تھا - اور تیتر جو ایک پرند ہے اوسکو
بھی کہتے ہین - اور سادہ نما
پوزش فَ عذر - اور معذرت کرنا
پوست فَ چھلکا - اور غیبت - بدگوئی
پوستین فَ کھال لگی تی - اور بدگوئی
کرنے کے معنی بھی آتے ہین

پوش فَ غلاف زرہ - جوشن - اور ایک یہ
معنی بھی اسکے ہین کہ الگ ہوجاؤ چنانچہ اکثر
لوگ پوش پوش بولا کرتے ہین
پوشانیدن فَ کپڑا پہنانا
پوشاک فَ لباس پہنے کے کپڑے
پوشش فَ لباس
پوشیدن فَ پہننا - چھپانا
پوشیدہ فَ چھپا ہوا - ڈھکا ہوا
پوطہ دار فَ نقد روپیہ رکھنی والا - خزانچی
پوی فَ پوئیہ چال یعنی نہ تیز اور نہ آہستہ
پویہ فَ ایک قسم کی چال گھوڑے کی جو نہ تیز
اور نہ آہستہ ہو - اور اس معنی بھی آتا ہے یہی
چلو قدم اوٹھاؤ
پوئیدن فَ تلاش کرنا ادہر اودہر پہرنا اوڑنا
پول فَ پیسہ تانبے کا سکہ - دریا کا پُل
پہلوان فَ سورما - بہادر - طاقت ور آدمی
پہلو کردن فَ
پہلو تہی کردن فَ } انکار کرنا - بات سے پھر جانا
پہلوی فَ ایک پُرانی زبان فارسی کی

پہن فَ فراخ - چوڑاو
پہنا فَ چوڑائی - چوڑا
پے فَ پاون - کھوج
پیاپی فَ پے درپے لگاتار
پیام فَ سندیسا - کچھ بات کہلا بھیجنا
پیچش فَ پیچتاب - مروڑا
پیچیدن فَ لپٹنا - اور لپیٹنا
پیداوار فَ فصل کی پیداحاصل
پیر فَ بوڑھا - بڑی عمر کا آدمی
پیراستن فَ زیبایش کرنا - کمتر کر
زیبایش کرنا چھانٹنا
پیرزال فَ بوڑھی عورت
پیرسال فَ بوڑھا - بوڑھی
پیرمغان فَ آگ کا پجاری - معشوق
پیرامون فَ آس پاس
پیرو فَ پچھلگو
پیرایہ فَ سخاوت - آرایش لباس و زیور
پیروز فَ فتحمند
پیزار فَ جوتی

پنیزیدن فَ چھننا۔ اور چھانا
پنیزنہ فَ ع چھلنی
پنیزن فَ ع چھلنی
پیش فَ آگے۔ سامنے
پیشانی فَ ماتھا۔ بشیرمی اور شوخی وسعت
پیشکار فَ سامنے کام کرنیوالا نوکر
پیشکش فَ نذر۔ تحفہ دینا۔ بھینٹ
پیش دست فَ مددگار۔ آگے کام کرنے والا
پیش نہاد فَ ارادہ دل کا
پیشتر فَ آگے چلنے والا نوکر
پیشوا فَ راہ نما۔ ہادی
پیشواز فَ عورت کی گون پشواز مشہور ہے
پیشوائی فَ کسیکے آگے اوسکو لانے کو جانا
پیشہ فَ ہنر۔ کسب
پیشین فَ اگلا
پیشینہ فَ اگلا۔ پہلے والا
پیشینیان فَ اگلے زمانی کے لوگ
پیغام فَ سندیسا
پیغمبر فَ سندیسا لانے والا

پیغار فَ کہھائی
پیغولا فَ کونہ۔ کتہرا
پیک فَ قاصد
پیکار فَ لڑائی۔ جنگ
پیکان فَ بال تیر کی۔ یا برچھی کی
پیکر فَ شکل۔ جسم
پیل فَ ہاتھی
پیلبان فَ ہاتھیبان۔ ہاتھی ہانکنی والا نوکر
پیلپایہ فَ کھم۔ ستون
پیلہ فَ ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہے اور کویا ریشم کا بھی
پیما فَ پیمایش کرنے والا۔ ناپ
پیمان فَ وعدہ۔ عہد۔ بچن
پیمایش فَ ناپنا۔ ناپ
پیمودن فَ ناپنا
پیوستن فَ ملانا۔ ملنا۔ مضبوط ہونا
پیوستہ فَ ملاہوا۔ بیٹھا ہوا
پیوند فَ جوڑ۔ ٹکڑا
پیہ فَ چربی
پیہم فَ برابر۔ لگاتار

باب التا

باب التاء

تا فَ تک اور تک۔ تاکی۔ اور بمعنی گنتی کی جیسے دوتا
تاب فَ گرمی۔ روشنی۔ طاقت۔ پیچیدگی
تابان فَ چمک دار۔ چمکنے والا
تابستان فَ گرمی۔ موسم گرما
تابش فَ چمک۔ طاقت
تابع عَ ماتحت۔ نوکر۔ فرمانبردار
تابعدار فَ آدہین۔ حکم ماننے والا
تابعین عَ جمع تابع کی ہے
تابناک فَ روشن۔ چمکدار
تابوت عَ صندوق مردہ کا
تابہ فَ توا
تابیدن فَ چمکنا
تابندہ فَ چمکنے والا
تأثر عَ اثر قبول کرنا
تاثیر فَ اثر کرنا
تاج عَ مکٹ۔ بادشاہی ٹوپی
تاج خروس فَ مرغی کلغی اور ایک سرخ پھول ہوتا ہے

تاجدار فَ بادشاہ
تاجر عَ سوداگر
تاجک فَ (وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہو اور
تاجیک فَ) فارس میں پرورش پاکر بڑا ہوا ہو
اسطرح کی لوگ اکثر سوداگری کرتے ہین اسلیے
تاجک کی معنی سوداگر کی بھی لوگ سمجھ لیا کرتی ہین
اور تاجیک نام ملک غیر عرب کا بھی ہے
تاجور فَ بادشاہ
تاجوری فَ بادشاہت
تاخت فَ حملہ سپاہ کا
تاختن فَ ہلہ کرنا حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ دوڑانا
تأخر عَ دیر کرنا۔ پیچھے ہونا
تاخیر عَ دیر۔ دیری
تأدب عَ زبان دانی سیکھنا۔ ادب اختیار کرنا
تادیب عَ ادب دینا۔ علم زبان سکھلانا
تار فَ ڈورا۔ سوت۔ بانا
تاراج فَ لوٹ غارت
تارک عَ چھوڑنے والا
تارک فَ درمیان سر کے جو ایک لکیر ہے یعنی مانگ

تارکش ف وہ شخص جو تار کھینچتا ہے

تاروپود ف بانا اور تانا

تاریخ ع کوئی دن مہینے کا۔ ایک حادثہ۔ عرصہ زمانہ کا۔ علم واقعات اور حادثات کا

تاریک ف سیاہ۔ کالا جسکے آرپار نظر نہ جا سکے

تاریکی ف اندھیرا

تاز ف حملہ۔ ہلہ

تازگی ف تازہ ہونا۔ تازہ پن

تازہ ف نیا۔ ترت کا

تازی ف عربی

تازیانہ ف کوڑا۔ چابک

تازیدن ف دوڑنا

تاسع ع نوان یعنی (۹)

تاسف ع افسوس کرنا۔ افسوس

تاسیس ع بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ مضبوط کرنا

تاش ف یار۔ صاحب۔ خداوند۔ شریک

تاغی ت باغی۔ پھرا ہوا بادشاہ سے

تافتن ف ہٹنا۔ چمکنا

تافتہ ف بٹا ہوا۔ ریشمی کپڑا

تاقی ت ٹوپی۔ کلاہ

تاک ف انگور۔ درخت داکھہ کا

تاکید ف بار بار کہنا۔ پختہ کرنا۔ محکم کرنا

تالاب ف جوہڑ۔ چھپڑ۔ پانی رکا ہوا

تآلف ع باہم الفت کرنا۔ محبت کرنا۔ دوستی

تالیف ع کتاب بنانا۔ جمع کرنا۔ الفت ڈالنا

تمام ع پورا۔ تمام۔ کامل

تامل ع خیال کرنا۔ سوچنا

تانی ع دیر کرنا۔ تاخیر کرنا

تانیث ع عورت

تاو ف گرمی۔ طاقت

تاوان ف جرمانہ۔ عوض

تاویل ع بیان کرنا تعبیر خواب کی۔ کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اوسکے اور ہے معنی بیان کرنا

تاہل ع شادی کرنا۔ جورو کرنا۔ کنبہ دار ہونا

تائب ع توبہ کرنیوالا۔ باز آنے والا

تائید ع مدد کرنا

تب ف تپ بخار۔ تابش

تبادر ع باہم دوڑنا اور کسی کام میں پیشی پانا

تبادل ع بدل کرنا۔ باہم ایکدوسرے کی تبدیل ہونی

تباہی ف اوجڑ ہونا

تباین ع مخالف۔ جدا ہونا دو چیز کا آپسمیں

تبار ف خاندان۔ نسل۔ اولاد

تبجیل ع بزرگی کرنا۔ عزت کرنا

تبحر ع مثل دریا کی علم میں ہونا۔ بہت علم ہو جانا

تبختر ع مٹک کر چلنا۔ ناز کر کے چلنا

تبخیر ع بو کا اوٹھنا۔ بخار بنانا۔ دہوان بنا کر اوٹھانا

تبدل ع عوض کرنا۔ بدلنا

تبدیل ع بدلنا۔ بدل ڈالنا

تبر ف ایک قسم کی کلہاڑی

تبر ع سونا۔ زر۔ طلا۔ کندن

تبرا ع نفرت کرنا۔ بری ہونا۔ بیزار ہونا

تبرک ع برکت لینا اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے۔ پرشاد

تبرکات ع برکت والی چیزیں جمع تبرک کی ہے

تبرید ع سرد کرنا۔ اور ٹھنڈائی

تبسم ع مسکرانا۔ کلی کا کھلنا

تبصر ع دیکھنا۔ نظر

تبعہ ع انجام بد۔ نتیجۂ بد۔ عذاب

تبعیت ع تابعداری۔ حکم ماننا۔ پیروی

تبعات ع کسی چیز کے لوازم۔ گناہ کی عذاب۔ دکھ سختی۔ خرابیان

تبلیغ ع پہونچانا۔ کسی پاس کچھ روانہ کرنا

تبنی ع بیٹا بنانا۔ گود لینا

تبیین ع بیان کرنا۔ بتلانا

تبہ ف

تبہ کار ف برباد۔ اور اوجڑا ہوا

تبیان ع خوب بیان کرنا۔ معنی کا روشن کرنا۔ آشکارا کرنا

تب ف تپ۔ بخار۔ تجاری

تپاک ف چالاکی۔ گرمجوشی

تپش ف گرمی۔ سوزش

تپک ف بندوق

تپیدن ف تڑپنا۔ اور گرم ہونا

تتبع ع ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ پیروی کرنا

تتری ع ملک تاتار کا رہنے والا۔ سیاہ اور ملک کی کوئی چیز

تتمہ ع تمامی۔ بقیہ۔ آخر ہر شے کا
تتمیم ع تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ آخر کو پہونچا دینا
تثریب ع سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا
تثنیہ ع دوگنا۔ دو کرنا
تثلیث ع تین حصوں مین تقسیم کرنا
تجار ع سوداگر۔ تجارت کرنیوالا
تجارُب ع باہم ایک دوسریکو آزمانا
تجارِب ع جمع تجربہ کی یعنی آزمایشین
تجارت ع سوداگری بیوپار۔ سوداگری کرنا
تجاوز ع گذرنا۔ حد سے گذرنا۔ لانگھ جانا
تجاہد ع کوشش کرنا
تجاہل ع جان بوجھ کر جاہل ہونا۔ انجان بن جانا
تجدید ع نیا کرنا۔ نئی سرے سے کوئی کام کرنا
تجربہ ع آزمانا۔ اور آزمایش
تجربہ کار ف آزمودہ۔ آزمایش کیا ہوا
تجرد ع ننگا ہونا۔ تنہائی۔ علیحدگی دنیا سے
تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا
تجرید ع تنہائی۔ مجرد کرنا۔ ننگا کرنا
تجزی ع تقسیم کرنا۔ جزو جزو ہونا

تجسس ع تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا
تجلی ع روشنی۔ آشکارا ہونا۔ روشن ہونا۔ اور نور آلٰہی
تجمل ع زیبایش شان و شکوہ۔ اور جمال کی آرایش کرنا
تجنیس ع ہمجنس کرنا۔ یکسان کرنا
تجویز ع جائز کرنا۔ رای دینا۔ کوئی بات نکالنا
تجویف ع شکم خالی کرنا۔ کھوکھلا بنانا
تجہیز ع سامان کرنا۔ جہیز شادی کا دینا اور اسباب مردہ کا طیار کرنا
تحاب ع باہم محبت کرنا۔ آپسمین پیار رکھنا
تحایف ع جمع تحفہ کی
تحت ع زیر۔ نیچے
تحذیر ع ڈرانا۔ خوف دلانا
تحدث ع قصہ بنانا۔ کہانی کہنا
تحریر ع لکھنا۔ صاف کرنا حشو و زائد سے آزاد کرنا
تحرک ع حرکت کرنا۔ ہلنا
تحریص ع لالچ دلانا۔ حرص دلانا

تحریک ع حرکت دینا۔ ہلانا
تحریف ع بدل ڈالنا۔ حرف بدلنا
تحسر ع افسوس۔ حسرت کرنا
تحسین ع سراہنا۔ تعریف کرنا
تحصیل ع حاصل کرنا
تحف ع جمع تحفہ کی نادر اشیا
تحفگی ف تحفہ پن۔ خوبی
تحفہ ع نادر۔ انوکھا۔ بہت خوب
تحدید ع حد کرنا۔ ماہیت بیان کرنا
تحقیر ع ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا
تحقق ع ثابت ہونا۔ موجود ہونا
تحقیق ع دریافت کرنا۔ کھوج لگانا
تحکم ع دعوی کرنا۔ حکومت کرنا۔ زبردستی سے حکومت کرنا
تحلیل ع اجزا کا کھولدینا۔ بچا دینا۔ کسی چیز کو گلا کر فانی کر دینا
تحمل ع برداشت کرنا۔ اوٹھانا
تحمید ع تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ سراہنا
تحمیل ع لادنا۔ بوجھ لاد دینا

تحویل ع سپرد کرنا کسیکو کوئی چیز حوالہ کر دینا
تحویلدار ف خزانچی۔ نقدرکھنیوالا۔ روکڑیا
تحیۃ ع زندگانی دینا۔ سلام کرنا۔ مبارکباد کہنا
تحیر ع حیران ہونا۔ بھوچکا ہو جانا
تخالف ع باہم مخالف ہونا
تخت ف بیٹھنے کی چوکی۔ تخت بادشاہی
تختگاہ ف دارالسلطنت۔ حاکم اعلیٰ کی رہنے کا شہر۔ گورنمنٹ کے مقام کا شہر
تختہ ف لکڑی کتری ہوئی۔ تختہ
تخریب ع خراب کرنا۔ اوجاڑ دینا
تخصیص ع خاص کرنا۔ خصوصیت
تخفیف ع ہلکا کرنا۔ بوجھ اوتارنا۔ کم کرنا
تخلص ع چھٹکارا۔ بچاؤ۔ مختصر نام جو شاعر لوگ اپنا نام مقرر کر کے شعر مین لکھا کرتے ہین
تخلف ع پیچھے رہنا۔ خلاف وعدہ کرنا
تخلل ع بیچ مین آجانا۔ خلل ڈالنا خرابی اور تباہی
تخلیص ع خلاص کرنا۔ چھوڑا دینا

تخم ف بیج - گری
تخمہ ع بدہضمی
تخمیر ع خمیر اوٹھانا - اُوبال اوٹھانا
تخمین ع اندازہ کرنا - اٹکل کرنا
تخمینہ ع حساب سرسری اٹکل سے حساب کرنا
تخمیناً ع اٹکلون اندازہ سے
تدابیر ع تدبیرین - تجویزین - بندوبست
تداخل ع ایک دوسرے مین داخل ہونا کئی چیزین جو باہم ملکر داخل ہون
تدارک ع کوئی چیز فوت شدہ کو پانا - پانا - بدلہ
تداول ع دست بدست ایک دوسرے سے لینا
تدبیر ع پیچھے پڑنا - غور کرنا
تدریج ع درجہ بدرجہ ہونا - تھوڑا تھوڑا ہونا
تدریس ع سبق دینا - علم سکھلانا - کہنہ کرنا
تدفین ع زمین مین گاڑ دینا - دفن کرنا
تدقیق ع باریک کرنا - خوب کوٹنا - باریک بات کا نکالنا
تدوین ع جمع کرنا - تالیف کرنا
تدین ع دیندار ہونا - دینداری

تذبذب ع ڈہکن پکڑ - ڈبڈبا - شک وشبہہ
تذکرہ ع یادداشت - یاد - ذکر
تذکیر ع مردانیت - مردیت
تذرو ف کبک - مشہور پرند ہے
تذلیل ع ذلیل کرنا - بےعزت کرنا
تر ف لتھڑا بھیگا
تراب ع مٹی - زمین - خاک
تراخی ع دیر - کاہلی - اور تقصیر کرنا
ترازو ف تکڑی - تلا
تراش ف کاٹ کٹاؤ - افتخار - آرایش - نفع
تراشہ ف چھلکا تراشا ہوا - ایک آلے لوہے کا جس سے شیشے تراشتے ہین
تراشیدن ف کاٹنا چھیلنا
تراکم ع انبوہ - بھیڑ
تراکیب ع جمع ترکیب کی یعنی ترکیبین
ترانہ ف راگ - گیت
تراوش ف ٹپکنا - ٹپکا
تراویدن ف ٹپکنا
ترب ف مولی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے
تربت ع مٹی - زمین - قبر

تربز ف تربوز - ہندوانہ
تربیت ع پرورش کرنا - پالنا
ترجمان ع وہ شخص جو ایک زبان کو دوسری زبان مین بتلاوے
ترجمہ ع ایک زبان کو دوسری زبان مین بدلنا اور لغوی معنی اُسکے بیان کرنا
ترجیح ع غلبہ دینا - اور افزون کرنا
ترحم ع رحم کرنا - دیا کرنا - ترس کرنا
ترخیم ع دم کاٹنا - مختصر کرنا
تردد ع آمد ورفت کشتکاری - شک
ترددات ع کشتکاریان - شکوک
تردامن ف گناہگار
تردماغ ف عقلمند - صاحب شعور - مسرور - مست
تردید ع رد کرنا کسی بات کا - جواب دینا
ترادیف ع کسیکے پیچھے ایک گھوڑی پر سوار ہونا دو لفظون کے ایک معنی ہونا
ترزبان ف فصیح - خوش کلام - بولنے والا
ترس ف خوف - ڈر - دہشت
تُرس ع ڈھال - سپر

ترسا ف ڈرنے والا - آتش پرست
ترسان ف ڈرنے والا - ڈرتا ہوا
ترسانیدن ف ڈرانا
ترسناک ف خوفناک - ڈرا ہوا
ترسندہ ف ڈرنے والا
ترسیدن ف ڈرنا - خوف کرنا
ترسیل ع روانہ کرنا بھیجنا - نامہ بھیجنا
تُرش ف کھٹا - چوکا
ترشح ع ٹپکنا - پانی کا چھلکنا
ترشرو ف ناراض خفا
ترشی ف کھٹائی - ناراضگی - خفگی
ترصد ع امید گھات لگانا - امید رکھنا
ترصیص ع مضبوط بنانا - پاس پاس ملا کر بنانا
ترغیب ع رغبت دلانا - لالچ دینا
ترفہ ع آسودگی - دولتمندی
ترفیہ ع آسودہ کرنا
ترقب ع امید رکھنا - امید انتظار
ترقی ع بلند ہونا - اوپر چڑھنا
ترقیق ع باریک کرنا

ترقیدن ف پھٹنا۔ پھوٹنا۔ شگافتہ ہونا
ترقیم ع لکھنا۔ رقم لکھنا
ترک ع چھوڑنا۔ چھوڑ دینا
ترکان ف لقب عورتوں کا ہے جیساکہ بی بی بیگمہ کہتی ہین
ترک ف نام ایک قوم کا ہے جو ترکستان مین بستے ہین کہتے ہین کہ یہ لوگ اولاد ترک بن یافث کے ہین۔ مجازی معنی معشوق کے ہین
ترکتاز ف دوڑ دھوپ۔ حملہ۔ ہلہ
ترکش ف تیر رکھنے کا خانہ
ترکمان ف نام ایک قوم کا ہے۔ اور ترک کے مانند یہ معنی ہین
ترکہ ع مال مردے کا
ترکی ف زبان ترک قوم کی جو ترکستان مین بولی جاتی ہے
ترکی تمام شد ف غرور جاتا رہا
ترکیب ع مرکب کرنا۔ کئی چیزونکو ملاکر بنانا
ترکیدن ف شق ہونا۔ پھٹ جانا
ترمس ع باقلا مصری کھٹا ہوتا ہے

ترمیم ع مرمت کرنا
ترنج ف لیمو۔ نیبو
ترنم ع گیت گانا
ترویج ع رائج کرنا۔ چلانا
ترہ ف کینہ۔ باطل۔ ساگ ترکاری
ترہات ع خرافات بیہودگیاں۔ مہملات
تریاق ع زہرمہرہ۔ زہر کی دوا
تزاحم ع انبوہ۔ اور انبوہ کرنا۔ بھیڑ کرنا
تزاید ع زیادہ ہونا۔ افزون ہونا
تزک۔ توزک ت قانون۔ اور وہ واقعہ جسکو خود بادشاہ نی لکھا ہو شان و شوکت
تزکی ع پاک کرنا۔ صاف کرنا
تزکیہ ع پاک کرنا
تزلزل ع زلزلہ آنا زمین پر ڈگمگانا۔ اکھڑ پکھڑ
تزویر ع جھوٹ بولنا۔ فریب کرنا
تزئین ع زینت کرنا۔ زیبایش کرنا
تساوی ع برابری۔ برابر کرنا
تساہل ع آسان کرنا آسان سمجھنا غفلت کرنا
تسبیح ع پاکی سے یاد کرنا خدا کا۔ سبحان اللہ کہنا

تسخیر ع تابع کرنا۔ اپنی طرف کرلینا
تسدید ع درست کرنا۔ مضبوط کرنا
تسدیس ع چھہ حصونمین تقسیم کرنا
تسرع ع شتابی کرنا۔ جلدی کرنا
تسطیر ع لکھنا۔ سطربندی کرنا
تسع ع نو یعنی (۹) (ط)
تسعون ع نوّے یعنی (۹۰) (ص)
تسکین ع تسلی آرام۔ ڈھارس
تسلسل ع سلسلہ بندی۔ لڑی بندھنا
تسلط ع حاکم ہوجانا۔ غالب آجانا
تسلی ع ڈھارس۔ خاطر جمع
تسلیم ع سلام کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا حکم کو
تسمہ ف چمڑے کا لمبا ٹکڑا مشہور ہے
تسمین ع موٹا کرنا فربہ کرنا
تسمیہ ع نام رکھنا
تسوید ع سیاہ کرنا۔ لکھنا
تشابہ ع باہم مشابہت ہونا
تشارک ع ایک دوسری کا شریک ہونا
تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا

تشبیہ ع کسیکو دوسرے سے مثال دینا مشابہ کرنا
تشتت ع پراگندگی۔ پریشانی۔ تتر بتر
تشخص ع تعین پانا۔ معین ہوجانا
تشخیص ع مقرر کرنا۔ جانچنا
تشدید ع سخت کرنا۔ استوار کرنا
تشریح ع شرح کرنا۔ کھولنا۔ طب مین بدن کا حال بیان کرنا
تشریف ع خلعت۔ لباس قیمتی جو بادشاہ کے دربار سے ملے۔ بزرگ کرنا۔ اور عزت رکھنا
تشفی ع تسکین۔ تسلی۔ اور شفا پانی
تشکک ع شک مین پڑنا۔ شبہہ مین پڑنا
تشکیک ع شک مین ڈالنا کسیکو
تشنگی ف پیاس
تشنج ع عضو بدنکا اینٹھ جانا
تشنہ ف پیاسا
تشنیع ع برا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا
تشویش ع متفکر ہونا۔ پریشان ہونا۔ پریشانی

تشویر ع شور کرنا
تشویش ع فکر مین ڈالنا۔ اور فکر
تشہیر ع مشہور کرنا۔ شہرت دینا
تشئید ع مضبوط کرنا۔ گچ اور چونے سے عمارت بنانا
تشیخ ع شیخی کرنا۔ اپنی تعریف آپ کرنا
تشیع ع اپنی تئین شیعہ کہنا۔ مذہب شیعہ مین ہونا
تشیع ع رخصت کرنا۔ مسافر کو راہ تک پہونچانے کو جانا
تشئین ع شان پانا۔ عزت دار بننا
تصاریف ع گردشات
تصاعد ع بلند ہونا۔ اوپر چڑہنا۔ باہم ملکر بلند ہونا
تصافح ع باہم ہاتھ ملانا بر وقت ملاقات کے
تصانیف ع کتابین تصنیف کی ہوئین
تصاویر ع تصویرین۔ صورتین کہنچی ہوئین
تصحیح ع صحیح کرنا۔ درست کرنا
تصحیف ع کتاب بنانا۔ لکہنا۔ پڑہنے یا لکہنے مین کچھ غلطی کر دینا

تصدق ع وسیلہ۔ اور صدقہ کرنا
تصدی ع درپیش ہونا۔ سامنے آنا
تصدیع ع تکلیف دینا۔ دردسر کر دینا
تصدیق ع سچا کرنا
تصرف ع دخل کرنا۔ کچھ کا کچھ کر دینا
تصریف ع گردان کرنا۔ گردانا
تصریح ع ظاہر کرنا
تصغیر ع چھوٹا کرنا
تصفیہ ع صفا کرنا۔ صفائی کرنا
تصلیب ع سولی دینا۔ سولی پر کہینچنا
تصمیم ع پختہ کرنا۔ خالص کرنا
تصنع ع بناوٹ۔ کاریگری کرنا۔ خوش آمد عورت کا اپنا بناو اور حسن درست کر کی ظاہر کرنا
تصنیف ع کوئی کتاب بنانا۔ دل سے کچھ مضمون نکالنا۔ قسم قسم علیحدہ کر کے بیان کرنا
تصور ع دہیان۔ خیال
تصوف ع نام ہے اوس علم کا جو صوفی لوگ پڑہتے ہین یعنی علم فقیری

تصویر ع صورت۔ صورتگری۔ صورت بنانا
تضاد ع باہم ضد ہونا۔ آپسمین مخالف ہونا
تضاعف ع دوچند ہونا۔ دوچند
تضحیک ع ہنسنا۔ ہنسانا
تضرع ع گڑگڑانا۔ منت کرنا۔ زاری کرنا
تضمن ع پیٹ مین لینا۔ بیچ مین ملا لینا
تضمین ع کسیکے کلام کو اپنی کلام کی اندر لینا
تضییع ع ضائع کرنا۔ کہونا۔ بیفائدہ برباد کرنا
تطابق ع باہم مطابق ہونا۔ مطابقت
تطاول ع ظلم۔ تکبر۔ دراز دستی کرنا
تطبیق ع مطابق کرنا
تطوع ع حکم ماننا۔ اور سواء فرض کے زیادہ خدمت کرنا
تطویل ع دراز کرنا
تطہیر ع پاک کرنا
تظلم ع ظلم سے فریاد کرنا۔ اور رونا بسبب ستم کے
تعارض ع کسیکے سامنے آنا۔ کچھ جھگڑا کرنا
تعارف ع جان پہچان۔ شناخت باہم کرنا
تعاقب ع پیچھا کرنا۔ باہم پیچھا کرنا
تعالِ ع اسکے معنی ہین آؤ

تعالیٰ ع بلند ہوا یہ صیغہ فعل ماضی کا ہے
تعاون ع باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا
تعب ع رنج۔ ماندگی۔ تہکاؤ
تعبیر ع بیان کرنا۔ اور خواب کی معنی بتلانا
تعبیہ ع آراستہ کرنا۔ پنہان کرنا
تعجب ع اچنبہا۔ انوکہاپن۔ اچنبہا کرنا
تعجیل ع شتابی کرنا۔ اور جلدی کرنا کسی کام مین
تعداد ع گنتا۔ شمار کرنا
تعد ع شمار کرتا ہے تو۔ گنتا ہے تو
تعدی ع ظلم۔ ستم۔ حد سے بڑہ جانا
تعذر ع عذر کرنا۔ معذور ہونا
تعذیب ع دُکھ دینا۔ عذاب دینا
تعذیر ع عذر کرنا۔ معذور رکہنا
تعرض ع پیش آنا۔ چھیڑنا
تعریض ع چھیڑ۔ کسیکو کام پر لانا
تعریف ع معنی بیان کرنا۔ سراہنا۔ جتلانا
تعرف ع شناخت کرنا۔ جتانا
تعریہ ع ننگا کرنا

تعزیت عَ
تعزیہ عَ — ماتم پرسی کرنا۔ ماتم کرنا

تعزیر عَ سیاست کرنا۔ سزا دینا
تعزیل عَ عہدہ سے برطرف کرنا
تعسّر عَ دشواری۔ مشکل ہونا
تعسّف عَ بیراہ چلنا۔ گراہ جانا
تعشّق عَ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا
تعصّب عَ پچ کرنا۔ طرفداری کرنا
تعطّر عَ خوشبو ہونا۔ خوشبو ہو جانا
تعطّل عَ بیکار رہونا
تعطیل عَ بیکار کرنا کسی شخص کو
تعظّم عَ بزرگ ہونا
تعظیم عَ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا
تعفّن عَ بدبو ہونا۔ سڑ جانا
تعقّب عَ کسی بھاگی ہوئے کے پیچھے چلنا۔ پیچھا کرنا
تعقّل عَ سمجھنا۔ جاننا۔ فکر کرنا
تعلّق عَ لگاؤ۔ علاقہ رکھنا
تعلّقہ عَ علاقہ۔ لگاؤ
تعلّل عَ دوبارہ شراب پلانا

تعلیل عَ وجہ بیان کرنا۔ دلیل لانا
تعلّم عَ سیکھنا۔ علم سیکھنا
تعلیق عَ لٹکانا۔ کسی چیز کو دوسرے چیز سے متعلق کرنا
تعلیقہ عَ ضبط کرنا اسباب کا
تعمّق عَ غور کرنا اور کسی چیز کی کنہہ کو پہونچنا
تعلیم عَ سکھلانا۔ علم پڑھانا
تعمّل عَ عمل مین لانا۔ کار کرنا
تعمیر عَ عمارت بنانا۔ آباد کرنا
تعوید عَ پناہ دینا۔ اور پناہ مین لانا۔ بچاؤ
تعویق عَ باز رکھنا۔ اور روکنا۔ بند کرنا
تعویل عَ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا
تعہد عَ کسی کام کا سر انجام کرنا اپنی ذمہ پر لینا۔ ضامنی کرنا
تعیّن عَ معین کرنا۔ خاص کرنا۔ کئی چیز سے ایک شئے کو خاص کرنا
تعیّنات عَ تشخصات۔ خصوصیات
تعییر عَ سرزنش۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا
تغابن عَ باہم نقصان اوٹھانا۔ غبن کہانا۔ زیانکاری

تغار فَ تغاری یعنی طشت مٹی کا۔ یا تہال مٹی کا
تغاری فَ کونڈا مٹی کا
تغافل عَ غفلت کرنا جان بوجھ کر۔ باہم غفلت کرنا
تغایر عَ فرق۔ باہم مغائر ہونا
تغذیہ عَ غذا دینا۔ پالنا۔ خورش دینا
تغلّب عَ غلبہ کرنا۔ غالب ہونا۔ زبردستی کرکے مال کسیکا لے لینا
تغمہ تَ یہ لفظ غلط مشہور ہے اصل مین تمغہ ہے
تغیّر عَ بدلنا پہلی حالت سے دوسرے حالت کر دینا
تف فَ بخار۔ حرارت۔ روشنی۔ بدبو۔
تُف فَ تہوک۔ اور تہوکنا
تُفّاح عَ سیب مشہور میوہ ہے
تفاخر عَ اپسمین فخر کرنا۔ اور ونسی آپکو بڑا سمجھنا
تفاریق عَ جمع تفریق کی۔ جدائیان۔ تفرقین
تفاسیر عَ جمع تفسیر کی شرح قرآن شریف یا خدا کی کتاب کی شرح
تفاصیل عَ جمع تفصیل کی
تفاوت عَ فرق۔ فاصلہ۔ فرق درمیان دو چیزون کے

تفاول عَ فال لینا۔ اپسمین شگون لینا
تفت فَ گرم۔ سوختہ۔ غضبناک۔ مجازاً بمعنے مفلس
تفتہ فَ سوختہ۔ جلا ہوا۔ عاشق
تفتن فَ گرم ہونا۔ خفا ہونا۔ جلنا
تفتیح عَ کہولنا۔ کہولدینا
تفتیش عَ تلاش کہودنا۔ ڈہونڈہنا
تفحّص عَ ڈہونڈہنا۔ کہودنا۔ تلاش کرنا
تفرّج عَ کشایش اور خوشحالی۔ مجازاً سیر و تماشا
تفرّد عَ یگانہ ہونا۔ اور خلوت پسند کرنا
تفرّس عَ پہاڑنا۔ درندہ پن
تفرّس عَ اول نظر مین دیکھتے ہے پہچان لینا کسی شئے کا اوسکی علامات اور آثار سے۔ دانائی
تفرقہ عَ فرق۔ فاصلہ۔ جدائی
تفریح عَ خوش کرنا۔ فرحت دینا
تفریط عَ ضایع کرنا یا کم کرنا کسی کام مین

تفریق ع فرق کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ علحدہ کرنا
تفسیدن ف گرم ہونا۔ تتّا ہونا
تفسیر ع بیان کرنا۔ اور کلام خدا کی شرح کرنا۔ اور شرح
تفصیل ع جدا کرنا۔ فاصلہ کرنا
تفضیل ع فضیلت دینا۔ بزرگی کرنا
تفضیح ع رسوائی کرنا۔ فضیحت کرنا
تفضل ع بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت
تفقد ع گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ پرسش کرنا مجازاً مہربانی۔ دلجوئی۔ غمخواری کرنا
تفکر ع فکر کرنا۔ من مین سوچ پیدا کرنا
تفکہ ع میوہ کہانا
تفک۔ تفنگ ف بندوق
تفنگچی ف بندوقچی۔ بندوق والا
تفنن ع شاخ شاخ ہونا۔ گونہ گونہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال مین ہونا
تفوق ع برتری گننا۔ اوپر ہونا
تفویض ع سپرد کرنا۔ اپنا کام دوسرے کو دینا

تفہ ع بیمزہ جس چیز مین کچھ مزہ نہو۔ جیسا کدو خیار
تفہم ع خود سمجھ جانا
تفہیم ع سمجھانا
تفتیدن ف گرم ہونا خفا ہونا۔ سوختہ ہونا
تقابل ع باہم مقابل ہونا
تقادیر ع جمع تقدیر کی
تقارب ع باہم قریب ہونا۔ پاس پاس ہونا
تقاریر ع جمع تقریر کی
تقاضا ع خواہش۔ مانگنا
تقاعد ع کسی کام سے باز رہنا۔ کسی کام کرنے سے روک بیٹھنا
تقاطر ع پے درپے۔ قطرے ٹپکنے
تقالیب ع گردشات زمانہ کی جمع ہے تقلیب کی
تقاوی ع قوت دینا۔ اور اصطلاح مین وہ روپیہ جو سرکار بطور قرضہ کے زمینداروں کو واسطے درستی کار زراعت کے دیوے

تقاویم ع جمع ہے تقویم کی۔ جنتریان۔ پترے
تقبُّل ع قبول کرنا۔ منظور کرنا
تقبیل ع بوسہ دینا۔ چومنا کسی چیز کا
تقدس ع پاک کرنا اور پاک ہونا
تقدیر ع اندازہ کرنا اور اندازہ جو خدا نے پہلے ہے سبکا کر لیا ہے
تقدیس ع پاک کرنا اور پاکی سے منسوب کرنا
تقدیم ع پیش پہونچانا۔ مقدم کرنا
تقرب ع نزدیکی
تقرر ع مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ ٹھہراو
تقریب ع نزدیک کرنا۔ ایسی طرح پر باتکا کہنا کہ مطلب کو لازم ہو جاوے
تقریباً ع تخمیناً
تقریر ع مقرر کرنا
تقسیم ع بانٹنا۔ حصے کرنا
تقشیر ع چھلکا اوتارنا
تقصیر ع کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ خطا۔ قصور
تقصیروار ف قصوروار آدمی۔ گنہگار
تقطیر ع ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ دان

تقطیع ع ٹکڑے کرنا۔ قطع دار بنانا
تقلب ع پلٹنا۔ گردش۔ پھر جانا
تقلیب ع پلٹنا۔ اولٹنا۔ بدلنا
تقلید ع گلوبند درمیان گردن کے ڈالنا اپنی گردن پر کام لینا۔ مجازاً پیروی کرنا کسیکی بدون دریافت اوسکی حقیقت کے
تقلیدی ع وہ شخص جو کسیکا پیرو ہو
تقلیل ع کم کرنا۔ اور تھوڑا کرنا
تقوی ع ڈرنا۔ اور پرہیزگاری
تقویت ع قوت دینا۔ طاقت
تقویم ع قیمت کرنا۔ سیدھا کرنا۔ اور جنتری نجومیون کی
تقی ع ڈرنے والا خدا سے۔ پرہیزگار
تقیید ع قید کرنا۔ اور بند کرنا
تکاثر ع بہتایت۔ کثرت۔ اور افزون ہونا
تکارم ع آپسمین کرم کرنا۔ آپسمین بخشش کرنا
تکاسل ع اپنی تئین سُست اور کاہل کہلانا
تکافو ع آپسمین برابر ہونا
تکالیف جمع ہے تکلیف کی

تگاور ف تیز رو گھوڑا
تکاہل ع اپنی تئین کاہل کرنا یا کاہل دکھلانا
تکبر ع غرور کرنا۔ بڑا سمجھنا اپنے تئین
تکبیر ع بزرگ کرنا۔ بڑا کہنا۔ بڑا کرنا
تکثیر ع زیادتی کرنا۔ افزونی کرنا
تکدّر ع مکدر ہونا۔ تیرہ ہونا
تگدو ف اسکی اصل تگ و دو ہے تگ بمعنے دوڑنے
اور دو دویدن سے مراد دوڑ دھوپ کرنا
تکذیب ع جھٹلانا۔ جھوٹا کرنا
تکرار ع بار بار پھرانا
تکریر ع بار بار کرنا۔ پھر پھر کر کوئی بات کرنا
تکریم ع بزرگی کرنا۔ عزت کرنا
تکسّل ع کاہل اور سست ہونا
تکسیر ع توڑنا۔ اور شکستہ ہونا
تکفل ع ضامن۔ اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا
تکفیر ع کافر کہنا۔ اور کفارت دینا۔
اور ڈہکنا
تکفیل ع کفالت کرنا۔ ضمانت دینا
تکفین ع مردہ کو کفن پہنانا

تکلہ ف نام ایک بادشاہ شیراز کا ہے
تکلف ع اپنی پر تکلیف اوٹھانا۔ یا وہ
بات دکھلانا جو اپنے مین نہو
تکلّم ع بات کرنا اور امر کا صیغہ بھی ہے
اگر اتکلم پڑہین
تکلیف ع دکھ۔ کسیکو رنج مین ڈالنا
وہ کام کروانا کسی سے جو اوسکی طاقت
سے خارج ہو
تکمہ ف گریبان کی گھنڈی
تکمید ع تکیر لگانا۔ گرم پوٹلی سے بدن کا سیکنا
تکمیل ع کامل کرنا
تکوّن ع ہو جانا۔ وجود پانا
تکوین ع پیدا کرنا۔ وجود دینا
تِکّہ ع ازاربند
تکیہ ع جسپر سہارا لگایا جاوے
تکیہ زدن ف بھروسا کرنا
تگ ف ڈگ۔ قدم۔ دوڑنا۔ زمین
تگاپو ف دوڑ۔ دھوپ یعنی آمد و
رفت۔ جلدی سے کرنا

تگرگ ف اولا جسکو ژالہ اور یخچہ بھی کہتے ہین
تگدو ف دوڑ۔ دھوپ۔ تلاش
تگ و پو ف ایضاً
تل ف تودہ۔ ٹیلہ
تلازم ع باہم لازم ہونا
تلاش ت جستجو۔ ڈھونڈھنا
تلاطم ع باہم تماچہ زنی کرنا۔ اور موج زنی باہم ہونا
تلافی ع تدارک پانا۔ اور ہاتھ مین لانا
تلاقی ع باہم ملاقات کرنا۔ ملنا
تلامذہ ع جمع تلمیذ کی شاگرد لوگ
تِلاوت ع پڑہنا۔ قرآن شریف پڑہنا
تلبیس ع لباس پہننا۔ مکر اور فریب
تلخ ف کڑوا
تلخا ف صفرا۔ اور پتہ۔ اور پتا
تلخیص ع خلاصہ کرنا۔ پاک و صاف کرنا
تلذّذ ع لذت لینا۔ مزہ اوٹھانا
تلطف ع مہربانی۔ لطف کرنا
تلف ع ضائع کرنا۔۔۔ کھو دینا
تلفظ ع الفاظ کا منہہ سے بولنا۔ بولنا

تلقی ع ملاقات کرنا۔۔ اور قبولنا
تلقین ع سمجھانا۔۔ اور تعلیم کرنا
تلمذ ع شاگرد ہونا
تلمیذ ع شاگرد۔ مرید
تلواسہ ع غم اور اضطراب۔ اور فکر
تلوّن ع رنگارنگ ہونا۔ رنگ برنگ
تلوین ع طرح بطرح ہونا
تلیین ع نرم کرنا۔ ملیّن کرنا
تماثیل ع تصویرین۔ اور فرمان
بادشاہی جمع تمثال کی
تماثل ع مشابہ ہونا۔ ہم مثل آپسمین ہونا
تماچہ ف تھپڑ۔ دہپہ
تمادی ع کشیدگی۔ درازی
تماشا ف سیر کرنا۔ پیدل باہم ملکر چلنا
تماش بینی ف رنڈی بازی۔ کنجری بازی
تمام ع پورا۔ کامل
تمائم ع جمع تمیمہ کی تعویذات
تمتّع ع برخورداری پانا۔ فائدہ مندی اوٹھانا
تِمثال ع صورت۔ پیکر۔ فرمان بادشاہی

تمثل ع سامنے ہونا۔ مثال دینا
تمثیل ع مثال دینا۔ تشبیہ دینا
تمجید ع بزرگ گذرا
تمدد ع کشیدگی۔ کھنچاؤ
تمر ع کھجور۔ سوکھی ہوئی کھجور
تمرد ع سرکشی کرنا۔ سرکشے
تمساح ع نہنگ۔ ناکہ
تمسخر ع ہنسی کرنا۔ ٹھٹھہ کرنا
تمسک ع کسی چیز مین چنگل مارنا۔
پکڑنا کسی شے کا
تمشی ع ارادہ۔ جاری کرنا۔ روان کرنا
تمشیت ع جاری کرنا۔ روان کرنا
تمغات ت محصول اور مہر جو اسباب سوداگر
پر سرکاری لگائی جاتی ہے۔ اور فرمان شاہی
جو لوگ تغمہ کہتے ہین وہ غلط ہے
تمکن ع جگہہ پکڑنا۔ اور قایم ہونا
تمکنت ع غرور۔ ٹیپ ٹاپ
تمکین ع جگہہ دینا۔ اور عین جگہہ پر پیر
رکھنا۔ قدر۔ مرتبہ

تملق ع نرم ہونا۔ اور عادت پکڑنا
تملک ع مالک ہونا
تملیک ع مالک کرنا کسی شخص کو مال یا کسی چیز کا
تمن ت دس ہزار آدمی۔ اور بیس روپیہ
تمنا ع آرزو کرنا۔ خواہش کرنا
تموز ف بڑی گرمی۔ ساون کا مہینا
تمول ع مالدار ہونا۔ اور دولتمندی
تمہید ع بچھونا بچھانا۔ ہموار اور نیک کرنا
تمیز ع جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا
تن ف بدن۔ پنڈا۔ اور تنخواہ
تناد ع ایک دوسرے کو پکارنا۔ مجازاً قیامت
تنازع ع باہم جھگڑا کرنا۔ جھگڑا
تنازل ع باہم اوترنا
تناسب ع باہم نسبت ہونا۔ مناسب ہونا
تناسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت
مین ہونا۔ روح کا ایک قالب سے نکلکر
دوسرے قالب مین آنا
تناسل ع باہم اولاد جنانا۔ باہم نسل جنانا
تنافی ع ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ منافی ہونا

تناقض ع ایک دوسرے کو توڑنا
تناور ف قوی جثہ شخص۔ جسم فربہ
تناول ع لینا۔ اور پکڑنا کسی چیز کا مجازاً کھانا کھانا
تناہی ع منتہی ہونا۔ انتہا کو پہونچنا۔
اور روکنا کسی چیز سے
تنبول ف پان۔ کبادہ یعنی چھوٹی کمان
تنبان ت پاجامہ۔ سُتھن۔ شلوار
تنبیہ ع جتلانا۔ واقف کرنا۔ مجازاً مارنا۔ قید کرنا
تنبہ ع آگاہ ہونا
تنجیم ع ستارہ شناسی۔ ساعت نیک و بد جاننا
تند ف تیز۔ اور سخت مزاج۔ غصہ والا
تندباد ف آندہی۔ جھکڑ
تنخواہ ف مزدوری۔ روپیہ جو بابت نوکری کے ہو
تندخو ف بدخو آدمی۔ بدمزاج
تندرست ف جسکو بیماری نہو۔ چنگا
تندور ف بجلی کی کڑک۔ بلبل
تندو ف مکڑی۔ عنکبوت
تندہی ف کوشش
تندیر ع ڈرانا۔ خوف دلانا

تنزل ع اوترنا۔ درجہ سے کم ہونا
تنزیل ع قرآن شریف۔ نازل کرنا
تنزہ ع دور ہونا عیب سے۔ باغ اور سبزہ کی
سیر کرنا اور مجازاً خوشی
تنزیہ ع دور کرنا۔ اور پاک کرنا بدچیزون سے
تنسک ع خداپرستی۔ تصوف
تنسق ع مرتب ہونا۔ منتظم ہونا
تنسیق ع انتظام کرنا۔ ترتیب دینا
تنسل ع اولاد جاری کرنا۔ نسل ہونا
تنشیط ع خوش کرنا۔ اور شادمان کرنا
تنصر ع نصاری بننا۔ مذہب عیسوی
اختیار کرنا۔ یا جتلانا
تنصیف ع دو حصہ کرنا۔ آدہوں آدہ کرنا
تنضیج ع پکانا۔ پختہ کرنا
تنظیر ع مثال لانا۔ نظیر بنانا
تنظیم ع موتی دہاگے مین پرونا۔ مجازاً درستی
امورات شہر اور دربار وغیرہ کی کرنا
تعظیم ع عزت کرنا۔ بزرگی کرنا
تنعیم ع نازونعمت دینا۔ نازونعمت مین پالنا

تناقض ۸۱

تنعیش ع عیش دینا۔ عیش مین رہنا
تنعم ع ناز و نعمت اور ناز و نعمت مین پلنا
تنفر ع نفرت کرنا۔ اور بہاگنا
تنفیذ ع حکم اور فرمان کو جاری کرنا
تنفس ع سانس لینا۔ اپنی تئین نفیس سمجھنا
تنقل ع نقل کرنا۔ کہانا
تنقی ع پاک کرنا۔ صاف کرنا
تنقیح ع پاک اور صاف کرنا کسی شے کا عیب سے۔ خالص کرنا
تنقیہ ع پاک و صاف کرنا
تنک ف باریک۔ اور کم۔ نازک۔ اور لطیف
تنکیر ع عام کرنا بہیس بدلنا۔ انجان کرنا
تنگ ف سکڑا۔ بہچا ہوا
تنگبار ف جس جگہ ہر ایک شخص کو دخل نہو
تنگار ف سہاگہ
تنگچشم ف بخیل۔ کنجوس۔ نو دولت اور صفت معشوق کی بہی ہے

تنگدست ف محتاج۔ مفلس
تنگدل ف بخیل۔ کم خرچ
تنگری ت خدائیتعالےٰ
تنگنای ف جای تنگ۔ تنگ گردن
تنگہ ف خواہ چاندیکا ہو یا سونی کا یا تانبے کا
تنگہ ف جانگیا چمڑیکا کشتی کے وقت پہنتی ہین
تنگی ف سکڑاپن۔ ضد فراخی کی
تنمیہ ع بڑہنا درخت یا انسان۔ یا حیوان کا
تنور ع ف ت ہ روٹی پکانیکی جگہ
تنوع ع طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا
تنومندی ف قوی جثہ۔ اور فربہ ہونا موٹاپا
تنویر ع روشن کرنا۔ نور دینا
تنوین ع نون پیدا کرنا۔ دو زبر یا دو زیر یا دو پیش کا پڑہنا
تنہ ف دہڑ درخت کا جڑ سے لگا کے مقام شاخ تک جہانسے اوسکی شاخین اوگنی شروع ہوتی ہین
تنہا ف اکیلا
تنیدن ف تننا۔ جولاہی کا کام پسارنا

تنین ع اژدہا۔ بڑا سانپ جمع اسکی تنانین ہے
تو ف تو۔ کلمہ مخاطب کا ہی
تواب ع توبہ قبول کرنیوالا
توابل ع گرم مصالح جو کہانیمین ڈالتی ہین
تواتر ع پے درپے ہونا
توارد ع باہم ایک جگہ اوترنا۔ ایک مضمون کا دو شخصون کی ذہن مین آنا
تواریخ ع علم واقعات۔ اور علم السنون
توازی ع باہم برابر بعد ہونا اسطرح (۱۱)
تواضع ع فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا
تواضع سمرقندی ف جہوٹی خاطرداری
توافق ع باہم موافق ہونا۔ آپسمین موافقت کرنا
توافر ع بہتایت۔ کثرت۔ وفور
توالد ع باہم ملکر جننا۔ اولاد پیدا کرنا
توالی ع پے درپے۔ متواتر
توام ع جڑوان بچہ جو ایک بچے کی ہمراہ ایک دفع دو پیدا ہون اسے جوڑا
توامان ع دو بچے جو ایک ساتھ ایک ہی عورت سے پیدا ہون
توان ف قوت۔ قدرت۔ طاقت
توانا ف طاقتور۔ قوتور

توانستن ف سکنا۔ طاقت رکہنا
توانگر ف صاحب قوت۔ مجازًا مالدار
توانگری ف صاحب قوت ہونا۔ مالداری
توانائی ف طاقت۔ قوت
توپ ت فوج۔ لشکر۔ اور توپ مشہور
توبرہ ف گہوڑیکو دانہ کہلانیکا تہیلا
توپ زدن ف توپ مارنا
توپ زن ف توپ چہوڑنی والا۔ گولنداز
تونک ف گنجینہ۔ مخزن۔ خزانہ
توبہ ع گناہ سے پہرنا۔ باز آنا
توبیخ ع ملامت کرنا۔ جہڑکنا
توت ع درخت مشہور ہی جسکو شہتوت کہتی ہین
توتیا ف سرمہ بعضی طوطیا لکہتے ہین یہہ غلط ہی
توثیق ع محکم اور استوار کرنا۔ اور مضبوط کرنا
توجع ع درد پیدا ہونا
توجہ ع کسیکی طرف منہہ پہیرنا
توجیہ ع کسیکی طرف منہ پہیرنا اور بیان اچہا کرنا وجہ بتلانا اور دلیل لانا
توحد ع یکتائی۔ ایک ہونا۔ وحدانیت
توحش ع وحشی ہونا۔ نفرت کرنا

توحید ع ایک ماننا۔ ایک جاننا
تودُّد ع دوستی۔ محبت
تودہ ف انبار۔ ڈھیر۔ ٹیلا
تودیع ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا
تورع ع پرہیزگاری
تور ف نام ہے فریدون بادشاہ کے بیٹے کا
تورہ ت قانون۔ دستور العمل۔ جاہل سُست
توریت ع نام کتاب حضرت موسیٰ کا
توزیدن ف جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا
توز ف بھوج پتر مشہور پتّہ ہے پہاڑ میں ہوتا ہے
توزک ت سامان آرایش۔ انتظام
توزیع ع پراگندہ کرنا۔ بانٹنا
توزین ع باہم وزن کرنا دو چیز کا
توسط ع میانہ روی۔ اور اعتدال
اور واسطہ کرنا
توسل ع وسیلہ ڈھونڈھنا۔ بیچ میں کسیکو ڈالنا
توسیع ع فراخ کرنا۔ کشادہ کردینا
توسن ف گھوڑے کا بچہ جو تند خو
اور شوخ اور سرکش ہو

توشہ دان ف جس میں خوراک سفر کی رکھیں
توشک ت فرش۔ بچھونا۔ راحت
توشمال ت خانسامان۔ خوان سالار
توشہ ف زادراہ۔ راہ کا خرچ و خوراک
توشیح ع بدہی گردمیں ڈالنا۔ آرایش کرنا
توصیف ع تعریف کرنا۔ وصف کرنا
توضیع ع روشن۔ اور پیدا کرنا
توطن ع وطن اختیار کرنا
توظیف ع ہر روز رسد دینا۔ رسد مقرر کرنا
توغل ع مشق کامل کرنا۔ ایک کام میں
بہت لگا رہنا
توفق ع موافقت یکسانی
توفیر ع بہت کرنا۔ اور بہت ہونا۔ اور
فائدہ جو اجارہ پر ہو
توفیق ع موافق کردینا۔ برابر کرنا۔ اصطلاحی
معنی موافق کرنا خدا کا اسباب نیکی کے
حسب خواہش بندہ کے
توق
توقان ع آرزومندی۔ اور غلبہ شہوت کا

توقد ع آگ بھڑکنا
توقر ع وقر کرنا۔ عزت کرنا
توقیر ع عزت و حرمت کا نگاہ رکھنا
توقع ع امید بھروسہ
توقف ع دیر کرنا۔ وقفہ کرنا
توقی ع نگاہبانی۔ بچاو
توقیع ع دستخط کرنا بادشاہ کا فرمان پر
فرمان شاہی
توکل ع بھروسا کرنا خدا پر۔ دل اوٹھانا
دنیا سے اور خدا پر لگانا
توکیل ع وکیل کرنا کسیکو کسی کام پر چھوڑنا
تولا ع محبت امید۔ پھر جانا۔ حکومت کرنا
تولد ع پیدا ہونا۔ زائیدہ ہونا
تولی ع پھر جانا۔ حکومت کرنا۔ حاکم کرنا
تولید ع جنانا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا
تولیت ع حاکم کرنا۔ اور پے درپے ہونا
تُومان ت گروہ۔ پرگنہ۔ دس ہزار ہیں روپیہ (عیسہ)
توہم ع وہم میں ڈالنا۔ وہم کرنا
توہین ع اہانت کرنا۔ سست کرنا۔ ذلیل کرنا

تہ رف نیچے کے فرش۔ تلا
تہبند ف ٹانگوں میں جو چادر باندھتے ہیں
تہالک ع باہم ہلاک ہونا
تہاون ع خوار اور ذلیل رکھنا۔ حقیر سمجھنا
تہتک ع پردہ دری کرنا۔ رسوائی
تہجی ع ہجے کرنا۔ حروف مفردہ کا پڑھنا
تہجین ع ذلیل کرنا۔ بیعزت کرنا
تہ خانہ ف نیچے کا گھر
تہدید ع ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا
تہذیب ع آراستہ کرنا۔ پاک کرنا
اصلاح دینا
تہلکہ ع ہلاک ہونا۔ مرنا۔ نیست ہونا
تہلیل ع لا الہ الا اللہ کہنا
تہنیت ع مبارکبادی دینا۔ گوارا کرنا
تہمت ع عیب لگانا۔ برائی کرنا
تہمتن ف لقب ہے رستم پہلوان کا۔ دلاور
تہ نشین ف تہ پر بیٹھنے والا۔ دُرد۔ تلچھٹ
تہ و بالا ف زیر و زبر
تہوُّر ع مردانگی۔ زیادتی قوت غضبی کی

تہوع ع ڈاگ لگنا - یعنی قی کی آواز کرنا اور کچھ مادہ نہ نکلے - متلی
تہویل ع خوف دلانا - ڈرانا
تہی ف خالی - جو بہرا ہوا نہ ہو
تہیدست ف مفلس خالی ہاتھ
تہیگاہ ف کوکھ یعنی سیرن کے اوپر اور پہلو کے نیچے جو جگہ ہے
تہی مغز ف بیوقوف - جاہل
تہیہ ع طیاری - سامان
تیار ع موج زن - جلد رفتار - مجازاً موجود قابل کام کے
تیر ف کمان کا تیر - ستارہ عطارد
تیر ماہ ف چوتہا مہینا سال شمسی کا جب آفتاب برج سرطان مین ہو
تیرگی ف اندہیرا - دُہوندلا پن
تیرہ ف تاریک - سیاہ رنگ
تیرہ روزگار ف بدنصیب - بدقسمت
تیز ف چالاک - اور دہار جو کاٹ اچھا کرے
تیزاب ف تیز پانی - مشہور شے ہی

تیشہ ف بسولا
تیسیر ع آسان کرنا - اور آسانی
تیغ ف تلوار - شمشیر - خنجر
تیغا ف خنجر - چھوٹی تلوار
تیقن ع یقین کرنا اعتبار کرنا
تیمار ف غمخواری - اور خدمت کرنا اور علاج
تیمم ع بجای پانی مٹی سے مُنہہ ہاتھ دہونا
تیول ت جاگیر جسپر گذارہ ہو
تیمن ع مبارکباد لینا - برکت لینا
تین ع انجیر مشہور میوہ ہی
تیہ ع جنگل - صحرا - تکبر کرنا
تیہو ف لوا نام پرند مشہور کا ہی ۔

بابُ الثاء

ثابت ع قایم - مضبوط
ثاقب ع روشن - چمکول
ثالث ع تیسرا

ثالثہ ع ساٹھوان حصہ دقیقہ کا - یعنی لحظہ لمحہ
ثامن ع آٹھوان یعنی (⅛)
ثانی ع دوسرا
ثانیہ ع سکنڈ انگریزی مین - دقیقہ عربی مین یعنی ساٹھوان حصہ گھنٹے کا
ثانوی ع دوسرے والا - دویمی
ثبات ع پایداری - قیام
ثبت ع لکھنا - تحریر کرنا
ثبوت ع ثابت ہونا
ثدی ع چھاتی - چوچی
ثرا ع دولت - مال - مٹی
ثروت ع کثرت مال کے - تونگری
ثری ع دولت - خاک - مٹی - خاک جو نیچے زمین کے ہی
ثریا ع پروین کے چھہ ستارہ باہم متصل واقع ہین
ثرید ع ٹکڑی روٹی کے شوربہ مین بھیگے ہوے
ثعبان ع بڑا سانپ - اژدہا - ثعابین جمع
ثعلب ع لومڑی - روباہ - حیوان مشہور ہی
ثعالب ع جمع ثعلب کی

ثفل ع بہوسی - پیخانہ - پہوک
ثقبہ عنبیہ ع ایک سوراخ ہی طبقہ عنبیہ مین درمیان آنکھہ کے اوسمین کو روشنی آنکھہ کے اندر جاتی ہی
ثقبہ ع سوراخ - چھید
ثقات ع جمع ثقہ کی معتبر آدمی
ثقالت ع گرانی - بوجھہ - بھاری پن
ثقب ع جمع ثقبہ کی سوراخ - اور چھید
ثقل ع گرانی - بوجھہ - بھاری
ثقلین ع دو گروہ - انسان اور جن
ثقہ ع مرد معتمد جسکے قول اور فعل پر اعتماد ہو
ثقیل ع گران - بھاری - بوجھل
ثلاث ع تین - منگل کا دن
ثلاثی ع وہ صیغہ جسمین تین حرف ہون
ثلث ع تیسرا حصہ یعنی (⅓)
ثلثون ع تیس یعنی (۳۰) (سے)
ثلج ع برف
ثمان ع آٹھہ یعنی (۸) (سے)
ثمانین ع اسّی یعنی (۸۰) (سے)

ثمر عَ پھل درخت کا - میوہ - نتیجہ
ثمرہ عَ نتیجہ - پھل - انجام
ثمن عَ قیمت - مول - قدر
ثمن عَ اٹھوان حصہ یعنی (⅛)
ثمین عَ قیمتی - گران بہا
ثناء عَ تعریف - مدح - ستایش
ثنایا عَ چار دانت سامنے کے - کچلیان
ثنائی عَ دو حرفی - اور دو دانت اگلے
ثواب عَ مزد - بدلا - نیک عوض
ثوابت عَ وے ستارے جو حرکت نہین کرتے ہین
ثواقب عَ روشنی دینے والی چیزین
ثوب عَ کپڑا - جامہ
ثور عَ بیل - نر گاو - دوسرا برج
ثولول عَ مسا - ثآلیل جمع
ثوم عَ لہسن مشہور ہی
ثیاب عَ کپڑے جمع ثوب کی

بابُ الجیم

جا فَ جگہہ
جابجا فَ جگہ بجگہ - ہر ایک جگہ
جابر عَ جبر کرنے والا - زیادتی کرنے والا بھرنے والا
جاجم تَ فرش کی ایک قسم ہی
جاداد فَ مالیت - اسباب مکان وغیرہ
جادادن فَ جگہ دینا
جادِل عَ لڑنیوالا بیدلیل - بحث کرنیوالا
جادو فَ منتر - اور جادوگر بھی اسکے معنی آتے ہین
جادوگر فَ جادو کرنے والا
جادّہ - جادہ عَ راہ باریک جو جنگل مین پیدل کے آنے کی ہو - بیٹا
جاذب عَ کشش کرنیوالا - قوت جاذبہ
جار عَ ہمسایہ - پڑوسی
جاروب فَ جھاڑو - سوہنی
جاری عَ روان - بہتا ہوا

جاری مجری عَ قایم مقام
جاریہ عَ کشتی - آفتاب - لونڈی - باندی آب روان جمع اسکی جواری آتی ہے
جازم عَ قصد مضبوط کرنیوالا - اور ساکن کرنیوالا عامل نحو مین
جاسوس فَ جو شخص ایک ملک کی خبر دوسرے ملک مین بھیجے
جاگیر فَ قطعہ زمین کا جو سرکار سے ملے
جاگیردار فَ جسکو جاگیر ملی ہو
جالِس عَ بیٹھنے والا
جالی عَ جلا کرنیوالا - صفا کرنیوالا کدورت کا
جام فَ پیالہ شراب پینے کا - اور نام شہر
جامد عَ ٹھہرا - جما ہوا - وہ لفظ جس سے کوئی مشتق نہو اور نہ اوس سے کوئی مشتق کیا جاوے
جامع عَ جمع کرنیوالا - شامل
جامعیت عَ سب طرح کی خوبیان جمع کرنیوالا ہونا - جامع ہونا
جاموس عَ بھینسا - ارنہ مشہور حیوان ہی
جامہ فَ کپڑا - پیالہ شراب کا

جان فَ روح - طاقت
جان جان فَ روح - خدا تعالی - آتش پرالٹھا جو ایک قسم کی روٹی مشہور ہی
جان آزاری فَ دکھ دینا
جانان فَ جان معشوق - پیارا
جانب عَ طرف
جانباز فَ بڑا محنتی - جان کا کھیلنے والا
جان بلب فَ جو مرتا ہو اور اوسکی جان لب پر آگئی ہو
جانبین عَ دونون طرف - طرفین
جانشین فَ قائم مقام کسی جگہہ پر جو بیٹھے
جانفشانی فَ محنت - اور سعی
جان کندن فَ جان اوکھڑنا موت کی وقت
جانکاہ فَ جان کا گھٹانیوالا
جان گزا فَ جان پر خطرہ پہونچانیوالا
جان نواز فَ جان کا نوازش کرنیوالا - معشوق
جانور فَ حیوان - جاندار
جانی فَ جان میری - میری جان
جانی عَ گنہگار - تقصیروار

جاودان ف ہمیشہ
جاودانی ف ہمیشگی
جاورس ف ایک قسم کا غلہ - باجرا
جاوید ف ہمیشہ اور دائم
جاہ ف رتبہ - مرتبہ - عزت
جاہل ع ان پڑھا - بیعلم
جاہلیت ع وہ زمانہ جو مسلمانوں سے پہلے تھا جبکہ بت پرستی کرتے تھے - اور جاہل ہونا
جای ف جگہ - مقام
جایداد ف اسباب - اور مال
جائر ع جور کرنیوالا - ستمگار - راہ حق چھوڑکر جو راہ باطل پر ہو جاوے
جائز ع درست - مطابق شرع
جائزہ ع انعام - صلہ - بدلا نیک اور کیر صحت کی
جائع ع بھوکھا - گرسنہ
جایگاہ ف مقام - جگہ
جبال ع جمع جبل کی - پہاڑ اور کوہہای
جبایت ع مال جمع کرنا - خراج - جمع کرنا
جبار ع جبر کرنیوالا - بھرنے والا - ظالم

جبر ع بھرنا - پٹی باندھنا - پٹی
جبروت ع عظمت بزرگی - تکبر اصطلاح مین بزرگی اور جلال خدا کا - اور وحدت
جبر و مقابلہ ع علم ہے جس سے مقادیر مجہولہ بوسیلہ مقادیر معلومہ کے معلوم کیجاتی ہین
جبل ع پہاڑ - کوہ
جبلت ع پیدایش خلقت - طبیعت
جبلی ع طبعی - ذاتی
جبلی ع پہاڑی - پہاڑ کا
جبن ع پنیر - سفیدی جو دودہ کو پہاڑ کر نکالتی ہین - نامردی
جبان ع نامرد - بدول - بزدل
جباہ ع جمع جبہہ کی پیشانیان
جبہہ ع پیشانی - ماتھا
جبین ع پیشانی ماتھا
جثہ ع بدن - تن - جسم - لوتھہ
جچہ ف جو بچہ جنے - عورت جب بچہ جنے
جد ع دادا - باپ کا باپ - بخت - نصیب بزرگی - توانگری

جد ع کوشش - سعی
جدّا ع ارزوی بہی کے - ارزوی کوشش کے
جدید ع نیا - نو
جدار ع دیوار - بھیت - دیوال
جدیر ع لائق - موافق - سزاوار
جدل ع لڑائی - جنگ
جدال ع جنگ - لڑائی
جدول ع نہر - پانی کی کہالی - مجازاً سرخ لکیرین گرد کسی ورق کے
جداول ع جمع جدول کی
جدائی ف دوری - جدا ہونا - تفرقہ
جدری ع چیچک - سیتلا - ماتا
جدی ع بکرا - بزغالہ - اور نام ایک برج آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے
جدی ع ایک دادا کی اولاد
جذوہ ع چنگاری آگ کی
جذام ع کوڑہ - خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے
جذب ع کھینچنا - کشش کرنا
جذبہ ع یکبار کھینچنا - دل کا جوش

جذر ع اصل اور جڑ سے اوکھیڑنا - علم حساب مین جس عدد کو فی نفسہ ضرب کرین اوسکو جذر اور جو اوس سے حاصل ہو اوسکو مجذور کہتے ہین
جذوع ع شاخین جمع جذع کی
جذع ع درخت کا تنہ - اور جذع گاو یا گھوڑا تین برس کا - اور اونٹ پانچ برس کا - اور بکری دو برس کی
جر ع کشش - کھینچنا
جراب ع ادہوڑی - پوست گای کا
جرات ع دلاوری - چالاکی - جوانمردی
جراح ع زخم کرنیوالا - سرجن - جراح
جراحت ع زخم - گہاو
جراد ع ٹڈی - ٹڈی
جرار ع کھینچنے والا - اور لشکر بہت انبوہ دار
جرائد ع دفترہا - جمع جریدہ کی
جرائم ع جمع جریمہ کی گناہ - اور بہت خطائین
جرب ع کھجلی - خارش
جرح ع زخم - گہاو
جرز ع زمین بنجر جسمین گھاس بھی نہوتی ہو
جرأہ ف ت دلیر و شجاع - گھوڑا سواری کا نر

جرس ع گھنٹہ۔ آواز زنگلہ کی
جرعہ ع گھونٹ۔ ایکبار جو پیا جاوے
جرم ع تن۔ جسم۔ دہڑ
جُرم ع گناہ خطا۔ قصور
جرنغارت وہ فوج جو بروقت لڑائی کے
جانب چپ بادشاہ کے ہو
جری ع دلیر۔ دلاور۔ دل چلا آدمی
جریان ع روان ہونا پانی کا
جریب م ایک پیمانہ زمین کی پیمایش کا
گریک اسکی اصل ہے
جریح ع زخمی۔ گہائل
جریدہ ع قاصد۔ جاسوس۔ نامہ بر
جریدہ ع ف تنہا۔ اور شاخ درخت کی
دفتر لکھنے والون کا
جریم ع گناہ گار۔ مجرم
جریمانہ ف جرمانہ
جریمہ ع گناہ خطا۔ جرم
جزف سوائے۔ بدون
جزو ع حصہ۔ بعضی۔ ٹکڑا

جزا ع بدلا۔ عوض
جزائیر ع جمع جزیرہ کی جو چار طرف پانی سے محاط ہو
جزائیل ع جمع جزیلہ کی چیزین محکم اور بہت
جزرومد ع گہٹنا اور بڑھنا پانی کا جو سمندر مین
ہوتا ہے بسبب کشش چاند کے
جزر ع جوار جو دریا مین ہوتا ہے یعنی گہٹ
جانا پانی کا
جزع ع بیصبری۔ ناشکیبائی
جزرم ب گاجر مشہور ترکاری ہے اصل
اسکی گذر ہے
جزوی ع تہوڑا۔ منسوب بجزو
جزویات ع افراد۔ حصے۔ جو کلیات نہون
جزیرہ ع وہ قطع زمین کا جسکے چارون
طرف پانی ہو
جزیل ع بڑی اور محکم چیز پُر۔ اور بسیار
جزیہ ع تاوان۔ محصول جو غیر مذہب
والون پر لگایا جاوے
جسارت ع دلیری۔ مردانگی۔ تجاوز
۔ اور گذرنا

جسامت ع جسیم ہونا
جستجو ف تلاش۔ ڈہونڈہنا
جستن ف کودنا
جُستن ف ڈہونڈہنا۔ تلاش کرنا
جَسَد ع تن۔ بدن
جسدی ع منسوب بجسد۔ جسمے
جسر ع پل جو دریا پر ہوتا ہے
جسم ع بدن۔ اور جو شئے طول عرض عمق رکہتی ہو
جسم تعلیمی ع طول۔ عرض۔ عمق
جسمانی ع جسم کا۔ جسم دار
جسیم ع فربہ۔ موٹا۔ صاحب جسم
جشن ف مجلس خوشی کی۔ اور خوشی اور عیش
جعد ع گھونگریالی بال۔ مڑے ہوئے بال
جعدہ ع زلف۔ اور بہیڑیا جو حیوان درند
مشہور ہے
جعفر ع ندی۔ نالہ پانی کا
جعفری ع ایک قسم گا گیندا پہول ہے زرد
رنگ کا۔ اور مجازاً مطلق زرد رنگ
جعل ع کرنا۔ بنانا۔ اور جعل ایک جانور ہے

سیاہ رنگ جو سرگین اور نباتات مین
پیدا ہوتا ہے
جعلی ع جو اصلی نہو۔ بنایا ہوا
جغرات ف دہی
جغرافیہ ع علم ہے صورت زمین کا جسمین خشکی
اور تری اقلیمون کا بیان ہوتا ہے
جفاع ستم۔ اور ظلم
جفت ف جوڑا۔ ضد طاق کے
جفتن ف ڈہونڈہنا
جفتہ ف سُرین۔ چوتڑ
جفتہ زدن ف اغلام کرنا
جفتی ف جفت ہونا۔ جماع کرنا
جفت شدن ف جماع کرنا
جفتیدن ف جفتی کرنا نر کا مادہ پر چڑہنا
جُفن ع پلک۔ آنکھہ کی پلک۔ تلوار کا
میان
جگر ف کلیجہ۔ جگر
جَلّ ع بزرگ ہوا صیغہ ماضی کا ہے
جل ف نام ایک جانور خوش آواز کا ہے

جُل ع جھول گھوڑے یا گدھے کی
جلا ع گھر سے نکال دینا۔ دیس سے پردیس نکال دینا
جلا ع روشن کرنا۔ صاف کرنا
جلّاب ع کھینچنے والا۔ ایک چیز کو ایک
جگہ سے دوسرے جگہ لیجانے والا
جلّاد ع دُرّہ مارنیوالا۔ یا پوست کھینچنے
والا۔ اور تلوار مارنے والا
جلادت ع چستی۔ اور چالاکی۔ اور جوانمردی
جلالت ع بزرگ ہونا۔ اور بزرگی
جلالی ف منسوب جلال الدّین بادشاہ سے
جلاوطن ع پردیس نکال دینا۔ گھر
سے بے گھر کرنا
جلائل ع بزرگیان۔ جمع جلیلہ کی
جلب ع کھینچنا۔ مال سوداگری جو ایک
ملک سے دوسرے ملک کو لیجاوے۔ سود نفع
جلد ع تازیانہ۔ کوڑا مارنا چست و
چالاک تیز و شتاب
جلد ع پوست۔ چمڑا حیوان کا
جلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا

جلدو ف انعام۔ صلہ۔ بدلا نیک
جلدی ف شتابی۔ تیزی۔ چالاکی
جُلسا ع مجلس کے لوگ۔ جمع جلیس کی
جلسہ ع محفل۔ ملاقات۔ نشست
جِلف ع مردار۔ ناپاک۔ ف کمینہ۔
خودسر۔ بی خوف آدمی
جُلنار معرب ہی گلنار کا
جلوت باگ گھوڑی کی۔ اور گھوڑا کوتل
جلود ع چمڑے حیوانات کی جمع جلد کی
جلوریز ف یعنی سبک عنان۔ ہلکی
باگ گھوڑا دوڑائے ہوئے
جلوس ع بیٹھنا
جلوہ ع ظاہر کرنا۔ اور اپنی تئیں دکھلانا لوگون کو
جلی ع روشن۔ ظاہر۔ آشکار
جلید ع برف۔ اولہ
جلیس ع ہمنشین
جلیل ع بزرگ بڑا
جَمّ ع تمام۔ بہت
جم ع نام بادشاہ فارس کا یعنی جمشید

جماد ع جو حیوانات اور نباتات سے نہو یعنی بیجان
ہو جیسے پتھر معدن مٹی وغیرہ
جمادات ع پتھر مٹی وغیرہ جو بیجان ہو
جمادی ع بیجان شئے پتھریلی
جمادی الاوّل ع پانچوان مہینا قمری
مسلمانون کا
جمادی الثانی ع چھٹا مہینا قمری
مسلمانون کا
جمادی الآخر ع چھٹا مہینا
جمازہ ع شتر تیز رفتار۔ اونٹ تیز چلنے والا
جماع ع صحبت عورت اور مرد کی۔ صحبت کرنا
جماعت ع گروہ آدمیون کا۔ گروہ
جمال ع خوبصورتی
جمان ع موتی۔ گہر
جماہیر ع گروہ آدمیون کی جمع جمہور کی ہے
جمجمہ ع کھوپری سر کی۔ کاسہ سر
جمرہ ع چنگاری آگ کی
جمشید ف نام ایک بادشاہ فارس کا ہے
جمع ع اکٹھا کرنا۔ جماعت

جمدَھر ف ہتیار ہے جسکو ہند میں کٹار کہتے ہین
جمعدار ف اسکی اصل جماعہ دار ہے
جو چند سپاہیون کا افسر ہو
جمعہ ع ساتوان دن مسلمانون کی تعطیل کا
ہندی شکر
جمعیت ع جمع ہونا۔ گروہ آدمیون کا
جَمَل ع اونٹ۔ شتر نر
جُمّل ع حساب اعداد ابجد کا
جملگی ف تمام۔ سب
جملہ ع فقرہ۔ حصہ کلام کا
جمود ع جمنا۔ جم جانا
جموع ع جماعتین جمع جمع کی ہے
جمہور ع گروہ آدمیون کا
جمیع ع تمام۔ سب
جمیعاً ع سبکے سب
جمیل ع خوبصورت۔ حسین
جن ع بھوت۔ دیو
جنبیدن ف ہلنا جنبش کرنا
جنبش ف حرکت ہلنا

جناب ع درگاہ۔ آستانہ۔ گرداگرد گھر کا بغل
جنب ع پہلو۔ جُنب۔ ناپاک آدمی بیغسل آدمی
جنابت ع ناپاکی جو بسبب صحبت مرد و عورت کے ہو جاتی ہے۔ اور دوری
جنّات ع جمع جن کی بہوت پلیت دیو
جناح ع بازو پرند کی۔ اور بازو لشکر کا
جنادل ع جمع جندل کی سنگ پتھر
جنازہ ع لاش مردہ کی جو دفن کرنیکو لیجاوین
جِنان ع دل۔ اور جنان بہشت
جنود ع جمع جند کی
جند ع لشکر۔ فوج
جنس ع جسکے نیچے کئی نوع مندرج ہون
جنسیہ ع جنس ہونا۔ ایک میل ہونا
جنگ ف لڑائی
جنگ گاہ ف لڑائی کا میدان
جنوب ع دکھن
جو ع ہوا جو زمین کے اوپر بے انتہا گہری ہے

جواب ع اتر۔ جواب
جواب دہ ف جس سے مطالبہ کیا جاوے
جوّاد ع بہت بخشش کرنیوالا۔ خدائی تعالیٰ گہوڑا تیز رفتار
جواذب ع جمع جاذبہ کی کشش کرنیوالی شے
جوار ع ہمسایگی۔ پڑوس
جوارح ع اعضا حیوانات کے۔ اور جانوران شکاری
جواری ع جمع جاریہ کی کشتی۔ کنیزک
جواز ع درست ہونا۔ موافق شرع
جواسیس ع جمع جاسوس کی۔ قاصدہا
جوال ف اصل اسکی گوال ہے۔ گون کو کہتے ہین جسمین غلہ بہرتے ہین
جوامع ع جمع جامعہ کی۔ تمام۔ اور سب
جوان ف گبہرو۔ بالغ
جوانب ع اطراف۔ طرفین
جواہر ع جمع جوہر کی
جوائز ع انعامات بخشش تحفے جمع جائزہ
جُود ع بخشش سخاوت

جودت ع تیزی۔ خوبی۔ تیز رفتاری۔ نیکی
جور ع ظلم۔ ستم
جوُرب ع موزہ۔ جراب
جوزا ع نام دو پیکر کا۔ اور نام تیسری برج آسمانی کا
جوزق ع ڈوڈہ کپاس
جوش ف اوبہان۔ اوبال
جوشش ف جوش
جوشاندن ف جوش دینا۔ اوبالنا
جوشن ف زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین
جوشیدن ف اُبلنا جوش مارنا
جُوع ع بہوک
جُوعان ع بہوکہا۔ گرسنہ
جَوف ع شکم۔ پیٹ۔ اندر کیطرف ہر ایک چیز کی جو خالی ہو
جُوق ت فوج۔ گروہ آدمی کا۔ اور پرندون اور جنون کا گروہ
جولان ع کودنا۔ محدود ہونا۔ کاوا
جولاہ ف جولاہا کپڑا بننے والا
جوہر ع گوہر کا معرب ہے جو بذات خود قائم ہو

جوہری ع صاحب جوہر۔ جو جوہر بیچتا ہو
جوہی ف نام ایک قسم کے پہول کا ہے
جوی ف نہر۔ دریا کی نہر
جویا ف ڈہونڈہنے والا
جویبار ف جس جگہ پر نہرین بہت ہون
جویان ف ڈہونڈہنے والا
جویای ف جوینده۔ تلاش کرنیوالا
جوئیدن ف ڈہونڈہنا
جوینده ف ڈہونڈہنے والا
جہات ع جمع جہت کی اطراف
جہاد ع کفار سے لڑنا۔ کافرون سے لڑنا
جہاز ع نہایت بڑی کشتی جو سمندر مین ہوتی ہے
جہالت ع نادانی۔ بیعلمی
جہان ف دُنیا۔ عالم
جہانیان ف دُنیا کے لوگ۔ خلق اللہ
جہانیدن ف کُدانا۔ اُچھالنا
جہت ع طرف
جہد ع کوشش۔ سعی
جہر ع کہلا ہوا۔ بآواز بلند پڑہنا

جہل ع نادانی ۔ نہ جاننا
جُہلا ع جمع جاہل کی
جہندہ ف کودنے والا
جہنم ع گہرا کنوا ۔ دوزخ
جہودی ف یہودی کو فارسی بنالیا ہے
جَہول ع نادان ۔ بیوقوف
جہیدن ف کودنا ۔ اوچھلنا
جہیز ف سامان اور اسباب جو لڑکی کو بوقت شادی کے دیا جاوے
جیب ع گریبان ۔ پیرہن اور سینہ مجازاً بمعنی کیسہ جو نیچے گریبان کے سیتے ہین اب دامن کے نیچے جو کیسہ لگاتی ہین اوسکو بولتے ہین
جیحون ت ایک دریا ہے نزدیک بلخ کے
جِید ع گردن
جَیّد ع خوب ۔ کھرا ۔ نیک
جیران ع ہمسائی ۔ پڑوسی جمع جار کی
جیش ع لشکر جمع جیوش
جِیفہ ع حیوان مردار جسمین بدبو ہوگئی ہو
جیل ع گروہ ۔ آدمیونکا ۔ فوج

جیغہ ت زیور ہے مرصع جسکو پگڑی پر باندہتے ہین
جیوش ع جمع جیش کی

باب جیم فارسی

چابک ف چست چالاک ۔ کوڑا
چابک خرام ف تیز چلنے والا
چابکدست ف چالاک دست ۔ جو شخص ہاتھ کے کام مین چالاک ہو
چابکی ف چالاکی ۔ چستی
چاپلوس ف خوشامد کرنے والا
چاپلوسی ف خوشامد
چادر ف چدّر
چادر کافوری ف صبح
چادر کحلی ف آسمان ۔ سیاہ و سبز کہیت
چادر لاجوردی ف آسمان
چار ف مخفف چہار کا ۔ علاج ۔ پرزہ
چار آئینہ ف نام ایک قسم کی زرہ کا
چار بالش ف مسند ۔ بادشاہت کا تخت

چارپایہ ف چوپایا ۔ ڈنگر
چارپائی ف پلنگ ۔ منجی
چاربند ف دُنیا
چاربیخ ف چار دوائین یعنی کاسنی ۔ رازیانہ ۔ کرفس ۔ کبر
چارتار ف اربع عناصر
چارجوہر ف ایضاً
چہاردہ ف چودہ
چارسو ف چارطرف
چارشنبہ ف بُدہ
چارطاق ف راوٹی یعنی خیمہ چارگوشہ کا
چارقب ت ایکطرح کا لباس اُمرا کا ہے
چارگام ف تیز رو گھوڑا
چارگوشہ ف چوکھونٹی چیز ۔ تخت شاہی تابوت مُردہ کا
چارمادر ف اربع عناصر
چارمغز ف اخروٹ
چاروا ف چوپایا ۔ ڈنگر
چارہ ف علاج ۔ مدد تدبیر

چاشت ف پہردن چڑہا ہوا ۔ چوتھائی دن جب گذر چکے
چاشنی ف تہوڑا سا نمونہ کہانے یا شراب کا
چاشنی گیر ف باورچی ۔ خانسامان
چاق ت تندرست ۔ طاقت ور چالاک
چاک ف پہٹا ہوا ۔ چرا ہوا ۔ قبالہ مکان کا یا باغ کا
چاکر ف نوکر ۔ خدمتگار
چاکو ف چہری
چالاک ف چست ۔ تیز
چالاکی ف تیزی ۔ چالاکی
چالش ف مٹک کی چال ۔ و گھمنڈ غرور کی چال
چاؤوش ف نقیب لشکر اور قافلہ کا
چاہ ف کنوا ۔ گڑہا
چاہ زنخ ف ٹہوڑیکا گڑہا
چای ف چاہ جو بنگا کر پیتے ہین مشہور ہے
چپ ف بایان ۔ بائین طرف
چپاتی ف پتلی روٹی جو توے پر پکاتی ہین پُہلکا

چقلش تؔ لڑائی تلوار کی — انبوہ
چپکن فؔ انگرکھہ - انگہ
چتر فؔ چھتری - چھوٹے چھوٹے بال سرپر
چتر آبگون فؔ آسمان - اکاس
چتر روز فؔ سورج - آفتاب
چتر سیمابی فؔ چاند پورا - چودھوین راتکا چاند
چتر سیمین فؔ پورا چاند - چودھوین راتکا چاند
چتر عنبرین فؔ رات - شب
چتر کحلی فؔ آسمان - ابر سیاہ
چتر نور فؔ سورج آفتاب
چتوک چچوک فؔ چڑیا کنجشک
چخ فؔ غلاف چھری تلوار وغیرہ کا - جھگڑا
لڑائی میل پیپ چرک
چخاچخ فؔ آواز تلوار کی بروقت لڑائی کے
چخیدن فؔ لڑائی کی خواہش کرنا دم مارنا
کوشش کرنا
چرا فؔ کسواسطے - کیون - چرنا
چراگاہ فؔ چرانے کی جگہہ حیوانات کی
چراغ فؔ دیوا بتی جلتی ہوئی - چرائی کرنا اگلے
پیر گھوڑا جو اوٹھاتا ہی اوسکو بھی چراغ کہتے ہین
چراغ پا فؔ اگلے پیر گھوڑا جو اوٹھاوے
اور جس چیز پر چراغ رکہتے ہین
چرانیدن فؔ چرانا - حیوانات کو گھاس چرانا
چرب فؔ غالب ہونا - اور غالب
اور چکنا
چربیدن فؔ غالب ہونا - چرب ہونا
چرب پہلو فؔ فربہ - اور جسکے پہلو
سے لوگونکو فائدہ ہو
چرب دست فؔ چالاک - شیرین
دستکار - ہنرمند
چرب زبان فؔ اوس شخص کو کہتے ہین
جو خوشامد کی باتین بناکر لوگونکا دل اپنی
طرف مائل کرلیوے - چاپلوس اور فریبیا
چرب قامت فؔ بلند قد - لنبا
خوش قد
چرب و خشک فؔ برا بھلا تھوڑا بہت
سخاوت - اور بخل - دانا - کنجوس
چربہ فؔ وہ کاغذ ہوتا ہی جو پتلا سا ہو اور

تصویر کے اوپر بطور پردہ کے اوسکو رکہا
کرتے ہین - اور شیرکے اوپر جو پردہ ڈالتے
ہین اوسکو بھی چربہ کہتے ہین
چرخ فؔ آسمان - چرخی - گریبان
جامہ کا - کمان سخت
چرخ انداز فؔ کماندار کو کہتے ہین یعنی
جو شخص کمان رکھتا ہو
چرخ دولابی فؔ آسمان - اکاس
چرخ زرین فؔ چوتھا آسمان چونکہ آفتاب
وہان پر ہی اسلیے کہتے ہین
چرخ زن فؔ ناچنے والا - پھیرنے والا آدمی
چرخ آبنوس فؔ آسمان اوّل
چرخہ فؔ سوت کاتنے کا چرخہ - نام ایک
درخت کا ہی جو بہت پتلا سو کھا سا
ہوتا ہی - اور برابر دَورا جو کرتا ہی
چرخی فؔ جو چیز چرخ مارتی رہی چنانچہ کبوتر
چرخی وغیرہ اور ایک قسم کا اطلس نفیس بھی ہی
چرغ فؔ ایک جانور شکاری مشہور ہی
اوسکو ع.بی مین سقر کہتے ہین
چرغلیہ فؔ بد آدمی - ہیچ آدمی
چرک فؔ زخم - پیپ - ریم - میل
چرگر فؔ گانیوالا خواہ عورت ہو یا مرد -
مغنی - خنیاگر - رسول - پیغمبر - مفتی - پیش نماز
چرکین فؔ میلا - میل مین لتھڑا ہوا
چرم فؔ چمڑا
چرمینہ فؔ چمڑی کا اور چمڑا
چرندہ فؔ حیوان گھاس چرنے والا
چرند فؔ حیوان - چوپایہ
چریدن فؔ چرنا - گھاس کھانا
چسپانیدن فؔ چپکانا
چسپان فؔ } چپکا ہوا
چسپیدہ فؔ }
چسپیدگی فؔ چپکنا
چسپیدن فؔ لپٹنا - چپکنا
چست فؔ چالاک - درست - ٹھیک محکم
چستہ فؔ شیردان بکری اور بھیڑ کا
چستی فؔ چالاکی - درستی - مضبوطی
چشن فؔ امر چشیدن کا یعنی چکھہ - اور مخفف چشم کا

چشانیدن ف چکھانا۔ کوئی چیز بطور نمونہ کے کھلانا
چشم ف آنکھہ نیتر۔ نین۔ امید
چشم بد ف نظر بد۔ بد نظر
چشم پوشی ف گناہ ظاہر نکرنا آنکھہ ڈہانک لینا کسی کی خطا سے
چشم بی آب ف بیحیا بے شرم۔ ڈہیٹ
چشمداشت ف امید۔ بھروسہ
چشم زخم ف دکھہ نقصان جو بد نظری سے ہو
چشمک ف عینک۔ انکھڑی۔ چھوٹی آنکھہ۔ آنکھہ سے اشارہ کرنا
چشم نمائی ف دہمکانا۔ ڈانٹنا
چشمہ ف پانی کا سوتا
چشمخانہ ف آنکھہ کا گھر
چشمۂ ہور ف سورج۔ آفتاب
چشیدن ف چکھنا
چغاز ف بیحیا عورت جو گالیان دینی والی ہو۔ قحبہ
چغانہ ف نام ایک ساز کا ہی اوسکو مطرب لوگ بجاتے ہین

چغد ف اُلّو پرند منحوس مشہور ہی
چغل ف چغلی کھانیوالا آدمی شکن اور چین۔ اور ایک برتن
چغلی ف بُرائی کسی کی کرنا
چفت ف وہ لکڑی جسپر انگور کی بیل یا کدو وغیرہ کی چڑہاتی ہین
چق ف مدہانی۔ دودہ بلونی کی رئی
چقماق ت وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہی
چقندر ف نام ایک ترکاری کا ہی
چکان ف ٹپکتا ہوا
چکاندن ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ گرانا
چکاوک ف ایک آواز ہی راگ کی اور ایک پرند ہی چڑیا سے بڑا اوسکو چکوا کہتے ہین۔ بعضے سرخاب کو کہتے ہین
چکلہ ف قطرہ۔ ٹپکنا۔ پرگنہ
چکن ف کشیدہ۔ زرکش دوزی خیمہ دوزی
چگونگی ف کیفیت۔ حال۔ کہ کس طرح پر ہی
چکہ ف قطرہ۔ خورد۔ چھوٹا
چکیدن ف ٹپکنا

چل ف جا و چلے جاؤ۔ چل آلۂ تناسل کم عقل آدمی۔ گوبر۔ مخفف چہل کا یعنی (۴۰)
چلپاسہ ف چھپکلی
چلتہ ف زرہ
چلغوزہ ف پہل درخت صنوبر کا مشہور ہی
چلہ ف چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ مین بیٹھکر عبادت کرتے ہین۔ اور چالیس دن
چلہ ف ہر روز ایک مکان مین بیٹھکر کوئی وظیفہ کرنا
چلیپا ف سولی جو نصاری لوگ رکھتے ہین اس شکل کی ✝
چلیدن ف چلنا۔ جانا
چماق ف گرز لوہے کا جو شش پہلو کا ہو
چمیدن ف لچکنا۔ ناز سے چلنا
چمان ف پیالہ شراب کا۔ اور ناز وغیرہ سے چلنا
چمبر ف حلقہ۔ ہنسلی
چمن ف کیاری سبز
چنار ف درخت مشہور ہی اور جو کچھ عورتین مہندی سے ہاتھہ اور پیرون پر لکھہ دیتی ہین
چنان ف ایسا مثل اوسکے اصل اسکی چون آن ہی

چنانچہ ف جیسا کہ
چنبر ف حلقہ گردن کی ہنسلی۔ گھیرا محیط دور آسمان کا
چندان ف اسقدر اتنی دیر۔ لکڑی صندل کی نام ایک شہر کا ملک چین مین
چندانکہ ف جتناکہ۔ جسقدر
چندال ف چوڑا۔ حلالخور۔ بھنگی کمینہ
چنداول ت فوج کی پچھاڑی۔ وے لوگ جو لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہین
چندگاہ ف کئی دفعہ۔ کئی بار
چندی ف تہوڑا سا۔ تہوڑی دیر
چندین ف اتنی۔ اسقدر
چنگ ف مشہور باجا ہی اور آنکس ہاتھی کا اور نام کتاب مانی کا۔ نگارخانہ مانی اور پنجہ۔ اور چنگل آدمی اور جانور کا
چنگل ف
چنگال ف پنجہ جانور اور آدمی کا
چو ف مانند۔ مثل۔ وقت
چوب ف لکڑی

چوبات ف تھونی - بلّی - کھم
چوبدستی ف ہاتھ کی لکڑی
چوبدار ف نوکر جو آگے دوڑے ایک لکڑی چاندی یا سونے کی لیکر
چوب شگاف ف پچڑ - لکڑی چیرنے کی پچڑ
چوبک ف تختہ اور ایک لکڑی ہوتی ہے جو چوکیدارونکا داروغہ اوسکو تختہ پر تمام رات مارتا ہے تاکہ چوکیدار لوگ بیدار رہین
چوبین ف لکڑیکا - منسوب بہ چوب
چوپان ف گڈریا - بکریونکا چروانا - حیوانات کا چرانے والا
چوزہ ف مرغی کا بچہ
چوکی ف نگاہبانی - اور مقام پاسبانون کا
چوکیدار ف نگاہبان - پاسبان
چوگان ف گلّی - ایک ڈنڈا جو سرے پر سے کج ہو - وقت اور زمان
چون ف جو - مانند - اگر
چون وچرا ف کیون اور کسواسطے تکرار حجت
چونی ف تو کسطرح ہے

چہ ف کیا
چگونہ ف کسطرح
چہار ف چار - ۴ - للعہ
چہار دانگ ف شمال - جنوب - مشرق مغرب - چہار جہت دنیا کی
چار بالش ف اسکے چار معنی ہین اوّل تخت و مسند - دوّم عناصر اربعہ خاک آب ہوا آتش سوّم دنیا و عالم چہارم جہات اربعہ یعنی مشرق مغرب جنوب و شمال
چہاردہ ف چودہ - (۱۴) - (للوعہ)
چہاردہم ف چودہوان - (۱۴)
چہارسو ف چارطرف - شمال جنوب مشرق - مغرب
چہارشنبہ ف بدہ کا دن
چہارگانہ ف چار - اربع
چہارم ف چوتھا - (۴)
چہاریار ف ابوبکرؓ - عمرؓ - عثمانؓ - علیؓ
چہارطاق ف ہندیمین اوسکو راوٹی کہتے ہین ایک قسم کا خیمہ ہے

چہچہ ف کوے کی اوپر ایک گڑہا جو پانی خراب ہونیکے واسطے بنا دیتے ہین
چہرہ ف صورت - مونہہ
چہل ف چالیس (۴۰) للعہ
چہلم ف چالیسوان ۴۰ مردہ کا چالیسوان
چیچلا - اچچلہ ف کیچڑ کی زمین جہان پیر رپٹتا ہو اور پہاڑ کا ٹکڑا نرم جسپر لڑکے پھسل کر کھیلا کرتے ہین - پہسلنا پتھر - اور وہ گوشت کا ٹکڑا جو عورت کے اندام نہانی مین پیدا ہوجاتا ہے
چیچک ف سیتلا نام بیماری مشہور کا ہے
چیدن ف چُنا - چگنا
چیرہ ف غالب ہونا - دلاور ہونا
چیرہ دست ف دستکار - اچھا کاریگر - زبردست
چیرہ دستی ف زبردستی - غلبہ
چیز ف شے - کچھ
چیست ف کیا ہے
چیستان ف اسکی اصل چیست آن ہے ہندی پہیلی

چین ف شکن - بل - نام ملک کا
چینہ ف پرندونکو جو دانہ دیتے ہین اوس دانہ کو چینہ کہتے ہین
چینہ دان ف پوٹہ جسمین جانور دانہ جمع کرلیتا ہے
چینی ف چین کا - کہانڈ اور شکر سفید

بابُ الحاء

حاتم ع نام سخی مشہور کا ہے
حاتم اصم ع مشہور ایک ولی کامل گذرے ہین
حاجب ع دربان - پردہ کرنے والا - پردہ دار - چوبدار - ابرو
حاجت ع خواہش - ضرورت
حاجز ع مانع - درمیان دو چیز کے جو حائل ہو - نام ایک منزل کا راہ مکہ مین
حاجی ع حج کرنیوالا اور حاجی کی جمع حاج بھی آئی ہے
حاج ع

حاجبہ ع حج کرنے والی عورت
حاد ع تیز تنگ
حادثہ ع واقعہ۔ نوپیدا۔ مصیبت
حاذق ع زیرک۔ دانا۔ اُستاد درمیان کام کے
حار ع گرم اور گرمی کرنے والا
حارث ع شیر درندہ۔ زراعت کرنے والا
حارس ع نگاہبان۔ پاسبان
حارص ع حرص کرنے والا۔ لالچی
حازم ع دانا اور ہوشیار۔ دور اندیش پیش بین۔ اُستوار
حاسد ع حسد کرنے والا۔ ڈاہ رکہنے والا
حاسر ع تکنے والا۔ جو بات بولتی بولتے رُک جاوے
حاسہ ع حس کرنیوالا جیسے قوت سامعہ باصرہ۔ لامہ وغیرہ ہین
حاشا ع دوری۔ پاکی۔ ہرگز۔ سوا۔
حاشیہ ع کنارہ۔ نوکر۔ خدمتگار رشتہ جوان
حاصد ع کہیتی کاٹنے والا

حاصر ع حصر کرنے والا۔ روکنے والا
حاصل ع نتیجہ۔ مطلب
حاطہ ع دیوار۔ گہیر۔ چاردیواری
حاضر ع موجود۔ سامنے ہونے والا
حاضری ع کہانا۔ موجودگی
حافد ع یار دوست۔ خدمتگار۔ پوتا۔ نواسہ۔ داماد۔ سالا۔ سُسرا
حافر ع سم گہوڑے کا۔ کہودنے والا
حوافر جمع
حافظ ع حفظ کرنیوالا۔ قرآن جسکو یاد ہو فارس کے لوگ حافظ مطرب اور قوال کو کہتے ہین
حافظہ ع قوت یاد رکہنے کی
حاق ع درمیان کسی چیز کا۔ بیچ وسط
حاکم ع حکم کرنیوالا۔ والی ملک کا
حاکی ع حکایت کرنیوالا۔ بات کرنیوالا
حال ع موجود زمانہ۔ رقص اور وجد
حالا ع ابہی۔ اسیقت
حالب ع دودہ دوہنے والا۔ اور ایک رگ ہے ران مین

حالات ع جمع حال کی
حالت ع حال۔ واردات جو انسان پر گذرے
حالی ع جلد۔ فی الحال۔ زیور سے جو آراستہ ہو
حام ع نام ہے نوح کے بیٹے کا جس سے حبشی پیدا ہوے ہین
حامد ع تعریف کرنے والا
حامض ع کہٹا
حامل ع بوجہ اوٹہانیوالا اور نام ایک فلک فرضی کا ہے
حامل وحی ع جبرئیل فرشتہ
حاملہ ع پیٹ والی عورت جسکے پیٹ مین بچہ ہو
حامی ع حمایت کرنیوالا۔ نگاہ رکہنے والا
حانث ع قسم توڑنیوالا۔ گنہگار
حانوت ع دکان۔ ہٹی
حاوی ع گہیرنے والا۔ احاطہ کرنے والا
حاویہ ع گہیرنے والی عورت۔ جو عورت حاوی ہو
حایط ع دیوار۔ دیوال
حائک ع جولاہہ کپڑا بننے والا

حائل ع بازرکہنے والا۔ بیچمین آنے والا درمیان دو چیز کے
حَبّ ع گولی۔ دانہ
حُبّ ع محبت۔ دوستی
حُباب ع بلبلہ پانی کا۔ سانپ
حبّات ع جمع حبہ کی دانہ ہا۔ گولیان
حباری ع تودری جانور مشہور ہے
حِبال ع رسیان پہندے۔ جال جمع حبالہ کی
حُبالی ع پیٹ والی عورتین جمع حبلی کی
حُبلی ع پیٹ والی عورت حاملہ
حِبالہ ع جال۔ پہندا۔ رسی
حبّذا ع بہت اچہا۔ خوب ہی بہتر ہے
حِبر ع سیاہی دوات کی عقلمند نیک کام
حبس ع قید۔ بند
حبش ع حبشیونکا ملک۔ ملک حبش
حَبل ع رسی باگ ڈور اور ایک رگ ہے گردن مین۔ حمل عورت کا
حبوب ع جمع حب کی دانہ ہا مثل گندم جو چنا وغیرہ

حبور ع خوش کرنا۔ اور خوش ہونا
حبّہ ع دانہ۔ گولی
حبط ع ناچیز ہونا۔ معدوم ہونا۔ باطل ہونا۔ ثواب جاتا رہنا
حبیب ع دوست۔ یار۔ معشوق
حتّیٰ ع یہانتک۔ یہانتک کہ
حتم ع استوار کرنا کام کا۔ واجب کرنا اور حکم کرنا
حج ع زیارت کرنا مکہ کا موسم مقرر پر
حجاب ع پردہ
حُجّاب ع پردہ داران۔ دربانان جمع حاجب کی
حُجّاج ع جمع حاج کی یعنی حج کرنیوالے لوگ
حجاز ع ملک عرب جسمین مکہ مدینہ طائف اور وہ زمین جو درمیان نجد اور غور کے واقع ہی شامل ہی اور نام ایک مقام موسیقی کا
حجّام ع پچھنے لگانے والا شخص۔ حجامت کرنے والا
حجامت ع پچھنے لگانا
حُجُب ع پردے جمع حجاب کی

حُجّت ع دلیل۔ برہان۔ غلبہ
حجر ع پتھر۔ سنگ جمع اوسکی احجار آتی ہی
حجر الاسود ع کالا پتھر۔ ایک پتھر ہی کعبہ مین اوسکا چھونا باعث دور ہونے گناہ کا ہی
حُجرہ ع کوٹھری
حُجُرات ع جمع حجرہ کی کوٹھریان
حجل ع کبک۔ چکور مشہور پرند ہی
حجلہ ع چھپر کھٹ دولہن کا
حجم ع جسامت۔ جثّہ
حِجیٰ ع عقل اور کنارہ کسی چیز کا
حُداء ع وہ گیت جو شتربان اونٹ کو ہانکتے وقت گاتے ہین
حد ع انتہا۔ کنارہ۔ فاصلہ دو چیز کا گنہگار کو سزا دینا اور مارنا تاکہ پھر گناہ نکرے۔ تعریف شے کی اوسکی ذاتیات سے کرنا
حداثت ع نیاپن۔ نوجوانی۔ شروع ہر چیز کا
حدّاد ع لوہار۔ آہنگر

حِداد ع سیاہ کپڑے ماتم کے
حدائق ع جمع حدیقہ کی باغہا
حدب ع پشت کا باہر نکل آنا۔ کبڑاپن۔ اونچی زمین بلند
حدّت ع تیزی
حدث ع بی وضو ہونا۔ حدث امرد لڑکا نوجوان
حدس ع دانائی اور دریافت کرنا۔ فراست
حدقہ ع سیاہی آنکھ کی
حدوث ع نیا پیدا ہونا کسی چیز کا۔ نوپیدگی
حدود ع جمع حد کی
حدیث ع خبر اور بات اور نئی چیز اور فعل اور سخن رسولؐ کا
حدیقہ ع باغ جسکے گردا گرد دیوار یا احاطہ ہو
حذاء ع برابر۔ مقابل
حذّاق ع دانا۔ زیرک۔ عقلمند
حذاقت ع زیرک ہونا۔ خوب دریافت کرنا۔ دانائی
حذر ع پرہیز کرنا۔ اور حذر ڈرنے والا۔ ترسان
حذف ع گرا دینا۔ ڈالدینا ایک حرف کا کسی کلمہ سے

حرّ ع گرمی۔ اور گرم ہونا۔ زمین پتھریلی
حُرّ ع آزاد۔ جو غلام نہو۔ برگزیدہ ہر شے مین۔ کبوتر کا بچہ
حراثت ع کھیتی کرنا۔ زراعت کرنا
حرارت ع گرمی۔ آنچ
حراست ع نگہبانی۔ محافظت۔ چوکسائی
حرام ع منع کرنا۔ اور روکا گیا۔ ناروا۔ ناشایستہ۔ ناجائز
حرامی ع چور۔ دزد جمع حرامیان
حرب ع لڑائی۔ جنگ
حرباء ع گرگٹ
حربگاہ ف جنگ کا میدان۔ لڑائی کا میدان
حربہ ع لڑائی کا ہتھیار
حرث ع بونا۔ کھیتی کرنا۔ آگ جلانا۔ مال جمع کرنا۔ قرآن پڑھنا۔ لاغر کر دینا چوپایہ کا بسبب بہت ہانکنے کے
حرج ع تنگی۔ اور سختی۔ گناہ
حرز ع پناہ کی جگہہ۔ جائے استوار۔ مجازاً تعویذ

حرص ع لالچ - طمع
حرف ع سخن - طرف - کنارہ - تلوار کی
دہار - عیب
حرف گیر ف نکتہ چین - عیب بیان کرنیوالا
حرفہ ع
حرفت ع پیشہ - کسب
حرق ع جلنا - اور حرق آگ
حرقت ع سوزش - جلن
حرکات ع جمع حرکت کی
حرکت ع جنبش
حرم ع احاطہ جو گرد اگرد خانہ کعبہ کی ہی منکوحہ
عورت باندی جو گھر مین ڈال
لیجاوے
حرمان ع محروم رہنا - کچھ نہ ملنا ناامیدی
حرمت ع عزت - عزیز ہونا - حرام ہونا
حرم سرا ف زنانہ مکان - زنان خانہ
حرمل ف اسپند - حرمل
حرمین ع مکہ اور مدینہ دونونکو حرمین کہتے ہین
حروب ع جمع حرب کی - لڑائیان

حروق ع بالن - ایندہن - لکڑیان
جلانے کے واسطے
حرون ع سرکش بچھیرا - گہوڑا سرکش
حرور ع حرور گرم ہوا جو رات کو چلتی ہی
- لو - گرمی - آفتاب کی آگ
حروف ع جمع حرف کی
حرہ ع آزاد عورت
حریت ع آزادگی - اور آزاد ہونا غلامی
سے یعنے کسیکا غلام نہونا
حریر ع ریشمی کپڑا
حریری ع ریشمی کپڑا بیچنے والا
حریرہ ع نام ایک قسم کے کہانی کا ہی
جو ترشی اور شیرینی ڈالکر پکاتے ہین
حریص ع لالچی - حرص کرنیوالا
حریف ع ہم پیشہ - ہم کار - شریک
حریق ع سوزش جلا ہوا آگ کی لپٹ
حری ع لائق - سزاوار - زیبا
حریم ع گھر کی چار طرف کی دیوار
حزب ع گروہ آدمیون کا

حزم ع استواری - ہوشیاری
حزام ع تنگ ستوار - دستبند لڑکی کا گہوارہ مین
حزن ع غم - اندوہ - رنج
حزین ع غمگین - رنجیدہ
حس ع معلوم کرنا اندری سے
حساب ع گنتی - شمار - علم حساب کا
حساس ع دریافت کرنیوالا - حس کرنیوالا
حسام ع تلوار - شمشیر - تیغ
حسب ع انداز - اور شمار کسی چیز کا شرف
بزرگی مال وجاہ اور دین کی
حسب ع کفایت - کافی ہونا - بس ہونا
حسد ع ڈاہ - کسی کی نعمت کا زوال چاہنا
حسرت ع ارمان - افسوس کسی چیز
کے نہ ملنے کا
حس مشترک ع ایک قوت ہی جسمین
تمام صورتین محسوسات کی منقش ہوتی
ہین گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہرون کے
ہین اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہی
اوسمین سب نہرین جاکر ٹھہرتی ہین

حسن ع نیک - خوبصورت - اچھا
حسن ع خوبصورتی - خوش شکلی
حسنیٰ ع بہت خوبصورت عورت
حسناء ع عورت - خوبصورت صاحب جمال
حسنات ع نیکیان جمع حسنہ کی
حسنہ ع نیکی - بھلائی
حسود ع بہت حسد کرنیوالا - بدخواہ
حسی وہ جو حس سے علاقہ رکہے - جو
محسوس ہوسکے
حسیب ع شمار - حساب
حسین ع خوبصورت - خوش شکل
حشر ع اوٹھانا - مجازاً قیامت
حشرات - حشرات الارض ع
جمع ہی حشرہ کی وے جانور موذی کہ زمین
مین سوراخ کرکے رہتے ہین اسیواسطے
اونکو حشرات الارض کہتے ہین
حشم ع نوکر چاکر - بہیڑ نوکرون کی
حشمت ع دبدبہ - بزرگی - فتحہ پڑہنا
حاء کا خطا ہی

حشو ع بھرنا اور وہ روئی یا اون جو تکیہ یا لحاف وغیرہ مین بھری جاوے
حشیش ع سوکھی گھاس اوسکی جمع حشایش ہے
حشاشہ ع باقی جان۔ تھوڑی جان جو زخمی یا بیمار مین باقی ہو
حصا ع جمع ہے حصاۃ کی۔ سنگریزہ ٹھیکریان
حصاۃ ع ٹھیکری۔ سنگریزہ
حصاد ع
حصد ع ... کھیتی کاٹنا۔ زراعت کا کاٹنا
حصّاد ع کھیتی کاٹنے والا
حصار ع قلعہ۔ گڑھی
حصان ع گھوڑا نر بہتر اور خوب گھوڑا جسکی نسل رکھنے کے لائق ہو
حصانت ع استواری پرہیزگاری۔ بچہ کا پالنا
حصر ع گھیرنا۔ گرد کرنا۔ احاطہ کرنا کسی چیز کا

حصص ع جمع حصّہ کی
حصن ع جای پناہ۔ قلعہ۔ عفت عورت کی
حصول ع حاصل ہونا۔ پیدا ہونا
حصون ع قلعے۔ گڑھیان
حصّہ ع ٹکڑا۔ جزو
حصیر ع بوریا۔ چٹائی
حصین ع محکم استوار۔ مضبوط
حضّار ع جمع حاضر کی۔ حاضرین مجلس
حضر ع اقامت۔ شہر مین رہنا۔ خانہ باشی
حضرت ع نزدیکی۔ حضور۔ درگاہ
حضرات ع جمع حضرت کی مراد بزرگ لوگ
حضور ع حاضر ہونا۔ سامنے رہنا
حضیض ع پستی۔ نشیب
حطب ع لکڑی۔ چوب
حظّ ع نصیب۔ بہرہ۔ خوشی۔ خورمی۔ فائدہ
حظوظ ع جمع حظ کی
حظ ع بہرہ مندی۔ اور صاحب دولت ہونا
حفاظت ع نگاہبانی۔ پاسبانی
حفد ع خدمت شتاب کرنا

حفر ع زمین کا کھودنا
حفرہ ع گڑہا۔ زمین کھودی ہوئی
حفظ ع یاد کرنا۔ یاد رکھنا
حفیظ ع نگہبان۔ محافظ
حق ع راست۔ درست۔ سزاوار۔ واجب لائق۔ ایک نام خدای تعالی کا
حقّا ع درست ہے سچ ہے قسم خدا کی
حقارت ع نفرت کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ ذلیل جاننا
حقانی ع خدائی۔ وہ شخص جو خدا کی محبت مین رہے
حقانیت ع خدا کا ذکر۔ خداپن۔ سچائی درستی
حقائق ع جمع حقیقت کی
حق پرست ف سچا آدمی۔ جو تابع حق کے ہو
حقدار ف جسکا حق ہو۔ وارث۔ حصہ والا
حقد ع دشمنی۔ کینہ۔ بغض
حقنہ ع بتی دوا کی جو پخانہ کی جگہ واسطے دفع بیماری کے کیجاتی ہے
حقوق ع جمع حق کی
حقہ ع ڈبہ جسمین جواہرات وغیرہ رکھتے ہین

حقہ باز ف بازیگر۔ مداری۔ بھان متی
حقیت ع حق۔ حقداری
حقیر ع ذلیل۔ ہیچ
حقیقت ع اصل۔ ماہیت۔ کسی شی کی ذات
حقیقی ع اصلی۔ جو بناوٹ کا نہو
حک ع چھیلنا۔ دور کرنا۔ کھرچنا کسیکو دوسری چیز سے
حکاک ع مہرکن۔ نگینہ ساز۔ حک کرنیوالا
حکام ع جمع حاکم کی
حکایت ع بات۔ کہانی
حکم ع جمع حکمت کی
حکم ع فرمان۔ پروانہ۔ فرمانا
حکما ع جمع حکیم کی
حکمت ع دانائی۔ عقلمندی
حکمران ف حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا
حکمت الٰہی ع وہ علم جسمین بیان الٰہیات کا ہو
حکومت ع حکم کرنا۔ فرمانروائی
حکمنامہ ف پروانہ۔ حکمنامہ

حکّہ ع کہجلی - خارش
حکیم ع دانا - اور سب علوم کا جاننے والا
حَل ع کہولنا مشکل چیز کو آسان کر دینا
حِل ع روا ہونا - احرام سے باہر نکلنا
حلال ہو جانا
حلاج ع دُہنیا - روئی کا دُہنکنے والا
حلاحِل ع سردار - مہتہ - چودہری
حلال ع روا - جایز - درست - موافق شرع
حلال خور ف خاکروب - چوڑہا
حلاوت ع شیرینی - مٹہائی
حلبی ع حلب کا - اکثر آئینہ حلبی مشہور ہوتا ہے
حُلبہ ع میتی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے
حلّت ع حلال ہونا - کشادگی - مباح ہونا
حلتیت ع ہینگ - انگوزہ
حلف ع قسم کہانا - سوگند
حلق ع گلا - گلو - مونڈنا بالونکا
حلقہ ع گہیرا - احاطہ - مجلس
حلقہ بگوش ف غلام - فرمانبردار
حلول ع ایک چیز مین دوسری چیز کا
ایسی طرح گہس جانا کہ تمیز نہو سکے
حِلم ع کسی کو سزا دینے مین آہستگی
کرنا - برُدباری کرنا
حَلمہ ع پستان کا سر - بہٹنی
حُلو ع شیرین - میٹہا
حلوا ع میٹہی چیز - شیرین شے
حلوان ع بکری کا بچہ اصل اسکی حُلّان ہے
حلوا بیدود ف میوے شیرین جو آفتاب
کی گرمی سے پکتے ہین اور دُہوان آگ کا
اونکو نہین پہنچتا اسلیئے یہ نام اوسکا پڑ گیا
حُلّہ ع جامہ - جبہ - پوشاک
حلوائی ع شرینی بیچنے والا
حُلی ع زیور چاندی یا سونے کا جمع حلیہ کی ہے
حلیم ع برُدبار غصہ سہنے والا - اور نام
ایک قسم کے کہانے کا
حلیہ ع زیور - صورت - پیدایش آرایش
حلیلہ ع عورت منکوحہ - بیوی - جورو
حم ع سسرا - سالا وغیرہ سسرال کا رشتہ دار
حمار ع گدہا - خر

حمامہ ع مادہ کبوتر - کبوتری
حُمّی ع تپ بخار - تجاری
حماقت ع بیعقلی - بیوقوفی
حمّال ع بوجہ اوٹہانے والا
حمّام ع نہانے کی جگہہ
حمّام زنان ف وہ جہان پر شور اور غل ہو
حمام ع کبوتر - فاختہ - قمری وغیرہ
حمایت ع طرفداری - بچاؤ - نگہبانی
حمائد ع جمع حمید کی خوبیان - اچہی خصلتین
حمائل ع تلوار - اور شے جو بغل پر لٹکاتے
ہین اور قرآن شریف
حمد ع تعریف
حُمُر ع جمع حمار کی گدہے - خر بہت سے
حُمرت ع سُرخی - لالی
حِمّص ع نخود - چنا - غلہ مشہور ہے
حَمَض ع گہاس جو تلخ اور شور مزہ کا ہو
حُمق ع بیوقوفی - احمق پن
حُمقا ع جمع احمق کی - بیوقوف آدمی
حَمل ع بوجہ - شکم مین عورت کے جو بچہ ہو
حملہ ع ہلہ کرنا - دہاوا
حموضہ ع ترُشی - کہٹائی
حُمول ع پرچہ دوا کا لتہڑا ہوا جو دُبر - یا فرج
مین رکہتے ہین - بتی دوا کی
حمیّت ع پرہیز کرنا - حفاظت - پچ
حمید ع خوبی - تعریف کی ہوئی شے
حمیم ع دوست - رشتہ دار - بخار والا
گرم
حنا ع مہندی - جو ہاتہو نمین عورتین لگاتی ہین
حنانہ ع نوحہ کرنے والی عورت
حنجرہ ع نرخرہ گلے کا نل
حنطہ ع گیہون - گندم
حَنظل ع اندرائن کا پہل
حَنَک ع تالو - کام
حوّا ع نام اول عورت کا جو آدم کی بیوی تہی
حواجب ع جمع حاجب کی - ابرو -
بہون - دربان
حوادث ع جمع حادثہ کی مصیبتین -
تکلیفات - گردشات زمانہ

حواری ع دہوبی- اورسفید چمڑی والا- اصحاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

حواس ع جمع حاسہ کی وے دس ہین پانچ ظاہری - پانچ باطنی

حواس خمسہ ظاہری ع پانچ حس ظاہر کے یعنے ذائقہ- باصرہ- شامہ- لامسہ- سامعہ

حواس باطنی ع پانچ حس باطنی حس مشترک خیال متصرفہ واہمہ حافظہ

حواشی ع جمع حاشیہ کی- کنارے اور نوکر چاکر

حواصل ع جمع حوصلہ کی- اور نام ایک جانور آبی کا ہی

حوافر ع جمع حافر کی گہوڑے یا گدہی کے سُم

حوالات ع قید- نظربندی کی سپردگی مین قیدی رکہنا

حوالہ حوالت ع سپرد کرنا دوسری کو کوئی چیز دے دینا

حوالی ع گرداگرد کسی چیز کا

حوالی شہر ف شہر کا نواح- یعنے شہر کے گرداگرد کی زمین

حوائج ع جمع حاجت کی حاجتین

حوت ع مچھلی- اورنام بارہوین برج کا

حوراء ع وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور انکہ اور بال اوسکے نہایت سیاہ ہون

حور ع جمع ہی حوراء کی سفید رنگ اور سیاہ آنکہ اور کالے بال والیان

حوزہ ع کونا- درمیانہ مملکت کا

حوصلہ ع پوٹا معدہ پرندجانور کا جو حلق کے نیچے ہوتا ہی جسمین دانہ جمع کر لیتا ہی اور مجازی معنی مقدور- ہمت

حَوض ع پانی کا چوبچہ- وہ جگہہ جہان پر پانی ہمیشہ ٹہرا رہی

حول ع بازگشت- قوت توانائی- سال- برس

حویلی ع اصل مین حوالی تھا یہ فارسیون کا تصرف ہی- وہ مکان جسکے چارطرف دیوار ہو

حیّ ع زندہ- جیتا ہوا- قوم- اور نام خداے تعالی کا

حَیاء ع شرم- اور باران

حَیات ع زندگی- جانداری

حیثیت ع وضع- اسلوب طور- طریق

حیدر ع شیر درندہ- اور لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہی

حُیرہ ع گُدّی- گردن کی پیٹھہ پشت گردن

حیران ع بہوچکا- ہکّا بکّا

حَیرَت ع سبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہجانا- بہوچکا پن

حَیِّز ع جگہہ- مکان- اصطلاحی معنی یہ ہین کہ سطح باطنی جسم حاوی کہ مماس ہو سطح ظاہری جسم محوی کو

ہیز ف مخنث- نامرد

حیص بیص ع لڑائی وغوغا حیص کے معنی ہین بیراہ ہونا بیص سختی- اور تنگی

حیض ع خون معتاد جو عورتونکو ہر مہینے مین آیا کرتا ہی

حیطہ ع احاطہ- چار دیواری

حیف ع افسوس ستم- ظلم

حِیَل ع جمع حیلہ کی

حیلہ ع فریب- بہانہ

حِین ع وقت- ہنگام- روز قیامت

حَیْن ع موت- مرگ- ہلاکت

حیوان ع زندہ- جاندار- جانور

حیوانات ع جمع حیوان کی

حیوانی ع حیوان کا- جاندار کا

حیّہ ع سانپ- مار

باب الخاء

خابور ع تیر- وہ کہونٹی جو لکڑی مین ٹہونک کر لکڑی کو چیرتے ہین

خاتم ع ختم کرنیوالا- خاتم انگشتری انگوٹہی- مُہر- خواتم جمع

خاتمہ ع انجام - آخری - کتاب کا آخر حصہ
خاتون ع بی بی - بیگم - گھر کی مالک
خاتون فلک - خاتون یغما
ف سورج
خاتون عرب ف کعبہ
خادع ع فریب دینے والا - فریبی مکّار
خادم ع خدمت کرنے والا - نوکر
خار ف کانٹا - سول
خارا ف
خارہ ف } سخت پتھر - سنگ سخت
خارپشت ف سینہ - ساہی جانور مشہور ہی
خارج ع باہر - الگ - نکلا ہوا
خارش
خارشت ف کھجلی
خارق ع پھاڑنیوالا - خلاف عادت
خارق عادت ع معجزہ انبیا کے
اور کرامتیں اولیا کی
خاریدن ف کھجلانا - خارش کرنا
خازن ع جمع کرنیوالا - خزانچی

خازنہ ع سالی - جورو کی بہن
خاستن ف اُٹھنا - کھڑا ہونا - چاہنا
خاسر ع زیانکار - نقصان اُوٹھانیوالا
جسکو نقصان ہوا ہو
خاشاک ف کوڑا - کرکٹ
خاشع ع عاجزی اور فروتنی کرنیوالا
خاشی ع ڈرپوک - ڈرنے والا
خاص ع مخصوص - نج - ذاتی
خاصدان ف پان رکھنے کا برتن
خاصان ف خاص لوگ مخصوص لوگ
خاصہ ع جو خاص ہو کسی شے کو - خاصیت
مجازاً کھانا امیروں کا
خاصرہ ع کمر - تہی گاہ
خاصیت ع طبیعت - اثر
خاضع ع عاجزی اور فروتنی کرنیوالا
خاطر ع جو دل میں گذرے - دھیان - دل
خاطر جمع ف دل کی تسلّی
خاطر نشان ف اسکے معنی خاطر نشین ہیں
یعنے جو دل میں بات بیٹھ سکے یقین ہو سکے

خافق ع دھڑکنے والا - جسکا سر ہلتا ہی
جیسا کہ نیزہ یا درخت
خافقین ع مشرق - مغرب - پورب پچھم
خاقان ف بادشاہ اول ہیں بادشاہ
چین کا خطاب تھا اب ہر بادشاہ کو کہنے لگے ہیں
خاک ف مٹی - راکھ
خاک بیز ف نیاریہ یعنے وہ شخص جو بطمع زر
راکھ کو دھوتا ہی اور جو اپنے مطلب کے واسطے
بڑے مشکل کام کرتا ہی بار یک بین
خاک تودہ ف مٹی کا تودہ بناتے ہین
جسمین تیر لگا کے مشق کرتے ہین
خاکدان ف دُنیا - عالم - کوڑی
خاکزاد ف خاکی دنیاوی - خاک کا بنا ہوا
خاکسار ف غریب - مانند خاک کے
خاکستر ف راکھ - خاک
خاکروب ف جھاڑو
خاکہ ف ڈھانچ - مسودہ تصویر کا
خاکی ف خاک کا
خاگ ف انڈا - بیضہ مرغی کا

خاگینہ ف
خایہ ریز ف } انڈوں کا سالن مشہور کھانا ہی
خال ف تل - سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہی
- کالا اُونٹ
خَال ع ماموں - ماں کا بھائی -
خَالِد ع ہمیشہ رہنے والا
خالص ع جو کسی دوسری شے سے ملا نہو
خالصہ ع خاصہ - اور جو کسی سے ملا ہوا نہو
اصطلاحی معنے ملک یا زمین بادشاہی جو
کسیکی جاگیر نہو سرکار کی ہو
خالق ع پیدا کرنے والا
خالو ف ماں کی بہن کا خصم
خالہ ع ماں کی بہن
خالی ع جسمین کچھ بھرا ہوا نہو
خام ف کچّا - خالص شراب مقطر
خام ریش ف بیعقل - مسخرہ
خامش ف چُپ
خامل ع گمنام - کمینہ - اوّل جھول
خاموش ف چُپ چپکا ہوا

خاموشیدن ف چپکا ہونا
خامہ ف قلم۔ نیزہ لکھنے کا
خامی ف کچاپن۔ کچ پن
خان ف سابق مین یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا اب رئیس امیر کو کہتے ہین اور سرائے
خانخانان ف مالک سرائے۔ داروغہ سرائے
خاندان ف گھرانہ
خانسامان ف مالک سامان کھانی وغیرہ کا داروغہ
خانقاہ ف فقیرون اور درویشون کے رہنے کی جگہہ
خانمان ف خان مخفف خانہ کا اور مان اسباب یعنے گھر کا اسباب
خانوادہ ف خاندان
خانہ ف گھر۔ مکان
خانہ بدوش ف مسافر۔ پریشان بے ٹھکانہ آدمی جس جاے چاہے رہ پڑے

خانہ جنگی ف لڑائی۔ فساد۔ دنگہ
خانہ زاد ف جو گھر کا پیدا ہوا ہو
خاور ف مشرق
خاوند ف مالک۔ صاحب خانہ
خاوی ع خالی۔ جسمین کچھ نہو
خائب ع ناامید۔ محروم
خائض ع غور کرنیوالا۔ بڑا فکر کرنیوالا
خائف ع ڈرپوک ترسان۔ ڈرنیوالا
خائن ع امانت مین خیانت کرنیوالا
خایہ ف بیضہ مرغ کا۔ انڈا آدمی کا اور حیوان کا
خائیدن ف چبانا
خبث ع پلیدی۔ میل ناخوش ہونا برائی
خبر ع سندیسا۔ کسیکی بات
خبرت ع امتحان۔ آزمایش جاننا
خباز ع روٹی پکانے والا۔ نان بائی
خبایا ع جمع خبیہ کی پوشیدگیان
خبردار ف واقف۔ جاننے والا
خبرگیر ف چوکیدار۔ خبر لینے والا

خبز ع روٹی۔
خبط ع جنون کا ملجانا عقل مین۔ جنون
خبیث ع پلید۔ ناپاک۔ ناخوش
خبیر ع واقف۔ جاننے والا۔ دانا
ختم ع پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ مہر کرنا
ختام ع ڈاٹ موم یا لاکہہ کی لگاکر مہر کرنا
ختن ع داماد
ختنہ ع سنت کرنا
خجالت ع شرمندگی۔ حیا
خجستہ ف مبارک۔ ہمایون
خجل ع شرمندہ
خجلت ع شرمندہ ہونا۔ اور شرمندگی
خد ع چہرہ۔ رخسارہ۔ گال
خدا ف مالک۔ صاحب۔ خود آیندہ
خداع ع فریب دینا
خدام ع جمع خادم کی نوکر لوگ
خداوند ف صاحب۔ مالک
خدائی ف صاحبی۔ خدا ہونا
خدایا ف اے خدا۔ یا خدا

خدائع ع جمع خدیعت کی مکر اور فریب
خدایگان ف بادشاہ۔ خداوند
خدر ع سن ہوجانا۔ پٹھو نکا سست ہوجانا
خدر ع پردہ
خدشہ ع شک۔ شبہہ۔ خراش۔ خلش
خدع ع فریب دینا۔ دغا کرنا
خدم ع نوکر چاکر لوگ جمع خادم کی بھی
خدمت ع چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام
خدنگ ف تیر۔ نام ایک درخت کا بھی جسکے تیر بنتے ہین
خدیعت ع مکر۔ فریب
خدیو ف خداوند
خر ف گدہا۔ کہوتا۔ کلان۔ اور بڑا
خرء ع بیٹ جانور کی
خراب ع ویران کرنا۔ ویران۔ ضایع مست۔ فقیر۔ ویرانہ
خرابات ف شراب خانہ۔ قمار خانہ
خرابہ ع ویرانہ۔ اوجڑ مکان

خِراج ع محصول زمین کا
خراد ف اصل اسکی خراط ہی فارسیون نے خراد کرلیا ہی
خرادی ف خراط کرنے والا کاریگر
خراس ف آٹا پیسنے کی چکی جسکو بیل گھماکر آٹا پیستے ہین
خراش ف چھلنا
خراشیدن ف چھیلنا
خرّاط ع لکڑی کو چرخ پر چڑھاکر جو شخص صاف کرتا ہی
خراطت ع چرخ پر لکڑی چڑھاکر صاف کرنا
خراطیم ع جمع خرطوم کی ہاتھی کی سونڈ
خرافات ع بیہودہ باتین جمع ہی خرافت کی
خُرافت ع کلام بیہودہ اور نام ہی ایک شخص کا جو عرب مین بڑا جھوٹا گذرا ہی
خرام ف نرم رفتار۔ ناز کی چال۔ مٹک چال
خرامان ف مٹک چال چلنے والا
ناز کی چال چلتا ہوا
خرامیدن ف ناز سے چلنا۔ مٹکا کر چلنا۔ مٹک کر چلنا
خربوزہ ف مشہور ترکاری ہی معنی اس لفظ کے بڑا میوہ ہین
خرج ع باہر نکلنا۔ خرج ہونا
خرچنگ ف کینکڑا مشہور جانور آبی ہی
خرچہ ف لاگت۔ صرف۔ خرچ
خرچ ف زر جو ہاتھ سی نکل جاوے۔ آمدنی کی ضد
خرچی ف قیمت جماع کی۔ صحبت کا مول
خرچین ف کاٹھی کا تھیلا۔ چارجامہ کا تھیلا
خرخشہ ف بیموقع لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ خلجان
خُرد ف چھوٹا۔ ریزہ
خِرد ف عقل۔ دانائی
خردمند ف عقلمند۔ دانا آدمی
خرداد ف اساڈہ کا مہینا۔ اور چھٹا دن ہر ماہ شمسی کا

خَرْدَل ع رائی مشہور غلہ ہی
خردہ بینی ف عیب نکالنا۔ بُرائی نکالنا۔ باریکی دیکھنا
خرزہ ع موزہ کا سینا۔ درزشک یا موزہ کی سینا
خرزہرہ ف کنیر کا درخت مشہور ہی دو قسم کا ہوتا ہی سفید اور سُرخ
خرس ف ریچھ۔ بھالو مشہور درندہ ہی
خرسند ف خوش
خرسنگ ف بڑا پتھر کیونکہ خر کے معنی کلان اور سنگ پتھر
خرسندی ف خوشی
خُرشید ف آفتاب روشن
خرطوم ع ہاتھی کی سونڈ۔ اور تھوتڑی۔ ناک
خَرِف ع کم عقل آدمی۔ بیہودہ گو
خرق ع پھاڑنا
خرق عادت ع کرامت۔ معجزہ جو خلاف عادت ہو
خرقہ ع پُرانا جامہ۔ چیتھڑا فقیرونکا لباس
خرک ف چھوٹا گدہا۔ انگور خام
خرکُس ف احمق آدمی۔ بیوقوف
خرگاہ ف خوشی کی جگہ۔ خیمہ۔ بڑا خیمہ
خرگوش ف سسا
خُرّم ف خوش۔ شاد
خرما ف چھوارا مشہور میوہ ہی
خرمست ف مگرا جو بیوقوفی سے کہنا نہ مانے
خرمن ف کھلیان۔ تودہ غلہ کا جس سے ابتک بھوس الگ نہ کیا ہو
خرمہرہ ف کوڑی جو ہندوستان مین بطور زر کے رائج ہی
خرمی ف خوشی
خروار ف تودہ۔ بوجھ جسکو خر اٹھا سکے
خُرُوج ع باہر نکلنا۔ باغی ہونا کسی حکم سے منحرف ہونا
خروس ف مرغ گھر کا پلا ہوا
خروش ف غُل۔ شور
خروشیدن ف شور کرنا۔ غُل کرنا

خروف ع بکری کا بچہ - برہ
خریدار ف خرید کرنیوالا - مول لینے والا
خریدن ف مول لینا
خریدہ ع لڑکی نابالغ - عورت شرمگین - دُرِ ناسفتہ
خریطہ ع تھیلی - لفافہ امیرونکے خط کا
خریف ع موسم خریف جسمین جوار مکئی و غیرہ ہوتی ہی یعنے ساونی
خز ع ریشمی کپڑا - جامہ ریشمی
خزان ع پت جھڑ باد جسکے چلنے سے پتے درختونکے جھڑ جاتے ہین
خزانچی ت خزانہ رکھنے والا - فوطہ دار روکڑیا
خزانہ ع گودام نقد کا - جہان پر نقد روپیہ رہتا ہو
خزائن ع جمع خزانہ کی
خزعبل ع بیہودہ بات جس سے ہنسی آوے
خزعبیل ع خز عبیلات جمع
خزف ع ٹھیکری - سفال

خزیدن ف گھسنا - چھپنا
خزینہ ع خزانہ - گودام روکڑ کا جہان رہتا ہو
خس ف کوڑا - تنکی - گھاس کمینہ آدمی بخیل
خسارت ع نقصان - زیان
خساست ع نالائقی - زبون ہونا بخل - کنجوسی
خساندن ف بھگانا - تر کرنا - داڑہی دانتون مین دبانا
خسانیدن ف داڑہی کا دانتونمین دبانا
خسپیدن ف سونا - نیند کرنا
خستہ ف گھائل زخمی - گٹھلی خرما و آلوچہ وغیرہ کی
خستگی ف زخمی پن - دلگیری - رنج کی برداشت
خستن ف زخمی ہونا - اور زخمی کرنا
خستو ف دانہ میوہ کا جیسی دانۂ خرما دانۂ شفتالو وغیرہ بولتے ہین
خستوانہ ف فقیرونکا خرقہ جو کئی طرح کی ٹکڑونکا بنا ہو

خُسر ف سُسرا - جورو کا باپ
خُسران ع ٹوٹا - نقصان
خسرپورہ ف سالا
خسرو ف بادشاہ عادل ہر ایک بادشاہ صاحب شوکت - اور نام ایک بادشاہ کا
خسروانہ ف بادشاہانہ - شاہانہ
خسف ع زمین مین دہس جانا - اور چاند کا گہنا
خسوف ع زمین مین دہس جانا اور چاند کا گہنا
خسیدن ف چبانا - دانتون سے چباکر نرم کرنا
خسیر ع زیاںکار - جو شخص نقصان اوٹھاوے
خسیس ع بخیل - زبون - نالائق -
خُش ف سانس - خوشدامن - اور تیز دوڑنا
خشب ع لکڑی - چوب - بالن
خشت ف اینٹ - اور چھوٹا سا نیزہ
خشخاش ف مشہور دانہ ہی جو افیم کے ڈوڈون سے نکلتا ہی
خُشک ف سوکھا ہوا

خشکار ف بدون چھنا ہوا آٹا - اور خاگینہ
خشکہ ف چاول ابالے ہوے
خشکی ف سوکھاپن - تری نہونا
خشم ف غصہ - خفگی
خشمگین ف غصہ ور - جو شخص غصہ مین ہو
خشمناک ف غصہ کا بھرا ہوا - غصہ ور
خشن ع سخت
خشنود ف خوش - مسرور
خشنودی ف خوشی
خشو ف ساس - خوشدامن
خشوع ع عاجزی فروتنی - گڑگڑانا - خوف
خشونت ع سختی - کھردراپن - درشتی
خشی ع خوف
خشیج ف عنصر - ضد - مخالف
خصاف ع موچی - چمار
خصال ع جمع خصلت کی - خو - عادات
خصائص ع جمع خصیصہ کی - سبھاؤ خصلت - خاصیت
خصائل ع جمع خصلت کی

خصلت عَ خو- عادت- سبھاؤ
خصم عَ دشمن- مالک اور صاحب
جھگڑا کرنے والا
خصمی عَ دشمنی- مالکیت
خصوص عَ خاص ہونا- خصوصیت
خصوصیت عَ خاص ہونا
خصوصیات عَ جمع ہی خصوصیت کی
خصوم عَ جھگڑالو- دشمن
خصوم عَ دشمنی کرنا- جھگڑا کرنا
خصومات عَ جمع خصومت کی
خصومت عَ دشمنی- جھگڑا- کینہ
خصی عَ جس جانور کے خصیے نکال ڈالین
- نامرد
خصیہ عَ بیضہ- آنڈ
خصیتان عَ دو آنڈ- دو بیضے
خصیم عَ خصومت کرنیوالا- دشمن
خضاب عَ رنگ- اور مجازاً
وسمہ وحنا کا رنگ
خضب عَ رنگ کرنا- رنگنا

خضر عَ نام ہی ایک پیغمبر یا ایک ولی کا جو
گمراہون کو راہ بتلاتا ہی
خضر عَ شاخ سبز- ہری ٹہنی
خضر عَ سبز- ہرا- تازہ
خضرت عَ سبزی- ہریائی نباتات کی
- اور انسان مین گندم گونی
خضریات عَ ترکاریان- سبزیان
خضوع عَ عاجزی کرنا- گڑگڑانا
خضیب عَ رنگین- رنگا ہوا
خط عَ لکیر جسمین صرف طول ہو- عرض
اور عمق نہو
خطاب عَ نام- یا مدح- یا لقب-
خط استوا عَ وہ خط جو بیچون بیچ
زمین کے فرض کیا گیا ہی
خطایا عَ جمع خطیہ کی گناہ اور خطائین
خطب عَ جمع خطبہ کی دیباچہ کتاب کے
اور وہ کلام کہ جس سے خطاب کرین
اور حمد وثنا او سمین ہو
خطب عَ کام دشوار- حادثہ

خطابہ عَ خطبہ پڑہنا- خطبہ خوانی
خطبہ عَ منگنی کرنا- نکاح کرنیکی
خواہش کسی عورت سے کرنا
خطر عَ قدر- اور جاہ- اور عظمت-
اور بزرگی- اور آفت- اور دشواری
خطرہ عَ جو دل مین اندیشہ آوے- آفت
خطوات عَ جمع ہی خطوہ کی قدم اور
فاصلہ درمیان دونون پیرون کے
جو بروقت رفتار کے واقع ہو
خطوہ عَ قدم- ڈگ
خطہ عَ شہر کلان- زمین محدود-
گھرا ہوا قطعہ زمین کا
خطیب عَ خطبہ پڑہنے والا لوگونکو
مخاطب کرکے بولنے والا
خطیر عَ بزرگ- بڑا- کلان
خف عَ موزہ
خفا فَ ناراض- غصہ والا
خفا عَ پوشیدگی- پنہانی
خفاجہ ع ایک گروہ ہی عرب مین

جو راہزن اور چور ہین
خفاش عَ چمگدڑ- شپر
خفایا عَ جمع ہی خفیہ کی پوشیدگیان
خفت عَ سبکی- ہلکاپن
خفتان فَ ایک قسم کا جامہ ہی کرتے
کی مانند ہوتا ہی لڑائی کے روز پہنتے ہین
یورپون بھی اور لوگ پہنتے ہین
خفتن عَ سونا- نیند کرنا
خفر عَ شرم- اور شرمگین ہونا
خفیر عَ بدرقہ- نگاہبان- سپاہی گارد کے
خفقان عَ دل کا دھڑکا- دھڑکنا دل کا
خفگی فَ ناراضگی- خفا ہونا
خفہ فَ ناراض
خفی عَ پوشیدہ- چھپا ہوا
خفیات عَ جمع خفیہ کی پوشیدگیان
خفیدن فَ خفا ہونا- چھینک لینا
خفیف عَ ہلکا
خفیہ عَ پنہانی- پوشیدگی- چھپا ہو
خل عَ سرکہ- خِل دوست

خَلَاعَ پایخانہ۔ اور خالی جگہہ
خَلَاب عَ کیچڑ۔ راہ مین جو کیچڑ ہوتی ہی
خَلاص عَ چھٹکارا۔ مخلصی
خُلاصہ عَ اصل پاک۔ صاف
خِلَاف عَ درخت بید کا۔ برعکس مخالف
خلافت عَ جای نشینی۔ کسی کی
جگہہ پر بیٹھنا
خَلَّاق عَ بہت پیدا کرنے والا
خِلال عَ درمیان۔ فاصلہ درمیان
دو چیز کے۔ دانت کریدنے کا تنکا
خِلَالہ عَ ایک تنکا دانت کریدنے کا
خِلَّان عَ دوستان۔ یاران جمع ہی خلیل کی
خلانیدن فَ چبھانا
خلائف عَ جمع ہی خلیفہ کی
خلائق عَ جمع خلق کی
خُلَّت عَ دوستی۔ محبت
خلج عَ باہر کھینچا۔ چبھنا
خلجان عَ چبھنا۔ تردد اور تفکر اور
وسواس بھَون سے اشارہ کرنا

خلخال عَ پای زیب۔ گوجری
خلد عَ جنت۔ بہشت۔ دائم۔ اور ہمیشگی
خلش فَ زخم کرنا۔ اور جہان پر زخم ہو
وہان تک کوئی چیز کا چبھانا۔ دل مین جو
تکلیف پہونچتی رہے۔ جھگڑا
خَلّص عَ خالص۔ صادق۔ بی کھوٹ
خِلْط عَ ملی ہوئی شے۔ اور اخلاط اربعہ سے
ایک خلط یعنی خون یا صفرا یا بلغم یا سودا
خلع عَ کسی جگہہ سے نکلنا۔ کپڑا یا موزہ
نکالنا بدن سے۔ طلاق لینا عورت کا
بعوض بخشنے مہر کے یا مال دیگر
خَلْعت عَ لباس یا پوشاک جو امیر یا بادشاہ
کی طرف سے دیا جاوے
خَلَف عَ بیٹا۔ یا جاے نشین
خُلفاء عَ جمع ہی خلیفہ کی
خُلق عَ عادت۔ خو۔ سبھاؤ
خلق عَ دنیا کے لوگ۔ مخلوق پیدا
کیا ہوا
خِلْقت عَ پیدائش۔ پیدا کرنا

خلل عَ کشادگی۔ رخنہ۔ تباہی کار کی ہونی فتور پڑنا
خلو عَ خالی ہونا
خلوت عَ تنہائی۔ اور خالی ہونا مکان کا
خلوت صحیح عَ تنہا ہونا خاوند جورو کا
واسطے ہم بستر ہونیکے ایسے مقام مین
جہان پر کوئی اور انسان نہو
خُلود عَ ہمیشہ رہن۔ اور ہمیشگی
خُلوص عَ سادہ اور پاک ہونا۔ مجازاً دوستی خالص
خِلی عَ بیغم۔ بیفکر۔ خالی کار و بار سے
خلیج عَ ایک شاخ دریا کی جو تین طرف خشکی
سے محیط اور ایک طرف سمندر سے ملی ہو
خلیتہ فَ تہیلا
خلیدن فَ چبھنا۔ نیچے جانا۔ زخم کرنا
گہائل کرنا
خلیفہ عَ جای نشین۔ ولیعہد۔ کسی جگہہ پر
بعد اوسکی وفات کے مقرر ہونیوالا
خلیق عَ صاحب خلق۔ اچھی سبھاو کا آدمی
خلیل عَ دوست۔ صادق۔ سچا
خنم فَ کج۔ ٹیڑھائی

خُم عَ مٹکا شراب کا۔ پیپہ شراب وغیرہ کا
خمار عَ نشہ شراب وغیرہ کا۔ اور خمار اوڑھنی
عورتون کی
خماسی عَ وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون پانچ والا
خمان فَ کمان۔ خم ہونا۔ اور دو چیز خم شدہ
خمانیدن فَ کسیکی حرکات وسکنات
کی نقل کرنا بطور تمسخر کے
خمخانہ فَ شراب خانہ
خمر عَ شراب۔ برانڈی
خمس عَ پانچ یعنے (۵) (ہ)
خُمس عَ پانچوان حصہ یعنے (۱/۵)
خمسون عَ پچاس یعنے (۵۰) (ن)
خمسہ عَ پانچ (۵) (ہ)
خم وچم فَ اترانا۔ ناز و ادا معشوق کی
خموش فَ چپ چاپ مخفف خاموش کا ہی
خموشیدن فَ چپ رہنا چپ ہو جانا
خمول عَ گمنام ہونا۔ گمنامی
خمیازہ فَ انگڑائی
خمیدن فَ ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ کبڑا ہونا

خلل ۱۴/

خمیده ف کبڑا ٹیڑہا
خمیر ع آٹا سڑا ہوا جو اور آٹی کو پہلا دیتا ہی
خمیس ع جمعرات کا دن
خنبیدن ف تالی بجانا۔ تال دینا
خنادق ع جمع خندق کی کہائیان
خنازیر ع جمع خنزیر کی سور۔ خوک
خناس ع دیوبد شیطان۔ جو دل
مین وسوسہ ڈالے
خناق ع بیماری حلق کی مشہور ہی
خنثیٰ ع جو نہ عورت ہو نہ مرد
خنجر ف مشہور ہتیار ہی اور بمعنی
شمشیر کے بھی آیا ہی
خندان ف ہنسوڑ۔ ہنسی کرتا ہوا ہنستا ہوا
خندانیدن ف ہنسانا
خندق ف کہائی جو شہر کے چار طرف بناتے ہین
خنده ف ہنسی
خندیدن ف ہنسنا۔ قہقہہ کرنا
خنزیر ع سور
خنصر ع تیسری انگلی جسکو چہنگلی کہتے ہین

خنک ف سرد۔ ٹہنڈا۔ اور خوش
خنگ ف کونا۔ زاویہ۔ عاشق زار۔
بیخود۔ اور خنگ بدذات بدنفس اور خنگ
سپید اسپ خنگ جسکے بال سفید ہون
خنکاف خوشا۔ خوشخبری
خنگاف موٹا۔ ہٹا کٹا
خنوف بدزبان۔ پہوہڑ گفتگو مین۔
بدسلیقہ۔ پوچ
خنیاف راگ۔ ساز۔ نغمہ۔
خنیاگر ف گویا۔ ڈوم۔ مطرب
خو ف عادت۔ سبہاو
خواب ف نیند اور نیند مین جو دکہلائی دے
خوابیدن ف سونا۔ نیند کرنا
خوابانیدن ف سولانا
خواجہ ف صاحبخانہ۔ مالک گھر کا۔ سردار
پیر۔ مالدار۔ حاکم۔ صاحب جمعیت دل
۔ روح۔ وہ خدمتگار جسکا آلہ تناسل
کاٹ ڈالا جاوے
خواجہ تاش ف ایک مالک کے غلام

ایک آقا کے نوکر۔ خداوند۔ صاحبخانہ
خواجہ سرا ف وہ غلام جو نامرد ہو اور
کام زنانہ گھر کا کرتا ہو
خواجۂ فلک ف آفتاب بعضی جگہہ
اس سے مراد مشتری ہوتی ہی
خوار ف کہانیوالا مثلاً۔ شرابخوار کبابخوار وغیرہ۔ اور ذلیل اور بے اعتبار آدمی
خوارج ع جمع ہی خارج کی اور خارجی کی بھی
وہ لوگ ہین جو مخالف رافضیون کے ہین
خوارزم ع نام شہور تھا
خوارق ع جمع خارق کی۔ خلاف عادت
جو بات ہو۔ کرامت۔ معجزہ وغیرہ
خواری ف ذلت۔ بی اعتباری۔ رسوائی
خواستگاری ف خواہش۔ چاہنا۔ تمنا
خواستار ف مانگنے والا۔ خواہش
کرنیوالا۔ طلب کرنیوالا
خواستن ف چاہنا۔ خواہش کرنا
خواستہ ف زر۔ مال۔ سامان۔ جمعیت
۔ ملک۔ حسب خواہش لگے جو ہو

خواص ع جمع خاص کی
خواصی ع خدمتگاری۔ ہر وقت کی
حاضرباشی بطور خاصون کے
خواطر ع جمع خاطر کی طبیعتین۔ دل
خوان ف دسترخوان۔ کٹہرا بڑا کہانیکا
جو لکڑی کا بنا ہوا ہو
خوانچہ ف چھوٹا خوان
خواندگی ف پڑہائی۔ پڑہنا
خواندن ف پڑہنا
خوانده ف بُلایا ہوا۔ پڑہا ہوا
خوان سالار ف بکاول۔ باورچی۔
خانسامان
خوانسامان ف جو شخص کہانا کہلانیکا
سامان رکھے
خوان یغما ف خوان لوٹ کا یعنے
عام لنگر۔ سدابرت
خواه ف چاہ۔ یا مانگ
خواہش ف تمنا۔ آرزو و مال۔ اسباب
خوب ف اچھا۔ بہتر۔ نیک۔ مضبوط

خوبان ف معشوق - پری چہرہ - گروہ معشوقونکا
خوبانی ف زرد آلو خشک جسکی گٹھلی کا بادام ہوتا ہی
خوجہ ف مخفف خواجہ کا ہی خواجہ سرا نامرد غلام
خوخ ع شفتالو - آڑو
خود ف تاج - ٹوپی لوہے کی
خود ف آپ
خود کاشت ف جو شخص خود ہی مالک زمین کا ہو اور آپ ہی اوسکو بووے
خودبخود ف آپ ہی آپ
خور ف کہاؤ امر ہی خوردن سے
خوراک ف خورش کہانا
خورانیدن ف کہلانا - کہلوانا
خورجین ف چمڑیکا تھیلا
خورد ف کہایا - ریزہ ریزہ کر دیا - سزاوار لائق
خوردن ف کہانا کہانا
خوردنی ف خورش کہانا - طعام لائق کہانے کے
خوردی ف چھوٹاپن - چھوٹائی
خورسند ف خوش - راضی
خورش ف طعام - خوراک
خرّم ف خوش - راضی - شاد
خورہ ف کہ گھڑکی - بیماری - جذام
خوش ف راضی - چنگا
خوشا ف مبارکبادی خوش باش - طوبی
خوشامد ف ایسی باتین جو مخاطب کو خوش آوین
خوشدامن ف ساس جورو کی مان
خوشنود ف راضی خوش - رضامند
خوشہ ف گچھا - بال اناج کے - بُھٹا
خوشی ف شادی - سرور
خوشیدن ف سوکھنا خشک ہونا
خوض ع فکر کرنا - سوچنا
خوف ع ڈرنا - ڈر
خوفناک ف ڈرپوک ڈر کا بھرا ہوا

خوک ف مشہور حیوان ہی
خوگیر ف عادی جسکو کسی بات کی خو پڑی ہوئی ہو
خول ع چھلکا - اوپر کا غلاف
خون ف لوہو
خونریز ف خونی - خون ڈالنے والا
خونی ف جو شخص کسیکو قتل کر ڈالے
خونین ف خون سے لتھڑا - خونی
خوی ف پسینا حیوان کا - عرق بدن کا
خوید ف درخت گندم یا جو کا جو سبز ہو
خویش ف آپ اپنا - ہل - قلبہ
خویشان ف اپنے رشتہ دار - اپنے
خویشاوند ف اپنے لوگ
خویشتن ف آپ
خویشی ف اپناپن - قرابت
خوئیدن ف پکڑنا
خہے ف کلمہ تحسین کا مرکب خہ اور ای سے یعنے مرحبا - بارک اللہ - آفرین
خہ ف خوش خوشا کلمہ تحسین کا ہے
خی ف پکھال پانی کی جو سقون کے پاس ہوتی ہی
خیابان ف چمن - کیاری
خیار ع ایک قسم کی ترکاری جسکو کچا اور خام کہاتے ہین - کھیرا
خیاشیم ع پردے ناک کے جمع ہی خیشوم کی
خیاط ع سوئی - اور سوزن
خیّاط ع درزی
خیط ع رشتہ - دہاگا - ڈورا
خیاطت ع کپڑا سینا - درزی کا کام کرنا
خیال ع ایک صورت جو بیداری مین تصور کرے یا خواب مین دیکھے
خیالات ع جمع خیال کی
خیام ع جمع خیمہ کی - ڈیرے - تنبو
خیانت ع دغل ناراستی - امانت مین چوری کرنا
خیبت ع ناامیدی - نراس بے آس ہونا
خیر ع نیکی - بھلائی
خیرات ع جمع خیر کی

خیرباد ف یہ کلمہ بروقت رخصت کے کہتے ہین
مجازاً بمعنے رخصت سفر کے بولا جاتا ہی
خیرخواہ ف بھلائی چاہنے والا
خیرگی ف حیرت۔ بیحیائی۔ سرکشی۔
دلیری۔ شوخی۔ تعجب
خیریت ف نیکی۔ بھلائی۔ خیروعافیت
کشل
خیرہ رائے ف سست رائے۔
پریشان فکر
خیرہ ف آنکھون کے سامنے جو غبار ہو جاوے
شوخ چشم۔ بے شرم۔ بیہودہ۔ بیحیا۔ سرکش
شجاع۔ دلیر۔ حیران۔ سرگشتہ
خیزف ف اوٹھ
خزیدن ف آہستہ کسی جگہ داخل ہونا۔
اوٹھنا۔ کھڑا ہونا
خیسیدن ف بھگونا۔ بھیگنا
خیسانیدن ف ترکرنا۔ بھگونا
خیشوم ع ناک کے نتھنون کی ہڈی
خیط ع دھاگا۔ ڈورا۔ سوت

خیل ع سوار اور گروہ آدمیون کا۔
گلہ گھوڑون کا
خِیَم ع جمع خیمہ کی عادتین۔ نیک خوئین
یا بدخوئین
خیمہ ع خو طبیعت۔ عادت
خیوف ف تھوک۔ موںھہ کا پانی
خیون ف گروہ۔ افواج۔ گھوڑے
خیول ع گھوڑے۔ اور سواران
خیلے ف بہت۔ زیادہ

بابُ الدّال

داء ع مرض۔ بیماری
داب ع طریقہ۔ ڈھنگ۔ خو۔
خصلت
دابّہ ع رینگنے والا۔ زمین پر
چلنے والا چوپایہ وغیرہ جن پر سوار ہوتے ہین

یا اونکو لادتی ہین
دابشلیم ف ھ ع نام ہی راجہ ہند کا
جو بہت بڑا راجہ اور عادل تھا
داج ع تاریک۔ وتاریکی اور بہت تاریک
داجن ع پوشیدہ کرنے والا۔
ابر۔ گھٹا۔ گھنگور
داخل ع اندر آنے والا۔ اندرونی
داخلہ ع اندر آنیوالی۔ اندرونی عورت
داد ف انصاف۔ عدل۔ عطا۔ بخشش
دادار ف حاکم۔ عادل۔ منصف مرکب ہی
داد اور آر سے جو کہ کلمہ نسبت کا ہی
دادر ف برادر۔ بھائی۔ دوست
دادک ف مخفف دادہیگ کا یعنی بوڑھا غلام ہی
دادگر ف منصف
داداف بوڑھی باندی جو مدت سے اوس
گھر کی کنیزک ہو
دادن ف دینا
دادنی ف قرض
دار ع گھر۔ خانہ

دار ف سولی
داراف نام بادشاہ فارس کا جس سے
سکندر لڑا تھا۔ بادشاہ۔ خدائی تعالے
یعنے دارندہ۔ دولتمند
دارائی ف حکومت۔ بادشاہت خدائی
ایک قسم کا ریشمی کپڑا مشہور ہی
داربست ف لکڑی اور تختون کی پاڑ جن پر
راج و مزدور بیٹھکر کام عمارت کا کیا کرتے ہین
اور انگور یا کسی اور بیل کا ٹھٹر
دارالآخرۃ ع قیامت
دارالامان ع امن کا مکان۔ جہان پر
لڑائی اور فساد نہو
دارالامارت ع دارالسلطنت گورنمنٹ
کا صدر مقام
دارالبوار ع گھر ہلاکت کا یعنے دوزخ
دارالحرب ع وہ جگہہ جہان پر خدا کی
عبادت کرنے کی ممانعت کیجاوے
ملک کفار
دارالسّلام ع گھر سلامتی کا نام بہشت

دارالخلافہ ع راج دہانی۔ دارالسلطنت بادشاہ کے رہنے کا شہر
دارالسلطنت ع گورنمنٹ کا صدر مقام بادشاہ کے رہنے کی جگہہ
دارالشفا ع اسپتال جہان بیمارونکا علاج ہوتا ہی۔ دواخانہ
دارالصفا ع خانۂ کعبہ
دارالضرب ع جس جگہہ پیسے یا روپے یا اشرفی پر سکہ لگاتے ہین ہندی ٹکسال
دارالفنا ع دنیا۔ زمین
دارالعدالت ع کچہری
دارالعیارہ ع وہ مقام جہانپر کہوٹا اور کہرا زر پرکہا جاوے
دارالقضا ع کچہری جج کی
دارالقرار ع بہشت۔ جنت
دارالملک ع حکومت کا صدر مقام جیسے لندن ہی یعنے جہان پر بادشاہ رہتا ہو
دارچینی ف دالچینی۔ دارچینی

دارالنعیم ع ناز و نعمت کا گھر مراد بہشت
دارع ع زراہ پہنے ہوئے۔ زرہ پوش
دارفلفل ع پیپلین مشہور دوا ہی
داروغہ ف افسر سپاہیون کا محافظ
دارو ف دوا
داروگیر ف مراد حکومت رہیا اور لڑائی جنگ
دارششدر ف دنیا
دارمدار ف ٹھہراو۔ اقرار
دارین ع دنیا اور دین۔ دونون جہان۔ دنیا اور قیامت
داس ف درانتی۔ گہاس کاٹنے کا آلہ لوہے کا
داستان ف کہانی۔ قِصّہ
داشتن ف رکہنا
داعی ع بلانے والا۔ طلب کرنے والا
داعیہ ع بلانے والی عورت
داغ ف دہبّہ
دافق ع کودنے والا۔ اوچھلنے والا
دال ع دلالت کرنیوالا۔ راہ دکہلانیوالا

دالان ف بڑا کمرہ
دام ف جال۔ پہندا اور جانور صحرائی جو گہاس کہاتے ہین جیسے ہرن وغیرہ
دام ع ہمیشہ۔ ہوجیو۔ (م)
دامانع دریا۔ سمندر
دامگاہ دیو۔ ف دنیا
داماد ف جوائی۔ بیٹی کا خاوند
دامان ف دامن
دامع ع اشک ریز۔ آنسو ڈالنے والا
دامغ ع سر توڑنے والا
دامن ف انچل انگرکہے کی لٹکتے ہوئی انچل
دامن شب ف آخر شب۔ پچہلی رات
دانا ف عقلمند۔ دانندہ
دانائی ف عقل۔ دانش
دانستہ ف جان کر۔ جان بوجہ کر جانا ہوا
دانستن ف جاننا
دانش ف عقل۔ دانائی
دانق معرب دانگ کا ہی چھہ رتی وزن

دانگ ف چھہ رتی کا وزن
داو ف فریب جیتنا قمار مین۔ دیوار خواہ پختہ ہو یا کچی
داؤد ع نام ہی سلیمان علیہ السلام کے باپ کا جنکی کتاب زبور مشہور ہی
داور ف اسکی اصل مین دادور تھا دال ثانی واسطے تخفیف کے حذف ہوئی
داہ ف کنیزک پرستار۔ بددل۔ ناکس
داہیہ ع سختی زمانہ کی بلا مصیبت۔ حادثہ
دائر ع پہرنے والا۔ بقیہ چیز۔ اور اصل
دائرہ ع وہ سطح مستوی گول ہی جو محیط ہو ایک گول خط سے جسکے بیچون بیچ ایک نقطہ ہو اوس سے جو خط نکلین سب آپسمین برابر ہون۔ حلقہ
دائم ع ہمیشہ
دائن ع قرض دینے والا
دائما ع ہمیشہ۔ ہر وقت
دائمی ع ہمیشہ۔ ہر لحظہ۔ ہر وقت
دایہ ف وہ عورت جو بچہ کو پرورش کرتی ہی

دباغت ع چمڑے کو پکانا - یا درست کرنا - اور پاک کرنا
دبدبہ ف ٹیپ ٹاپ - ڈھول کی آواز
دُبر ع پشت پیچھا ہٹنے کا - مجازاً مقعد
دبستان ف مکتب مدرسہ اصل مین ادبستان ہی
دبقی مب کپڑا دیبا - یعنے دبیک جو ایک شہر مصر مین ہی اوسکا کپڑا
دبیب ع آہستہ چلنا زمین پر
دبیر فلک ف عطارد ستارہ
دبیر ع کاتب منشی - نویسندہ
دبیز ع موٹا - دلدار
دِثار ع وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنا جاتا ہی مثلاً چغہ یا چادر وغیرہ
دجّال ع مخالف حضرت عیسیٰ کا
دجاجہ ع مرغی
دجلہ ع نام ایک ندی کا جو بغداد کے نیچے بہتی ہی
دُخان ع دھوان

دخت ف مخفف دختر کا - لڑکی - بیٹی
دختر ف لڑکی - بیٹی
دخترک ف چھوٹی لڑکی - بیٹی
دُختندر ف دختر دوسرے مان کے پیٹ کی یا دختر دوسرے باپکی نسل
دَخل ع آمد - آمدنی - اندر آنا کچھ اپنا تصرف کرنا
دُخول ع گھسنا - اندر جانا - گھسیڑ دینا
دَخیل ع دخل دینے والا
دد ف درندہ جانور جیسے شیر بھیڑیا
در ف اندر - بیچ مین
دُر ع موتی - جوہر
درا ف گھنٹہ - گھنٹالا - زنگولہ - جرس - اندر آ
درّاج ع تیتر پرند مشہور ہی جو اکثر جھاڑیون مین ملتا ہی
دراز ف لمبا
درازشدن ف سونا - لیٹ جانا
درازدستی ف ظلم - اور بے انصافی

درازنفسی ف بہت کہنا - کلام کو طول دینا
درازگوش ف گدھا
درافتادن ف کسی شخص کے ہمراہ کسی بات مین بحث کرنا - باہم جھگڑنا
درام ف سیہ - ساہی خار دار جانور ہوتا ہی
درآمدن ف آنا - اندر آنا
درآوختن ف لٹکنا - لٹک جانا
دراہم ع جمع ہی درہم کی
دِرایت ع دانائی - عقل - دانش
درباب ف بابت
درباختن ف ہار دینا
دربار ف کچہری بادشاہی
دربارہ ف بابت
دربان ف دروازہ کا چوکیدار
دربدر ف ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر جانا
دربند ف پل دریا کا - بند رہ

فاصلہ درمیان دو ولایت کے - نام قلعہ اور قلعہ دروازہ
درپیش ف سامنے
دَرج ع داخل کرنا - لپیٹنا کاغذ کا
دَرَج - درجات ع جمع درجہ کی
دُرج ع ڈبہ جسمین زیور وغیرہ رکھتے ہین
درجہ ع رتبہ اور تین سو ساٹھوان حصہ کرہ کا
درخشش ف بجلی - روشنی
درخشان ف چمکتا ہوا - جگمگاتا ہوا
درخشیدن ف چمکنا - اور روشنی دینا
درخور ف لائق سزاوار
درخواست ف خواہش - عرضی
درد ف دکھ
دُرد ف تل چھٹ - گاد
دَرد مند ف دکھی - دکھ والا
دردا ف افسوس
دُرر ع جمع ہی دُرّہ کی یعنے موتی مروارید
درز ف شگاف - تہڑ

درزن فَ سوئی
درزی فَ سینے والا
درساعت فَ فی الفور
درس عَ سبق پڑہنا۔ کہنہ کرنا
درست فَ ٹہیک چست۔ واجبی
اشرفی۔ درم۔ اور دینار
درشت فَ سخت۔ کہردرا
درشتی فَ سختی۔ بدخلقی۔ پہلوانی
درع عَ زرہ جو لڑائی کے وقت پہنتے ہین
درفش فَ موچی کا آلہ جہنڈا۔ بجلی وہ
کپڑا جو علَم پر باندہتے ہین
درفشیدن فَ چمکنا۔ کانپنا
درک عَ پانا۔ معلوم کرنا
درکہ عَ تہ نشیب یہ مقابل ہی درجہ
کے۔ طبقہ دوزخ کا
درکات عَ جمع ہی درکہ کی منازل
دوزخ۔ دوزخ کے درجے
درکار فَ کام ہین۔ ضرور۔ خواہش
درکل فَ تمام۔ بالکل

درگاہ فَ دربار۔ کچہری۔ مقبرہ
درم عَ روپیہ۔ درہم
دَرّاج فَ خرگوش مشہور جانور صحرائی ہی
درمان فَ علاج۔ دوا۔ دارو۔ لاچار
درماندہ۔ اور چہوڑ دے
درماندن فَ عاجز ہونا۔ لاچار ہونا
درماندہ فَ لاچار۔ عاجز
درماہہ فَ تنخواہ۔ ماہواری
درمیان فَ بیچ
درندہ فَ پہاڑنے والا
درنگ فَ دیر
درو فَ اوسکے بیچ
دُرود فَ تحفہ۔ دعا۔ رحمت۔ استغفار
۔ تعریف
درودگر فَ بڑہئی۔ باڑہی۔ نجار
دروازہ فَ گہر کا در
درودن فَ کاٹنا۔ کہیتی کاٹنا
درون فَ اندر۔ بہیتر
دروش فَ نشتر حجام کا جس سے فصد کہولتے ہین

دروغ فَ جہوٹ۔ بہتان
دروغگو فَ جہوٹا
درور عَ روان ہونا پسینے کا اور
دودہ وغیرہ کا
درون فَ اندر۔ بیچ
درودن فَ کاٹنا۔ کہیتی کا۔ اور
لکڑیکا تراشنا
دروبزہ فَ گدائی۔ بہیک مانگنا بہیک
دروبست فَ سب۔ تمام۔ بدون
کسی دوسرے کے تصرف کے
درویش فَ فقیر۔ اسکی اصل مین درویز
تہا زا کو شین سے بدل لیا۔ اور درویز
اصل مین دریوز تہا بمعنی آویزندہ
از در بہیک مانگنے والا
دَرّہ فَ کشادگی جو درمیان دوکوہ ہو
دَرْہم فَ ملا جلا۔ گڑبڑ
دِرْہم عَ ساڑہے تین ماشہ کا وزن
دُرّی عَ ستارہ۔ بڑا روشن
دَری فَ ایک قسم فارسی زبان کی

دریا فَ بڑا نالا جاری پانی کا جسمین
کشتی لگائی جاوے
دریابار فَ بڑا دریا
دریافتن فَ پانا۔ تحقیق کرنا
دریافت فَ تحقیق۔ یاد
دریتیم عَ بڑا موتی آبدار جو تنہا صدف مین ہو
دریچہ فَ کہڑکی
دریدہ فَ پہٹا ہوا
دریدن فَ پہاڑنا
دریغ فَ افسوس حسرت غم
دریغا فَ دریغ۔ افسوس حسرت
دراین فَ درمیان اسکے
دریوزگی۔ دریوزہ فَ بہیک
مانگنا۔ گدائی
دُزد فَ چور۔ چوری کرنے والا
دزدیدن فَ چورانا
دُزدی فَ چوری
دزدحنا فَ وہ سفیدی جو ناخن پایرمین
بعد لگانے حنا کے باقی رہجاتی ہی

دژ - وژ ف قلعہ - گڑہی - اور وژ
بالاخانہ - چوبارہ
دژم ف غمگین - افسردہ - بیمار - سرمست
دژمان ف افسوس اور دریغ اور
حسرت رکھنا
دساتیر ع جمع ہی دستور کی
دست ف ہاتھ - فائدہ - فتح - مسند
قوت - قدرت - طرز - روش قاعدہ
ایک چیز تمام - دفعہ - وزیر
دست افزار ف ہتیار کاری گر کا
دستار ف پگڑی - رومال
دستارخوان ف دسترخوان
جسپر کہانا رکھکر کہاتے ہین
دست انداز ف لٹیرا - ظالم
دستان ف جمع دست کی بہت
ہاتھ اور رستم باپکا نام ہی - اور فریب
مکر اور حیلہ - اور گیت - اور نغمہ
- حکایت کی کہانی
دستانہ ف غلاف ہاتھ کا

دست آویز ف سند جس سے اپنا
مطلب ثابت کر سکین
دست برد ف مال لوٹ - بازی -
قدرت - دلیری - غلبہ فتح
دست بسر ف متحیر - افسوس کرنیوالا
سلام کرنا
دست برنجن ف کڑے جو ہاتھ مین
پہنتے ہین
دست بستہ ف بخیل کنجوس نمازگذار
دست بقچہ ف گٹھڑی کپڑونکی
دست پناہ ف لوہے کا دست پناہ
جس سے آگ پکڑتے ہین
دستخط ف نشان کرنا اپنے نام کا
دسترس ف پہنچ - قدرت - تونگری
دستک ف تالی - ہاتھ پر ہاتھ مارنا
دستکار ف کاری گر - ہاتھ کا
چالاک -
دستکاری ف کاری گری
دستگاہ ف قدرت جمعیت سامان

دستمال ف وہ رومال جس سے ہاتھ
پونچھتے ہین - صافی - زبون - قیدی
دست مرد ف یار و مددگار
دست مزد ف اجرت - اور
مزدوری بدلا نیکی یا بدی کا
دستنبویہ ف گلدستہ سونگھنے کا
خوشبو یا میوہ جو سونگھا جاوے
دستور ع وزیر - منشی - رخصت -
اجازت صاحب مسند - قاعدہ
دستہ ف قبضہ چھری یا تلوار وغیرہ کا
یار و مددگار - گروہ آدمیون وغیرہ کا
دستیار ف مددگار - مدد
کرنے والا شاگرد - زیردست
دسم ع چربی دسم چرب
دشت ف صحرا بیابان
دشخوار ف مشکل - کٹھن
دشمن ف بیری - حریف
دشمن کام ف وہ شخص جو حسب مراد
دشمنونکے خراب اور ذلیل ہو

دشنہ ف کٹاری - خنجر کی قسم ہی
دشوار ف مشکل جو آسان نہو
دعا ع مانگنا - خواہش کرنا
دعات ع جمع داعی کی چاہنے والی
دعائم ع ستون عمارت کے پایے
تخت کے جمع دعامہ کی ہی
دعوی ع جو چاہا جاوے - خواہش
دعوت ع بلانا واسطے کہانا دینے کی
دغا ف فریب
دغاباز ف فریبی
دغدغہ ف خوف - تشویش خاطر
دہکڑ - پکڑ
دغل ع فریب کھوٹ - عیب - دغا
دف ع ڈہپڑی بجانے کی
دفالی ع سازندہ - کلاونت - ڈوم
دفاتر ع جمع ہی دفتر کی مجموعہ
کاغذات کا
دفائن ع جمع دفینہ کی مال مدفون
دفتر ع مجموعہ کاغذات کچہری کا

دفتین ع شانہ جولاہہ کا۔ اور پٹھے کتاب کے۔ مقوے
دفتی ف پٹھہ کتاب کا
دفع ع دور کرنا۔ ہٹانا
دفعتاً ع ایکبارگی۔ ایکدفعہ
دفعات ع جمع دفعہ کی
دفعہ ع ایکبار
دفق ع ڈالنا پانیکا۔ مٹی ڈالنا۔ اوچھلنا پانیکا
دفینہ ع گڑاہوا مال
دَق ع کوٹنا۔ آٹا بنادینا
دِق ع باریک اور باریک ہونا
دقاق ع جمع ہے دقیق کی باریکیان
دقائق ع جمع ہے دقیقہ کی مشکل اور باریک اور لطیف چیزین
دِقّت ع باریکی۔ مجازاً تکلیف
دقیق ع باریک مجازاً مشکل
دقیقہ ع باریک چیز اور اصطلاح مین ساٹھوان حصہ درجہ کا
دُکّان ع ہٹی۔ دوکان

دکاکین ع جمع ہے دکان کی
دکانچہ ف چھوٹی دُکان
دوگانہ ف دو رکعت نماز۔ دوہری چیز
دگر ف اور۔ چیز۔ اور شخص
دگرگون ف اورطرح۔ اورہی طرح
دل ف من۔ دل
دلاسا ف دل لگی۔ تسلی
دلّال ع راہ نمودن اور وہ شخص جو سودا کروادے
دلالت ع راہ دکھلانا
دلالہ ع راہ دکھلانیوالی عورت اور کٹنی۔ اور نکاح کروانے والی
دلّالی ع حق دلال کا۔ یا حق دلالہ کا
دلاور ف دل چلا آدمی۔ بہادر
دلاوری ف بہادری
دل جمع ف خاطر جمع۔ ڈھارس
دلاویز ف دلپسند۔ جو دلکو بھاوے
دلائل ع جمع ہے دلیل کی
دلبازی ف بے سوچ شتابی کرنا۔ بیخوف خطرہ مین پڑنا

دلپذیر ف دلپسند
دلبر ف معشوق
دلبری ف معشوق پن
دلبستہ ف دل لگاہوا
دلبستگی ف دلکا لگنا۔ علاقہ دلکا
دلبند ف دلکا ٹکڑا۔ مجازاً فرزند
دلپسند ف وہ شے جو دلکو پسند ہو
دلتنگ ف بخیل۔ کنجوس
دلدار ف معشوق۔ پیاری۔ پیارا
دُلدُل ع نام اوس مادہ خچر کا ہے جو سفید بسیاہی مائل تھی اور حاکم اسکندریہ نے پیغمبر خدا کو دی تھی اور اونھون نے حضرت علی کو بخش دی تھی
دلدوز ف دلمین گھس جانے والا
دلخستہ ف رنجیدہ۔ دل چھلا ہوا
دلربا ف معشوق۔ محبوب
دلفین ع ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہے
دلق ع گدڑی۔ پشمینہ کا لباس جو فقیر پہنتے ہین

دَلک ع ملنا۔ بدنکا ملنا۔ رگڑنا
دَلو ع ڈول۔ بوکا
دلیرانہ ف دلیر کے مانند
دلیر ف دل چلا۔ چالاک
دلیل ع راہ دکھلانیوالا۔ وجہ ثبوت
دمادم ف پی درپے۔ دم بدم۔ ہر ہر پل
دمار ف مغز۔ ہلاک جس چیز کی آدمیون کو حاجت ہو اپنی زندگانی مین۔ دہوان سانس۔ دم
دماغ ف مغز کا گودا۔ تکبر وغرور
دمان ف وقت اور زمانہ اور غل کرتا ہوا خوشی۔ یا غصہ مین۔ تند وتیز
دمامہ ف نقارہ۔ دہونسا۔ اور نفیری
دمامیل ع جمع ہے دمل کی پھوڑے پھنسیان
دمبدم ف ہر دم۔ ہر ساعت۔ ہر لحہ
دم باز ف فریبی۔ دغاباز
شفاف ع وہ صاف شے جسکے آر پار نظر گذر سکے جیسا کہ شیشہ بلور وغیرہ ہوتے ہین
شفق ع سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کنارون پر دکھلائی دیتی ہی
شفتالو ع مشہور میوہ ہی اور بوسۂ معشوق کو بھی کہتے ہین
شفاہ ع جمع ہی شفت کی لب - ہونٹ
شفرہ ع رانپی چمڑہ کاٹنی کا اوزار - چھری
شفوی ع وے حروف جو ہونٹ سے نکلتے ہین جیسا م ب و وغیرہ
شقرت ع رنگ زردی مائل جسمین تھوڑی سرخی ہو
شقاوت ع بد بختی
شقدار ع حاکم دیہات کا - پرگنات کا حاکم
شقائق ع لالہ کے پھول اوسکا مفرد بھی اور جمع بھی یہی ہی فرش گلدوز
شق ع شگاف - اور چیرنا
شقیق ع برادر - بھائی
شکوی ع گلہ - اور گلہ کرنا
شکیبا ف صبر کرنے والا
شکرلب ف معشوق
شکستن ف توڑنا - ٹوٹنا
شکیبیدن ف صبر کرنا
شکوخیدن ف ٹھوکر کھانا
شکیب ف صبر و آرام
شگفت ف تعجب عجیب - وغریب
شکایت ف گلہ کرنا
شکنج ف پیچ و تاب - شکن
شگفتن ف کھلنا کلیون کا
شکل ع صورت
شکیل ع وضع دار - شکل دار
شکوہیدن ف غرور کرنا - اپنی بڑائی کا اظہار کرنا
شکولیدن ف پراگندہ کرنا

شکوہ ف بزرگی - شان و شوکت
شکنجہ ف عذاب اور ایک قسم کا اوزار ہی جسمین مجرم کو عذاب اور دکھ دیتے ہین
شکم بندہ ف حریص - لالچی
شکرتری ف کھانڈ سفید - بورہ سفید
شگرف ف زیبا - نیک - عجیب بزرگ
شگال ف گیدڑ مشہور جانور صحرائی ہی
شگن ف شگون - سانون - فال
شلاق ت تھپڑ مارنا - تگی مارنا - لکڑی سے مارنا - کوٹنا - مجازاً شوخ و فتنہ انگیز
شلنگ ف کسی جگہ سے کودنا - کرچھا مارنا
شلک ت چند بندوق کی آواز کا ایکبارگی سے ہونا
شل ع جسکے ہاتھ و پانون حرکت نکرسکین - سست
شلہ ت ایک قسم کا کھانا ہی چاول کو شوربہ مین بطور رہریہ کے بہت گلا کر پکاتی ہین ناواقف لوگ اوسکو شولہ کہتے ہین
شلہ ت فرج - کس لتہ حیض کا
شماتت ع برائی پر خوش ہونا
شمشاد ف نام ایک درخت کا جسکی لکڑی نہایت محکم اور خوش نما ہوتی ہی
شمشیر ف تلوار لغوی معنی (ناخن شیر) کی ہین چونکہ تلوار مشابہ ہی شیر کے ناخن کے اسلیے شمشیر نام ہوا
شمس ع سورج
شموس ع سرکش - بدخو -
شموس جمع ہی شمس کی
شماس ع سورج کا پوجاری - آفتاب پرست اور نام اوس شخص کا ہی جسنے آتش پرستی کا طریقہ ایجاد کیا تھا
شمع ع موم
شموع ع جمع شمع کی
شمول ع شامل ہونا - محیط ہونا - گھیر لینا کسی چیز کا
شمال ع وہ ہوا جو قطب شمالی سے چلتی ہی
شمال ع بائیان ہاتھ - دست چپ عادت قطب شمالی کی سمت - چونکہ عرب لوگ کعبہ کو

ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے ہین کہ
مونہہ اوسکا جانب مشرق کی ہے اور پشت
اوسکی مغرب کی طرف ہے تو اسی سبب سے چونکہ
قطب شمالی بائین ہاتھہ پر واقع ہوا اور شمال
کے معنی بائین ہاتھہ کے ہین اسلیے اوسکا نام
شمال رکھا اور دبور اوس ہوا کو کہنے لگے
جو اسکی دبُر یعنے پشت سے آتی ہے۔
شمائل ع خصلتین۔ عادتین۔ خوئین
شمیم ع خوشبودار ہوا۔ سونگہنا
شمائم ع خوشبوئین جو سونگہی جاوین
شماسیان ف آتش پرست لوگ
شمیدن ف سونگہنا۔ بو سونگہنا
شمیدہ ف بیہوش پریشان
شِمّہ ع تہوڑا
شمردن ف گننا۔ شمار کرنا
شنُوَ ف سُننے والا۔ اورسن
شِناف ف تیرنا۔ ورزش کرنا۔ ڈنڈ پیلنا
شناعت ع بدی۔ طعنہ۔ برائی
شنیع ع بد۔ زبون

شنائع ع بدیان۔ برائیان
شنیدن ف سننا۔ سونگہنا
شناختن ف پہچاننا
شنفتن
شنودن } ف سننا
شِوا ع بُھنا ہوا۔ بریان گوشت
شوریٰ ع مشورہ۔ مشورت۔ صلاح۔ کمیٹی
شوائب ع جمع ہے شائبہ کی۔ ریوش
آلودگی
شوربخت ف بدبخت۔ بدنصیب
شوکت ع قوت۔ تیزی۔ شدت
شوامخ ع بلندیان۔ جمع ہے شامخہ کی
شواہد ع جمع ہے شاہد کی۔ گواہ
شور ف فتنہ۔ غل۔ شہرت آواز
شونیز ف کلونجی مشہور دوا ہے
شوارع ع راہیں۔ راستی بڑے راستی
شواہق ع بلندیان۔ بلندیہا
جمع ہے شاہقہ کی
شہوق ع بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ اوبھرنا

شوارق ع روشن چیزین۔ روشنیہا
شوّال ع دسوان مہینا مسلمانون کا
شورغال ت روزینہ۔ مدد معاش الغام
شوم ف منحوس بدفال۔ بد
شورچشم ف جسکی نظر سے ضرر پہنچے
اور آدمی بیمار ہو جاوے۔
شومی ف نحوست
شہرخدا ف ماہ رجب۔ ساتوان مہینا
قمری مسلمانون کا
شہلا ع وہ عورت جسکی آنکھین بہیڑی کے
مانند ہون میش چشم عورت۔ اور ایک
قسم نرگس پہول کی ہے جسکا پہول بجائے
زرد ہونے کے سیاہ ہوتا ہے اوسی سے
تشبیہ انسان کی آنکھہ کو دیتے ہین اور
شہلا سیاہ چشم جو مائل بسرخی ہو
شہاب ع رنگ سرخ۔ ستارہ روشن
جو آسمان سے بطور آتشبازی کے
چھوٹتا ہوا ہوتا ہے۔ اور شعلہ
آگ کا جو بلند ہو

شہوت ع خواہش۔ آرزو و شوق۔
لذت۔ نفع۔ بھوک۔ خواہش جماع
شہامت ع بزرگی۔ بڑائی توانائی
چستی۔ دلیری
شہادت ع گواہی۔ خدا کے نام
پر کشتہ ہونا
شہربند ف فصیل۔ حصار۔
قلعہ۔ قید خانہ
شہید ع گواہ کُشتہ شدہ۔ مارا ہوا خدا کی راہ
شہود ع حاضر ہونا۔ اور جمع شاہد کی بھی ہے
شہر ع مہینا۔ ماہ
شہریور ف ماہ کوار۔ کوار کا مہینا۔
یعنے جب آفتاب برج سنبلہ مین ہو
شہریار ف بادشاہ
شہور ع جمع ہے شہر کی۔ مہینے
شہیر ع مشہور
شہرتاش ف ایک شہر کا
باشندہ ہم شہر ہمسایہ

شہیق ع گدہو کی آواز اور روتی وقت گلی کی آواز کا بند ہو کر نکلنا
شہ ف بادشاہ
شہنشاہ ف بڑا بادشاہ یہہ مخفف ہی شاہان شاہ کا
شہنائی ف نام ایک ساز کا ہی جسکو سرنا کہتے ہین نفیری
شہی ف بادشاہی
شہوی ع | منسوب بشہوت خواہش کا
شہوانی ع |
شیدا ف دیوانہ ـ آشفتہ
شیخوخت ع بڑہاپا ـ پیری ـ پچاس برس سے آخر عمر تک شیخوخت کہلاتا ہی
شیب | ع بڑہاپا پیری
شیبت |
شیث ع نام بیٹے آدمؑ کا
شیخ ع بوڑہا ـ صاحب ـ بڑا عالم
شید ع مکر ـ فریب
شیخ نجدی ع لقب ہی شیطان کا
شیرزہ ف قوت ـ قدرت ـ طاقت
شیرژیان ف شیر درندہ

شیرہ ف چیپ لیس شیرینی پتلی
شیرین ف میٹھا ـ اور نام معشوقہ فرہاد کا عزیز نایاب
شیشہ ف کانچ
شیطان ع دشمن خدا کا
شیعہ ع قوم ـ گروہ مشہور پیرو علیؓ کی جو صحابہؓ کو نہین مانتے ہین
شیفتن ف عاشق ہونا ـ مدہوش ہونا
شیفتہ ف عاشق مدہوش
شیمہ ع طبیعت ـ خو ـ عادت
شیوخ ع جمع ہی شیخ کی
شیوع ع ظاہر اور آشکار ہونا ـ رواج پانا ـ عام ہونا
شیون ع جمع ہی شان کی ـ طرز ـ طور ـ شانین
شیوہ ف طریق ـ طور ـ دستور
شی ع چیز

باب الصاد

باب الصاد

صابر ع صبر کرنیوالا ـ سنتو کیا
صابون ع صابن جس سے کپڑی دہوتے ہین
صاحب ع مالک یار ـ خداوند
صاحب قِران ع وہ شخص جسکی ولادت کی وقت زحل اور مشتری کو قران ہوا ہو یعنے یہ دونون ستارے ایک برج مین ہون یہہ بات بہت دونون ہوتی ہی امیر تیمور کا لقب صاحبقران ہی
صاحبہ ع سہیلی ـ جورو ـ عورت جو ہمصحبت ہو
صادر ع نکلنے والا ـ ایک جگہہ سے باہر نکلنی والا
صادق ع سچا ـ اور درست آجانا معنی کا کسی شے پر
صارخ ع چیخنے والا ـ چلّانے والا
صاع ع ایک وزن ہی دوسو چونتیس (۲۳۴) تولہ کا
صاعقہ ع بجلی جو ابر سے زمین پر گرتی

صاف ع بیغش ـ بے ملاؤ
صافن ع ایک رگ کا نام ہی جو پنڈلی مین ہوتی ہی ـــــ
صافی ع صاف بیغش بے کہوٹ ـ کپڑا چہاننے کا
صالح ع نیک ـ جو گنہگار نہو
صامت ع خاموش چپکا مراد چاندی سونے کی ہی
صانع ع کاریگر بنانے والا
صائب ع رسا پہنچنی والا ـ درست اور بسیار جو ہو
صائم الدہر ع وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکہی
صائم ع روزہ دار ـ روزہ رکہنی والا
صب ع ڈالنا ـ گرنا ـ عاشق
صبا ع وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہی پروا ہوا
صباح ع صبح ـ تڑکا ـ خوب ـ
صبّاح ع حسین خوب صورت
صباحت ع خوبروئی سفید رنگ ہونا
صبّاغ ع رنگریز ـ رنگنے والا

صُبح ع فجر۔ تڑکا
صید ع شکار۔ شکار کرنا
صِبر ع ایلوا مشہور تلخ گوند ہی
صبغ ع رنگنا۔ رنگ کرنا
صَبُور ع وہ شخص جو صبر کرے
صبی ع لڑکا جو دودہ نہ پیتا ہو
صَبُوری ع صبر۔ شتابی نکرنا
صبیان ع جمع ہی صبی کی لڑکے
صبیح ع خوبصورت۔ سفید رنگ
صَبیّہ ع لڑکی۔ دختر
صحاب ع جمع ہی صحب کی یار لوگ
صحابت ع یار ہونا۔ یاری کرنا۔
صحبت میں رہنا
صَحَارِی ع جمع ہی صحرا کی
صِحَاف ع بڑے بڑے پیالے
۔ برتن
صَحّاف ع کتاب کی جلد بنانے والا
صحائف ع جمع ہی صحیفہ کی کتابین
رسالے

صحب ع جمع صاحب کی یار
صُحبت ع یاری۔ پاس رہنا
صحت ع تندرستی
صحرا ع وہ جنگل جسمین درخت نہو
میدان۔ ریگستان
صحن ع بڑے تھال۔ طباق کلان
۔ گھر کا آنگن
صحو ع ہوشیاری۔ اور ہوشیار ہونا
مستی سے آسمان مین ابر اور غبار کا نہونا
صحیح ع تندرست چنگا۔ پاک عیب سے
صحیفہ ع کتاب۔ رسالہ
صخرہ ع پتھر سنگ بڑا۔ نام اوس
پتھر کا ہی جو بیت المقدس مین ہی اور
نام ایک دیو کا ہی جو سلیمانؑ کی انگوٹھی
لے گیا تھا
صَدَف ع ایک سو اصل اسکی سد ہی
صَدَا ع آواز۔ اور گونج
صدارت ع بالانشینی نام ایک عہدہ کا شروع کرنا
صُداع ع دردسر

صداق

صُداق ع مہر عورت کا۔ کابین
صداقت ع دوستی۔ سچا پن
صدبات گنکھجورا
صد برگ ف گیندا مشہور درخت پھولکا ہی
صَدَد ع مقابلہ۔ نزدیکی قصد کرنا درپی ہونا
صَدْر ع سینہ ہر شی کے اوپر کا
رتبہ بالانشین
صدف ع سیپی اور چھوٹا پیالہ شراب کا
صدق ع سچائی۔ سچ
صَدَقہ ع خدا کی نام پر جو فقیرونکو دیا جاوے
صُدُور ع سینے۔ چھاتیان بالانشینیان
کسی جگہہ سے باہر نکلنا
صِدّیق ع بہت سچا۔ لقب ابوبکرؓ خلیفہ
اول کا بمعنی تصدیق کرنے والا
صَدِیق ع دوست۔ دوستان مفرد
وجمع اسکی یکسان ہی۔
صراحت ع آشکارا ہونا۔ ظہور
صُراحی ع شراب یا پانی رکھنے کا
برتن۔ بوتل ـــ

صراخ ع چیخنا۔ چنگھاڑنا
صِراط ع راہ راست۔ رستہ سیدھا۔ راہ
صرّاف ع وہ شخص جو نقدی کی
تجارت کرتا ہی
صَرصَر ع بادتند۔ آندہی
صرع ع مرگی۔ بیماری مشہور ہی
۔ اور پچھاڑنا
صرف ع ہر شے خالص شراب خالص
جسمین پانی نہ ملا ہو
صَرف ع خرچ کرنا۔ توبہ۔ گردش زمانہ کی
صَرفہ ع تنگی خرچ مین کرنا۔ فائدہ
افزونی
صَرفی ع وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو
صُرہ ع تھیلی۔ ہمیان
صریح ع ظاہر۔ آشکارا
صعاب ع جمع ہی صعب کی دشواریان
صَعب ع دشوار سرکش
صُعلوک ع فقیر۔ درویش
صُعُوبت ع دشواری مشکل ہین

صُعُوْد ع بلند چڑھنا - اوپر چڑھنا
صعوہ ع ممولا پرند مشہور ہی
صَعِیْد ع خاک - روی زمین - مٹی
صِغار ع جمع ہی صغیر کی چھوٹے - خرد
- کوچک - خوار لوگ
صِغارت ع چھوٹائی - خردی
- چھوٹاپن
صِغر ع خردی - چھوٹائی
صغریٰ ع چھوٹی جو شی ہو - چھوٹی عورت
- اصطلاح مین پہلا قضیہ شکل کا
صغیر ع چھوٹا - خرد
صَفّ ع قطار - پرہ آدمیون کا - لَین
صَفَا ع صفائی - دوستی - نام ایک
پہاڑی کا ہی مکّہ مین
صِفَات ع جمع ہی صفت کی
صِفَار ع جمع ہی صفر کی
صِفَت ع بیان حال کا - علامت
- نشان - گُن - تعریف
صفحہ ع ایک رخ ورق کا

صفدر ع صف لشکر کو پھاڑنے والا
صِفر ع خالی ہونا - خالی
صفرا ع زردیت
صفراوی ع منسوب صفرا سے
یعنے صفرا کا
صُفرَت ع زردی
صفوف ع جمع ہی صف کی قطارین
صَفِی ع برگزیدہ - دوست خالص
لقب آدم عَلَیہِ السلام کا
صَفِیر ع آواز پرندون کی
صَلَا ع دعوت عام کرنا - آواز دینا
واسطے ضیافت کے
صلابت ع سختی
صَلات ع نماز درود - دعا
صِلات ع بخشش عطا - انعام
جمع ہی صلہ کی
صلاح ع نیکی - مصالحہ - باہم صلح ہونا
صلاحیت ع نیکی - پارسائی
صلب ع سخت - کڑا

صلب ۲۶

صُلب ع فقری پیٹھ کی - پشت کی استخوان
صُلبی ع پشتی - نسلی
صالح ع آشتی - ضد فساد کی
صُلحا ع جمع ہی صالح کی نیک آدمی
صَلَوات ع جمع ہی صلوٰۃ کی نمازین
- درود - دعائین
صِلۂ رحم ع محبت رکھنی اپنی رشتہ دارون سے
صِلہ ع بخشش عطا - انعام
صلیب ع سولی - چلیپا
صمت ع خاموشی چپ چاپ
صَمصَام ع شمشیر بُران - تیز تلوار
صمغ ع گوند
صمم ع بہرا پن - ناشنوائی - گرانی کان کی
صَنج ف چنگ ایک باجہ مشہور ہی
صناعت ع کاری گری
صنائع ع جمع ہی صنعت کی کاری گریان
صَندل ع مشہور خوشبو دار لکڑی ہی
صندوقچہ ف چھوٹا صندوق
صَنع ع کاری گری

صنعت ع کاری گری
صنف ع قسم - نوع مقید بصفات
صنم ع بت مجازاً معشوق
صنوبر ع چیڑ کا درخت
صنوف ع جمع ہی صنف کی
صواب ع راست - درست —
برخلاف خطا کے
صوابدید ف صلاح - وتجویز درست
صوارف ع حادثے - گردشات
زمانہ کی جمع ہی صارفہ کی
صوارم ع جمع ہی صارم کی تلوارین
کاٹنے والیان
صواعق ع جمع ہی صاعقہ کی بجلیان
صوامع ع جمع ہی صومعہ کی بتخانے
- عبادت خانے
صَوب ع طرف - جانب
صوبہ ع بادشاہت کا ایک حصہ
صوبہ دار ف حاکم صوبہ کا
صوت ع آواز - سیلیبل انگریزی مین

صُوَر ع جمع ہی صورت کی صورتین
صُورَت ع تصویر۔ شکل
صورت گری ف صورت بنانا
صُورِیْ ع ظاہری
صُوف ع پشم۔ اون
صوفی ع پشم پوش۔ اون کا کپڑا پہننے والا۔ فقیر
صُول ع حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا۔ کسی پر جھپک کر جانا
صَوْلَت ع دبدبہ۔ رعب ہیبت
صُولجَان ع گلی۔ چوگان۔ سر کج کیا ہوا ڈنڈا
صَوم ع روزہ
صَوْمعہ ع عبادت خانہ
صَہبَا ع شراب انگوری۔ برانڈی شراب
صَیَّاد ع شکاری۔ شکار کرنیوالا۔ مراد معشوق سے ہی
صِیَانَت ع بچانا۔ بچاؤ۔ حفاظت نگاہبانی
صِیت ع آوازہ۔ شہرت ذکر خیر
صَید ع شکار۔ وہ جانور جسکو شکار کرین اور شکار کرنا
صیغہ ع ڈھالنا زر کا۔ لفظ بنا ہوا۔ نکاح
صَیف ع موسم گرمی کا گرما
صیقل ع زنگ دور کرنا۔ صاف کرنا

بَابُ الضَّادِ

ضابط ع انتظام کرنیوالا
ضابطہ ع قاعدہ۔ دستور
ضاحک ع ہنسنے والا
ضار ع مُضر۔ ضرر پہنچانے والا
ضارب ع مارنے والا
ضاری ع شکار کی پیچھی دوڑنے والا کتا وغیرہ

ضال ع گمراہ۔ راہ بھٹکا ہوا
ضَامِن ع خاطر جمع کرنیوالا۔ درگیرندہ وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو
ضان ع بھیڑی میش
ضائع ع کھویا ہوا۔ بیفائدہ کھویا گیا۔ برباد ہوا
ضبط ع نگاہ رکھنا ہر شے کا اوسکی حد پر۔ انتظام
ضَبُع ع کفتار۔ بجّو
ضُحیٰ ع دو پہر دن چڑھے کا وقت
ضحاک ع نام ایک بادشاہ کا ہی
ضخامت ع موٹا ہونا جسامت۔ موٹاپا
ضد ع برخلاف۔ برعکس فرق
ضرب ع مارنا
ضرب المثل ع کہاوت
ضربہ ع چوٹ
ضرر ع تکلیف۔ دُکھ
ضرس ع ڈاڑھ بڑی دانت اندر کی جبڑی مین
ضرور ع اچت جسکا ہونا ہی چاہیئے
ضرورت ع جسکے بدون کام نہ چلے۔ حاجت
ضعف ع ناتوانی۔ ناطاقتی
ضُعَفَا ع جمع ہی ضعیف کی
ضعیف ع ناتوان۔ ناطاقت۔ بوڑھا
ضغط ع بھنچنا
ضفادع ع جمع ہی ضفدع کی مینڈک
ضِفدع ع مینڈک
ضل ع گمراہ۔ نامعلوم شخص
ضلالت ع گمراہی
ضِلع ع پسلی پہلو کی ہڈی سلطنت کی شاخ
ضلوع ع جمع ہی ضلع کی
ضلیل ع گمراہ۔ راہ بھولا ہوا۔ بھٹکا ہوا
ضِماد ع لیپ۔ دوا کو پانی وغیرہ مین ملا کر بدن پر لگانا
ضمائر ع جمع ہی ضمیر کی
ضِمن ع اندرون۔ اندر
ضمّہ ع پیش جیسی عُود کی عین پر ہی
ضمیر ع دل۔ وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو۔ اسم غیر مظہر
ضمیمہ ع ملا ہوا۔ شامل کیا گیا

ضمیمہ ع وہ شے جو کسی اور شے پر بڑہا کر لگا دیوین
ضمین ع ضامن
ضوابط ع جمع ہی ضابطہ کی قواعد
ضواحک ع چار دانت ہین جو درمیان کچلیون اور ڈاڑہون کے واقع ہین
ضیا ع روشنی آفتاب کی
ضیافت ع مہمانی۔ کہانا کہلانا
ضیف ع مہمان اور مہمانان جمع اور مفرد بھی ہی
ضیق ع تنگی
ضیق النفس ع تنگی سانس کی مشہور مرض ہی ہندی ہین اوسکو دما کہتی ہین
ضیغم ع شیر درندہ۔ پہاڑنے والا شیر
ضیمران ع ایک قسم کی گہانس خوشبو دار کا نام ہی

بابُ الطّاءِ

طاب ع بوے خوش اور فعل ماضی ہی طیب کا
طاجن ع کڑاہی۔ تواجسپر کچھ چیز بریان کرین
طارم مب خانۂ چوبین — بالاخانہ معرب ہی تارم کا
طارئی ع ظاہر ہونیوالا ناگاہ۔ عارض ہونیوالا۔ نیچی اوترنے والا کسی جگہہ سے
طاس مب معرب تاس کا ہی طشت بڑا
طاعات ع جمع ہی طاعت کی
طاعت ع بندگی۔ عبادت
طاعن ع نیزہ مارنے والا طعنہ دینے والا
طاعون ع وبا مشہور ہی ایک پہوڑا خصیہ یا پستان یا بغل کی نیچے نکلا کرتا ہی
طاغی ع پہرا ہوا۔ باغی۔ مفسد
طاف ع گشت کرنیوالا۔ طواف کرنیوالا

طاق ع محراب دیوار مین جگہہ خمدار بنائی ہوئی۔ روئی دار جبہ۔ تنہا۔ مفرد
طاقت ع قوت۔ زور توانائی
طاقچہ ف چہوٹا طاق
طال ع دراز ہوا — بڑہ گیا
طالب ع طلب کرنیوالا۔ ڈہونڈنے والا
طالح ع بدفعل آدمی۔ بدآدمی
طالع ع نصیب۔ طلوع کرنیوالا
طالعہ ع طلوع کنندہ۔ روشنی
طامع ع طمع کرنے والا۔ لالچی
طاؤس ع مور مشہور پرند ہی
طاہر ع پاک۔ جو ناپاک نہو
طائر ع اڑنے والا۔ پرند
طائف ع طواف کرنے والا۔ خیال جو نیند مین دکہلائی دے۔ سپنا۔ نام ایک ناحیہ کا ہی قریب مکہ کے
طائفہ ع گروہ آدمیون کا۔ جماعت۔ ٹکڑا
طب ع علم بیدک بیماریونکی علاج کرنیکا علم
طباخ ع باورچی۔ پکانے والا
طپانچہ ف تمانچہ تہپڑ
طبائع ع جمع ہی طبیعت کی
طبیخ ع کسی چیز کا پانی جوش دیا ہوا۔ مطبوخ پکایا ہوا
طبرزد ع مصری۔ نبات
طبع ع سرشت آدمی کی۔ خو پیدایشی چہاپنا نقش کرنا خارج از ذہن۔ موجودات
طبعی ع منسوب طبع
طبق ع موافق۔ برابر — نام ایک بیماری گہوڑے کا
طبقات ع جمع ہی طبقہ کی
طبقہ ع درجہ۔ جماعت آدمیون کی رتبہ
طبل ع ڈہول
طبلہ ع چہوٹا ڈہول مشہور باجہ ہی
طبی ع طب کی وہ شے جو منسوب ہی طب سے
طبیب ع علاج کرنے والا۔ بید
طپیدن ف بیقرار ہونا
طبیعت ع مزاج۔ خو۔ عادت۔ پیدایش

طبعی ع منسوب بہ طبیعت
طحال ع تلی مشہور ٹکڑا بدن کا ہی
طرار ع تیز زبان۔ چور گرہ کاٹنے والا
طراز ع نقش و نگار ہر چیز کا۔ چھینٹ
طرازیدن ف نقش کرنا
طراوت ع تازگی
طرب ع خوشی
طرح ع وضع۔ ڈھنگ۔ طور
طرز ع طرح۔ ڈھنگ
طرف ع سمت۔ جہت
طرفا ع جھاؤ کا درخت
طرفة العین ع آنکھ کا جھپکنا ایک دفعہ
طرفہ ع عجیب۔ تحفہ
طرفین ع دونوں طرف۔ دو جانب
طرق ع جمع ہی طریق کی رستے۔ راہیں
طرہ ع زلف۔ پیشانی کے بال۔ چھجا مکان کا
طری ع تازہ۔ نیا
طریف ع غریب نادر۔ نوزاد عجیب

طریقت ع راہ۔ صفائی باطن کی
طریقہ ع راہ طور۔ رستہ۔ ڈھنگ
طسوج مب کنارہ۔ کونا۔ چوتھائی دانگ یعنے دو جو کے برابر معرب ہی تسو کا۔ اور چوبیسواں حصہ ہر چیز کا
طشت مب معرب ہی تشت کا مشہور مقال ہی
طعام ع خورش۔ کھانا
طعم ع مزہ لذت
طُعم ع طعام۔ خورش
طُعمہ ع خورش خوردنی کھانا
طعن ع نیزہ مارنا۔ عیب گیری کرنا
طغرا ع خط پیچیدہ جسمین القاب اور نام بادشاہوں کا فرمان پر لکھا جاتا ہی
طغیان ع حد سے گذر جانا۔ مجازاً زیادتی۔ کثرت
طفل ع لڑکا۔ بچہ
طفولیت ع لڑکپن۔ طفلی
طُفیل ع نام ایک شاعر کوفی کا ہی جو بدون بلائے شراب کی مجلس مین ہر ایک شخص کے گھر

جایا کرتا تھا پھر اب اوسکو کہتی ہین جو کسیکی سبب دعوت مین چلا جاوے متاخرین ایک یا اوسپر زائد لگا کر طفیلی کہنے لگی ہین۔ مجازاً معنے اوسکے سبب اوسکے ساتھ ہین
طَل ع شبنم
طلاء ع زر خالص سونا بعضی کہتی ہین کہ طلاء معرب تلا ہندی لفظ کا ہی جسکی معنی سونیکی ہین
طلاق ع چھوٹ جانا عورت کا نکاح سے۔ کشادگی۔ آزادگی
طلاقت ع کشادہ رو ہونا۔ تیزی زبان تیز زبان ہونا
طلاوت ع تر و تازگی خوبصورتی۔ رونق
طلائی ع سونے کا۔ منسوب طلا سے
طلایہ ع سپاہ جو شہر اور لشکر کی محافظت کرتی ہی
طلب ع مانگنا خواہش کرنا۔ خواہش۔ تنخواہ
طلبا ع جمع طالب کی ہی طلب کرنے والے

طَلَبہ ع یہہ جمع بھی طالب کی ہی
طَلَبی ع بلاوا۔ بلوانا
طُلاب ع جمع ہی طالب کی
طلبیدن ف بلانا۔ چاہنا
طِلِسم ع تماشا جو بشکل عجیب و غریب نظر مین آوے یہہ لفظ یونانی ہی
طلسمات ع جمع ہی طلسم کی
طلعت ع دیدار۔ مونہ دیکھنا۔ رخ
طلق ع دردزہ۔ جننی کا درد۔ ابرک یا ابرق
طلوع ع آفتاب کا نکلنا۔ ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا۔ باہر آنا
طلیعہ ع وہ لشکر جو فوج سے آگی آگے واسطے دریافت جگہہ اوترنے اور پانی اور دشمن کے جایا کرتا ہی اور سپاہ محافظ شہر و لشکر کی
طمانیت ع اطمینان۔ تسلی
طمطراق ع کروفر شان و تجمل
طمع ع لالچ۔ حرص
طمغات یہہ لفظ ترکی ہی دیکھو تمغا

طناب ع رسی۔ خیمہ کی ڈور
طنبور ع طنبورہ مشہور باجہ ہی
طنز ع ناز سخریہ۔ رمز کی بات کہنا طعنہ
طنطنہ ع آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ
کی۔ کروفر۔ آواز نقارہ کی جو زیر ہوتی
ہی اوسکو طنطنہ کہتے ہین اور آواز
بم کو دبدبہ بولتے ہین
طنین ع آواز مکھی پشہ وغیرہ
چھوٹی مکھیون کی
طواف ع گرداگرد پہرنا خانہ کعبہ
کے۔ گردش کرنا
طوالت ع درازگی
طوالع ع جمع ہی طالعہ کی۔ اور نام
ایک کتاب کا ہی منطق مین
طوائف ع جمع ہی طائفہ کی
طوبیٰ ع مونث ہی اطیب کی بمعنی
خوشبو دار تر۔ پاک تر۔ بشارت
۔ اور خوشخبری۔ اور نام درخت
بہشتی کا ہی

طور ع نام ایک پہاڑ کا ہی شام
مین موسیٰ کو جسپر تجلی ہوئی تھی
طور ع وضع۔ ڈہنگ
طوطی ع طوطا۔ توتا
طوع ع رغبت۔ اور اطاعت
طوعاً ع ازروے اطاعت اور
فرمان برداری کے
طوعاً و کرہاً ع فرمان برداری
اور دہینگا دہانگی سے
طوفان ع روپانی کا جو ڈوبا
دیوے باد تند۔ آندہی جو بہت تیز ہو
طوق ع طاقت۔ توانائی۔ گردن
بند گول پٹہ
طول ع بخشش۔ عطا
طول ع درازی۔ لنبائی
طویت ع پیچیدگی۔ نیت۔
اندیشہ۔ عزت
طویل ع لنبا۔ دراز
طویلہ ع لمبی رسی جو گھوڑون کے پیر مین

باندہتے ہین پچھاڑی۔ مجازاً وہ مکان
جسمین گھوڑے باندہتے ہین
طہارت ع پاکی۔ پاکیزگی
طی ع لپیٹنا۔ بھوک
طیارہ ع اوڑنے والا۔ پرندہ جو خوب
اوڑ سکے مجازاً مہیا
طیاش ع سبک عقلی جسکی عقل جاتی
رہی ہو۔ ہلکا۔ بیہودہ آدمی
طیب ع خوشبو
طیب ع تخفہ۔ اچھا۔ خوش مزاج
طیر ع پرند۔ اوڑنے والا جانور
طیران ع اوڑنا
طیش ع خفگی۔ غصہ۔ جوش۔ سبکی عقل کی
۔ خطا کرنا۔ عقل جانا
طی کردن ف لپیٹنا۔ فیصل کرنا
طین ع مٹی۔ خاک نمناک
طینت ع سرشت۔ پیدایش اصلی خو
طینی ع گلی۔ مٹی کی چیز
طیور ع جمع ہی طیر کی

طیوری ع پرندون کی چیز۔ منسوب طیور سے
طیہوج ع لوا مشہور پرند ہی تیتر
کی قسم سے ہوتا ہی

بابُ الظاء

ظافر ع فتح کرنے والا۔ فتحمند
ظالم ع ظلم کرنیوالا۔ انیائی
ظامی ع پیاسہ۔ تشنہ
ظاہر ع کھلا ہوا
ظاہری ع باہروالا۔ کھلا ہوا
ظبی ع ہرن
ظرافت ع خوش طبعی۔ عقلمندی۔
زیرکی
ظرف ع برتن۔ آوند
ظروف ع جمع ہی ظرف کی
ظریف ع خوش طبع آدمی۔
وہ شخص جو زیرک ہو

ظفر عَ فتح
ظفره عَ ناخونہ جو آنکھ مین پڑ جاتا ہی
بیماری آنکھ کی
ظِلّ عَ سایہ- چھانو
ظلم عَ بے انصافی
ظلمات عَ جمع ہی ظلمت کی تاریکیان
ظلمانی عَ وہ شے جو شفاف نہو- تاریک
ظلمانیت عَ تیرہ ہونا- تیرگی پیدا ہونا
ظلمت عَ اندہیرا- تیرگی
ظن عَ گمان- وہم- تہمت
ظنون عَ جمع ظن کی
ظنیہ عَ جو بات کہ منسوب ظن سے ہو-
وہ مقدمہ جو قریب یقین کے ہو
ظنی عَ اغلبی قریب العقل کے
ظئر عَ دایہ- دائی- دودہ پلائی
ظواہر عَ جمع ہی ظاہر کی
ظہر عَ کمر- پشت
ظہور عَ ظاہر ہونا- کہلنا
ظہیر عَ مددگار- پشت پناہ

بابُ العین

عابد عَ عبادت کرنے والا- پوجاری
عابر عَ راہ پر گذرنے والا- پل پر کو
اوترنے والا- پار لنگہنے والا
عاج عَ ہاتہی دانت
عاجز عَ لاچار- جس سے کچھ ہو نہ سکے
عاجل عَ جلد باز- جلدی کرنے والا
عادات عَ جمع عادت کی ہی
عادت عَ خو- سبہاؤ
عادل عَ منصف- انصاف کرنیوالا
عادی عَ خو یافتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو
عار عَ شرم- عیب
عارض عَ بخشی فوج کا- ملنے والا-
لاحق ہونے والا- ابر
عارضی عَ لاحقی- جو اصلی نہو
عارف عَ پہچاننے والا- جاننے
والا- ولی خدا

عاری عَ ننگا- خالی
عاریت عَ مانگنا- مانگ کے کوئی چیز لینی
عازم عَ قصد کرنے والا- قصد
عاشر عَ دسوان حصہ (۱/۱۰)
عاشق عَ عشق رکہنی والا- چاہنی والا
عاشورہ عَ دسوین تاریخ ماہ محرم کی
عاصم عَ باز رکہنی والا- نگاہ رکہنی والا
- نام ایک قاری کا ہی
عاصی عَ گنہگار- مجرم- خطاکار
عاطر عَ خوشبودار
عاطف عَ مڑنے والا- مہربانی کرنیوالا
عاطفت عَ مہربانی- شفقت
عاف عَ معاف کرنے والا خطا بخشنے والا
عافیت عَ آرام
عافین عَ معاف کرنے والی جمع ہی عاف کی
عاقبت عَ آخر- انجام
عاقل عَ عقلمند- زیرک
عاکف عَ گوشہ نشین- مسجد مین ایک گوشہ
کے اندر واسطے عبادت کی بیٹھنا

عاکفان فَ جمع فارسی ہی عاکف کی
عالِم عَ علم والا- پڑہا ہوا- جاننے والا
عالَم عَ جو چیز سوای خدای تعالی کی ہی وہ عالم ہی
عالم اسباب عَ دنیا
عالم لاہوت عَ عالم ذات خدا کا-
- یعنے خدا
عالم ملکوت عَ مرتبہ اسماء آلہی کا
عالم معقول عَ عالم عقلی- ذہنی عالم
عالم معنی عَ وہ عالم جو محسوس نہو سکی
عالم جبروت عَ مرتبہ صفات خدا کا
عالم ناسوت عَ دنیا، فانی
عالم ہیولانی عَ عالم اجسام کا
عالمی عَ دنیاوی- عالم کا رہنی والا
عالمیان فَ جمع ہی عالمی کی
عالیجناب عَ بلند درگاہ- بلند مرتبہ
عالیحضرت عَ بلند مرتبہ کا آدمی
عام عَ پہیلا ہوا- مشہور
عامر عَ آباد- آباد کرنے والا
عامل عَ حاکم- عمل کرنے والا- کاریگر

عَامَہ ع مشہور۔ عام
عَانِدْ ع دشمن۔ عناد رکہنی والا
عائد ع الٹ کر آنے والا۔ عود کرنیوالا
عائق ع روکنے والا۔ حائل۔ مانع
عُبّاد ع جمع عابد کی
عبادت ع پوجا۔ بندگی
عبارت ع بیان۔ بات۔ بیان کرنا
عبّاس ع شیر درندہ۔ نام ہی پیغمبر خدا کی چچا کا
عَبَث ع بیفائدہ۔ بیہودہ
عبد ع بندہ۔ غلام
عبرت ع اندیشہ۔ نصیحت پکڑنا
عبودیت ع بندگی۔ غلامی
عُبُور ع راہ پر گذرنا۔ پل کے پار جانا۔ دریا پر کو اُتر جانا
عَبُوس ع ترش رو
عبید ع بہت سے غلام یہہ اسم جمع ہی اور عبد کی جمع نہین ہی
عبیر ع نام ایک خوشبو کا ہی۔ صندل و گلاب اور مشک سے ملا کر بناتے ہین
عتاب ع خفگی۔ غصہ
عتبہ ع دہلی۔ آستانہ
عتق ع آزادی۔ اور آزاد ہونا
عتیق ع پُرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ۔ آزاد
عجائب ع جمع ہی عجیب کی
عجائز ع جمع ہی عجوز کی بڑہیا عورتین
عجب ع تعجب۔ انوکہا پن
عُجب ع غرور
عجز ع لاچاری۔ عاجزے
عجزہ ع جمع ہی عاجز کی۔ لاچار آدمی
عجل ع بچھڑا۔ گای کا بچہ۔ نام ایک قبیلہ کا ہی عرب مین
عجم ع وہ ملک جو عرب نہین ہی خصوصًا ملک ایران و توران
عجمی ع جو شخص باشندہ عرب کا نہو اکثر مراد ایرانی و فارسی سے ہوتی ہی
عَجُوز ع بُڑہیا۔ بوڑہی عورت
عجیب ع انوکہا۔ وہ شی جس سے تعجب پیدا ہو

عَدّ ع شمار کرنا۔ گننا۔ شمار
عدالت ع کچہری انصاف کی۔ برابری
عداوت ع دشمنی۔ بیرودہ
عَدَد ع گنتی۔ شمار۔ ہندسہ
عدس ع مسور۔ مسور کی دال مشہور غلہ ہی
عدل ع برابر کرنا۔ انصاف
عدم ع نہین۔ نفی۔ نہونا
عدو ع دشمن۔ بیری
عدوا ع تجاوز کرنا حد سے
عدول ع پہر جانا راہ سے۔ روگردانی کرنا
عدیل ع برابر رتبہ اور قدر مین مساوی
عدیم ع ناپیدا۔ گم۔ نایاب
عذاب ع دُکھہ
عِذار ع رخسارہ۔ چہرہ
عذب ع شیرین۔ میٹھا۔ خوش مزہ خوشگوار
عذر ع بہانہ۔ ادسبب کسی بات کا
عرابہ ع گاڑی چھکڑا
عراق ع نام ملک کا ہی لغت مین عراق کے معنی کنارہ کے ہین اور عراق دو ہین ایک عراق عجم۔ دوسرا عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفہان داخل ہی اور عراق عرب مین وہ ملک جو آن رومی دریائے دجلہ کی واقع ہین بغداد بھی اوسمین شامل ہی یہ دونون ملک چونکہ کنارہ دریا پر واقع ہین اسواسطے انکو عراق کہتی ہین چنانچہ عراق عجم دریای جیحون کے کنارے پر ہی اور عراق عرب کنارہ دجلہ و فرات پر ہی۔ اور عراق نام ایک مقام کا موسیقی مین سے بھی ہی جسکو بوقت چاشت گاتے ہین
عرائس ع جمع ہی عروس کی عورت یا مرد جسکی ابہی شادی ہوئی ہو مگر اکثر اطلاق اسکا عورت پر کرتے ہین
عرب ع ملک مشہور ہی
عربان ف جمع فارسی عرب کی ہی
عَرْبَدَہ ع لڑائی۔ جنگ۔ بدخوی۔ جنگجوی
عربی ع منسوب عرب سے یعنی عرب کا

عربستان ف عرب کا ملک
عِرس ع خاوند والی عورت - زن باشوے
عُرس ع کہانا شادی یا نکاح کا - مجازاً
مجلس طعام اور فاتحہ کسی بزرگ کی
اوسی دن جس روز کہ فوت ہوا تھا
عرش ع تخت - چہت
عرصہ ع وقفہ - میدان - فاصلہ
عرض ع ظاہر کرنا کسی چیز کا کسی شخص پر
چوڑان متاع - اسباب گھر کا - اور
جو بذاتہ قائم نہو جیسا کہ رنگ ہی
عرضی ع جو اصلی نہو - جو عارض ہوا ہو
عُرف ع مشہور نام - عام نام -
پہچان - نکوئی - احسان
عرفان ع شناخت - پہچان - پہچاننا خدا کا
عرفی ع نام شاعر مشہور کا ہی
اور مشہور اضافی
عِرق ع درخت کی جڑ - رگ نس
عَرَق ع پسینہ - اور وہ پانی جو دواؤن
کا بخار بنا کر بناتے ہین

عُروج ع چڑہنا - بلند ہونا
عُروس ع دلہن - دولہا
عروض ع ظہور - عارض ہونا -
نام علم شعر کا
عروق ع جمع عرق کی پانی چوایا ہوا عرس
اور جمع عرق کی بھی ہی بمعنی رگین نسین جڑین ٹہنیاں نباتات کی
عُریان ع ننگا - برہنہ
عریض ع چوڑا - عرض دار
عریضہ ع عرضی - عرض
عَزَّ ع عزیز ہوا - معزز ہو گیا
عَزا ع مصیبت پر صبر کرنا - نسبت کرنا
کسی چیز سے - مجازاً ماتم پرسی
عزازیل ع شیطان
عَزب ع مجرد آدمی - وہ آدمی جسکی جورو نہو
عِزَّت ع حرمت - پرتشٹ
عزرائیل ع نام ایک فرشتہ کا جو روح
قبض کرتا ہی
عزل ع بیکاری - اور بیکار کرنا
عزلت ع گوشہ نشینی - زن و فرزند سے

جدا ہو بیٹھنا واسطے عبادت کے
عزم ع ارادہ - قصد
عزیز ع ارجمند - کمیاب - پیارا - اب
لقب بادشاہ مصر کا ہی اور زمانہ قدیم
مین یہ لقب وزیرون کو ملا کرتا تھا
عزیمت ع قصد دلی - منتر - افسون
عَساکِر ع جمع ہی عسکر کی لشکر ہا
عُسرت ع تنگی - مفلسی دشواری
عَسس ع کوتوال - محافظ شہر
عَسکر ع لشکر - فوج
عَسَل ع شہد - قند
عُسر ع دشواری اور دشوار ہونا کام کا
عَسیر ع دشوار - مشکل
عُش ع آشیانہ - گہونسلا شب
عَشا ع رات کا کہانا - بیالو کرنا طعام
عَشا ع شب کوری - رتوندہا -
رات کو نہ دکہائی دینا
عشاق ع جمع ہی عاشق کی اور نام ایک ہی
مقام راگ کا جو دو گھڑی دن رہتی گاتی ہین

عشائر ع جمع ہی عشیرہ کی کنبے - قبیلے
عُشر ع دسوان حصہ (۱/۱۰)
عَشر ع دس (عه) (۱۰)
عِشرت ع خوش دلی - خوش زندگانی
عشرہ ع دسوان دن مہینے کا
عشرین ع بیس (عه) (۲۰)
عِشق ع بہت محبت کرنا کسی شے سے
ایک قسم کا جنون ہی
عشق باز ف عاشق چاہنے والا
عشوہ ف ناز - اور ایسی حرکت
و ناز معشوق کا جو عاشق کو فریفتہ کرلے
عَشی ع اول شام - شروع شب کا
شام کا وقت
عُشر عشیر ع سوان حصہ (۱/۱۰۰)
عشیر ع کنبے کا آدمی - ہمسایہ -
کسیکے ساتھ رہنے والا
عشیرہ ع دسوان حصہ - کنبہ - قبیلہ
عصا ع لاٹھی - چوب دستی
عَصّار ع روغن گر

عصارہ ع شیرہ۔ رس نچوڑا ہوا پانی
عصافیر ع جمع ہی عصفور کی کنجشک چڑیان
عصب ع پٹھہ۔ پے
عصر ع زمانہ۔ روزگار
عصفر ع کسنبہ۔ سرخ جامہ
عصفور ع چڑیا۔ گنجشک
عِصمت ع گناہ سے باز رہنا
عصیب ع طرفدار۔ استوار۔
خویشاوند۔ رشتہ دار
عضد ع بازو۔ بانھہ
عُضلہ ع اولہ
عُضو ع ٹکڑا بدن کا
عِضوب ع جمع عضب کی تلوارین
عَطا ع بخشش۔ دینا
عَطّار ع عطر بیچنے والا۔ گندہی
عطارد ع بدہ ستارا
عُطاس ع وہ شے جس سے چہینک
پیدا ہو۔ چہینک
عطایا ع جمع ہی عطیہ کی بخششین

عطب ع ہلاکت۔ ہلاکی
عطر ع خوشبو۔ اور خوشبو ہونا
عطریات ع جمع ہی عطری کی یعنے
وے اشیا جو خوشبو دیوین
عطس ع چہینکنا۔ چہینک
عطش ع پیاس۔ تشنگی
عطشان ع پیاسا۔ تشنہ
عطف ع پہر جانا۔ لپٹنا
عطل ع عورت بدون زیبایش کے
۔ بے زیور۔ بے نقطہ حرف
عطوف ع مہربان۔ شفیق
عطوفت ع مہربانی
عطیاّت ع جمع ہی عطیہ کی
عطیہ ع بخشش انعام۔ دی ہوئی چیز
عِظام ع بزرگان۔ بزرگ لوگ اس صورت
مین جمع ہی عظیم کی۔ اور ہڈیان
۔ استخوانہا اب جمع ہی عظم کی
عظم ع ہڈی۔ استخوان
عظم ع بزرگی۔ بڑائی

عظما ع جمع ہی عظیم کی بزرگ لوگ
عظمیٰ ع بزرگ عورت۔ بڑا مقدمہ
عظمت ع بزرگی ــــ قدر
عظیم ع بزرگ ــــ بڑا
عفت ع پرہیزگاری۔ پارسائی
عفریت ع دیو۔ بہوت
عَفص ع مازو۔ ماجو۔ دوا مشہور ہی
عِفص ع کسیلا۔ بے مزہ۔ تلخی اور ترشی
اور گرفتگی زبانکی جسمین مزہ نہو
عفو ع معاف کرنا۔ خطا بخشنا
عفوصت ع بے مزگی۔ کسیلاپن
عفونت ع سڑ جانا۔ بدبو۔ سڑاندہ
عفیف ع پارسا۔ پرہیزگار۔ جو
شخص حرام کاری نکرتا ہو
عُقاب ع گِدھ ایک پرند چیل کی قسم مشہور ہی
عِقاب ع عذاب۔ دُکھہ
عَقَارِب ع جمع عقرب کی بچہو
عقائد ع جمع عقیدہ کی ــ
عقب ع ایڑی۔ پیر کی

عقبیٰ ع آخرت۔ دوسرا جہان
عقد ع گرہ لگانا۔ عہد۔ بیع۔ نکاح
عُقدہ ع گرہ۔ مشکل بات
عُقر ع بانجھ ہونا۔ عقیم ہونا پیر
باندھنا ستور کا
عقرب ع بچہو
عقل ع خرد۔ دانائی
عقلاء ع جمع ہی عقیل کی عقلمند لوگ
عقلی ع جو بات صرف ذہن مین
آوے خارج مین نہو
عقوبت ع عذاب۔ دُکھہ۔ سزا
عقود ع جمع ہی عقد کی
عقول ع جمع ہی عقل کی دانائیان۔
فرشتے
عقیدہ ع بہروسہ دلکا۔ مذہب کے اصول
عقیدت ع جنپر یقین کرنے سے
اوس مذہب مین شامل ہو سکے
عقیق ع نام ایک سرخ پتھر کا ہی
عقیم ع بانجھ عورت جسکے بچہ نہو

عکس ع اولٹنا۔ لوٹنا
عُلاء ع سربلندی۔ بزرگی
علی ع اوپر
عِلَاج ع چارہ۔ تدبیر
علی الخصوص ع خاص کرکے۔ خصوصًا
علی الدوام ع ہمیشہ
علی الصباح ع صبح کے وقت
علی الاطلاق ع بے قید
علاقہ ع لگاو۔ تعلق۔ آویزش
علامات ع جمع ہی علامت کی
عَلَامَتْ ع نشان۔ پتہ
علّامہ ع عورت بہت جانتی والی مرد عالم
علّامی ع بہت جاننے والا
علانیۃً ع ظاہر۔ کہلم کہلا
علاوہ ع سواے۔ ماسواے۔ اسکے سوا
علائق ع جمع علاقہ کی ہی
علّات ع سندان۔ اہرن۔ جسپر
لوہا کوٹا جاوے
عِلّت ع سبب۔ بیماری۔ وجہ

علت فاعلی ع جسنے کوئی شی بنائی ہو
علت مادّی ع وہ مادہ جس سے
وہ شے بنی ہو
علت صوری ع صورت جو بعد بننے
اوس چیز کے ہو گئی ہو
علت غائی ع فائدہ اوس شے کا
علی حدہ ع
علیحدہ ع } اپنی حد پر۔ جدا۔ الگ
عَلَفْ ع گہاس
علق ع جونک مشہور کیڑا ہی۔
چمٹا ہُوا
علم ع نیزہ۔ نام خاص۔ پہاڑ۔ جہنڈ
علما ع جمع ہی علم کی
عُلُو ع بلندی۔ اونچائی
عُلُوفہ ع خوردنی۔ خورش۔ خوراک
عُلُوم ع جمع ہی علم کی
عَلَوی ع وہ سید جو اولاد علی سے ہو
عُلْوِی ع آسمانی جیسے فرشتے۔
ستارے وغیرہ

عُلیا ع بہت بلند
علیم ع جاننے والا۔ دانندہ۔ علم والا
علیہ ع جمع ہی علی کی بلند مرتبہ۔
اور شریف چیزیں
علیئین ع نام بہشت کا۔ اور کتاب
اعمال بندگان صالح کی
عم ع چچا باپ کا بہائی
عِمَاد ع ستون۔ کہنب
عمارت ع مکان۔ آبادی۔ آباد کرنا
عُمّال ع جمع ہی عامل کی حاکم۔
کارگذار سرکار کا
عمامہ ع دستار۔ پگڑی
عمد ع قصد۔ ارادہ
عمدًا ع قصدًا۔ ارادہ سے
عُمدہ ع نفیس۔ تحفہ
عُمر ع زندگی
عُمق ع گہراؤ۔ دل
عَمَل ع کام۔ کار
عَمَلی ع جو منسوب عمل سے ہو

عَمُوّ ع چچا۔ باپ کا بہائی
عمود ع سیدہا خط جو سیدہی خط پر واقع
ہو اور زاویہ قائمہ پیدا کرے
عموم ع عام ہونا۔ سب جگہہ ہونا۔
بے قید ہونا
عموی ع چچا کا
عَمّہ ع پہوپہی۔ باپ کی بہن
عمٰی ع اندہاپن
عمیق ع گہرا۔ ڈونگہا
عمیم ع عام۔ شامل
عَن ع سے
عنا ع تکلیف۔ دُکھ۔ رنج۔ مشقت
عِناد ع دشمنی۔ بیر
عنادل ع بلبلیں جمع ہی عندلیب کی
عناصر ع جمع ہی عنصر کی اصلی جزو
عناق ع بکری کا بچہ جو مادہ ہو
عنایت ع مہربانی
عِنَبْ ع انگور میوہ مشہور ہی
عنبر ع نام ایک خوشبو کا ہی

عنبرین ف عنبر کی خوشبو دینی والی شے
عِند ع نزدیک
عندلیب ع بلبل - ہزار داستان
عُنصُر ع اصلی جزو
عُنصری ع منسوب بہ عنصر اصلی جزو کا تخلص ایک شاعر کا
عنف ع سختی - یا درشتی کرنا - تندی
عنفوان ع اول ہر شے کا - آغاز جوانی کا
عُنق ع گردن
عُنقا ع ایک جانور فرضی ہی شاعر لوگون نے فرض کیا ہی
عنقریب ع نزدیک - ابھی
عنکبوت ع مکڑی
عُنوان ع سرنامہ - سرخی مطلب کی دیباچہ اوّل ہر چیز کا
عنید ع لڑاک - سرکش
عنیف ع تند - سخت خو - لڑاک
عنین ع نامرد - جو مرد عورت کی کام کا نہو
عوارض ع جمع ہی عارضہ کی
عواطف ع جمع ہی عاطفہ کی

عوام - عوام النّاس ع عام لوگ - رعایا کے لوگ
عوامل ع جمع ہی عامل کی عمل کرنیوالے اور حاکم لوگ - کارکن
عَوَان ع خصم والی عورت
عوائق ع جمع ہی عائقہ کی روکنے والیان
عوج ع ٹیڑہا پن - کبڑا پن
عُود ع لکڑی اور سیاہ رنگ کی لکڑی
عود ع لوٹنا - پھرنا - بازگشت کرنا - بوڑہا اونٹ
عور ع کانا - یک چشم عَوِر بد باطن - عُوَر ننگا -
عورت ع وہ بدن آدمی کا جسکا کہولنا موجب شرم ہی مجازاً زن
عوض ع بدلا - قائم مقام
عَوق ع باز رکھنا - پھرا دینا - مانع آنا
عَون ع مدد - مدد کرنا

عَہْد ع زمانہ - پیمان و سوگند
عُہدہ ع منصب رتبہ سرکاری - ذمہ
عُہُود ع جمع ہی عہد کی پیمان وعدہ - اور قسمین
عیاذاً باللہ ع پناہ خدا کی
عِیَار ع کسوٹی لگانا - آزمانا چاندی یا سونیکا
عَیَار ع تولنا - جانچنا
عیّار ع مرد چالاک - بہت آمد و رفت کرنے والا
عَیّاری ع چالاکی
عیّاش ع بہت عیش کرنے والا
عیال ع زن و فرزند اور رشتہ دار
عیان ع آنکھ سے دیکھنا - مجازاً ظاہر
عیب ع بُرائی - نقصان - کمی
عِید ع خوشی
عیسیٰ ع نام ہی حضرت عیسیٰ پیغمبر کا
عیش ع زندگانی کرنا - اچھی طرح زندگی کرنا
عین ع آنکھ چشم - چشمہ پانی کا

عِین ع جمع ہی عیناکی زنان خوش چشم
عینین ع دونون آنکھین
عُیُوب ع جمع ہی عیب کی
عُیُون ع آنکھین - چشمین جمع ہی عین کی

بَابُ الغَین

غادر ع بیوفا - جو شخص عہد کو پورا نکرے
غار ع گڑہا
غارت ع لوٹ - لوٹنا - مال لوٹنا
غارتیدن ع لوٹنا - غارت کرنا
غازہ ف گلگونہ ایک قسم کی سرخی ہوتی ہی جو عورتین اپنے مُنھ پر ملتی ہین
غازی ع قتل کرنے والا کفار کا جنگ مین

غاشیہ ع زین پوش گھوڑے کا۔
پالان۔ قیامت۔ بیماری اندرکی
غاصِب ع غیر کا حق بجبر لینے والا
غافِل ع بیخبر۔ غفلت والا
غاق ع آواز ہی کاگ کی
غالب ع زبردست۔ اکثر۔ غلبہ والا
غالی ع گران۔ مہنگا
غالیچہ ف اونی بچھونا گلکاری کیا ہوا
غالیہ ع خوشبو مشہور ہی اور عنبر کافور
وغیرہ سے مرکب کرکے بناتی ہین
غامِض ع گہرا۔ ڈونگھا
غائب ع جو موجود نہو
غایت ع غرض مطلب انتہا۔ آخر
غائط ع پخانہ۔ جاضرور
غبار ع مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد
غباوت ع کُند ذہنی۔ کم فہمی
غبرا ع زمین۔ گردآلودہ
غبط ع رشک کرنا کسی کی مال پر بدون
اسکے کہ اوسکا زوال چاہے

غبغب ع گوشت لٹکا ہوا نیچی تھوڑی کے
یہ پر گوشت آدمی کی خوبصورتی مین داخل ہی
غبن ع خرید مین نقصان اوٹھانا۔ مکر کرنا
غبن ع عقل مین نقصان ہونا
غبی ع کم عقل۔ جنکی عقل صائب نہو
غث ع لاغر۔ فاسد۔ دُبلا
غَدْ ع صُبح
غدا ع کل کا روز جو ہوگا۔ فردا روز
غدّار ع بہُت عذر کرنیوالا۔ بہُت بیوفا
غدر ع بیوفائی کرنا۔ بیوفائی
غدیر ع تالاب جسمین پانی بارش
اور سیل کا جمع ہو جاوے
غذا ع خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو
غراب ع کوا۔ کاگ مشہور پرند ہی
غرائب ع جمع ہی غریبہ کی عجیب اشیا
غرامت ع تاوان۔ تاوان زدہ ہونا
۔ پشیمانی۔ عذاب
غَرْب ع نیچے بیٹھنا۔ چھپ جانا۔
ڈول پانی نکالنے کا

غُربا ع جمع غریب کی ہی
غُربت ع مسافرت
غربال ع چھلنی۔ آٹا چھانتی کی چھلنی
غربی ع غرب کا۔ غرب کا رہنے والا
۔ منسوب بغرب
غرض ع نشانہ مجازاً مطلب و
مقصود۔ اور حاجت
غرغرہ ع کُرلی۔ پانی مُنھ مین لیکر تھوک دینا
غُرفہ ع کھڑکی
غرق ع ڈوب جانا
غرقی ف پانی کی دہرتی۔ جو زمین
پانی مین ڈوب جاوے
غرقاب ف جو چیز پانی مین ڈوب جاوے
غرندہ ف آواز کرنے والا مثل کُتے
یا شیر وغیرہ درندہ جانور کے
غروب ع چھپنا آفتاب کا شام کی وقت
غرور ع گھمنڈ
غرہ ع سپیدی پیشانی اسپ کی جو
ایک درم سے زیادہ ہو۔ سردار۔

بہتر ہر چیز سے۔ اول روز کا چاند
غریب ع مسافر۔ بیکس و بے مال
غریدن ف غرّانا۔ گھُرّانا
غریزی ع اصلی طبعی۔ خلقی
غریق ع ڈوبا ہُوا
غریو ف شور فریاد۔ آواز۔ غوغا
غزا ع جہاد۔ لڑائی کفار سے
غزال ع ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا۔ آفتاب
غزل ع باتین عشق عورتون کی اور صحبت
اور جوانی کی کرنا۔ کاتنا رسی بٹنا ریسمان
غزلیات ع جمع ہی غزل کی
غزو ع جہاد۔ لڑنا مسلمانون کا کفار
سے واسطے مذہب کے
غُسل ع نہانا۔ تمام بدن کا دہونا اور غسل دہونا
غش ع بیہوش ہو جانا۔ ناطاقت ہوکر
بیہوش ہو جانا
غشاوہ ع جھلی۔ پردہ
غِش ع کھوٹا پن۔ عیب
غشی ع بیہوش ہونا۔ اور بیہوش کرنا

اورخیانت کرنا
غِشیان ع جماع کرنا اورغِشیان بیہوش ہونا
غصب ع بظلم چہین لینا۔کسیکا حق
جبر سے رکھ لینا
غصص ع جمع ہی غصہ کی
غصہ ع وہ رنج جس سے گلا گہٹ جاوے
مجازاً خفگی
غضاریف ع جمع ہی غضروف کی
غضب ع غصہ۔خفگی۔ رنج
غضبان ع وہ شخص جو غصہ مین ہو۔خفا آدمی
غضروف ع چپنی ہڈی ۔ نرم ہڈی
جیسی کان کی ہوتی ہی
غضنفر ع شیر درندہ۔شیر ببر
غفّار ع بہت بخشنے والا۔صفت خدا کی ہی
غفران ع بخشش گناہ کا معاف کرنا
غفلت ع بہول چوک ۔چوک جانا
غفور ع بخشنے والا گناہون کا
صفت خدا کی ہی
غفیر ع بہت۔اتنی بڑی جماعت۔یا انبوہ

کہ اونسے زیادہ نہ دیکھہ سکے
غُل ع طوق لوہے کا۔بند۔تشنگی
غِل ع کینہ۔خیانت۔کدورت۔کہوٹاپن
غَلّات ع جمع ہی غلہ کی اناج
غُلات ع جمع ہی غالی کی وی شخص
جو حد سے گذر گئے ہون تشدد کرنے مین
غلاف ع اوپر کا پردہ۔ خول
غُلام ع لڑکا۔ مجازاً۔ نوکر۔ بندہ
غلبہ ع جمع ہی غالب کی
غلباء ع ایسا موضع کہ وہانکے درخت باہم
پیوستہ اور انبوہ دار ہون۔ گہنہ
غلط ع جو صحیح نہو
غلطان ف لڑھکتا ہوا
غلطیدن ف لوٹنا۔ لیٹنا
غلغلہ ع شور اور غل
غلگ ف غلہ ایک تن جیسی گھڑا وغیرہ کا
منھہ اوپر سے چمڑے سے مڑھ کر ایک سوراخ
اوسمین کرکے پیسے اور روپی گھسوا والی
ڈالتی رہتی ہین اوسکو غلک فارسی مین کہتے ہین

غلمان ع جمع ہی غلام کی یعنے امرد
لڑکے
غُلولہ ع گولی
غَلّہ ع اناج
غلیظ ع موٹا۔ دلدار مجازاً ناپاک
غلیواز ف چیل مشہور پرندہی
غم ع رنج ۔ دُکھہ
غمّاز ع اشارہ کرنیوالا۔ سخن چین
طعنہ کرنے والا
غمخوار ف دوست جو اپنا غم کہاوی
۔ دوست یار۔
غمخوردن ف غم کہانا
غمزہ ع آنکھہ سے اشارہ کرنا
غمزدہ گی ف غمزدہ ہونا
غمکدہ ف غم کا گھر ومصیبت کا گھر
غمگسار ف دُکھہ دور کرنیوالا۔
یار غم کا دور کرنیوالا
غموم ع جمع ہی غم کی
غناء ع گانا۔ نغمہ۔ سرود

غِناء ع تونگری۔ دولتمندی
غنائم ع جمع ہی غنیمت کی لوٹ کی مال
غنج ف کرشمہ۔ ناز آنکھہ جھپکنا۔ جھانولی
غنچہ ف کلی۔ بدون کھلا ہوا پہول
غنم ع بکری
غنودن ف اونگہنا
غنی ع بے پرواہ۔ دولتمند
غنیم ع لوٹنے والا۔لوٹیرا۔ دشمن
غنیمت ع مال لوٹ کا۔ لوٹ
غوّاص ع غوطہ مارنیوالا۔ ڈبکیا
غوائت ع جمع ہی غایت کی انتہائین
۔ غوائت گمراہی
غوث ع فریادرس فریاد
غوچ ت مینڈہا۔میش نرشاخدار
غوچہ ت مرغ کی کلغی
غور ع گہراو عمق۔ زمین پست نیچی جانا
غورہ ف انگور خام ترش
غوطہ ع ڈبکی
غوغہ ع شور و غل

غوک ع مینڈک
غول ع دیو۔ جن۔ بھوت
غوی ع کجرو۔ گمراہ جسکی سمجھ ٹیڑھی ہو
غیاث ع فریادرسی۔ فریاد
غیب ع پوشیدگی۔ ناپدیدگی
غیبت ع پوشیدگی۔ پوشیدہ ہونا
غیث ع باران۔ مینھہ
غیر ع اور۔ سوائے جو وہی نہو۔ علیحدہ شے
غیرت ع شرم۔ اجنبیت
غیر متناہی ع جسکی انتہا نہو
غیر واقع ع جھوٹ۔ خلاف دستور نا شایستہ
غیوب ع جمع غیب کی
غیہب ع اندھیرا۔ بیوقوف۔ گڑہا

باب الفاء

فاتح ع شروع کرنیوالا۔ کھولنے والا
فاتحہ ع دیباچہ۔ شروع۔ نام اول سورہ قرآن کا

فاتر ع آب نیمگرم۔ نیمگرم پانی۔ سست
فاتک ع دلیر۔ شجاع۔ قاتل
فاتن ع مفتون کرنیوالا۔ فریفتہ کرنیوالا
فاجر ع گنہگار۔ زانی
فاحش ع بدی میں حد سے گذرنیوالا۔ بد۔ برا
فاحشہ ع بدعورت۔ زن بدکار
فاختہ ف قمری۔ فاختہ
فاخر ع فخر کرنے والا۔ تحفہ۔ معزز
فار ع چوہا۔ موش
فارس ع سوار۔ نام ملک پارس کا
فارہ ع چوہیا
فارغ ع خالی۔ بے کام
فارغ البال ع فارغ دل جسکو کچھ کام نہو۔ بے اندیشہ اور بے فکر آدمی
فارغ خطی ف لادعوی۔ آزادی نامہ
فارق ع فرق کرنے والا۔ فاصل
فاسد ع بد۔ بگڑا ہوا
فاسق ع گنہگار۔ بدکار

فاش ف ظاہر۔ آشکار
فاصل ع جدا کرنے والا
فاصلہ ع دوری۔ فرق۔ عرصہ میدان
فاضل ع خوب۔ صاحب فضل
فاطر ع پیدا کرنے والا۔ خالق
فاعل ع فعل کرنے والا۔ کام کرنے والا
فاق ع صیغہ ماضی کا ہے یعنے فوقیت لے گیا۔ فائق ہوگیا
فاقہ ع بھوکہا رہنا۔ افلاس
فاکہہ ع میوہ
فال ع شگون۔ غیب کی بات
فالج ع ڈھیلا پڑجانا آدھی بدن کا سستی نیمہ بدن کی
فائق ع چیر کر نکالنے والا
فالودہ ف پیچھ چاولون کی جمی ہوئی
فام ف رنگ
فانوس ع چراغدان جسپر باریک کپڑا لگا ہوا ہوتا ہے
فانی ع مرنے والا۔ فنا ہونے والا

فانیذ ف مصری۔ کھانڈ
فائدہ ع نفع
فائز ع پہنچنے والا
فائض ع فیض دینے والا
فائق ع بلند ہونیوالا۔ فوقیت رکھنے والا
فبہا ع لغوی معنی پس ساتھہ اوسکے مجازاً بہتر۔ بہت خوب
فتادن ف گرنا۔ پڑنا
فتح ع کھولنا۔ مجازاً جیتنا ملک کا
فتحہ ع زبر جیسے حَد کی ح پر ہے
فتراک ع تسمہ جو پس و پیش زین کے لٹکاتے ہین۔ شکاربند
فترت ع ضعف سستی۔ وہ زمانہ جو درمیان دو پیغمبرون کے واقع ہو
فتق ع کشادگی۔ اور چیرنا نام اوس بیماری کا ہے کہ جس سے خصیہ کلان ہوجاتا ہے
فتن ع جمع فتنہ کی
فتوی ع حکم شرع کا۔ فیصلہ
فتوت ع جوانمردی۔ مروت

فتوح ع کشایشیں جمع ہی فتح کی اور مصدر بھی ہی بمعنی کشایش کے
فتوحات ع جمع فتوح کی
فتوحی ف ایک قسم کی کُرتی یا جاکٹ ہی
فتور ع سُستی اور سُست ہونا مجازاً خرابی
فتیلہ ع بتی ۔ بٹی ہوئی چیز
فتی ع جوان گبہرو
فج ع خام ۔ کچا ۔ راہ کشادہ درمیان دو کوہ کے
فجر ع صُبح ۔ تڑکا
فجل ع مولی مشہور ترکاری ہی
فجور ع گنہگاری ۔ گنہ کرنا
فحاوی ع جمع ہی فحوای کی سَخُنہا اور مضامین
فحش ع حد سے گذرنا بدی کا
فحوای ع مضمون ۔ مطلب
فخذ ع ران ۔ جانگھہ
فخر ع گھمنڈ ۔ غرور ۔ بزرگی
فدا ع کسی کے عوض جان دینا ۔ جو چیز فدا کیجاوے ۔ سر خرید

فدوی ع قربان ہونے والا ۔ کسی کے عوض جان دینے والا ۔ سر بہا ہونیوالا
فدیہ ع وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دیکر اوسکو سرکار سے خرید لین ۔ سر بہا ۔ صدقہ
فر ف شان شوکت ۔ دبدبہ ۔ ٹیپ ٹاپ
فرا ف آگے پہلے نزدیک دور ۔ بلند
فرات ع آب شیرین نام ایک ندی عرب کا جو نزدیک کوفہ کے جاری ہی
فراخ ف وسیع ۔ کشادہ ۔ چوڑا
فراختن ف بلند کرنا ۔ اونچا لیجانا
فراخوری ف شایستگی لیاقت سزاواری
فراخور ف شایستہ ۔ لائق ۔ سزاوار
فراخی ف کشادگی وسعت
فرادا ع ایک ایک الگ الگ
فرار ع بھاگنا ۔ بھاگ جانا ۔
فرارسیدن ف پہنچنا ۔ آگے پہنچنا
فرارفتن ف جانا ۔ آگے بڑھنا

فراری

فراری ف بھاگا ہوا ۔ بھگوڑا
فراز ف پھیلا ہوا ۔ بنٹا ہُوا ۔ کشادہ ۔ نزدیک آگے ۔ حضور ۔ جمع ۔ اکٹھا ہُوا ۔ بعد اسکے ۔ بعد ۔ پھر ۔ بلند ۔ نشیب ۔ بلندی ۔ کشش ۔ آلت تناسل ۔ وصل ۔ زیادہ ۔ آنا ۔ آگے جانا ۔ خون
فرازی ف بلندی ۔ اونچائی
فرازدن ف ظاہر کرنا ۔ معلوم کرنا ایک بات کا
فرازندہ ف بلند کرنے والا
فرازیدن ف کھڑا کرنا
فراست ف دانائی ۔ عقلمندی ۔ تیزی فہم کی ۔ قیافہ
فراستوک ف ابابیل ۔ دیو دلائی
فراش ع فرش بچھونا
فراش ع فرش بچھانے والا ۔ مکان صاف کرنے والا نوکر
فراغ بال ف فرصت ۔ بیکاری
فراغت ع خالی ہونا ۔ فرصت
فراق ع جدائی

فراموش ف بھول ۔ چوک
فراموشیدن ف بھولنا ۔ بھول جانا
فرامین ع جمع ہی فرمان کی بادشاہی پروانے
فرانمودن ف ظاہر کرنا ۔ دکھلانا
فراوان ف بہت ۔ کثیر ۔ زیادہ
فراہم ف اکٹھا
فرائد ع جمع ہی فریدہ کی ۔ مفرد ۔ تنہا ۔ یگانہ
فرائض ع جمع فریضہ کی وہ کام جسکا کرنا ضرور ہو ۔ فرمودہ خدا کا اور نام علم میراث کا ہی
فربہ ف موٹا ۔
فربہی ف موٹاپن ۔ موٹاپہ
فرتوت ف بوڑھا ۔ بہت بڑی عمر کا
فرج ع کشایش آسایش
فرج ع کھولنا ۔ چیرنا ۔ کشادگی دو چیزون مین عورت کا جسم نہانی
فرجت ع شگاف ۔ چیر ۔ رخنہ

فرجام ف انجام - انتھا - آخر
فرح ع خوشی
فرخ ف / فرخندہ ف } مبارک - سبھ - زیبا رو
فرد ع طاق - تنہا - یگانہ
فردا ف کل کا دن جو آوے گا
فردوس ع بہشت
فرزان ف علم حکمت - دانش - استواری
فرزانگی ف دانائی - عقلمندی
فرزانہ ف حکیم - دانا - عقلمند
فرزند ف بیٹا - پسر - پوت
فرزی ف نام مُہرہ شطرنج کا ہی وزیر
فرس ع گھوڑا
فرستادن ف بھیجنا
فرسنگ ف تین میل کی مقدار اور ہر
میل چار ہزار گز کا ہوتا ہی
فرسودن ف گھسنا
فرش ع بچھونا - بچھانیکی چیز
فرشتہ ف بھیجا ہوا خدا کا - مشہور
معنی خدا کا قاصد نورانی
فرص ع جمع ہی فرصت کی
فرصت ع آرام پانا - مہلت دینا
فرض ع معین کرنا - کسی چیز کا وقت
مشخص کرنا - بخشش دینا - اندازہ
کرنا - حکم خدا کا
فرط ع زیادتی - بہتایت - غلبہ -
فرع ع شاخ - ٹہنی
فرعون ع لقب ہی ایک بادشاہ مصر کا
جو حضرت موسیٰ کے وقت مین تھا
- مجازاً سرکش مغرور
فرعی ع جو اصلی نہو شاخ کا -
منسوب فرع سے
فرغل مب یہ معرب ہی فرگل لفظ
فارسی کا روئی بھرا ہوا لبادہ
فرفر ف جلد شتاب - اور جلدی
فرقان ع فرق کرنیوالا درمیان حق
اور باطل کے - نام قرآن شریف کا
فرقت ع جدائی

فرقدان - فرقدین ع نام اون
دو ستارون کا ہی جو قطب کی پاس ہین
اور شام سے صبح تک ظاہر رہتی ہین چھپتی نہین ہین
فرقہ ع قوم - گروہ - ٹولی
فرکندن ف زمین کا خراب ہونا
رو سے سیلاب سے بگڑنا زمین کا
فرکند ف وہ زمین جسمین بسبب پانی
سیل یا رو کے گڑہے پڑگئے ہون
اور جا بجا پانی بھرا ہوا ہو
فرمان ف حکم بادشاہی - حکم
فرمایش ف بطور حکم سفارش کرنا -
بطور حکم کچھ کام کروانا - یا مانگنا
فرمودن ف فرمانا - حکم دینا
فرنگ ف یورپ - نصاری کا
ملک نصاری
فرو ف کم - نیچے - کم رتبہ
فروتر ف بہت کم - بہت نیچا
فروترین ف بہت ہی نیچا
فروتن ف عاجز - تواضع کرنے والا
فروتنی ف تواضع کرنا - کم رتبہ
سمجھنا اپنے تئین
فروخت ف بیچنا - بیچا
فروختن ف بیچنا
فرود ف زیر - پائین - نیچے - فریفتہ -
فریبندہ - فریب دینے والا -
زبون - بد - مغرور
فرودست ف زیر حکم - کم رتبہ - ناطاقت
- ماتحت - چند شخص جو ملکر گاتے ہین
فرودگاہ ف جگہہ اترنی کی - جہان
پر سفر مین قیام کیا جاوے
فروردین ف پہلا فارسی مہینا
انگریزی ماہ مارچ
فروز ف تابش روشنی - چمک
آفتاب کی
فروش ف بیچنا - بیچنے والا
فروشندہ ف بیچنے والا
فروغ ف روشنی - شعاع -
تابش آفتاب اور آگ کی

فروگذاشت فـ چھوڑنا۔ معاف کرنا۔ بھول جانا
فروگذاشتن فـ چھوڑ دینا۔ بھول جانا۔ قصور معاف کرنا
فروکوفتن فـ ٹھوکنا۔ دے مارنا
فروماندگی فـ عاجزی۔ لاچاری
فروماندن فـ لاچار ہونا۔ عاجز ہونا
فرومایگان فـ کمینی لوگ نالائق
فرومایہ فـ کمینہ۔ نالائق۔ بداصل بے ہنر
فرہنگ فـ عقل علم۔ لغت کی کتاب نام ہی مادر کیکاؤس کا
فرہاد فـ نام ہی ایک سنگ تراش مشہور عاشق فارسی کا جو شیرین پر عاشق ہوا تھا اوسکا قصہ مشہور ہی
فریاد فـ غل واسطے مدد مانگنی کی دُہائی دینا
فریادی فـ دُہائی دینے والا
فریب فـ مکر۔ عشوہ۔ ناز۔ دغا
فرید عـ بےمثل بے مانند۔ یگانہ
فریدون فـ نام ہی ایک بادشاہ فارس کا جسنے ضحاک پر فتح پائی تھی
فریسہ عـ وہ جانور جسکو شکار کرین
فریضہ عـ حکم خدا کا۔ جیسی روزہ رکہنا نماز پڑہنا
فریفتن فـ فریب کہانا۔ فریب دینا
فریق عـ جدا کرنیوالا۔ ٹوپی۔ فرقہ
فزاف افزایش زیادہ کر۔ انگڑائی
فزع عـ خوف۔ گہبراہٹ
فزودن فـ زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا
فزون فـ زیادہ۔ بڑہتا ہوا
فزونی فـ زیادتی۔ بڑہوتری
فساد عـ بگاڑ۔ بگڑنا۔ اوّل صورت کا چھوڑ دینا
فسان فـ ایک پتھر ہی جسپر چاکو اور چھری تیز کرتے ہین
فسانہ فـ کہانی۔ قصہ
فستق معـ معرب ہی پستہ کا پستہ میوہ مشہور ہی
فسحت عـ فراخی جگہہ کی کشادگی جگہہ کی
فسخ عـ قصد کا پہیر دینا۔ ارادے توڑ دینا

فسر عـ بیان کرنا۔ مطلب کہولنا
فسردگی فـ جم جانا منجمد ہونا
فسردن فـ ٹھہرنا۔ منجمد ہو جانا
فسق عـ خدا کا حکم ترک کرنا۔ بد کام کرنا۔ گنہ کرنا
فسقہ عـ جمع فاسق کی گنہگار لوگ
فسون فـ منتر۔ جادو
فسیح عـ وسیع۔ فراخ مکان
فشان فـ جہاڑتا ہوا
فشاندن فـ جہاڑنا
فشردن فـ نچوڑنا
فص عـ نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہین
فصاحت عـ خوشگوئی خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور ترکیب غیر مانوس اور تعقید سے
فصّاد عـ فصد کہولنے والا
فصد عـ خون نکالنا رگ سے
فصل عـ جدا کرنا جو نوع کو تمیز دے اوسکے مشارکات جنسی سے۔ موسم
فصول عـ جمع ہی فصل کی
فصیح عـ خوش گو۔ صحیح کلام کرنے والا
فصیل عـ شہر پناہ۔ چار دیواری شہر کی۔ بچہ اونٹ کا جسکا دودہ پینا چھوڑایا جائے یعنے اوسکی مان سے جدا کر دیا گیا ہو
فضا عـ فراخی زمین کی کشادگی صحن خانہ۔ اور میدان۔ کہلا میدان
فضاحت عـ رسوائی
فضایح عـ جمع فضیحت کی۔ رسوائیان
فضائل عـ زیادتیان۔ اور ہنر۔ درجات بلند جمع فضیلت کی
فضل عـ افزونی۔ بخشش
فضلا عـ جمع فاضل کی
فضلات عـ جمع فضلہ کی ہی
فضلہ عـ وہ بہوک ہی جو بعد غذا کے بدن سے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہی
فضول عـ فزونی۔ زیادتی۔ بزرگی

بزرگ ہونا
فضولی عَ بیہودہ آدمی۔ زیادہ گو
فضہ عَ چاندی۔ نقرہ
فضیحت عَ رسوائی۔ بدنامی
فضیلت عَ بزرگی۔ بڑائی
فطر عَ چیرنا۔ پیدا کرنا
فطر عَ روزہ کھولنا
فطرت عَ پیدایش دانائی
فطنت عَ زیرکی۔ دانائی
فطن عَ زیرک۔ دانا
فطیر عَ تازہ گندھا ہوا آٹا خمیر کی ضد فطیر ہے
فظیع عَ بد۔ قبیح
فعّال عَ بہت کام کرنے والا
فغان فَ نالہ۔ فریاد
فغم عَ خوشبو کا سونگھنا
فقد عَ گم کرنا۔ گم ہونا
فقدان عَ گم ہونا۔ کھویا جانا
فقر عَ افلاس۔ فقیری

فقرا عَ جمع ہے فقیر کی
فقرہ عَ جملہ۔ استخوان پیٹھ کی منکا کمر کا
فقط عَ بس
فقہ عَ دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم معرفت احکام شریعت کا
فقہا عَ جمع ہے فقیہ کی
فقیر عَ مفلس درویش
فقیہ عَ عالم دانا۔ علم فقہ جاننے والا
فکِ اعلیٰ عَ اوپر کا جبڑا
فکِ اسفل عَ نیچے کا جبڑا
فکاک عَ جدا کرنا۔ خلاص کرنا
فکر عَ سوچ۔ اندیشہ
فگندن فَ ڈالنا
فکیف عَ پس کیونکر۔ استفہام کیواسطے بھی بولتے ہین
فگار فَ زخمی۔ زخم۔ اسیواسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہین جو لوگ دلفگار کے معنی معشوق تصور کرتے ہین بڑی غلطی کرتے ہین غ۔ت
فلاح عَ رستگاری۔ فیروزی۔ نیکی

فلاحت عَ نیکی۔ بھلائی۔ کھیتی کرنا۔ زراعت
فلاخن فَ گوپیا جسمین ڈھیلا رکھکر اور گھماکر زمیندار کھیت مین جانورونکو مارتا ہے
فلاسفہ عَ جمع فلسفی کی حکما۔ دانشمند لوگ
فلاکت عَ مفلسی۔ ناداری۔ گردش زدگی زمانہ کی
فلان عَ شخص فرضی
فلزّ عَ وہ جوہر کانی جو آگ مین پگھل سکے یہ معنی شامل ہین چاندی سونے تانبی وغیرہ سب معدنیات کو
فلزی عَ معدنی۔ کانی
فلس عَ پیسہ
فلس عَ مچھلی کا کھپڑا
فلسفہ عَ علم موجودات کا
فلفل عَ سیاہ مرچ
فلک عَ آسمان
فلکی عَ آسمانی

فلوس عَ جمع ہے فلس کی
فلہ فَ پیوسی جو بعد بچہ پیدا ہونے کے جیوا نکا دودہ دو تین دن نکلتا ہے اوسکو پیوسی کہتے ہین
فلہذا عَ پس اسیواسطے
فم عَ منہہ
فم معدہ عَ معدہ کا منہہ۔ کوڑی
فن عَ شاخ درخت کی۔ علم کی شاخ
فنا عَ مرنا۔ ہلاک ہونا
فندق عَ ایک میوہ مشہور ولایت کا ہے سُرخ رنگ بیر کے برابر ہوتا ہے اور مشابہ ہوتا ہے سر انگشتان سے اور کبھی اوس سے کنایہ لب معشوق سے ہوتا ہے اور کبھی سر انگشت حنابستہ تشبیہ دیتے ہین
فنون عَ جمع ہے فن کی
فو عَ منہہ
فوات عَ گذرنا۔ کھویا جانا۔ مرجانا
فواحش عَ جمع ہے فاحشہ کی بدکار عورتین اور بدیان۔

فوّارہ ع چشمہ جھرنا پانی کا۔ بہت جوش مارنے والا
فواضل ع بخششین بڑی۔ عطیات نیک جمع ہی فاضلہ کی
فواق ع ہچکی۔ وہ ہوا جو سینے سے نکلتی ہی
فواکہ ع جمع ہی فاکہہ کی میوجات
فوائح ع جمع ہی فائحہ کی خوشبو دینے والی چیزین۔ خوشبوئین
فوائد ع جمع ہی فائدہ کی
فوت ع مرنا۔ گم ہونا۔ گذرنا
فوج ف لشکر۔ سپاہ جنگی گروہ
فور ع جوش مارنا جلدی
فوز ع مطلب کو پہنچنا
فوطہ ع کمربند۔ جانماز دوختہ۔ لنگی نہانے کی خصیہ۔ تھیلی۔ محصول
فوفل ع سپاری
فوق ع اوپر
فوقانی ع اوپر کا۔ اوپر والا

فولاد ع لوہا جوہردار جسکی تلوار چھری وغیرہ بنواتے ہین
فہّام ع بہت سمجھنے والا
فہد ع چیتا۔ پلنگ درندہ جانور قسم شیر کی مشہور ہی
فہرست ف تفصیل اشیا کی اوسکو عربی مین فہرس کہتے ہین
فہم ع سمجھ۔ عقل۔ دانائی
فہمانیدن ف سمجھانا
فہمیدن ف سمجھنا
فہوم ع جمع ہی فہم کی
فہیم ع سمجھنے والا
فی ع بیچ۔ درمیان
فیاض ع فیض پہچانے والا۔ بڑا فیض کرنے والا
فی الجملہ ع حاصل کلام۔ مختصر کلام
فی الحال ع فوراً۔ ابھی
فی المثل ع کہاوت مین
فی الواقع ع حقیقت مین

فیروز ف فتح۔ جیت۔ کامیاب
فیروزہ ف نام ایک پتھر مشہور کا ہی
فیروزی ف فتحمندی
فیصل ع انفصال جھگڑا چکانا۔ نیاو کرنا
فیصلہ ع جھگڑا چکانا
فیض ع ڈالنا۔ مجازاً فائدہ۔ بخشش
فیل ع ہاتھی مشہور حیوان ہی
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا
فیلسوف ع عقلمند۔ حکیم۔ دوستدار علم کا
فیل مرغ ف نام ایک پرند مشہور کا ہی
فیمابین ع درمیان۔ بیچ مین
فی نفسہ ع اپنی اصلین۔ اپنی ذات مین خود۔
فیوض ع جمع ہی فیض کی
فیوضات ع فیوض کی جمع
فیوضات جمع الجوامع ہی
فیہج ع شراب

بَابُ القَافِ

قاآن ت بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو چنگیز خان کے پسر کا نام بھی ہی اب یہ لقب بادشاہ ترک کا ہی مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہین
قاب ت طباق۔ بڑا برتن بطور رکابی کے۔ تھال
قابض ع قبض کرنے والا
قابل ع لائق۔ یوگ
قابلہ ع دائی
قابلیت ع قابل ہونا۔ لائق ہونا لیاقت
قابو ت بوتا۔ موقع۔ داو
قابوس ع معرب ہی کاؤس کا نام بادشاہ کا ہی
قاتل ع قتل کرنے والا۔ خونی
قادر ع قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا

قادس ع بڑا جہاز
قارورہ ع شیشے - مجازاً پیشاب کی شیشے
قاری ع پڑہنے والا - خوانندہ
قارون ع ایک شخص دولتمند رشتہ دار حضرت موسیٰؑ کا بتلاتے ہین
قارو ع راج ہنس پرند مشہور ہی
قاسر ع جبر کرنیوالا - زبردستی سے کسی کام پر رکہنے والا
قاسم ع بانٹنے والا - تقسیم کرنے والا
قاش ت ابرو - پارہ - پہانک
قاشر ع چہلکا اوتارنے والا
قاصد ع قصد کرنے والا - ارادہ کرنیوالا
قاصر ع کوتاہی کرنے والا
قاصب ع تیز - برندہ - کاٹنے والا
قاضی ع جہگڑا چکانیوالا - منصف
قاطع ع کاٹنے والا - قطع کرنے والا
قاطع الطریق ع راہ بر - رہزن راہ پہ لوٹنے والا - چور

قاطن ع ساکن - رہنے والا
قاعد ع بیٹہنے والا
قاعدہ ع پیندا - تلی - نیچے کے مقدار - قانون - دستور
قاف ع نام ایک پہاڑ کا ہی
قافلہ ع میدنی - گروہ مسافرون کا
قافیہ ع الفاظ بیت کے اخیر کے
قاق ت خشک گوشت مجازاً لاغر - دُبلا
قاقلہ ع بڑی الایچی
قاقم ع نام ایک جانور کا ہی اوسکا پوست بہت سپید اور ملائم ہوتا ہی اوسکی پوستین بناتے ہین
قال ع گفتگو - مباحثہ
قالب ع سانچہ - بدن
قالی ع بچہونا - غالیچہ
قالیچہ ف چہوٹا بچہونا مشہور ہی
قامت ع قد
قامعہ ع توڑنے والی - خوار کرنے والی

قاموس ع دریائے عمیق - نام کتاب لغت عربی کا
قانت ع دعا پڑہنے والا - حکم ماننے والا خدا کا
قانع ع سنتوک کرنیوالا - تہوڑے پر صبر کرنے والا
قانون ع مسطر کتاب کا - اصل ہر شے کا - شرع - دستور - قاعدہ - اندازہ
قاہر ع قہر کرنے والا - زور آور
قائد ع کہینچنے والا - حاکم
قایف ع علم قیافہ والا - شگونیا
قائل ع کہنے والا
قائم ع کہڑا ہونے والا - کہڑا ہوا
قائمہ ع نوے درجہ کا زاویہ
قبا ع پوشاک مشہور ہی
قباب ع جمع ہی قبہ کی کنگورے کلس - برج
قباچہ ف چہوٹی قبا
قباحت ع برائی - زشتی زبونی

قبالہ ع سند مکان کی - کاغذ مکان کا
قبائح ع جمع قبیحہ کی - بُرائیان
قبائل ع جمع قبیلہ کی گروہ آدمیونکی اقوام
قبیح ع بدزبون - برا
قبح ع بُرائی - بدی
قبر ع گور
قبرستان ف وہ جگہہ جہان پر قبرین ہون
قبس ع چنگاری - آگ کا ٹکڑا
قبس ع جلانا بتے وغیرہ کا
قبض ع پکڑنا - گرفتگی
قبضہ ع مٹہی - گرفت کی جگہہ تلوار وغیرہ کی - دستہ - قابو
قبل ع آگے - سامنے
قبل ع اندام نہانی عورت کا
قبلہ ع جسکی طرف منہہ کرین
قبلہ ع بوسہ - چوما
قبور ع جمع ہی قبر کی
قبیل ع گروہ

قبول عَ | ماننا۔ قبول کرنا
قبولیت عَ |
قبہ عَ گنبد وغیرہ عمارت گول
قبیلہ عَ گروہ۔ وہ جماعت جو
ایک باپ کی اولاد سے ہون
قتال عَ لڑائی۔ جنگ
قتال عَ بہت قتل کرنے والا
قتل عَ مار ڈالنا۔ تلوار وغیرہ ہتیار سے مارنا
قتیل عَ مقتول کشتہ خواہ عورت ہو یا مرد
قحبہ عَ بدکار۔ فاحشہ۔ لغوی معنی
کھنکار کر بلانے والی
قحط عَ کال مجازاً مہنگا ہو جانا غلہ کا
بسبب نہ برسنے بارش کے
قحف عَ استخوان سر۔ کھوپری
قد عَ لمبائی بدن کی
قدام عَ ہمیشگی۔ کہنہ پن
قدام عَ آگے۔ سامنے
قدامت عَ دیرینہ ہونا۔
کہنہ ہونا۔ ہمیشگی

قدح عَ پیالہ۔ عیب کرنا۔ طعنہ دینا
۔ ضد مدح کی ہی
قدر عَ عزت۔ بزرگی۔ اندازہ کرنا
کسی چیز کا
قدر عَ ہانڈی۔ دیگ
قدرت عَ طاقت۔ قوت
قدردان فَ قدر جاننے والا
قدرے فَ تہوڑا۔ قلیل کم
قدس عَ پاکیزگی۔ پاک نام
ایک پہاڑ کا عرب مین
قدغن تَ تاکید۔ تقید
قدم عَ پیر۔ پاے۔ پانو
قدماء عَ جمع ہی قدیم کی اگلے
لوگ۔ پرانے وقت کے آدمی
قدم عَ دیرینگی۔ کہنگی۔ پراناپن
ہمیشگی۔
قدوس عَ بہت پاک۔ نام خداتعالےٰ کا
قدوم عَ کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے آنا
قدوہ عَ پیشوا۔ برگزیدہ

قدید عَ سوکہا ہوا گوشت۔ گوشت خشک
قدیر عَ صاحب قدر۔ طاقت ور۔
قادر۔ پختہ
قدیم عَ ہمیشہ۔ جو ہمیشہ سے ہو۔ پرانا
قریٰ عَ جمع ہی قریہ کی دیہات
قراءت عَ پڑہنا
قرابت عَ رشتہ داری۔ قریب ہونا
قراد عَ چچڑی مشہور جاندار ہی جو کتی کے
بدن پر ہوتی ہین
قرابہ عَ بڑا شیشہ عرق رکہنے کا
قرار عَ سکون آرام۔ اقرار مجازاً
قرارداد فَ اقرار۔ جو بات بعد مباحثہ
کی مقرر ہو جاوے
قراقر اَ جمع قرقرہ کی وہ آواز جو پیٹ
کی اندر ہوا گرتی ہی گڑگڑاہٹ پیٹ کی
قراضہ عَ پارۂ زر۔ ٹکڑا سونیکا۔ ریزہ
چاندی کا یا سونے کا
قران عَ اجتماع دو ستارونکا ایک
برج مین سواے شمس کے

قرآن عَ کلام اللہ۔ یہ لفظ مصدر ہی
بمعنی خواندن کے مگر بمعنی مفعول کے مستعمل
ہو کر نام کتاب خدا کا ہو گیا ہی
قراول تَ وہ سپاہی لوگ جو واسطے
تعین مکان جنگ کے مقرر ہون اور
شکاری آدمی بہیلیا۔ جو شخص شکار کرواے
قرب عَ نزدیکی
قرباء عَ جمع قریب کی
قربان عَ ذبح کرنا۔ صدقہ
قربت عَ نزدیکی۔ پاس ہونا
قربہ عَ مشک پانی کی
قرۃ عَ خنکی۔ سردی
قرح عَ زخم کرنا۔ گہاو کرنا
قرحہ عَ زخم جسمین پیپ پیدا ہو گئی ہو
قرد عَ بوزنہ۔ بندر مشہور حیوان ہی
قرص عَ ٹکیا
قرض عَ دام۔ اودہار روپیہ دینا
قرطاس عَ کاغذ
قرع عَ کدو نبات مشہور ہی

قرعه ع پانسه تانبے یا پتیل یا جست وغیره کا جسکو ڈال کر رمال غیب کی بات بتلاتے هین
قرق ت نگهبانی - منع کرنا - روکنا
قرمز ع لال - سرخ رنگ
قرمزی ع سرخ رنگ
قرن ع شاخ حیوان کی - سینگ حیوان کا - ۱۰۰ سو برس یا ۳۰ تیس برس -
قرنفل ع لونگ
قروح ع جمع هی قرح کی زخمها - گهاو
قریات ع جمع هی قریه کی دیهات - گانو
قریب ع نزدیک
قریش ع نام هی ایک قبیله کا درمیان عرب کے پیغمبر خدا صلعم اوسی قبیله کی اولاد سے هین
قرین ع پاس والا - ملا هوا - هم صحبت - یار دوست وغیره
قرینه ع مناسبت ظاهری درمیان دو چیز کے - پیوسته هونا ایک چیز کا دوسری چیز سے
قریه ع گانو - پنڈ - ده
قز ع ریشم - کچا ریشم - کیڑا ریشم کا
قزاق ت راهزن - لوٹیرا
قزح ع رنگا رنگ جسپر لکیرین وغیره هون
قزلباش ت قزل کے معنی سرخ اور باش کے معنی سر یعنے سرخ سر والا مراد لشکری چونکه سرخ پگڑی اسمعیل صفوی نے لشکریون کے واسطے ایجاد کی تهی اسواسطے یه خطاب لشکر کے سپاهی کو دیا گیا هی
قساوت ع سخت دلی اور سیاه دل هونا
قسط ع عدل - انصاف - حصه - آفتابه پانی کا
قسط ع ظلم بے انصافی حق سے پهر جانا
قسط بندی ف زمیندار لوگ جو روپیه سرکار کے حصه کرکے دیتے هین اوسکو قسط بندی کهتے هین

قسم ع حصه - هر ایک بهانت یا طرح
قسم ع سوگند - قسم مشهور لفظ هی
قسمت ع حصه - بٹنا هوا
قسر ع زبردستی سے کسیکو ایک کام پر رکهنا - بزور کوئی کام کروانا
قشر ع چهلکا - پوست درخت یا میوه کا اور پوست
قشقه ف تلک ٹیکا جو هندو لوگ ماتهے پر لگاتے هین
قص ع کترنا - کاٹنا - استخوان سینه
قصاب ع کاٹنے والا مراد قصائی - بوچڑ
قصار ع گاذر - دهوبی
قصاص ع عوض لینا زخم کا زخم سے - یا قتل کا قتل سے
قصائد ع جمع هی قصیده کی
قصائی ع کاٹنے والا یه لفظ قص سے بنا هی
قصب ع نی - نیزه قلم کا کپڑا کتان کا اور ابریشم کا اور قصب بمعنی کاٹنے کے هین اسی سے قصاب کا لفظ بنا هی جو قصائی کو کهتے هین
قصبات ع جمع هی قصبه کی - چهوٹے شهر - نی - بانسلی
قصبه ع چهوٹا شهر - نی - اور جو مانند نی کے هو جیسے قلم کا نیزه
قصد ع اراده
قصر ع کوتاهی - کپڑا دهونا - مکان - محل
قصص ع جمع قصه کی کهانیان
قصوی ع انتها - نهایت - یه صیغه مؤنث کا هی
قصور ع کوتاهی - عاجز هونا - قاصر رهنا - اور جمع قصر کی بمعنی محلها
قصه ع کهانی - بیان کسی شخص کا
قصیده ع مغز موٹا اور اصطلاح مین وی اشعار هین جو شامل مدح یا ذم کو هون - اور باره سے زیاده هون

قصیر ع کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا
نام ایک غلام کا ہی جو مشہور با وفا تھا
قضاء ع حکم کرنا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا
۔تمام کرنا۔ اور حکم خدا کا مخلوقات
کی حق مین جو دفعۃً واقع ہو جاوے
قضات ع جمع قاضی کی ہی
قضا و قدر ع تقدیر۔ قسمت
قضایا ع جمع ہی قضیہ کی بجلے رعیات
کے فقرے اور جھگڑے
قضبان ع شاخین درخت کی
جمع ہو قضیب کی
قضیب ع شاخ درخت کی مجازاً
ذکر آلۂ تناسل مرد کا
قضیہ ع جملہ۔ فقرہ جھگڑا
قط ع کاٹنا درمیان عرض کے اسی سے
مشتق ہے۔ جو قط کرنا قلم
کا بولتے ہین
قطار ع اونٹونکی جماعت جو برابر ہو صف بستہ
قطب ع کیلی جسپر چکی پہرتی ہی۔ سردار
قوم کا۔ افضل ہر شی کا۔ اصطلاح مین
وہ نقطہ زمین کا جو شمال اور
جنوب پر ساکن ہے
قطر ع کنارہ۔ طرف۔ اصطلاح مین
وہ خط مستقیم جو مرکز پر دائرہ کے
گذر کر اوسکے دو ٹکڑے کرے
قطرات ع جمع ہی قطرہ کی بوندین
قطران ع ایک روغن بدبودار ہوتا ہی
جو درخت عرعر سے نکلتا ہی اور اونٹون
خارشتیون پر ملا جاتا ہی۔ چیڑ کا تیل
قطرہ ع بوند پانی کی
قطع ع کاٹنا
قطعہ ع ٹکڑا۔ ابیات جو دو شعر یا اونسے
زیادہ ہون اور مطلع انمین نہو
قطن ع روئی۔ پنبہ اور قطن وہ ہڈی
جو درمیان دونون سرین کے
ہی یعنے ریڑہ کی ہڈی
قعب ع بات کی تہ۔ تنگ سخن۔ گہرا اپنی تک کا
پیالہ بڑا جس سے ایک آدمی سیر ہو سکے

قعر ع تہ کوے کی۔ عمق گہرا وچاہ یا دریا کا
قفا ع گدی۔ گردن کی پشت۔
مجازاً پیچھے۔ پس پشت
قفس
قفص ع پنجرہ پرندونکا سین اور صاد دونون سے صحیح ہی
قفل ع تالا
قفیز ع ایک پیمانہ ہی بارہ[12] صاع کا اور ایک
صاع آٹھہ رطل کا ہوتا ہی اور ایک رطل آدہ سیر کو
کہتے ہین اور زمین کی پیمایش مین قفیز ایک سو[1..]
چوالیس[144] گز شرعی کو کہتے ہین
ققنس ع یہ لفظ یونانی ہی یہ نام ایک پرند کا ہی
اوسکی آواز سے علم موسیقے حکمانے نکالا ہی کہتے
ہین کہ عمر اوسکی ہزار سال کی ہوتی ہی اور
جوڑا اوسکا یعنے مادہ اوسکی نہین ہوتی اور
توالد اوسکا اسطور پر بیان کرتے ہین کہ جبکہ وہ بوڑہا
ہو جاتا ہی تو لکڑیان جمع کرکے اونکے اندر بیٹھتا ہی
اور اسکی منقار مین جو بہت سوراخ ہین
اونسے آواز کرنا شروع کرتا ہی ہر سوراخ سے
ایک ایک راگ علیحدہ نکلتا ہی چنانچہ
دیپک راگ بھی جب نکلتا ہی تو اون تنکون
مین آگ لگ جاتی ہی وہ جانور جلکر خاک
ہو جاتا ہی پہر جب قدرت الٓہی سے مینہ
برستا ہی تو اوس خاک مین سے ایک انڈا
پیدا ہوتا ہی اوسمین سے اوسی نوع کا جانور
ایک اور پیدا ہو جاتا ہی اس جانور کو
فارسی مین اسیواسطے آتش
زن بھی کہتے ہین
قل ع کہو۔ بولو
قلاب ع قلابہ۔ حلقہ
قلاع ع جمع ہی قلعہ کی
قلب ع دل۔ اولٹا ہوا۔ واژگون
اور دلکو بھی اسیواسطے کہتے ہین کہ
وہ سینہ مین اولٹا ہوا ہی
قلبہ ع ہل زمین جوتنے کا
قلبہ ران ف زمیندار یا ہل جوتنے والا
قلبی ع بدلا ہوا۔ اولٹا کیا ہوا۔ دلی
قلت ع گڑہا۔ مغاک پہاڑ کا جسمین
پانی جمع ہو قلت باش

قلتبان ع دیوث جسکی عورت
بدکار ہو اور وہ شخص جان بوجھ کر کچھ
اوسکو روک ٹوک نکرے
قلزم ع نام ایک شہر کا ہی درمیان مصر
اور مکہ کے نزدیک کوہ طور کے اوس
شہر منسوب کرکے اوس دریا کو جسکے کنارہ
پر وہ واقع ہی بحر قلزم کہتے ہین
قلاش ت مفلس بے ننگ و نام۔
لچا بدمعاش
قلع ع اوکھیڑنا۔ اور نام ہی ایک کہانکا
قلعہ ع سنگین مکان محفوظ جسمین بادشاہ
وغیرہ رہتے ہین
قلعی ع منسوب قلعی سے جو نام ہی ایک
کہانکا اوسمین سے خالص ارزیز نکلتا ہی
اسیواسطے ارزیز کو قلعی کہتے
ہین
قلق ع بیقراری۔ بے ارامی
قلم ع کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن کاٹنا
قلم ع لکہنے کا قلم۔ لکھنی

قلمرو ف سلطنت۔ راج دہانی ملک
قلمزن ف کاتب لکہنے والا۔ مصور
قلمکار ف رنگ بہرنیوالا۔ نقاش۔ ایک
قسم کا بافتہ جسپر طرح طرحکے نقش ہون
قلم موی ف بال کا قلم
قلندر مب معرب کلندر کا ایک قسم ہی
فقیرونکی مست بے پرواہ اور لغوی معنی کندۂ ناتراشیدہ
قلوب ع جمع ہی قلب کی
قلہ ع چوٹی پہاڑ کی۔ سرکوہ۔ چوٹی
قلی ع توے پر کسی چیز کا بریان کرنا او
قلی سجی کو کہتے ہین
قلیان ع نیچہ حقہ کا۔ مجازاً حقہ
قلیل ع تہوڑا۔ کم
قلیہ ع گوشت بہنا ہوا۔ مجازاً ہنڈیا کا
پکا ہوا گوشت مع شوربہ کے
قمار ع جوا۔ بازی جس مین زر کی
شرط کی ہو
قمار باختن ف جوا کھیلنا
قمار باز ف جواری

قماش ع اسباب جامہ۔ ابریشمی
متاع خانہ۔ جوہر۔ صفت
قمر ع چاند۔ اصطلاح کیمیا مین چاندی
قمری ع ایک مشہور پرندہ ہی فاختہ کی قسم
قمری ع منسوب قمر سے۔ چاند کا
قمع ع شکست کرنا۔ خوار کرنا
قمل ع جون سپش
قمیص ع کرتا۔ پیراہن
قنات ع پردہ چار طرف خیمہ کی۔
ی استخوان مہرہ پشت کی
قنادیل ع جمع ہی قندیل کی
قناعت ع راضی ہونا تہوڑے
پر۔ سنتوک کرنا کم پر
قنب ع بہنگ
قنبر ع نام ہی غلام حضرت علیؓ کا
قند ع مب شکر۔ کہانڈ یہ لفظ
معرب ہی کہنڈ کا
قندیل ع فانوس ہی جسمین چراغ
جلاتے ہین

قنوط ع ناامیدی اور ناامید ہونا
قواعد ع جمع ہی قاعدہ کی
قوال ع گویا۔ ڈوم۔ کلاونت۔
بہت بولنے والا
قوام ع نظام۔ اصل کسی چیز کا۔ کہڑا
ہونا باقی رہنا۔ بندش
قوام ع راستی۔ عدل
قوانین ع جمع ہی قانون کی
قوائم ع جمع قائمہ کی۔ ہاتھ پیر
قوت ع طاقت۔ زور
قوت ع خوراک۔ کہانا
قورت سلاح۔ ہتیار
قورمہ ف بہنا ہوا۔ بریان —
گوشت بہنا ہوا
قورخانہ ف سلاح خانہ۔ میگزین
ہتیار جہان پر رہتے ہین
قورچی ت ہتیار بند سپاہی —
سلاحدار۔ لوہار
قوس ع کمان۔ ٹکڑا دائرہ کا

قوس قزح ع دہنک شیطان کی ہی
کمان جو بعد بارش کہلنے کی آسمان پر نمودار ہوتی
قول ع گفتگو - کہنا - بات
قولنامہ ف اقرار نامہ - وہ کاغذ
جسمین قول و اقرار لکھا جاوے
قولنج ع وہ درد جو قولون انتڑی
مین پیدا ہوتا ہی
قوم ع گروہ آدمیون کا
قوی ع مضبوط - قوت والا
قویم ع سیدہا - راست - استوار خوش قد
قہر ع زبردستی کرنا - زور کرنا
قہار ع بڑا قہر کرنے والا - صفت
خدای تعالی کی ہی
قہقہہ ع کہلکہلا کر ہنسنا - خندہ بسیار -
نام ایک قلعہ کا ہی ایران مین
قہوہ ع ایک پہل ہی جسکو ہندی
مین بن کہتے ہین
قی ع ابکائی - کہایا ہوا اوگل دینا
قیاس ع اندازہ - اور اندازہ کرنا
دو چیز کا فکر مین - برابر کرنا - اصطلاح
منطق مین ایک قول ہی مرکب دو جملون
سے جو مستلزم ہو نتیجہ کو
قیاسی ع جو موافق قاعدہ کے ہو
منسوب قیاس سے
قیافہ ع شگون - علامات ہاتھ و پیر سے
نحس اور سعد دریافت کرنے کا علم
قیام ع کہڑا ہونا - استادہ ہونا
قیراط ع چار جو کی مقدار
قیامت ع مصدر ہی بمعنی قائم ہونے
کے وہ دن جب مُردے زندہ ہو کر
کہڑے ہو جاوین گے
قیدی ع بندی - بند ہوا
قیر ع ایک قسم کا روغن سیاہ ہی جو اونٹون
خارشیون پر ملتے ہین - اور سیاہ چیز
ہی جو کشتیون کی درزون مین لگاتے
ہین تاکہ پانی اونمین نہ بہر آوے
قیس ع عرب مین نام ہی ایک قبیلہ کا جو
قیس کی اولاد سے ہی - اور لقب مجنون کا

قیصر ع رومی زبان مین قیصر اوس بچہ کو
کہتے ہین جو اپنی مان کے پیٹ مین ہو اور
اوسکی مان قبل اوسکی ولادت کی مرجاوی
پہر اوس عورت کا پیٹ چیر کر اوس بچہ کو نکالین چنانچہ
اغسطوس بادشاہ روم اسیطرح پیدا ہوا تھا
اسیواسطے یہ خطاب اوسکو دیا گیا تھا
قیطون ت جو کرنج ابریشم سے تار
چاندی یا سونی کی لگا کر بنتی ہین
قیفال ع نام ایک رگ کا ہی
قیل ع نام ایک شخص کا ہی - وہ شخص جو
دوپہر کو سوتا ہی - وہ اونٹنی جسکا دودہ
وقت دوپہر کے نکالین
قیلولہ ع بوقت دوپہر دن چڑہے کی سونا
قیم ع جمع ہی قائم کی
قیمت ع مول قدر
قیم ع جمع ہی قیمت کی اور قیم برپا
رکہنے والا - قائم رکہنے والا
قیمتی ع جو شے قیمت والی
قیماق ت دودہ پر کی ملائی یا بالائی دودہ کی
قیود ع جمع ہی قید کی - قیدین
قیوم ع بے مانند - بے ہمتا - نام ہی
خدایتعالی کا - بہت قائم
ہونے والا

بَابُ الکَاف

کابوس ع ایک بیماری ہی جسمین آدمی
کو حالت خواب مین یہ معلوم ہوتا ہی
کہ کسی نے اوسکو دبا لیا ہی اور وہ
ڈر کر آواز کرتا ہی
کابین ف مہر وہ روپیہ جو خاوند
بوقت نکاح عورت کو دینا منظور کرتا ہی
کاتب ع لکہنے والا - محرر
کاچہ ف ٹہوڑی - زنخ - خوشی
کاخ ف عمارت - بلند - محل
کاذب ع جہوٹا
کار ف کام

کارد ف چاکو۔ چھری
کاردار ف وزیر بادشاہ کے آگے
کام کرنے والا
کارزار ف لڑائی۔ جنگ
کارشناس ف کام کو پہچانتے والا
کارفرما ف کام بتلانے والا۔
حکم کرنے والا۔ حاکم
کارگذار ف نوکر سرکاری۔ کام کرنیوالا
کارکن ف کام کرنے والا
کاردان ف کام جانتے والا۔ وزیر
کاروان سرای ف سرای جہان پر
قافلہ اوترے
کاریدن ف بیج کا بونا۔ تخم ریزی کرنا
کاریز ف نالی پانی دینے کی کہیت مین
کول پنجابی زبان مین کہتے ہین۔ ایک نالے
جو ندی سے کہود کر کہیت مین لیجاوین
تاکہ کہیت مین پانی دیا جاوے
اوسکو کاریز کہتے ہین
کاریگر ف کام کرنے والا۔ ہنرور

کاسب ع کسب کرنیوالا۔ کمانے والا
کاستن ف گہٹنا۔ گہٹانا
کاسِد ع کہوٹا جسمین کچھ کہوٹ ملا ہوا ہو
کاسر ع توڑنے والا
کاسف ع گہنے والا۔ یعنے جسکو گہن لگا ہو
جیسے چاند یا سورج کو گہن لگا کرتا ہی
کاسہ ف پیالہ۔ کانسہ
کاش۔ کاشکے ف خدا کرے۔ امید یون ہی
یہہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہی
کاشانہ ف جہونپڑا۔ گہر یہ کلمہ تحقیر کا ہی
چہوٹا سا گہر۔ گہونسلا پرند کا
کاشتن ف بونا۔ بیج بونا
کاشف ع کہولنے والا۔ دور کرنیوالا
کاظم ع غصہ مارنیوالا۔ غصہ پیجانیوالا
کاغذ ع مشہور ہی
کافتن ف کہودنا
کافر ع منکر خدا کا۔ جو خدا کو نہ مانے
کافِل ع ضامن
کافور ع کپور مشہور دوا ہی

کافہ ع گروہ آدمیونکا۔ جماعت
کافہ انام ع سب لوگ جماعت آدمیونکی
کافی ع کفایت کرنے والا
کاک ف روٹی کی ایک قسم ہی
ٹکیہ کی طرح چپر ہوتی ہی
کاکل ف زلف۔ بال سر کے لٹکے
ہوئے سامنے کو
کالا ف اسباب متاع۔ پونجی
کالبد ف قالب۔ تن۔ بدن
کالوج ف چہوٹی اونگلی ہاتھہ کی
کام ف مطلب مقصود۔ تالو۔ مُنہہ
کامران ف جسکا مطلب ہوگیا ہو
کامل ع پورا
کامن ع چہپا ہوا۔ پوشیدہ
کامیاب ف کام پانیوالا۔ کامران مطلب
جسکا ہوگیا ہو
کان ف کہان۔ معدن
کانون ف آتشدان۔ بہٹی
کانون الآخر ف جنوری مہینا

کانون الاول ف دسمبر کا مہینا
کانی ف کہان کی چیز۔ معدنی
کاو ف امرہی کاویدن سے یعنے کہود
کاوکاو ف تلاش۔ تجسس
کاوش ف بمعنی کہوج نکالنا۔ تلاش
کرنا۔ تفحص کرنا
کاووس ف نام ہی ایک بادشاہ کیانی کا۔
بعضے لوگ نمرود کو کہتے ہین کوئی
شخص فرعون کا نام بتلاتے ہین
کاہ ف گہانس۔ پہونس
کاہش ف کم ہونا۔ نقصان قبول کرنا
کاہکشان ف وہ لمبی سڑک یا راہ
جو آسمانمین رات کو نظر آتی ہی
کاہل ع سست۔ کندہا
کاہلی ع سستی
کاہن ع فال گو۔ جادوگر۔ شگون
لینے والا جانورون سے
کاہو ع نام ایک دوا کا ہی
کاہیدن ف گہٹنا اور گہٹانا

کاین ع ہونے والا۔ موجود
کائنات ع دنیا۔ موجودات
کب ف اندر کیطرف کارخ یعنے
گرداگرد مُنھہ اندر کیجانب کا
کباب ف گوشت کوٹ کر گول کرکے
اوسکو بہون کر پکاتے ہین
کُباد ع درد جگر
کُبار ع بزرگان جمع ہی کبیر کی
کبد ع جگر اسکی جمع اکباد آتی ہی
کبث ع سڑ جانا گوشت کا۔ بد بو ہوجانا
گوشت کا
کبر ع بزرگی۔ بڑائی
کبریا ع بزرگ پن۔ بزرگی عظمت
کبریت ع گندہک۔ گوگرد
کبک ف چکور
کبوتر ف مشہور پرندہ ہی
کبود ف نیلگون۔ نیلا
کبیر ع بزرگ۔ بڑا
کبیسہ ع کوایا نذی ٹے سے بہرے
ہوئی۔ لوند کے دن یعنے ۱۱(۶/۱۴) دن
بجتنا سال شمسی کے مقابلہ مین جتنا قمری کے
جو زائد آتے ہین اونکو تین برس کے بعد
جمع کرکے ایک مہینا لوند کا جو ہنود
بڑہاتے ہین اوسکو کبیسہ کہتے ہین
کتاب ع نامہ۔ لکھت۔ اندازہ
فرض کیا ہوا۔ آزاد کرنا غلام یا لونڈی
کا بعوض روپیہ کے
کتابت ع لکھنا
کَتَارَہ ف یہ وہ حربہ ہی جسکو اہل ہند
کَٹَار کہتے ہین یعنے خنجر
کَتّان ع السی
کُتب ع جمع ہی کتاب کی
کتخدا ف اسکی اصل ہی کدخدا یعنے
صاحب خانہ۔ دولہا۔ گھروالا
کتخدائی ف شادی۔ بیاہ
کَتِف ع شانہ۔ کندہا
کَتم ع چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
پوشیدگی۔ پردہ۔

کتوال

کتوال ف پولس کا محافظ۔ پولس دار اصل مین یہ لفظ ہندی ہی
کثافت ع بہدّا ہونا۔ غیر لطیف
ہونا۔ موٹائی
کثرت ع زیادتی۔ بہتایت۔ مجازاً
انبوہ آدمیونکا
کثیر ع بہت۔ زیادہ
کثف ع بہیڑ آدمیونکی۔ گروہ
کثیف ع جو لطیف نہو۔ غلیظ۔ موٹا
کج ف ٹیڑہاپن۔ کُب
کجا ف کہان۔ کس جگہہ
کجاوہ ف اونٹ پر ایک کاٹھی ایسی طرح پر
باندہتے ہین جسپر دو شخص مقابل ایک دوسری کی
بیٹھتے ہین اوسکو کجاوہ کہتے ہین
کجمج ف جسکی گفتگو فصیح نہو مہمل
الفاظ بولنے والا
کجک ف آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو
فیلبانو نکے ہاتھہ مین ہوتا ہی
کچکول ف کاسہ فقیر ونکا۔ بہیک کا
پیالہ
کجی ف ٹیڑہاپن۔ کُبڑاپن
کحال ع سُتہیا۔ وہ حکیم جو صرف
آنکھون مین دوا ڈالے
کُحل ع سُرمہ
کد ف خانہ۔ گھر
کدہ ع خانہ۔ گھر۔ دہ۔ گانو۔
کُدام ف کون شخص کون چیز
کدبانو ف مالک گھر کی بیوی گھر کی
بیگم گھر کی
کدخدا ف صاحب خانہ۔ مالک گھر
کا۔ دولہا
کدر ع تیرہ۔ گدلا۔ مکدر
کدو ف گہیا نام ایک ترکاری کا ہی
کدوخ ف حمام۔ گرم خانہ۔ جام
کدود ف کوا۔ چاہ
کدورت ع تاریکی۔ گدلاپن
کدیور ف مالی۔ باغبان۔ کسان
رئیس۔ سفید داڑہی والا۔ گانو۔
صاحب خانہ۔ مجازاً۔ دنیا۔ زمانہ

کذا ع ایسا
کذاب ع بہت جھوٹا
کذب ع دروغ۔ جھوٹ
کذوب ع جھوٹا۔ دروغ گو
کر ف بہرا جسکو کم سنائی دے
کراف کس کے تئیں۔ کسکو
کراث ع گندنا۔ ایک قسم کا ساگ ہی
کراز ع بوتل یا شیشی۔ وہ کوزہ جس کا سر تنگ ہو
کرام ع جمع ہی کریم کی سخی لوگ
کرامت ع بزرگی
کران ف کنارہ۔ انتہا
کراہت۔ کراہیت ع ناپسندی۔ ناخوشی۔
کرایہ ف بہاڑا
کرب ع غم۔ رنج۔ دکھہ۔ درد
کربت ع دکھہ۔ رنج۔ مصیبت
کرت ع نوبت۔ باری۔ دفعہ
کرخت ف سخت

کردار ف طرز۔ روش کار و عمل و فعل
کردگار ف خدا تعالی۔ کنندہ طرز
کردن ف کرنا
کرسی ع تخت۔ چوکی یہ لفظ عربی ہی
کرشمہ ف ناز و غمزہ۔ آنکھہ کی جھپکی جہانولی
کرفش ف چھپکلی۔ چلپاسہ
کرگدن
کرک ف ایک جانور ہی اوسکو ہندی مین گینڈا کہتی ہین
کرگس ف پرندہی مردار خوار۔ لمڈھینگ مشہور پرندہی
کرم ع جوانمردی۔ مردی۔ عزیزی۔ مجازا مہربانی
کرم ع انگور۔ رز
کرم ف کیڑا
کرم پیلہ ف ریشم کا کیڑا
کرمان ف کیڑے جمع ہی کرم کی اور نام ایک شہر کا فارس مین
کرم کلہ ف گوبہی۔ ایک قسم کا ساگ ہی

کرنا ف تُرہی۔ نفیری سرنائے
کرنب ع کرم کلہ
کروہ ف کوس اوسکی تعداد چار ہزار گزکی ہی
کروبی ف فرشتہ مقرب
کرہ ع گیند۔ گولا
کرہ ف گھوڑے کا بچہ۔ گدہے کا بچہ
کریم ع سخی۔ بزرگ
کریما ع ای کریم۔ ای سخی۔ ای خدا
کریوہ ف ٹیلہ
کریہ ع مکروہ۔ بہونڈا۔ بدشکل
کژ ف کچ۔ ریشم کم قیمت کا اوسکا قرب تر ہی
کس ف آدمی۔ شخص
کس ف فرج عورت کا جسم نہانی
کسا ع چادر۔ گلیم
کساد ع ناروا جی متاع کی۔ نہ خریداری اسباب کی
کسالت ع سستی۔ سست ہونا
کسب ع حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔ مجازا۔ ہنر پیشہ
کسبی ع پیشہ ور۔ ہنر والا۔ مجازا زن فاحشہ بازاری

کسرہ ع زیر جیسے دِن کی دال پر
کسر ع ٹکڑا۔ حصہ۔ ٹوٹا ہوا
کسل ع کاہلی سُستی
کسوت ع جامہ پوشیدنی۔ لباس
کسور ع جمع ہی کسر کی
کسوف ع گہن۔ گہن لگنا
کسی ف کوئی شخص۔ کوئی آدمی
کشادگی ف وسعت۔ کشادہ ہونا
کشادہ ف کھلا ہوا
کشادن ف کھلنا۔ اور کھولنا
کشاف ع کھولنے والا۔ پردہ اوٹھانیوالا
کشاکش ف چھینا چھپٹی
کشایش ف کشادگی۔ فراخی
کشت ف کھیتی
کشت ف مارا۔ قتل کیا
کشتزار ف کھیتی۔ کھیت
کشتکار ف کھیتی کرنے والا
کشتن ف بونا۔

کشتی ف ناو - بیڑی
کشتی بان ف ملّاح
کشتی ف لڑنا - کھیلنا
کشتن ف مار ڈالنا - قتل کرنا
کشش ف کھینچنا - جذب کرنا
کشف ع کھولنا - برہنہ کرنا - پردہ اوٹھانا
کشکول ع بڑا پیالہ - بھیک کا پیالہ جو فقیرون کے پاس ہوتا ہی
کشمش ف سوکھے انگور - داکھہ
کشنیز ف دھنیا
کشودن ف کھلنا - اور کھولنا
کشور ف ملک - ولایت
کشیدن ف کھینچنا
کعب ع ٹخنہ اور اصطلاح حساب مین تیسرا درجہ عدد کا
کعبہ ع مکہ - قبلہ
کعک مب روٹی معرب کاک کا ہی
کف ع ہتیلی - ہاتھہ کی ہتیلی
کفّار ع جمع ہی کافر کی
کفارت ع پوشیدگی گناہونکا عوض
کفارہ ع خطا یا گناہ کا
کفاف ع اندازہ - اور اسقدر معاش کہ کفایت کرے - روزمرہ کا خرچ
کفالت ع ضامن ہونا - متعہد ہونا - ذمہ دار ہونا
کفایت ع
کفایہ ع } کافی ہونا
کف پا ف ہتیلی پاؤن کی
کفچہ ف ڈوئی - کفگیر
کفدست ف ہاتھہ کی ہتیلی
کفر ع ناشکری - نہ ماننا خدا کا
کفران ع ناشکری نعمت کی
کفش ف جوتی
کفشدوز ف موچی
کفگیر ف ڈوئی - بڑا چمچہ
کفل ع سُرین - چوتڑ آدمی یا حیوان کا
کفن ع مردہ کی چادر جس مین لپیٹ کر گاڑتے ہین

کفنی ع وہ کپڑا جو مردہ کے گلے مین ڈالتے ہین اور فقیر بھی ویسا ہی پہنتے ہین
کفو ع ہم قوم - ہم ذات - ہم خاندان
کُفِیتَ ع بچایا گیا تو - کفایت کیا گیا تو
کفیل ع ضامن - ذمہ دار
کفیدن ف پھٹنا
کُل ع تمام - پورا
کلّ ع تھکنا
کلاء ع گھانس تر و تازہ
کلال ع سستی اعضا کی - تکان
کُلال ف وہ شخص جو مٹی کے برتن بناتا ہو - کمہار
کلاغ ف جنگلی کوّا - کاگ
کُلالہ ف گھونگریالے بال - زلف پیچدار
کلام ع عبارت - جو مرکب ہو کلمون سے
کلان ف بڑا - لمبا
کلانی ف بڑائی - لمبائی
کلاوہ ف لگڑی سوت کی - کچا سوت جو تکلی پر لگا ہوا ہو
کلاہ ف ٹوپی
کلب ع کتا - سگ
کَلبتان ع سنڈاسی - لوہا گرم پکڑنے کا ہتیار - زنبور
کلتبان ف دیوث آدمی - بے شرم بھیا - بھڑوا
کُلبہ ف چھوٹا سا گھر تنگ و تاریک - حجرہ - دوکان
کلف ع جھانیان یعنے جو منہہ پر داغ پڑجاتے ہین عشق
کلفت ع تکلیف - رنج و سختی
کِلک ف ہر ایک نی جو اندر سے خالی ہو - مجازاً قلم کا نیزہ
کَلِمات ع جمع ہی کلمہ کی
کلمہ ع لفظ مفرد جو بامعنی ہو
کلند ف کتی - پھاوڑا
کلنگ ف نام ایک پرند مشہور کا ہی جسکو کونج کہتے ہین اور نام ایک آلہ کا بھی ہی جس سے زمین یا دیوار کھودتے ہین

کفنی ۳۳

کلوخ ف ڈھیلا مٹی کا
کلہ ف ٹوپی مخفف کلاہ کا۔ تاج بادشاہی
کلی ع جسکے مفہوم مین بہت افراد
شامل ہون جیسا انسان حیوان
کلیات ع جمع ہی کلی کی
کلید ف کنجی۔ تالی
کلیسا ع معبد ترسایان۔ گرجا۔ مندر
کلیم ع سخنگو۔ کلام کرنے والا۔ زخمی لقب
حضرت موسیٰ علیہ السلام کا
کلیہ ع گردہ ایک عضو اندرونی ہی
کم ع چند۔ کتنا۔ بہت
کم ف تہوڑا
کما حقہ ع جیسا چاہیئے جیسا
اوسکا حق ہی بہت ٹہیک
کماد ف ٹکور لگانا۔ کسی عضو کو گرم کرنا
کسی چیز سے جسکو آگ پر سینک لیا ہو
کمال ع تمام اور تمام ہونا
کمالات ع جمع ہی کمال کی
کمان ف دہنک مشہور ہتیار ہی تیر پہینکنے کا

کماندار ف کمان رکہنے والا
کما ینبغی ع جیسا چاہئے
کمبخت ف کم نصیب
کمتر ف کم زیادہ
کمترین ف بہت سے کم
کمخاب ف ایک قسم کا کپڑا ہی زرین تار
سے بنا ہوا
کمر ف پیٹھ۔ میان
کمربند ف پٹکہ۔ کمر باندہنے کی چیز
کمک ف مدد
کمند ف اصل مین خمند تھا معنی مشہور
ہین پہندا
کمہ ع مادرزاد اندہا
کمی ع سپاہی۔ دلاور۔ دلیر۔ ہتیاربند
کمیاب ف جو کم دستیاب ہو
کمیت ع چندگی۔ مقدار
کمیز ف پیشاب۔ بول
کمیزدان ف پہنکی موت کی ــــ
پیشاب کا پہکنا

کمین ع گہات مین بیٹھنا۔ کسی جگہ
دشمن یا شکار کے مارنے کو بیٹھنا
کمینہ ف کمرتبہ۔ نیچ
کُن ع ہو جا۔ ہو
کَن ف کہود
کُناد ف کریو
کنار ف کنارہ۔ گوشہ۔ طرف بغل
اور کنار بپر کو کہتے ہین
کنارہ ف کونا۔ طرف
کناس ع خاکروب حلال خور۔
چوہڑا
کنایہ ع } سخن پوشیدہ
کنایت ع
کنائس ع جمع ہی کنیسہ کی۔
معابد۔ مساجد۔ مندر
کنج ف کونا۔ گوشہ
کنجد ف تل ایک قسم کا غلہ ہی
کنز ع خزانہ
کنجشک ف چڑیا

کند ف شکر۔ قند
کندن ف کہودنا
کندیدن ف کہودنا
کنف ع جانب کنارہ۔ پناہ
کنگاش ف مشورہ۔ باہم صلاح کرنا
کنگرہ ف وہ جو عمارت کے اوپر بناتے
ہین چاروںطرف
کنوز ع جمع ہی کنز کی خزانے
کنون ف اب اسوقت
کنہ ع حقیقت۔ ماہیت
کنیز } ف باندی
کنیزک
کنیسہ ع معبد۔ مندر
کو ف گلی۔ کوچہ
کواکب ع جمع ہی کوکب کی ستاری روشن
کوب ع کوزہ بدون دستہ کی جمع
اسکی اکواب آتی ہی
کوبہ ف موگری
کوبیدن ف کوٹنا

کوتاہ
کوتہ ف چھوٹا
کوتاہی ف چھوٹائی
کوتل ت یہ لفظ ترکی ہی معنی اسکے ہین گھوڑا سواری خاص کا
کوتوال ہ اِس لفظ مین اختلاف ہی بعضے کہتی ہین کہ اصلمین کوٹ وال تھا یعنے محافظ قلعہ کا اور بعضے کہتے ہین کہ کوتہ وال یعنے مالک کوتہ کا کوتہ اون بندوقون کو کہتے ہین جو اکٹھے کرکے کوتوالی مین سپاہی رکھدیتے ہین بہر تقدیر یہہ لفظ ہندی ہی
کوثر ع نام ہی ایک حوض کا جو درمیان جنت کے ہی
کوچ ف کوچ کرنا۔ روانہ ہونا
کوچک ف چھوٹا
کوچہ ف گلی
کودک ف لڑکا۔ بچہ
کودن ف احمق
کور ف اندھا

کورنش ف جھک کر سلام کرنا
کورنشات ف جمع ہی کورنش کی
کورہ ف بھٹی۔ آتشدان
کوری ف اندہاپن
کوزپشت ف کبڑا جسکی پیٹھ کبڑی ہوگئی ہو
کوز ع کوزہ۔ برتن دستہ دار
کوزہ ع برتن جسکے دستہ لگا ہوا ہو
کوژ ف خمیدہ۔ دوتا شدہ
کوس ف نقارہ کلان۔ صدمہ صف لشکر قطار فوج کی
کوشش ف سعی
کوشک ف محل بلند مکان
کوشیدن ف کوشش کرنا
کوفتن ف کوٹنا
کوفت ف کوٹا
کوکب ع ستارہ روشن
کوکبہ ع ستارہ۔ جماعت۔ انبوہ مجازاً شکوہ و حشمت۔ بزرگی

کوکلتاش

کوکلتاش ت برادر رضاعی۔ دو بچون نے جو ایک دایہ کا دودہ پیا ہو ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہی
کُون ف مقعد
کَون ع ہوجانا۔ ہونا۔ ہستی دینا
کون و فساد ع موجود ہونا اور تباہ ہوجانا۔ ہوکر بگڑ جانا
کونین ع دنیا اور دین۔ یہہ جہان اور وہ دوسرا جہان
کونیہ ع منسوب بہ کون
کوہ ف پہاڑ
کوہہ ف برآمدگی ہر چیز کی۔ اوبھار گاے اور اونٹ کا اوبھرا ہوا کندہا مجازاً کندہا ان کا۔ حجلہ
کوہان ف کندہا اوبھرا ہوا
کوہچہ ف ٹیلا۔ ابھری ہوئی زمین
کوہستان ف پہاڑ
کوی ف گلی۔ کوچہ۔
کہ ف جو۔ وہ۔ یعنے

کہانت ع غیب کی بات بتلانا۔ فال گوئی
کہتر ف چھوٹا
کہربا ف گہاس اوٹھانے والا۔ غیر ایک قسم کا گوند زرد رنگ کا ہوتا ہی اوس کی خاصیت یہہ ہی کہ اگر اوسکو گھس کر گہاس کے تنکے کے سامنے رکہین تو اوسکو کہینچ لیتا ہی
کہف ع پناہ۔ گڑہا
کہکشان ف ایک لمبی سفیدی ہی آسمان مین
کہل ع مرد میانہ سال یعنے نہ جوان نہ بوڑہا ادہیڑ
کہن ف
کہنہ ف پرانا
کی ف کب
کیان ف بادشاہان عظیم الشان وے چار بادشاہ تھے
کیاست ع دانائی۔ زیرکی

کید عَ مکر۔ فریب
کیخسرو فَ نام بادشاہ کا
کیر فَ آلت مرد کی پیشاب کرنیکا عضو
کیِّس عَ زیرک۔ دانا۔ عقلمند
کیسہ عَ تھیلی
کیست فَ کون ہے
کیش فَ خو۔ عادت۔ ترکش۔ دین و مذہب
کیف عَ چگونہ۔ کیونکر۔ اصطلاح مین وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نکرے جیسی سیاہی سفیدی۔ نشہ۔ مستی
کیفیت عَ چگونگی۔ حالت اور وہ وصف جو کسی چیز مین حاصل ہو گیا ہو
کیک فَ پسو ایک کیڑا مشہور ہے
کیل عَ پیمانہ۔ تولنا آنکنا اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے
کیموس عَ نام ہے اوس صورت غذا کا جو دوسرے طبخ مین درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے
کیمیا عَ مکر۔ وحیلہ اصطلاح مین بسبب ملنے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے اونکو مرتبۂ کمال پر پہنچانا یعنے رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا اور چونکہ یہ عمل خالی مکر اور فریب سے نہین ہے اسیواسطے اسکو کیمیا کہتے ہین۔ فارسی مین نظر پیر و مرشد کامل کی اور عشق کو کیمیا اور عشقبازی کو کیمیاگری کہتے ہین اور ازر زر خالص کو بھی کیمیا کہتے ہین
کیمیاگر فَ فریب کرنے والا کیمیا بنانے والا
کینہ فَ بغض۔ دشمنی۔ عداوت
کینہ جو کش فَ جو شخص دشمنی رکھتا ہو
کیوان فَ نام ہے ستارۂ زحل کا جو فلک ہفتم پر ہے اور مجازاً فلک ہفتم کو بھی کہتے ہین
کیہان فَ جہان۔ زمانہ۔ دنیا

باب الگاف

گار فَ بمعنی کرنیوالا کے آتا ہے جیسے ستمگار۔ گنہگار۔ خدمتگار اور لائق کے معنی مین بھی آتا ہے جیسے رستگار یعنے لائق رستن اور بمعنی سبب کے جیسے روزگار و یادگار بمعنی سبب روز و شب اور سبب کے یاد آنیکا
گاز فَ بمعنی مقراض گلگیر۔ گہانس
گاذر فَ دہوبے
گام فَ قدم۔ پیر
گاو فَ گاے
گاودم فَ کرنا ے۔ بگل نفیرے
گاورو فَ کشتی کرنیکی قوت نہ کشتی کرنیکی خواہش کرنا
گاہ فَ وقت۔ جگھہ
گاہ گاہ فَ کبہی کبہی
گائیدن فَ جماع کرنا عورت سے جفت ہونا
گبر فَ آتش پرست۔ اگ کا پوجاری
گچ فَ چونہ
گدا فَ فقیر
گداختن فَ پگھلنا۔ پگھلانا
گدازش فَ پگلاہٹ۔ گلنا
گدازندہ فَ پگلنے والا
گدائی فَ بہیک مانگنا
گذار فَ راہ آدا کرنا۔ ادا
گذاردن فَ ادا کرنا پیش کرنا
گذارش فَ ادا کرنا
گذاشتن فَ چھوڑنا
گذاف فَ بیہودہ گفتگو
گذر فَ راہ رستہ۔ گذرنو
گذرنامہ فَ راہداری کا پروانہ
گذران فَ گذرتی ہوئی خرچ کرتی ہوئے
گذرانیدن فَ گذرانا
گذربان فَ راہ دار۔ محافظ راہ کا
گذرگاہ فَ جاگھہ گذرنے کی۔ گھاٹی
گذشتن فَ گزرنا

گرف ف اگر جو
گرامی ف بزرگ
گران ف بھاری
گرانی ف بھار۔ بوجھ
گرامی ف میلان۔ ڈہلنا
گرائیدن ف خواہش کرنا
گربال ف چھلنی آٹا چھاننے کی
گربہ ف بلی
گربہ آبی ف دریائی بلی
گرچہ ف اگرچہ
گرد ف دہول
گرد ف گول۔ چار طرف
گرداب ف بھنور
گرداگرد ف چاروطرف بہ طرف
گردان ف لوٹنا۔ لپیٹ
گردانیدن ف لوٹانا۔ پیٹنا
گرداوری ف حکومت
گردباد ف بگولا
گردش ف دورہ

گردشہر ف شہر کا گردا
گردگان ف اخروٹ۔
گردکردن ف گول کرنا
گردن ف ناڑ گردن
گُرد ف پہلوان۔ دلاور
گردن فراز ف گردن بلند۔ مغرور۔ نافرمان بردار
گردون ف آسمان
گُردہ ف گُردہ مشہور عضو ہے
گِردہ ف ٹکیا۔ روٹی کی قسم
گردیدن ف پہرنا۔ ہونا
گزر ف گاجر
گرسنگی ف بھوک
گرسنہ ف بھوکھا
گرفتار ف پھنسا ہوا۔ پکڑا ہوا
گرفتاری ف گرفت کرنا۔ پکڑنا
گرفتن ف پکڑنا۔ لینا
گرگ ف بھیڑیا
گرم ف تتا۔ گرم

گرمابہ ۳۷

گرمابہ ف حمام۔ غسل خانہ
گرم خیز ف چالاک
گرمسیر ف گرم ولایت۔ آب ہوا گرم
گرمی ف تتا پن
گرنہ ف اگرنہ۔ اگرنہیں۔ نہیں تو
گرو ف رہن۔ دہرور مجازاً مقید
گروہ ف جھنڈ۔ غول
گرویدن ف رغبت کرنا
گرہ ف گانٹھہ
گریان ف روتے ہوئے رونی والا
گریانیدن ف رولانا
گریبان ف کنٹھی
گریختن ف بھاگنا
گریز ف بھاگنا۔ اصطلاح مین ایک مضمون سے دوسرے مضمون پر آنا
گریزانیدن ف بھگا دینا
گریستن ف رونا
گریہ ف رونا
گز ف آلہ پیمایش کرنے کپڑے زمین وغیرہ کا

گزاف ف جھوٹ۔ فریب۔ بیہودہ۔ بےحساب۔ بیحد۔
گزان ف کاٹتا ہوا
گزانیدن ف کٹوانا
گزاردن ف ادا کرنا
گزند ف صدمہ۔ دکھہ۔ تکلیف۔ آسیب۔ آفت۔ رنج۔ نظربد
گزنی ف تر و خشک۔ گل تر و خشک
گزیدن ف کاٹ کہانا۔ دانتون سے کاٹنا
گزیدن ف چن لینا۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا
گزیدہ ف پسندیدہ۔ اختیار کیا ہوا
گزیدہ ف کاٹا ہوا
گزیر ف چارہ۔ علاج
گساردن ف چھوڑنا۔ کہانا
گستاخ ف شوخ۔ چالاک۔ بےادب
گستاخی ف بےادبی
گستر ف بچھاو
گسترانیدن ف بچھوانا

گستردن ف بچھانا
گسیختن ف ٹوٹنا
گسستن ف ٹوٹنا۔ توڑنا
گشت ف ہوا۔ ہوگیا
گشتن ف ہونا۔ پھرنا
گشتہ ف ہوا
گفتہ ف کہا ہوا
گفتار ف بات چیت۔ گفتگو
گفتن ف کہنا
گفتگو ف بات چیت
گُل ف پھول مجازاً نتیجہ۔ بہتر
گِل ف مٹی۔ خاک پانی مین ملی ہوئی
۔ خاک منجمد اور خشک
گلاب ف پھول کا پانی۔ نام
ایک قسم کے پھول کا
گلبن ف درخت گل سرخ
گلخن ف آتش گاہ بہاڑ جس مین
غلّہ بھونتے ہین
گلدستہ ف پھولون کا دستہ

بندھا ہوا
گلرخ ف وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے
رنگ ہون
گلستان ف پھول کی جگہہ۔ باغ
گلشن ف باغ یہ لفظ مرکب ہی گل
بمعنی پھول اور شن سے جو کلمہ نسبت کا ہی
گلفام ف پھول کے رنگ
گلقند ف مشہور دوا ہی اور مجازاً
لب معشوق
گلگیر ف شمع کترنے کی مقراض
گلزار ف باغ
گلو ف گلا
گلوبند ف وہ رومال جو گلے پر باندھتے ہین
گلولہ ف گولی۔ گولا
گلہ ف شکوہ۔ بڑبڑاہٹ
گلہ ف ریوڑ جانور ونکا غول
گلہ بان ف ریوڑ والا۔ گڈریا
گلہ بانی ف نگہبانی کرنا گلہ کی
گِلی ف مٹی کا

گلیم ف کملی اون کا کپڑا
گم ف کھویا جانا
گماشتن ف مقرر کرنا۔ متعین کرنا
گماشتہ ف وہ شخص جو کسیکی
طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہو
گمان ف وہم۔ شک
گمراہ ف راہ بھولا ہوا
گمراہی ف راہ بھولنا
گناہ ف دوس۔ خطا
گناہگار ف خطاکار جسنے گناہ کیا ہو
گنجایش ف سمائی
گنجیدن ف سمانا
گنجفہ ف چند ورق گول ایک کھیل
کے ہوتے ہین
گنجور ف خزانہ رکھنے والا۔ خزانچی
مالک خزانہ
گنجینہ ف خزانہ
گندم ف گیہون
گندم گون ف گیہون کے رنگ

گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہی
گندہ ف مقابل ہی باریک کی غفص
گندہ ف ناپاک
گنگ ف گونگا
گنگ ف نام دریاء گنگا کا
گنہ ف مخفف ہی گناہ کا۔ گناہ
گنہگار ف گنہ کرنے والا
گوار ف موافق مزاج کے۔ پسند۔
خوش مزہ۔ زود ہضم
گواریدن ف ہضم ہونا۔ پسند ہونا
گوارش ف گوارا ہونا۔ خوش مزہ ہونا
گواہ ف گواہی دینے والا
گواہی ف شاہدی
گور ف گورخر یہ معنی مجازی ہین اصل مین
گور جنگل کو کہتے ہین۔ اور قبر
گورخر ف خر صحرائی۔ جنگلی گدھا
گورستان ف قبرون کی جگہہ
گوز ف مخفف ہی گوزن کا
گوز ف وہ ہوا جو پیخانے کی راہ سے آواز نکلے

گوزن ف بارہ سینگا مشہور جانور ہی
گوسالہ ف بچھڑا گاے کا بچہ
گوسپند ف بکری
گوش ف کان
گوشت ف ماس
گوشمال ف سزا۔ کان ملنا
گوشوارہ ف نام ایک زیور کا ہی جو کانمین لٹکاتے ہین۔ اختصار کسی کاغذ کا
گوشہ ف کونہ
گوگرد ف گندہک
گول ف احمق۔ نادان۔ فریب مکر
گولہ ف توپ کا گولہ
گون ف رنگ
گوناگون ف رنگ نگ طرح بطرح
گونہ ف رنگ قسم۔ ڈہنگ
گوہر ف جوہر۔ موتی
گوہری ف جوہری۔ موتی والا
گویائی ف گفتگو کی طاقت
گوبندہ ف کہنے والا

گہ ف کبھی
گہر ف مخفف ہی گوہر کا موتی
گہوارہ ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہی جو بچون کے جھولانے کے واسطے ہوامین لٹکاتے ہین اور اوسکو ہلاتے رہتے ہین
گیاہ ف گہاس
گیتی ف دنیا۔ عالم
گیر ف پکڑ
گیرا ف پکڑنے والا
گیسو ف زلف
گین ف صاحب۔ خداوند۔ مالک ۔ بھرا ہوا

بابُ اللّام

لا ع نہین یہ کلمہ نفی کا ہی
لاف ف پردہ۔ تہ لابرلا بمعنی تہ بر تہ۔ مقراض۔

لابد

لابدّ ع ضروری جسکا چارہ نہو
لابدی ع ضروری
لاابالی ع پروا نہین رکھتا ہون مین یہ لغوی معنی ہین۔ مجازاً بے پرواہ ۔ بیخوف
لابن ع دودہ والا۔ بہت دودہ کا مالک
لابہ ف نہایت عاجزی سے اپنی محبت کا ظاہر کرنا۔ چرب زبانی۔ چاپلوسی عاجزی ۔ فریب کرنا۔ بازی دینا
لاتعد ع بیشمار
لاثانی ع بےمثل یگانہ جسکا دوسرا نہو
لاجرم ع لاچار۔ بالضرور۔ لاعلاج
لاجواب ع بیجواب۔ جسکا جواب نہوسکے
لاجوزد ع ایک پتھر ہی کبود رنگ جسکی نگینے بناتی ہین اور پیسکر کتاب وغیرہ پر رنگ اوسکا کرتے ہین
لاچار ف جسکا چارہ نہو۔ ضرور
لاحق ع جو پیچھے سے آکر ملے۔ جو کسی چیز کے پیچھے آکر لگے

لاحل ع جو حل نہوسکے
لاحول ع نہین ہی قوت۔ کلمہ نفرت کا ہی
لاخ ع جگہہ اور مقام جیساکہ (سنگلاخ) یعنے وہ جگہہ جہان پتھر ہون
لاخراج ع جسپر محصول سرکاری نہو
لادعوی ع بے دعوے
لادوا ع جسکی دوا نہو
لاریب ع بیشک
لازال ع ہمیشہ
لازوال ع جسکو زوال نہو۔ قدیم جو ہمیشہ رہے
لازم ع چمٹا ہوا۔ لگا ہوا
لازمی ع منسوب لازم سے۔ وہ فعل جسکے معنی مین مفعول کی حاجت نہ ثابت ہو
لازمہ ع اسباب ضروری۔ ضرورت
لاش ت تن مردہ کا
لاشک ع بیشک بے شبہ
لاشہ ف تن مردہ کا۔ زبون۔ لاغر ضعیف

خواہ انسان ہو خواہ حیوان اور اکثر یہ صفت
گھوڑے اور گدہے کی واقع ہوتا ہی اور
گدہے کے معنی بھی آیا ہی
لاصق ع لگا ہوا۔ ملا ہوا
لاطائل ع بیفائدہ
لاعب ع کھیلنے والا
لاغر ف دُبلا۔ ماڑا
لاف ف شیخی
لافیدن ف فضول کہنا
لاکلام ع بیشک بے گفتگو جس باتمین
کچھ گفتگو کی جگہہ نرہی ہو
لال ف گونگا۔ گنگ۔ سُرخ رنگ
لالہ ف ایک قسم کا پھول مشہور ہی
لآلی ع جمع ہی لولو کی
لام ف کالبد۔ قالب۔ بدن
لامِس ع ٹٹولنے والا۔ چھونے والا
لامسہ ع وہ قوت جسکی سبب انسان
چھو سکتا ہی
لامع ع چمکنے والا روشن۔ درخشان

لاولد ع جسکے اولاد نہو
لاہوت ع عالم ذات آلہی کا جسمین سالک
کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہی
لائح ع ظاہر چمکنے والا
لایعنی ع بیفائدہ۔ بیہودہ
لائق ع سزاوار
لائم ع ملامت کرنے والا
لائیدن ف شور کرنا۔ بیہودہ بکنا
لایموت ع جسکو موت نہو
لاینبغی ع جو نہ چاہیئے۔ نامناسب
لَب ف ہونٹھ
لُب ع خلاصہ۔ عقل مغز بادام۔
لباب ع مغز۔ خالص ہر چیز کا
لَبادَہ ف جامہ بارانی
لباس ع پوشاک
لبالب ف کنارہ تک بھرا ہوا
لبریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے
گرنا شروع کرے
لبس ع لباس پہنّا

لبلاب ع عشق پیچان کا درخت ایک
قسم گھاس کی مشہور ہی
لَبَن ع دودہ۔ شیر
لبنان ع نام ایک پہاڑ کا ہی
ملک شام مین
لبوس ع جامہ۔ پوشش زرہ
لبیب ع عقلمند
لَبَّیک ع حاضر ہون آپکی خدمت مین
لثق ع تری اور تر ہونا۔ بہت نمناک
ہونا ہوا کا ٹھہر جانا
لثم ع دہان بند کہنا منھہ پر دہان
بند کا باندہنا۔ توڑنا۔
خون آلودہ کرنا
لثہ ع مسوڑہ دانت کا
لجام متب معرب ہی لگام کا
لجاج ع ستیزہ۔ لڑائی
لُجَّہ ع دریا۔ بہت پانی دریا کا آئینہ۔ چاندی
لحاظ ع کسی چیز کا آنکھہ مین خیال کہنا
۔ اور دیکھنا

لحاف ع روئی دار کپڑا رات کی اوڑہنے کا
لحام ع ٹانکا چاندی یا سونے کا۔ وہ چیز
جسکا ٹانکا چاندی یا سونے مین لگا وین
لحظہ ع تہوڑی دیر۔ نظر کرنا ایکدفعہ کن انکھیون سے دیکھنا
لحم ع گوشت۔ ماس
لَحن ع آواز۔ اور خوش آواز۔ اور موزون آواز
لحوق ع لگنا۔ ملنا۔ شامل ہونا
لحیہ ع داڑہی
لخت ف ٹکڑا۔ پارہ
لختی ف تہوڑا۔ کچھ ایک
لدغ ع کاٹنا۔ سانپ یا بچھو کا۔ ڈنک مارنا
لذع ع سوزش جلن۔ جلانا
لذت ع مزہ۔ ذائقہ
لذیذ ع مزہ دار۔ خوش ذائقہ
لرزہ ف کپکپی۔ کانپنا
لرزیدن ف کانپنا
لزج ع چیپ دار شی جیسے سریش وغیرہ ہوتا ہی
لزوجت ع چپید گی۔ چیپ
لزوم ع لازم ہونا

لسانیت ع زبان درازی
لسان ع زبان
لسع ع ڈنک مارنا
لشکر ف فوج
لصوق ع چسپان ہونا
لطافت ع پاکیزگی - باریکی
لطائف ع جمع ہی لطیفہ کی
لطخ ع لتھڑنا
لطف ع خوبی - نرمی - تازگی
لطیف ع باریک - پتلا
لطیفہ ع نکوئی - خوبی - چیز نیک اور نازک - چٹکلا
لعاب ع آب دہن تھوک اور ہر ایک شے کا رس یا پانی جسمین چسپیدگی اور غلظت ہو
لعب ع بازی - کھیل
لعبت ع کھلونا - کھیلنے کی چیز
لعل ع حرف امید کا ہی یعنی امید کرنا ایسی شے کا جو ممکن ہو - شاید

لعنت ع پھٹکار
لعین ع ملعون - مردود
لغات ع جمع ہی لغت کی
لغت ع زبان کسی قوم کی - لفظ
لغز ع سوراخ موش دشتی کا - اور چیستان پہیلی
لغزش ف پھسلنا پیر کا - غلطی
لغزان ف پھسلتا ہوا
لغزیدن ف پھسلنا
لغو ع بیہودہ
لغوی ع منسوب لغت سے - یعنی لغت کا
لف ع لپٹنا
لفافہ ع اوپر کا خول جامہ بیرونی جو مُردہ وغیرہ پر لپیٹتے ہین - لفائف اوسکی جمع آتی ہی
لفظ ع جو منھ سے نکلے
لفق ع دو کپڑون کو اکٹھا کر کے سینا - دو خت درزون کو ملا کر سینا
لفیف ع ہر چیز پیچیدہ - اور درھم

اور وہ کلمہ جسمین دو حرف علت کے ہون
لقاء ع دیدار - ملاقات
لقب ع وہ نام جسمین کچھ مدح یا ذم نکلے
لقلق ع ایک جانور آبی ہی اوسکو لگلگ ہندی مین کہتے ہین سانپ اور مچھلی کا وہ شکار کرتا ہی
لقمان بن باعورہ حکیم ابو بکا بہن کا بیٹا ہی یا اونکا خالہ زاد بھائی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد علیہ السلام کا شاگرد تھا بعضے کہتے ہین کہ بنے اسرائیل کا قاضی تھا اور دونو باتین جمع ہوسکتی ہین - بعضے کہتے ہین کہ وہ غلام تھا ملک نوبہ کے رہنے والا مگر آزاد تھا پر اوسکی نبوت مین اختلاف ہی
لقمہ ع نوالہ
لقوہ ع بیماری ہی جسمین مونھہ ٹیڑھا ہو جاتا ہی
لک ع واسطے تیرے
لک ف بیوقوف - نادان - اور لاکھہ - یعنے سَو ہزار
لگام ف گھوڑے کی مونھہ مین جو دیتے ہین

لکد ف لات
لکد کوب ف لات مارنا
لکنت ع تتلاپن
للہ الحمد ع شکر خدا - سپاس خدا کو
لم ع علت - سبب - کسواسطے
لم ع یہہ حرف نفی کا ہی معنی اسکی نہین
لمحہ ع قدر چشم زدن - آنکھہ جھپکنے کے دیر ثانیہ
لمس ع چھونا - حاجت - جماع
لمع ع روشنی
لمعہ ع چمکاہٹ - روشنی
لمعان ع چمکنا بجلی کا - روشن ہونا
لنج ف مٹک چال - ناز و نخرہ سے چلنا
لنج ف ہونٹھ - لب اندر کی جانب رخسارہ کی - شل آدمی یعنے جسکے ہاتھہ اور پیر حرکت نہ کرسکین
لنگ ف لنگڑا
لنگر ف وہ لوہا ہوتا ہی بہت وزنی جسکے سبب کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہین

اور وہ جگہہ جہان پر غریبون مسافرون کو
کہانا ملتا ہی اوسکو بھی لنگر بولتے ہین
لنگیدن ف لنگ کرنا
لوا ع نیزہ - جہنڈا
لواحق ع جمع ہی لاحق کی
لوامعہ ع جمع ہی لامعہ کی
لوائم ع جمع ہی لائمہ کی
لوبیا ع ایک قسم کی پہلی ہوتی ہی اوسکی ترکاری پکاتی ہین
لوازم - لوازمہ ع جمع ہی لازم کی
لوث ع آمیزش - آلودگی لتہڑنا
لوچ ف ننگا - بہینگا
لوح ع تختی - تختہ
لوز ع بادام
لوزینہ ع بادام کا بنا ہوا خواہ کہانا وغیرہ
لوس ع تملق - چاپلوسی
لوطی ع مغلم - اغلام کرنے والا
لولو ع موتی
لون ع رنگ
لوند ع پہاکڑ یارند

لُہاب
لَہب ع لپٹ آگ شعلہ
لہجہ ع اُچارن - آواز الفاظ کی - زبان -
محاورہ - آواز خوش
لہذا ع اسی واسطے
لہو ولعب ع کہیل کود
لیاقت ع استعداد - حوصلہ
لیقہ ف صوف جو دوات مین ڈالکر
سیاہی مین اوسکو تر کرتے ہین
لیالی ع جمع ہی لیل کی راتین
لئام ع جمع ہی لئیم کی - نالایق آدمی
لیت ولعل ع ڈہیل کرنا کسی کام مین
لیت ع کاش کے - امید ہی
لیزم ف گیاہ - کمان نرم اور سست جسپر
مشق کمان کہینچنے کی کرتے ہین
لیسیدن ف چاٹنا
لیک ف مخفف ہی لیکن کا یعنے مگر
لیکن ع مگر - پر
لیل ع رات

لیمون ع نیبو
لینت ع
لینہ ع نرمائی - نرمی
لئیم ع ناکس بخیل - کنجوس
لئیمان ف جمع فارسی لئیم کی ہی
کنجوس لوگ

باب المیم

ما ع نہین - کیا چیز - جوکہ
ماء ع پانی
ما ف ہم
ماء معین ع آب روان جو پاک اور صاف
ہو معین اسم مفعول ہی عین سے جیسا
مبیع بیع سے
ماء الجبن ع پانی دودہ کا جو اوسکو
پہاڑ نکالتے ہین
ماء الحیات ع آبحیات

ماء الورد ع عرق گلاب کا
مآب ع جای بازگشت وہ جگہہ جہان
آدمی لوٹ کر جاوے
مابقی ع جو باقی رہا ہو - بچا ہوا - جہوٹا
کہانا جو باقی رہجاے
مابون ع بویسیا - یعنے وہ شخص جسکو اغلام
کروانے کی بیماری ہو
مابین ع درمیان
مات ع مرگیا - ہارگیا اصلمین یہ صیغہ ماضی
کا ہی اب بجاے اسم کے مستعمل ہو گیا ہی
ماتح ع پانی کہینچنے والا کوی سے -
آب کشندہ از چاہ
ماتقدم ع اول کا - جو پہلے گذرے
- مذکورۂ بالا
ماتم ع رونا - پیٹنا
مآثم ع گناہان جمع ہی مأثم کی مصدر میمی ہی
مأثم ع بدلا گناہ کا
مآثر ع نشان - کہوج - نشان نیک
کار پسندیدہ

مَاثِل ع نشان مکان کا جسکے آثار باقی نہون
ماثور ع منقول نقل شدہ اور فارسی مین بمعنی اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہی
ماثورہ ع منقولہ
ماثوم ع گناہگار
ماج ف ماہ - چاند
ماجد ع مرد بزرگوار
ماجدہ ع زن بزرگوار
ماجرا ع واردات
ماجو ف ایک دوا کا نام ہی
ماجوج ع یافث ابن نوح کی اولاد - تاتاری لوگ
ماچ ف / موچ ف — بوسہ دینا چوما لینا
ماجور ع اجر دیا گیا - نیک بدلا دیا گیا
ماچین ف ایک ملک ہی جنوب مین چین کے اور شرق مین ہندوستان کے
ماخ ع سفیدی جو مرغی کی انڈی مین ہوتی ہی

ماحصل ع محصول - حاصل شدہ
ماحضر ع جو حاضر ہو - جو شے موجود کھانی وغیرہ کی - خاص کر کھانے پر استعمال اسکا فارسی مین آتا ہی
ماحی ع محو کرنیوالا - نیست و نابود کرنے والا
ماخذ ع مصدر - جگہہ اخذ کی - لینے کی جگہہ
ماخوذ ع گرفتار کیا گیا - پکڑا گیا - لیا گیا
مادام ع ہمیشہ
مادح ع تعریف کرنے والا
مَادِخ ع بزرگ - ارجمند
مادر ف مان - والدہ
مادر زاد ف وہ بچہ جو اپنی مانکا جنا ہوا ہو
مادر مادر ف نانی
مادر بخطا ف ایک گالی ہی یعنی تیری مان حرام کا تھی
مادری ف مان کا
مادندر ف سوتیلی مان - باپ کی جورو جس کے پیٹ کا وہ شخص نہو
مادہ ف استری - عورت - جو مقابل نر کے ہی

مادّہ ع ہیولا استعداد - وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جاوے - وہ شی جو محسوس ہو سکے
مادّی ع منسوب مادہ سے
مادون ع سوا - علاوہ
مادیان ف مادہ - استری یہ لفظ مفرد ہی
ماذون ع اذن دیا گیا - حکم کردہ شدہ - اجازت دیا گیا
مار ف سانپ
ماراف ہمارے تئین
مارب ع مطلب مقصد اسکی جمع مآرب آتی ہی
مارپیچ ف پرچم - پرچم جھنڈی کا جو لشکر مین ہوتا ہی اور کئی سانپون کے مانند باہم پیچیدہ تصویر
ماروت ع نام ایک فرشتہ کا ہی
مارق ع خارج دین سے گمراہ
مارن ع ناک کی پھنگ سر بینی جو نرم ہوتا ہی
مازو ف نام ایک دوا کا ہی
مازندران ف ملک طبرستان جو تابع فارس کے ہی

ماس ف مخفف ہی آماس کا ورم سوجن
ماسخ ع بیمزہ - پھیکا
ماسبق ع گذشتہ - پہلے جو گذر چکا
ماست ف دہی - جغرات
ماست بند ف پنیر بنانے والا آدمی
ماسِک ع مرکز بیضوی شکل کا
مَاسَلَف ع گذشتہ
ماسوا ع علاوہ - سوا - اصطلاح مین سوا ذات خدا تعالی کے تمام موجودات اور مخلوقات
ماش ف مونگ - ارد
ماشہ ف ۸ رتی کا وزن
ماشطہ ع وہ عورت جو کنگھی عورتون کے سر مین کرتی ہی اور دلہن کو آرایش دیتی ہی اوسکو مشاطہ بھی بولتے ہین
ماشی ع چلنے والا - پیرون چلنے والا
ماشور ف غربال - چھلنی
ماصّ ع چوسنے والا
ماصدق ع وہ چیز جو صادق آتا ہو معنی مضمون

ماضی ع گذشتہ۔ گذرا ہوا زمانہ
ماضغہ ع احمق۔ قوت چبانے کی
ماطر ع برسنے والا
ماعز ع بکری
ماعون ع زکوۃ مالکی۔ اور وہ چیز جسکی مدد سے طلب
کرین اسباب گھر کا جیسے ہانڈی توا آگ کڑاہی انگیٹھی وغیرہ
مافات ع جو گذر گیا۔ جو فوت ہوا
مافوق ع اوپر
ماقبل ع پہلے
ماق ع آنکھ کا کونا جو ناک کیطرف ہوتا ہی
گوشۂ چشم بطرف بینی
ماکول ع کھایا گیا۔ خوردہ شدہ۔ خوردنی
ماکل ع کھانا۔ خوردن مجازاً اشی کھانیکی
ماکیان ف مرغی
مال ع دولت۔ روپیہ۔ دہن
مآل ع انجام کار۔ جگھہ لوٹنے کی
جاے رجوع
مالا کلام ع جسمین کچھ کلام باقی نہو
مالا مال ع کثیر۔ اور بہت مجازاً بھرا ہوا پر

مالاینحل ع جو کہ قابل حل ہونے کے نہو
۔ کٹھن بہت
مالایعنی ع بیہودہ۔ وہ چیز جس سے
کسیکی کچھ مراد نہو۔ بیفائدہ
مالح ع شور نمکین
مالخ ع خلل۔ دماغ۔ سودا
مالیخولیا ع سودا۔ خیال خام۔ ایک
قسم کا جنون ہی
مالدار ف دولتمند
مالش ف مالیدگی۔ ملنا۔ طبیعت کا مائل
کرنے پر مستعد ہونا
مالضامن ف شخص جو اسطرح پر ضامن ہو
کہ اگر یہ شخص چلا جائیگا تو اسقدر مال سرکار
مین حاضر کرونگا
مالضامنی ف ضمانت مال کی دینا یعنے
اتنا مال بھر دونگا
مالک ع صاحب خداوند۔ ملک والا
اور نام اوس سوداگر کا ہی جسنے حضرت یوسف ع
کو اوسکی بھائیون سے خرید کیا تھا اور نام اوس

فرشتہ کا ہی جو موکل دوزخ کا ہی
۔ دربان دوزخ
مالکانہ ف مالک ہونیکا حق
مالگذاری ف سرکار کا محصول مین کا دینا
مالکیت ع مالک ہونا۔ مالک پن
مال و متاع ع اسباب و روپیہ
مالوف ع الفت کیا گیا۔ خوگرفتہ شدہ
۔ دوستی کیا گیا
مالی ع پر کرنے والا۔ اور پر ہونے والا
مالیت ع مال۔ پن۔ دہن
مالیدن ف ملنا
مالیدہ ف ملا ہوا
ماما ف بڑھیا۔ بوڑھی عورت
مامک ف مان۔ والدہ۔ پیار کا لفظ ہی
مامن ع جاے امن۔ جگھہ آرام کی
مامضی ع وہ جو گذر گیا۔ زمانہ گذشتہ
مامن رضا ع یعنے جاے امن رضا کی
یہ اشارہ مشہد مقدس کا ہی کیونکہ وہان پر
مزار امام علی موسی رضا کا ہی یہ مزار بعض لوگون

کے نزدیک بجاے کعبہ کے ہی وہ کہتی ہین
کہ جو گنہگار وہان پر جاتا ہی پھر اوس سے
بازخواست گناہ کی جاتی رہتی ہی گویا اوسنے
امن پایا عذاب و عقاب سے
مامور ع حکم کیا گیا۔ امر کیا گیا
مامول ع امید کیا گیا
مامون ع امن کیا گیا۔ محفوظ بیخوف۔
اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون رشید کا بیٹا
مانا ف مشابہ مانند۔ شاید۔ تحقیق
مان ف خانہ اسباب۔ متاع۔ اور ہم
اور ہمکو۔ ٹہر و شبیہ۔ مانند
مانح ع سخی۔ بخشنے والا۔ داتا
مانگی ف ایک قسم کا جنون ہی
ماندن ف رہنا
مانند ف حرف تشبیہ کا ہی یعنے جیسا
ماندہ ف رہا ہوا۔ تھکا ہوا
مانستن ف مشابہ ہونا
مانع ع منع کرنے والا۔ روکنے والا
مانوس ع جس چیز سے انس ہو گیا ہو۔ مرغوب

ماوای ع جای بازگشت گھر ٹھہرجاے پناہ
ماورای ع سوا۔ علاوہ
ماہچہ ف مانند چاند کی ایک شکل چاندی یا سونی کی
بناکر علم پر یا فوج کی جھنڈی پر جو لگاتے ہین
اوسکو ماہچہ بولتے ہین
ماہانہ ف ماہواری
ماہ جلالی ف مراد ماہ شمسی جو منسوب ہی
جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی تاریخ سے
ماہتاب ف چاند اور چاندنی چاند کی
ماہِ نخشب ف وہ چاند ہی جسکو حکیم
بن عطا نے جو بنام ابن مقنع کے مشہور ہی چند اجزا
سیماب وغیرہ سے ملاکر بنایا تھا یہ چاند دو
مہینے تک ہر رات کو ایک کوے سے نکلتا تھا
اور چار فرسنگ تک اسکا نور
پہچتا تھا
ماہر ف استاد کار۔ کام مین بڑا اوستاد
ماہرو ف معشوق۔ چاند کے مانند چہرا
ماہوار ف ہر مہینے۔ مہینے۔ مہینے
ماہی ف مچھلی

ماہیانہ ف مہینے کا۔ ماہواری
ماہیت ع حقیقت اسکی ماہی ہی لفظی معنی
یہ ہین (کیا ہی یہ) اوسپر تا بڑھاکر
مصدر بنالیا
ماؤف ع آفت رسیدہ۔ دکھہ پہنچا ہوا
مائی ع آبی۔ پانیکا
مؤجل ع مہلت دیا گیا
ماؤل ع تاویل کیا گیا
موتمن ع معتمد۔ امین
مایت ع مرنے والا۔ میرندہ
مائدہ ع دسترخوان۔ وخوان پرازطعام
مائع ع رقیق شی جیسے پانی۔ شہد وغیرہ
مایحتاج ع وہ شے جسکی طرف انسان
کو حاجت پڑتی ہی
مایقرا ع ایسا لکھا ہوا جسکو آدمی پڑھ سکی
مائل ع متوجہ۔ میل رکھنے والا۔ خمیدہ
شائق
مایوس ع ناامید۔ بے آس
مایہ ف پونجی۔ اصل مادہ۔ مقدار

مائۃ ع ایک سو
مائتین ع دو سو
مِئین ع یہ جمع ہی مائۃ کی یعنے
صدہا سیکڑون
مائن ع دروغ گو۔ جھوٹا
مباح ع جائز رکھا گیا۔ حلال داشتہ شدہ
مباحثہ ع باہم بحث کرنا
مبادف مت ہو جیو کلمہ دعا کا ہی
مبادا ف خدا نکری کہ یون ہو
مبادر ع جلدی کرنیوالا پیشی کرنیوالا
مبادرت ع شتابی کرنا پیشی لیجانا
مبادلہ ع بدلا کرنا۔ باہم بدل
مبادی ع جمع ہی مبدی کی ابتدا کی
باتین جو شروع مین سکھلائی جاوین
مبارز ع لڑائی کو نکلنے والا سپاہی
جنگ کنندہ
مبارک ع برکت کردہ شدہ۔ خجستہ
بزرگ کردہ شدہ
مُباشر ع آپ کرنیوالا کسی کام کا
جماع کرنے والا
مُباشرت ع آپ کسی کام مین گھسنا۔ جماع کرنا
مباعدت ع دوری۔ مفارقت۔ جدائی
مباقل ع ترکاری کے کھیت جہان پر
لہسن پیاز ساگ پات بوتے ہین
مفرد اسکا مبقل ہی
مبال ع پیشاب گاہ۔ مراد فرج
عورت کی۔ اور ذکر مرد کا
مَبالات ع پرواہ رکھنا۔ خوف رکھنا
مبالغہ ع کسی کام مین سخت کوشش کرنا
بہت تعریف یا ہجو کرنا جو محال معلوم ہو
مَبانی ع جمع ہی مبنی کی بنیادین
مُباہات ع فخر کرنا
مُباہجہ ع باہم فخر کرنا نیکوئی اور حسن
مین۔ باہم خوش ہونا
مباہلہ ع ایک دوسری کو نفرین کرنا
یعنے دعای بد ایک دوسری کے حق مین کرنا
مباہی ع ناز کنندہ۔ فخر کنندہ
مبایعت ع بیعت کرنا۔ تابع ہونا

مُبَاینت ع باہم جدا ہونا۔ ایکدوسرے سے علحدہ ہو جانا
مَبدَا ع جای شروع۔ جگہ ظاہر ہونیکی
مبتدا ع شروع۔ اول جز جملۂ اسمیہ کا
مبتدع ع بدعت کرنیوالا۔ بدعتی
مبتدی ع شروع کرنیوالا
مبتلا ع گرفتار بلا مین۔ پہسا ہوا بلا مین
مبتہج ع شادان۔ خوش
مبحث ع جای بحث۔ مقام بحث
مبدأ فیاض ع مراد خدای تعالےٰ۔ آغاز کرنے والا بہت فیض رسان
مُبدِع ع آپ کسی چیز کا پیدا کرنیوالا بے مادہ بنانے والا
مُبَدَّل ع بدلا ہوا۔ بدلا گیا
مبذر ع اسراف کرنیوالا۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ
مبذول ع خرچ کیا گیا
مُبَرَّا ع بیزار شدہ۔ دور شدہ۔ پاک کردہ شدہ
مُبرِد ع سردی دینی والا۔ سرد کنندہ

مَبرَز ع مقعد۔ پنجانہ نکلنے کی راہ
مُبرہن ع بدلیل ثابت کیا ہوا
مبرور ع نکوئی کردہ شدہ۔ نیکی کیا گیا پاک
مبسوط ع پہیلا ہوا۔ فراخ
مبشر ع خوشخبری پہنچانیوالا۔ بشارت دینے والا
مبصر ع بینائی والا
مبضع ع نشتر فصد کہولنی والی کا۔ نشتر فصاد
مبطل ع باطل کنندہ۔ باطل کرنیوالا
مبعوث ع اوٹہایا گیا۔ برانگیختہ کیا گیا
مَبلَغ ع جای رسیدن۔ مقام حد و نہایت مقدار۔ اندک
مبنی ع جگہ بنا کی۔ بنیاد مجازاً مضمون وغیرہ
مبہج ع خوش اور شاد کرنے والا
مُبہم ع دربستہ۔ اور کار فروبستہ۔ مشتبہ اور کلام مبہم وہ جو کسی طرح دریافت نہو سکے کہ کیا مطلب ہی

مَبہُوت ع حیران۔ بہوچکا
مبیت ع / مبات ع رات گذارنا جگہ شب گذرانی کی
مَبِیع ع شے خرید کی ہوئی۔ اسباب بکا ہوا
مُبِین ع ظاہر۔ آشکارا
مُبَیِّن ع بیان کرنے والا
متی ع کب۔ کسوقت۔ جسوقت۔
متاب ع لوٹ جانا۔ جای رجوع
متابعت ع تابعداری
متاثر ع اثر پذیر۔ اثر قبول کرنے والا
مُتَأَخِّر ع پیچہی آنی والا۔ جو آخر مین رہ گیا ہو۔ جو پیچہے رہ گیا ہو
مُتَاَخِّرین ع پیچہلی لوگ۔ حال کے زمانہ کے لوگ۔
مُتَاَدِّی ع پہچانے والا
مُتَاَذِّی ع تکلیف پانے والا
مُتَاَسِّف ع افسوس کرنے والا
متاع ع پونجی۔ اسباب سوداگری رخت۔

مُتَاَعِّب ع رنجہا۔ ماندگیہا جمع تعب کی ہی
مُتَاَلِّف ع تالیف کیا گیا۔ مرکب کیا گیا۔
مُتَاَلِّم ع رنج کشیدہ۔ رنجیدہ دردناک۔ دردمند
مُتَاَمِّل ع تامل کرنیوالا۔ غور کرنیوالا
متانت ع استواری۔ محکمی۔
مُتَاَہِّل ع جورو کرنیوالا۔ کبنہ دار۔ اہل کرنے والا۔
متبادر ع جلد ذہن مین آنے والا
متباین ع باہم جدا۔ دو مخالف ایسی کہ ایکدوسرے پر صادق نہ آسکین
متبدل ع بدلا کیا گیا۔ تبدیل کیا گیا
متبحر ع وہ آدمی جسکو بہت علم ہو۔ بڑا عالم
متبخر ع بخارات بنایا گیا
متبرک ع برکت یافتہ۔ برکت دار
متبلد ع کند ذہن۔ احمق

متبنی ع فرزند کیا ہوا۔ فرزندی
مین لیا ہوا
متبوع ع سردار۔ جسکا کوئی تابع ہو
پیروی کردہ شدہ
متجاوز ع تجاوز کرنیوالا۔ گذرنیوالا
متجاہل ع جان بوجھ کر جاہل ہونیوالا
انجان اپنی تئین بنانے والا
متجسس ع تلاش کرنیوالا
ڈہونڈنے والا
متجلی ع روشن و آشکار
متحتم ع واجب واجب ہونیوالا۔
یقینی
متحد ع اتحاد کیا گیا۔ ایک کیا گیا۔
ملا ہوا
متحرک ع حرکت کرنے والا
متحصن ع قلعہ نشین جسنے قلعہ مین
پناہ لی ہو
متحقق ع تحقیق کیا گیا۔ درست
متحلی ع زیور پوشیدہ۔ آراستہ زیور سے

متحمل ع برداشت کرنے والا۔ سہنی والا
متحیر ع حیران۔ بہوچک
متخاصم ع خصومت کرنیوالا۔ جھگڑالو
متخاصمین ع مدعی اور مدعا علیہ۔
طرفین جو جھگڑا کرین
متخلخل ع پولا۔ جو ٹھوس نہو
متخیل ع خیال کیا گیا
متخیلہ ع خیال کیا گیا۔ اور مکان خیال
یعنے دماغ اور قوت خیال
متداولہ ع دست بدست جو چیز پھری ہو۔
نوبت بنوبت گرفتہ شدہ مروج
متدین ع دیندار۔
مترادف ع ہم معنی۔ دو لفظ ایسی
جنکے معنی ایک ہون وہ ایک دوسرے کا
مترادف کہلاتا ہے
مترجم ع ترجمہ کرنیوالا۔ اور مترجم
وہ کتاب جسکا ترجمہ کیا گیا ہو
متردد ع متفکر اور آنے جانی والا
مترشح ع ٹپکنے والا۔ تراوندہ

مترصد ع امیدوار۔ امید رکھنے والا
مترقب ع انتظار کیا گیا
مترنم ع گایا گیا
متروک ع چھوڑا گیا
متزاید ع بڑہنی والا۔ زائد ہونیوالا
متزلزل ع ڈگمگانے والا۔ لرزندہ
متساوی ع باہم برابر۔
ایکدوسرے کا مساوی
متسلط ع غالب ہونے والا۔
غلبہ کرنے والا
متشابہ ع ہمشکل اور جسکی معنی مین کچھ
شبہ ہو۔ مخفی المعنی
متشاعر ع جو شخص شاعر نہو اور اپنی
تئین شاعر جتلاوے
متشکل ع شکل اختیار کرنے والا
متشکک ع شک کرنے والا
متصاعد ع چڑہنے والا۔ اوپر ہونیوالا
متصدع ع دردسر کرنیوالا۔
تصدیع دینے والا

متصدی ع پیش آنے والا
متصرف ع قابض تصرف کرنیوالا
متصف ع موصوف۔ جسکی ساتھ
کوئی وصف لگا ہو
متصل ع پاس قریب لگا ہو۔
اتصال رکھنے والا
متصور ع تصور کیا گیا
متضمن ع در ضمن گیرندہ۔ پیٹ
مین لینے والا۔ شامل
متضاد ع باہم مخالفت کنندہ
متضرر ع ضرر اختیار کرنے والا
متضرر ع ضرر یافتہ۔ جسکو ضرر پہنچا ہو
متعارف ع معروف۔ آپسمین
تعارف کیا گیا
متعاقب ع پیچھے سے آنے والا
پس روندہ۔
متعال ع بلند۔ عالی
متعبد ع عبادت کرنیوالا۔ پوجاری
بتکلیف عبادت کرنے والا۔

متعدد ع چند۔ شمار کردہ شدہ
متعذب ع خوشگوار۔ عذب سے مشتق ہے
متعدّی ع تجاوز کرنیوالا۔ گرمیر مین
وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے
متعذر ع دشوار۔ مشکل
متعرض ع پیش آنے والا
متعسّر ع دشوار۔ مشکل
متعصب ع دین کی پچ کرنیوالا۔ تعصب کرنیوالا
متعطش ع تشنہ پیاسا
متعلق ع لگاو رکہنیوالا۔ تعلق رکہنی والا
متعلم ع سیکہنے والا۔ طالب العلم
متعنت ع عیب گیرندہ۔ سہو و
خطا پکڑنے والا
مُتعِنّدان ف جمع ہے متعنّد کی
متعند ع عناد رکہنی والا۔ دشمنی رکہنی والا
بد خواہ۔
متعوب ع رنجیدہ۔ رنج کشیدہ
مُتعوِّد ع خوگر۔ عادت کرنے والا
متعہد ع ذمہ دار۔ کام مین مشغول

متعین ع مقرر کیا ہوا۔ تعین کیا گیا
متغیر ع تغیر کیا گیا۔ بدلا گیا
متفاوت ع فرق کیا گیا۔ تفاوت
کیا گیا۔
متفحّص ع ڈہونڈنے والا۔ تلاش
کرنے والا
متفتّش ع ڈہونڈنیوالا۔ تفتیش کرنیوالا
متفرّج ع جائے سیر و تماشا
متفرع ع شاخ کیا گیا۔ مترتب
متفرق ع فرق کیا گیا۔ علیحدہ
متفق ع ملا ہوا۔ اتفاق کرنے والا
متفکر ع فکرمند۔ جسکو فکر ہو
متقاضی ع تقاضا کرنے والا
متقاعد ع پست شوندہ۔ تقاعد قبول
کرنے والا۔ سستی کرنے والا
متقدم ع پیش ہونیوالا۔ آگی بڑہنی والا
مُتّکا ع تکیہ گاہ۔ تکیہ لگانے کی جگہہ
متکبر ع مغرور۔ تکبر والا
متکسر ع شکستہ ہونیوالا۔ ٹوٹنے والا

متکفل ع ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار
متکلف ع تکلف کرنے والا
متکلم ع بولنے والا
مُتلاطم ع امواج زن۔ موج زن
مُتلطّخ ع لتہڑنے والا۔ آلودہ۔
متلبس ع پوشیدہ۔ جامہ پوشیدن
پنہان ہونیوالا۔ لباس پہننے والا
متلذذ ع لذت اوٹھانے والا
متلقّی ع ملاقات کرنیوالا۔ متلقی ملاقات
کردہ شدہ
متلوّن ع رنگ اختیار کرنے والا
متمادی ع دراز۔ لنبا
متمتع ع برخودار۔ فائدہ اوٹھانیوالا
متمرد ع سرکش۔ نافرمان۔
متمم ع تمام کرنیوالا۔ کامل کرنیوالا
متمنی ع تمنا کرنیوالا۔ آرزو رکہنے والا
متمنّٰی ع آرزو کیا گیا
متموج ع تموج کرنے والا۔ موج زن
لہرین مارنے والا

مَتَن ع پشت۔ پیٹہہ۔ استوار
جای بلند اور سخت آصل کتاب
جسکی شرح کیجاوے
متناہی ع انتہا کو پہنچنے والا
متنبہ ع واقف۔ مطلع۔ خبردار۔ آگاہ
مُتَنَعِّم ع ناز و نعمت مین رہنے والا
متنفّر ع نفرت کرنیوالا۔ وحشت
کرکے بہا گنے والا
متنوّع ع نوع بنوع شوندہ۔ گوناگون
شوندہ۔ اقسام اقسام کا ہونیوالا
مُتَواتِر ع پے درپے آنے والا
متواری ع پوشیدہ ہونیوالا۔
چھپنے والا
مُتَواضِع ع فروتن۔ عاجزی کرنیوالا
ذلت اختیار کرنے والا
متوافر ع وافر ہونے والا۔ زیادتی
اختیار کرنے والا
مُتَوَالی ع پے درپے آنے والا
متوّج ع تاج دیا گیا۔ جسکی سر پر تاج

رکھا گیا ہو

متوجہ عَ توجہ کرنے والا۔ دہیان دینے والا

متوحش عَ وحشت اختیار کرنے والا

متورع عَ پارسا۔ پارسائی اختیار کرنے والا

متوسّل عَ وسیلہ ڈہونڈنے والا

متوصّل عَ وصل اختیار کرنے والا۔ توصل پسند

متوطن عَ رہنے والا۔ باشندہ

متوفی عَ وفات یافتہ شدہ مواہوا

متوقع عَ امید رکہنی والا توقع رکہنی والا

متوقف عَ دیر کرنے والا۔ توقف کرنے والا

متوکل عَ بہروسا کرنیوالا۔ توکل کرنیوالا

متولد عَ پیدا ہونے والا

متولی عَ کام پر رہنے والا۔ دوستی رکہنے والا

متوہّم عَ وہم کرنیوالا۔ متوہم وہم کیا گیا

متہاون عَ سستی کرنے والا

متہم عَ وہ شخص جسپر تہمت لگائی جاوے

متین عَ استوار۔ مضبوط

مثابہ عَ مانند۔ مشابہ

مثال عَ شبیہ۔ نظیر۔ تصویر۔ حکمنامۂ قاضی مانند فرمان بادشاہی۔ پروانہ۔ حکم

مثانہ عَ پہکنا وہ کیسہ کہ جسکے اندر پیشاب ہوتا ہی

مثانی عَ سورۃ فاتحہ اور جمع ہی مثنی کی بمعنی دُو۔ دُو

مثبت عَ جو منفی نہو۔ اثبات کردہ شدہ

مثقال عَ ۴½ ساڑہے چار ماشہ کے وزن کو مثقال کہتے ہین

مثَل عَ مثال۔ کہاوت۔ مانند وصف حال۔ داستان۔

مثِل عَ مانند۔ مساوی سب صفتون ہین

مثلث عَ جو سطح مین خطوط مستقیم سے محاط ہو جیسے یہہ △

مثمر عَ پہل دینی والا۔ انجام دینے والا نتیجہ دہندہ۔ میوہ آورندہ

مثمّن عَ ہشت پہلو۔

مثنیٰ عَ تثنیہ۔ دوپارہ کردہ شدہ دوم کردہ شدہ

مثنوی عَ وی اشعار ہوتے ہین جنہین ہر ایک شعر کی دو مصرعونکی قافئیے ملتی جاوین

مثوب عَ ثواب دیا گیا۔ بدلا نیکی کا گیا

مثوبات عَ عوض نیکیون کے بدلی بہلائیون کی جمع مثوبت کی ہی

مثویٰ عَ جای آرام۔ قرار گاہ

مجادِل عَ لڑنے والا

مجادلہ عَ جنگ کردن۔

مجاذیب عَ جمع ہی مجذوب کی کشیدہ شدہ لوگ۔ خدا کی محبت مین کہنیچے ہوے

مجارِی عَ جمع ہی مجری کی

مجاز عَ جو حقیقت نہو

مجازات عَ بدلا دینا۔ اور جزا دینی نیکی اور بدی ہین

مجال عَ میدان۔ جولانگاہ۔ مجازًا موقع۔ حوصلہ۔ طاقت

مجالِس عَ مصاحب۔ جلیس باہم بیٹھنے والا

مَجالِس عَ جمع مجلس کی ہی

مُجامع عَ صحبت کرنیوالا۔ جماع کرنیوالا

مُجامعت عَ صحبت کرنا۔ جماع کرنا

مُجانبت عَ کسی کام سے یکسو ہونا۔ دور ہونا

مُجانست عَ ہمجنسی۔ ہم قومی

مُجاور عَ ہمسایہ۔ پڑوسی

مُجاورت عَ ہمسایہ پن۔ پڑوس

مجاوز عَ تجاوز کرنے والا۔ در گذر کرنے والا۔

مُجاہد عَ کافرون سے لڑنے والا

کوشش کرنے والا
مجبور ع لاچار۔ جبر کیا گیا۔ نقصان بہرا گیا
مجتبیٰ ع برگزیدہ۔ پسندیدہ
مجتث ع جڑ سے اوکہیڑا ہوا۔ اور نام ایک بحر کا ہی
مجتمع ع جمع کیا گیا۔ اور جگہہ جمع ہونے کی
مجتنب ع دوری کرنیوالا۔ پرہیز کرنے والا
مجتہد ع کوشش کرنے والا۔ راہ صواب پیدا کرنے والا
مجد ع بزرگی۔ بزرگوار ہونا
مُجِدّ ع کوشش کرنے والا کسی کام مین
مُجدِّد ع از سر نو کنندہ کار۔ نیا کرنیوالا کسی کام کا
مجذوب ع کہینچا گیا۔ اور خدا۔ کی محبت مین کہینچا ہوا
مجدود ع نیا کیا گیا
مُجرَّب ع تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔

مجرد ع تنہا۔ اور تارک دنیا۔ مرد بے زن۔ اور وہ شی جو مادہ سے پاک ہو
مجرّدات ع عقول عشرہ۔ ملائک ارواح
مُجرِم ع جرم کرنیوالا۔ گناہگار
مجروح ع زخمی۔ گہائل۔ جسکو زخم لگا ہو۔
مجریٰ ع جای جاری ہونے کی
مُجزّا ع جزو جزو علحدہ کیا ہوا
مجسم ع جسم دار۔ جسمین طول اور عرض اور عمق ہو
مُجعَّد ع گہونگریالی بال۔ لچھے دار بال۔
مُجَلّیٰ ع صاف۔ روشن
مُجلَّد ع جلد بندی کیا ہوا
مجلس ع جگہہ بیٹھنے کی۔ مجازاً وہ مقام جہان پر گروہ آدمیون کا جمع ہو
چپلکات یہ ترکی لفظ ہی معنے اسکے ہین عہد نامہ

مجمر ع عود دان۔ وہ انگیٹہی جسمین عود جلاوین۔
مَجمَع ع مجلس۔ اور جگہہ جمع ہونے کی
مُجمَل ع جو محتاج تفصیل کا ہو
مجملات ع وی آیات قرآنی جو محتاج تفصیل کی ہین
مجموع ع تمام جمع کیا گیا۔ سب۔
مجنون ع پاگل۔ دیوانہ۔
مُجنَّح ع صاحب بازو۔ صاحب جناح
مجوس ع قوم آتش پرست جو تابع ہین زردشت کے
مجوسی ف وہ شخص جو آتش پرست ہو یا آفتاب اور ماہ کی پوجا کرے واحد ہی جمع اسکی مجوس آتی ہی
مُجوَّف ع جوف کیا گیا۔ کہوکہلا۔ جو اندر سے خالی ہو
مجہول ع نامعلوم۔ نادانستہ شدہ اور وہ فعل جسکا فاعل معلوم نہو
مجیب ع جواب دینی والا۔ قبول کرنیوالا

مجید ع بزرگوار۔ گرامی۔ بزرگ
مح ع زردی جو مرغ کے انڈے کی اندر ہوتی ہی
محابا ع اصلمین محابات تھا فارسی لوگ تاکو حذف کرکے استعمال اسکا کرتے ہین بمعنی فروگذاشتن۔ مروت۔ اعانت۔ صلح۔ نگہداشت۔ لحاظ
محاذی ع مقابل آمنی سامنے والا۔ روبرو ہونے والا۔
محاذات ع مقابلہ اور روبرو ہونا برابر ہونا ایک جز کا دوسری جز سے
محارب ع لڑنی والا۔ جنگ کنندہ
محاربہ ع لڑائی۔ جنگ
محاربات ع لڑائیان۔ جنگہا
محاریب ع جمع ہی محراب کی یعنے محرابین
مُحاسِب ع حساب کرنیوالا۔ حساب دان
مُحاسبہ ع حساب

محاسن ع جمع ہی حسن کی
خوبیان۔ بھلائیان
مُحَاصِر ع گھیرنے والا۔ محاصرہ کرنیوالا
محاط ع احاطہ کیا گیا
محافظ ع نگاہبان
مُحافظت ع نگاہبانی
مَحافِل ع جمع ہی محفل کی مجلسین
محافہ ع ڈولی جو کہار اٹھاتے ہین
اور عورتین اوسمین سوار ہوتی ہین
محاکات ع باہم حکایت کرنا۔ کوئی
کہانی آپسمین کہنے
مُحاکمہ ع حاکم کی پاس واسطے دفع جھگڑے
کے جانا۔ اور منصف ہو کر دفع خصومت کا کرنا
مُحال ع اَن ہوت جسکا ہونا ممکن نہو
مَحال ع جمع ہی محل کی مقامات
۔ جگھہ ہا۔ ضِلع
محالات ع ناممکنات۔ غیر ممکن
باتین۔ یا چیزین۔
مُحامِد ع جمع ہی محمدت کی تعریفین۔

نیک خصلتین
محاورہ ع گفتگو۔ بات چیت
۔ جواب دینا
مُحِبّ ع دوستی کرنے والا۔
پیار رکہنے والا۔
مَحبّت ع دوستی۔
محبوب ع پیارا۔ دوست
محبوس ع مقید۔ قید کیا گیا
محتاج ع لاچار۔ حاجتمند۔
غریب مفلس۔
محتاط ع احتیاط کردہ شدہ۔ وہ
شخص جو بہت احتیاط رکہے
محتجب ع پردہ نشین۔ چھپا ہوا۔
پردہ مین ہونے والا
محترفہ ع پیشہ ور لوگ صنعت گران
کاری گر لوگ یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ
فرقہ یا جماعت کی پڑتا ہی
محترم ع عزت کیا گیا۔ حرمت
کیا گیا۔

محتشم ع صاحب خدم اور حشم کا جسکے
پاس نوکر اور دولت ہو
محتسب ع مجسٹریٹ شمار کرنیوالا
وہ حاکم جو خلاف شرع باتونکی ممانعت کری
محتمل ع احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا
محتوی ع شامل۔ گھیرنے والا
محجوب ع پوشیدہ
محجور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا
محدّب ع کُب کیا گیا۔ جو موافق
قبہ کے ہو
مُحدِّث ع حدیث بیان کرنے والا
راوی
مُحدِث ع اِحداث کرنے والا
نئی بات نکالنے والا
محدود ع حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا
محذوف ع حذف کیا گیا۔ گرایا گیا
مِحراب ع لغوی معنی ہین اوزار لڑنی کا
اصطلاح مین اوس قوس یا کمان کو کہتی ہین
جو مسجد مین طرف کعبہ کی بناتی ہین چونکہ وہ ایک

آلہ ہی شیطان کی لڑائی کا اسواسطے
اِسکا نام محراب رکھا ہی
محرّر ع لکہنے والا۔ تحریر کنندہ
محرق ع جلانے والا۔
محرک ع تحریک کرنے والا۔ حرکت
دینے والا
مُحرِم ع وہ شخص جو حرم کعبہ مین
آوے احرام باندہنے والا
مَحرم ع وہ شخص جسکے ہمراہ نکاح کرنا
درست نہو۔ رشتہ دار قریب
مُحرّمات ع حرام چیزین۔ وے باتین
جسکا توڑنا روا نہو
محرمان ف جمع فارسی ہی محرم کی
محرم راز ف واقف بہید کا۔
بہید جاننے والا
محرور ع گرم۔ حرارت کیا گیا۔
محروس ع نگاہبانی کیا گیا۔
حراست کیا گیا
محروم ع روکا گیا۔ بازرکھا گیا

مخزون ع غمگین
محسنات ع نیکیان جمع ہی محسنہ کی
محسن ع نیکی کرنیوالا۔ احسان کرنیوالا
محسنین ع جمع ہی محسن کی
محسوب ع حساب کیا گیا۔ شمار کردہ شدہ
محسود ع حسد کیا گیا۔ رشک کردہ شدہ
محسوس ع وہ شے جو حس مین آتی ہو
جو معلوم ہو سکے حس سے
محشر ع جگہہ اکٹھا ہونی لوگون کی روز
قیامت کو۔
محصل ع حاصل کردہ شدہ
محصل ع حاصل کرنے والا
محصود ع کیتی کٹی ہوئی
محصور ع حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا
محصول ع حاصل کردہ شدہ
محض ع صرف۔ خالص۔
محضر ع نامہ قاضی کا۔ جای حاضر ہونی کی
وقت حاضر ہونے کا۔ نیک محضر وہ
شخص ہوتا ہی جو غائب کو نیکی سے یاد کرے

محظور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا
محظوظ ع بہرہ مند بخت ور نصیب ور
محفوظ ع حفاظت کیا گیا
محفل ع جگہہ جمع ہونے آدمیون کی
محقر ع ذلیل۔ حقیر
محقق ع تحقیق کیا گیا
محقق ع تحقیق کرنے والا
محک ع کسوٹی نام ہی ایک سیاہ پتھر کا جسپر
سونے یا چاندی کی آزمایش کیجاتی ہی
محکم ع مضبوط۔ مستعد
محکمہ ع کچہری۔ جگہہ انصاف کرنے کی
محکوم ع حکم کیا گیا۔
محل ع جگہہ۔ مکان۔ منزل۔
مکان بادشاہ یا امیر کا
محلات ع جمع محلہ کی
محلہ ع جگہہ اوترنے کی۔ منزل
مقام آدمیون کا۔ مجازاً کونہ شہر کا
محلی ع آراستہ شدہ۔ زیور
پہنایا گیا

محمد ع بسیار ستودہ۔ تعریف
کیا گیا نام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا
محمدت ع ستایش۔ تعریف
محمدی ع وہ شخص جو امت محمد سے ہی
محمل ع کجاوہ۔ ہودہ اونٹ کا
محمول ع لادا ہوا۔ گمان کیا گیا۔ منطق
مین خبر جو مقابل مبتدا کی واقع ہوتی ہی
محن ع جمع ہی محنت کی
محنت ع تکلیف۔ دکھ۔ رنج
محو ع زائل کرنا۔ پاک کرنا حروف یا نقوش
کو کاغذ یا لوح سے چھیل ڈالنا۔ اصطلاح
تصوف مین گم اور نابود ہونا
محور ع دھری جسپر پہیہ گردش کرتا ہی
محیا ع چہرہ۔ مونہہ
محیی ع زندہ کرنے والا
محیط ع احاطہ کرنیوالا۔ گھیرا۔ گول
خط دایرہ کا
مخادعت ع مکر۔ فریب
مخادعات ع مکرہا۔ و فریب ہا

جمع ہی مخادعت کی
مخارج ع جمع مخرج کی جگہہ خارج
ہونے کی
مخازن ع جمع مخزن کی خزانے
مخاصمت ع باہم خصومت کرنا
جنگ کرنا
مخاط ع آب بینی۔ رینٹ
مخاطب ع سامنے سے بولنے والا
خطاب کرنے والا
مخاطب ع خطاب کیا گیا۔ اور جس سے
روبرو گفتگو کیجاوے
مخاطرہ ع خطر اندیشہ۔ وہ بات
جو ذہن مین آجاوے
مخافت ع خوف۔ ڈر۔ ڈرنا۔
خوف کرنا
مخافات ع جمع ہی مخافت کی
مخالطت ع ملجانا۔ باکسی در آمیختن
۔ دوستی
مخالف ع وہ شخص جو خلاف پر ہو۔ دشمن

مخالفت ع دشمنی۔ خلاف کرنا
مخاوف ع جا بیجا جمع مخوف کی جگہہ خوف کی
مخبر ع خبر دینے والا۔ مجازاً چہرہ انسان کا
مخبط ع درہم آمیختہ۔ ملا جلا۔ فاسد یتباہ
مختار ع اختیار کیا گیا
مخترع ع اختراع کیا گیا
مخترع ع نئی بات نکالنے والا
مختص ع خاص کیا گیا
مختصر ع جو طویل نہو۔ جو دراز نہو
مختلف ع جو یکسان نہو
مختوم ع مہر لگایا ہوا۔ مقفل اور بند کیا ہوا
مختون ع ختنہ کیا گیا
مخدر ع حس کرنے والی چیز بے حس کر دینے والی چیز
مخدرہ ع پردہ نشین عورت۔ پردہ نشین۔
مخدوم ع خدمت کیا گیا
مخذول ع ذلیل خوار۔ ذلیل کیا گیا۔

مخرج ع جگہہ نکلنے کی
مخروط ع خراط کیا گیا۔ تراشا گیا چھیلا گیا۔
مخزن ع خزانہ کی جگہہ۔ جاے جمع کرنے کی
مخصوص ع خاص کیا گیا
مخطط ع لکیرون والا۔ وہ شے جسپر لکیرین پڑی ہوئی ہون
مخطور ع اندیشہ۔ جو دلمین خیال گذری۔ ہلاکت کے قریب
مخفف ع ہلکا کیا گیا
مخفی ع پوشیدہ
مخل ع خلل ڈالنے والا۔ خلل انداز
مخلص ع اخلاص کرنے والا
مخلوط ع گڈمڈ۔ ملا جلا۔ آمیختہ۔ شدہ۔
مخلوقات ع جمع ہی مخلوق کی دنیا اور جو چیز دنیا مین ہی۔

مخلوق ع پیدا کیا ہوا
مخلی ع خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔ چھوڑا گیا
مخمس ع پانچ گوشہ۔ پانچ کونیا۔ جسکے پانچ مصرعہ ہون یا پانچ ضلع ہون یا پانچ چیزین جو کسی شے مین شامل ہون
مخمل ع نام ایک قسم کے نرم کپڑے کا مشہور ہی
مخمور ع متوالا۔ شراب نوشیدہ
مخنث ع ہیجڑا جسکو نامرد بنا دیا ہو خنثی بنایا ہو
مخوف ع ڈرا ہوا۔ خوفناک
مخوف ع خوف دینے والا ڈرانی والا
مخیر ع نیکی کرنے والا۔
مخیل ع خیال کیا گیا
مخیم ع جگہہ خیمہ لگانے کی۔ جگہہ خیمہ کھڑے کرنے کی
مد ع کشش کھینچنا۔ جوار جو دریا مین آتا ہی۔ خط درازا فزونی۔ درازی۔ نظر کرنا کسی چیز پر

مداح ع تعریف کرنے والا۔ مدح کرنے والا
مداخل ع دخل دینے والا۔ کسی کام مین داخل ہونے والا
مداخلت ع دخل دینا
مداد ع سیاہی
مدار ع جاے دورہ کرنے ستارہ کی جسپر کوئی بات ٹھہری ہوئی ہو مجازاً
مدارا ع صلح اور آشتی کرنا اصل اسکی مدارات ہی۔ خاطر تواضع کرنا
مدارات ع رعایت کرنا۔ صلح اور آشتی کرنا۔
مدارات ع ستارون کی حرکت کے دائرے جمع مدار کی
مدارج ع جمع ہی مدرج کی
مدارس ع جمع مدرسہ کی
مدارست ع باہم درس کرنا باہم پڑہنا۔ اور پڑہانا
مدار المہام ع وہ شخص

جس سے سب کاروبار سلطنت کی
متعلق ہون۔ وزیر یا فوج کا حاکم
مدافع ع دفع کرنے والا
مدافعت ع ایکدوسرے کو دفع کرنا
۔ دفع کرنا
مدام ع ہمیشہ رکھا گیا۔ شراب
ہمیشہ
مداومت ع ہمیشگی کرنا۔
ہمیشگی
مداوات ع دوا کرنا علاج کرنا
۔ درمان کرنا
مداوا ع مخفف ہی مداوات کا
دارو درمن کرنا
مداہن ع سستی کرنے والا
مدایح ع جمع ہی مدیحہ کی تعریفین
مداین ع جمع ہی مدینہ کی شہرہا
مدبر ع تدبیر کرنے والا۔ صاحب تدبیر
مدبر ع پشت دیا گیا یعنے وہ شخص جسکو
اوسکے نصیب نے پشت دی ہو
برگشتہ بخت۔
مدت ع ع ص۔ دیر
مدح ع ستایش۔ تعریف
مدخل ع جای داخل ہونے کی
مدخول ع داخل کیا گیا
مدخولہ ع وہ عورت جس سے صحبت
کی گئی ہو۔ زن جماع کردہ شدہ
مدد ع کمک
مد وجزر ع جوار بھاٹا جو سمندر
مین ہوتا ہی
مددگار ف مدد کرنے والا
مدر ع ڈھیلا مٹی کا
مدرس ع پڑھانے والا۔ درس
دینے والا
مدرسہ ع جگہہ درس دینے کی
مدرک ع سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا
مدرکہ ع وہ قوت جس سے انسان
اشیا کی حقیقت دریافت کرسکے
۔ عقل۔ ذہن

مدعی علیہ ع جسپر دعوے کیا
گیا ہو
مدعی ع دعوے کرنے والا
مدغم ع دو حرف ایک جنس سے
ایک دوسرے مین ادغام کیا ہوا
مدفون ع دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا
مدلل ع جسپر دلیل قائم کی گئی ہو
بدلیل ثابت شدہ
مدلول ع معنی۔ بتلایا ہوا
مدمن ع ہمیشہ کرنے والا کسی کام کا
مدور ع گول
مدن ع جمع ہی مدینہ کی شہرہا
بہت سے شہر
مدہوش ع متحیر۔ گشتہ۔ حیران
۔ مجازاً مست بیہوش۔
مدید ع دراز۔ لمبا
مدیر ع گول۔ حرکت دینے والا
مدینہ ع شہر
مدیون ع قرضدار
مذاب ع گداختہ شدہ۔ گلا ہوا
پگلا ہوا
مذاق ع چکھنا۔ چکھنے کی جگہہ
محل ذائقہ
مذاکرہ ع باہم ذکر کرنا
مذاہب ع جمع مذہب کی
مذبح ع جگہہ ذبح کرنے کی
مذبذب ع دھکڑ پکڑ کرنے والا
جسکا ارادہ مصمم نہ ہو
مذبوح ع ذبح کیا ہوا۔ جانور
جسکو ذبح کردیا ہو
مذکر ع مرد۔ نر
مذکور ع ذکر کیا گیا۔ ذکر کردہ شدہ
مذلت ع خوار ہونا۔ رسوا ہونا
رسوائی۔
مذمت ع ہجو۔ برائی۔ بدی
مذموم ع بد۔ برا۔ زشت
مذنب ع گنہگار۔
مذہب ع راہ۔ راستہ۔ دین

مُرّ ع تلخ۔ کڑوا
مَرّت خاص
مُرابطات ع جمع ہی مرابط کی وہ
چیزین جو باہم رابطہ پیدا کرین
مَرأت ع عورت زن
مرآت ع آئینہ موںہہ دیکھنے کا شیشہ
مَراتب ع جمع ہی مرتبہ کی
درجے رتبے
مراجعت ع لوٹنا۔ رجوع کرنا
اولٹا پہرنا
مَراحِل ع منازل۔ منزلین جمع
ہی مَرحَلَہ کی
مَراحِم ع جمع ہی مرحمت کی
۔ مہربانیان
مراد ع ارادہ کیا گیا۔ مطلب
مقصد
مرادفت ع باہم ردیف ہونا ایک
دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔
مرادف بنّا۔ ایک معنی ہونا

مَرارَہ ع تلخی۔ کڑواپن
مُراسِل ع اوس عورت کو کہتے ہین
جسکے دونو پنڈلیون پر بال بہت
اور دراز ہون۔ اور وہ عورت جو
بیاہ کی خواہش کرنے والون مردون
سے خط وکتابت یا پیغام جاری رکہے
یا وہ عورت جسکو اوس کی خاوند
سے جدائی ہوگئی ہو۔ یا کلان سال عورت
مراسلات ع جمع ہی مراسلہ کی
مُراسَلت ع باہم نامہ اور
پیغام کرنا۔
مَراسِم ع رسمین۔ رسومات
جمع ہی رسم کی نشانہا
مُراضعت ع دودہ پلانا
بچہ کو دایہ کا
مُراعات ع رعایت کرنا باہم
ملکر جانورون کا چرنا۔ نگاہ رکہنا
کن انکہیون دیکہنا مجازاً سلوک
اور رعایت

مُرافعت ع حاکم کے سامنے اپنا
دعوے پیش کرنا
مُراقبت ع امید رکہنا۔ نگہبانی
حفاظت
مرام ع مطلب۔ مقصد
مراہم ع جمع ہی مرہم کی
مربیٰ ع تربیت کیا گیا۔ پرورده شده
اور میوہ کی قسم قند یا شکر مین ملا ہوا
مُرَبَّع ع چوگوشہ۔ اور وہ سطح جسکے
چارون ضلع برابر ہون اور چارون
زاویہ قائمی ہون
مربوط ع بندہا ہوا۔ ربط کیا گیا۔
لگایا گیا۔
مُربّی ع پرورش کرنے والا۔
تربیت کرنے والا
مَرّۃ ع ایکدفعہ
مرتاض ع ریاضت کرنے والا
اصطلاح تصوف مین تابعدار کرنے
والا نفس حرص کا اور رنج اوٹہانیوالا

علم اور ہنر یا عبادت مین
مرتب ع ترتیب کیا گیا۔ انتظام
کیا گیا
مُرتبط ع ارتباط کیا گیا لگایا گیا
مرتبہ ع درجہ۔ رتبہ
مرتد ع کافر۔ وہ شخص جو مذہب
اسلام سے پہر گیا ہو
مرتفع ع اوٹہایا گیا۔ رفع کیا گیا۔
دور کیا گیا۔
مرتفی ع بلند کیا گیا
مرتکب ع اختیار کرنے والا
ایک بات کا پسند کرنے والا
مرتہن ع رہن لینے والا۔ گرو رکہنے والا
زیور یا کسی چیز کا
مرثیہ ع اوصاف مردہ کے اسطرح پر
بیان کرنی کہ سننے والون کو رحم آوے
مرجان ع مونگا۔ مشہور ہی جسکو
دریا مین کیڑے بناتے ہین
مرجع ع جای رجوع۔

مرجح ع غلبہ دینے والا۔ ترجیح دینے والا
مرجو ع امید کیا گیا
مرجوع ع رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا
مرحبا ع شاباش یہہ لفظ عرب مین واسطے تعظیم مہمان کے کہتے ہین
مرحلہ ع منزل کی جگہہ۔ کوچ کی جگہہ منزل۔ جای رخت اور اسباب کی
مرحمت ع مہربانی رحم
مرحوم ع رحمت کردہ شدہ۔ مجازاً جو مرگیا ہو
مرخص ع رخصت کرنے والا
مرخص ع رخصت کردہ شدہ
مرد ف منس آدمی۔ نر
مرد ع جمع ہی امرد کی یعنے وی لوگ جنکی ابھی ڈاڑہی نہ نکلی ہو
مرداد ف پانچوان مہینا شمسی یعنے جولائی کا مہینا
مردار ف مردہ کی لوتھہ۔ ناپاکی

مردان ف جمع ہی مرد کی
مردانگی ف مردپن۔ مردانیت
مردک ف چھوٹا مرد۔ یہہ حقارت کا لفظ بطور گالی کے بولتے ہین
مردگان ف مردے۔ مری ہوے لوگ
مردم ف آدمی۔ پتلی
مردم آزار ف تکلیف دینیوالا آدمیون کا
مردمان ف جمع ہی مردم کی
مردمک چشم ف آنکھ کی پتلی
مردمی ف مردانگی
مردن ف مرنا
مردود ع رد کیا گیا۔ نکالا گیا۔ کسی جگہہ سے۔ بیغرت
مردہ ف مرا ہوا۔ موا ہوا
مردی ف مردانیت۔
مرز ف زمین
مرزا ف اسکی اصل ہی میرزا یعنے سردارزادہ

مرزبان ف حاکم۔ میر سرحد۔ صاحب طرف۔ مالک زمین۔ زمیندار۔ نگہبان۔ سردار۔ بزرگ آتش پرستون کا۔ عالم آتش پرست جمع اسکی مرازبہ آتی ہی
مرزبوم ف جای پیدایش جنم بہون
مرزغان ف دوزخ۔ گورستان قبرستان
مرسل ع نامہ بھیجنے والا۔ بھیجنے والا
مرسل ع رسول۔ نبی۔ پیغمبر۔
مرسلین ع بہت رسول پیغمبرہا
مرشد ع ہدایت کرنے والا۔ راہ نیک بتلانے والا
مرصع ع جڑاؤ کیا گیا۔ جڑا گیا
مرصوص ع رانگ ڈہالکر بیچ مین ڈالکر مستحکم کی ہوئی شے۔ استوار کیا ہوا
مرض ع بیماری
مرضی ع جمع ہی مریض کی بیمار لوگ
مرضی ع پسندیدہ۔ پسند کیا ہوا
مرطوب ع تر۔ بھیگا ہوا۔ رطوبت دار

مرعی ع چراگاہ جای چرنے جانورونکی
مرعوب ع رعب کیا گیا۔ خوف کیا گیا
مرعی ع رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا
مرغ ف ایک قسم کی گہاس ہی جسکو جانور بڑی خوشی سے چرتے ہین ہندی مین اوسکو دوب کہتے ہین
مرغ ف پرند۔ اوڑنے والا جانور
مرغاب ع نام ایک ندی خراسان کا ہی جو شہر مروشاہجہان کے نیچے بہتی ہی
مرغابی ف مشہور پرند ہی جو دریا مین تیرتا رہتا ہی
مرغزار ف سبزہ زار اور وہ زمین جہان پر مرغ بہت اوگا ہوا ہو یعنے دوب بہت ہو
مرغوب ع رغبت کیا گیا
مرغول ف پیچتاب زلفون کو جو مڑی ہوتی ہین اونکی صفت مین یہہ لفظ آتا ہی یعنے پیچدار اور گھونگریالی بال

اور عیش و نشاط کے معنی مین آتا ہی
مِرفق ع کُہنی۔ آرنج
مرفوع ع اُٹھایا گیا۔ مرافعہ۔ نالش حاکم
کے سامنے پیش کی ہوئی
مَرفہ ع آسودہ۔ خوش معاش
مرقد ع خوابگاہ۔ قبر مجازاً
مُرقّع ع کتاب تصویرون کی گڈری
فقیرون کی جس مین رقعہ رقعہ یعنے
پیوند جڑے ہوئے ہون
مرقوم ع لکھا ہوا
مرگ ف موت
مرکب ع ترکیب دیا گیا جو کئی چیز
سے ملکر بنا ہو
مرکز ع وہ نقطہ بیچون بیچ دائرہ کا جس سے
جتنے خطوط مستقیم محیط تک نکالین
سب برابر ہون
مرکوز ع گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا یہہ لفظ مشتق
ہی رکز سے اوسکے معنی ہین زمین مین
نیزہ گاڑنا۔ مجازاً منظور

مَرَمَّت ع کسی چیز کا خلل درست کرنا
صلاح دینا۔ ٹوٹی پھٹی بگڑی کو سنوارنا
مَرمَر ع نام ایک قسم کے پتھر کا ہی جو سفید
ہوتا ہو اوسکو سنگ مرمر کہتے ہین
مروارید ف موتی
مُروّت ع مردانگی
مُروّج ع رایج کیا گیا۔ ترویج دیا گیا
مِروَحہ ع بادکش پنکھا ہوا کرنے کا
مُرور ع گزرنا۔ چلا جانا
مرہم ع وہ دوا جو زخم کے چنگا ہونے
کو لگاتے ہین
مَرہون ع رہن کیا گیا
مُری ع چینی ہڈی۔ استخوان نرم
مریخ ع منگل ستارہ
مُرید ع ارادہ کرنے والا۔
شاگرد دینی
مَرِید ع سرکش۔ غیر مطیع۔
راندہ ملعون
مریض ع بیمار۔ روگی۔

مزاج ع خاصیت۔ خو۔ عادت۔ سبھاو
وہ کیفیت جو اربعہ عناصر کے ملنے
سے پیدا ہو
مُزاحِم ع روکنے والا۔ صدمہ کا
روکنے والا
مزاحمت ع صدمہ کے برعکس
تنگی کرنا کسی پر
مزاح ع خوش طبعی کرنا اور ہنسی کرنا
خوش طبعی
مزاد ع توشہ دان وہ چیز جسمین
زادراہ رکھین
مزار ع جگہہ زیارت کرنے کی
مزارع ع کھیتی کرنے والا۔ کسان
مزامیر ع راگ۔ گیت دعا جو راگ مین
کھیچی ہی۔ واحد اسکا مزمور ہی
مزامیر داؤد کتاب زبور حضرت داؤد
کی مجازاً اسباب ساز مطربون کے
مزاولت ع ہمیشگی کسی کام پر کرنا
کوشش کرنا کسی چیز پر

مزبلہ ع کوڑے و غلاظت جمع ہونی کی جگہہ
مزبور ع لکھا ہوا
مزج ع ملانا۔ ملنا
مزجات ع تھوڑا۔ اندک۔
بے اعتبار
مزخرف ع جھوٹی بات جو مانند
سچی بات کے آراستہ کی ہوئی ہو۔
زر اندودہ
مزد ف مزدوری۔ اجرت خواہ دنیا
کی ہو خواہ دین کی
مزدور ف اُجرت کرنے والا۔ مزدوری
کرنے والا
مزدوری ف اُجرت
مژدہ ف خوشخبری
مزرع ع کھیتی۔ کھیت
مزعفر ع زعفرانی۔ زرد رنگ اور ایک
قسم شیرینی پلاؤ کی ہی جسمین زعفران
پڑی ہوئی ہو
مزکّی ع پاک کرنے والا۔ زکوۃ دینی والا

مژگان ف پلکیں آنکھوں کی
مزلت ع لغزش کرنا۔ جگہ پھسلنے کی
مزلات ع جمع ہی مزلت کی جگہ
پھسلنے کی
مزلقہ ع لغزش دہندہ
مزمار ع نی۔ باجہ بجانے کا
مزوّر ع جھوٹا
مزہ ف چسکا۔ لذت
مزیت ع افزونی۔ زیادتی فضیلت
اسکی جمع مزایا آتی ہی
مزید ع زیادتی۔ افزونی۔ افزون
کردہ شدہ۔ زیادہ کیا گیا
مزیّن ع زینت دیا گیا
مَس ع چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ جماع کرنا
مِس ف تانبا
مَسَاء ع شام۔ وقت شام کا
مسابقت ع باہم سبقت لے جانا
مساجد ع جمع ہی مسجد کی
مسّاح ع پیمایش کرنے والا

مِساحت ع پیمایش۔ اور
پیمایش کرنا
مُسارعت ع باہم سرعت کرنا
جلدی کرنا
مسارقت ع باہم سرقت کرنا۔
چوری کرنا
مساس ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔
جماع کرنا
مساعد ع مددگار۔ یاری دہندہ
مساعدت ع یاری کرنا۔ مدد کرنا
مسافات ع جمع مسافت کی
دوریاں بیابانوں کی
مسافت ع دوری بیابان کی۔
فاصلہ منازل کا
مُسافر ع سفر کرنے والا
مُسافرت ع سفر کرنا
مَسَاکِن ع جمع ہی مسکن کی
مکانات
مساکین ع جمع ہی مسکین کی غریب

محتاج ع مفلس
مسالک ع جمع ہی مسلک کی۔
راہیں۔ رستے
مَسألہ ع درخواست سوال پوچھنا
مسامات ع بدن کے سوراخ چھوٹے
چھوٹے جنمیں سے پسینہ نکلا کرتا ہی
مسامحت ع چشم پوشی کرنا۔ جوانمردی
کرنا۔ کسیکا عیب ظاہر نکرنا
مسامع ع جمع ہی مسمع کی کان
مساوات ع برابری۔ یکسانی
مُساوی ع برابر
مساہلت ع سہل انگاری کرنا
تساہل کرنا۔ سستی کرنا
مُساہم ع شریک حصہ دار
مساہمت ع شرکت۔ ساجھا
مسائل ع جمع ہی مسلہ کی پوچھی
ہوئی باتیں
مَست ف متوالا
مُست ف غم۔ اندوہ۔ رنج

مستاجر ع ٹھیکہ دار۔ اجارہ لینے والا
مُستَاصِل ع جڑسے اوکھیڑنے والا
برباد کرنے والا
مُستَاصَل ع برباد۔ تباہ۔ جڑسے
اوکھڑا ہوا
مستانہ ف مست کے مانند۔ متوالی کی
موافق
مستبشر ع خوشخبری چاہنی والا۔
خوش ہونے والا
مستبصر ع طلب بینائی کی کرنیوالا۔
بینا دل ہونے والا
مستبعد ع بعید جاننے والا۔
دوری خواہندہ۔ دور شمرندہ
مُستَبعَد ع دوری جستہ شدہ
دور گنا گیا۔ بعید۔ دشوار
مستتر ع پوشیدہ۔ پردہ کیا گیا
مستثنیٰ ع استثناء کیا گیا
الگ کیا گیا
مستجاب ع قبول کیا گیا۔ مانا گیا

مستجیب ع دعا قبول کرنے والا قبول کرنے والا
مستجبر ع کہنچا گیا۔ دور لیجایا گیا
مُستحسن ع نیک گنا گیا پسند کیا گیا
مستحق ع حقدار۔ جسکا حق اوس بات کا ہو
مستحکم ع مضبوط۔ استوار
مستخرج ع ایک مطلب نکلا ہوا۔ باہر نکالا ہوا
مستخلص ع چہڑایا گیا۔ خلاص کیا گیا۔
مستدعی ع خواہشمند۔ چاہنی والا کسی بات کا۔ درخواست کنندہ
مستدل ع دلیل مانگنے والا طلب دلیل کی کرنے والا
مستدیر ع گول۔ مدوّر
مُسترد ع رد کیا گیا
مستراح ع جای آسایش جای راحت اور مجازاً پیخانہ کی جگہہ
جاضرور
مسترشد ع طلب ہدایت کی کرنیوالا سیدہی راہ کا خواہان۔ مرید
مُستسعد ع طلب نیکی کی کرنیوالا سعادت جوینده۔ یاری خواہنده
مستسقی ع طلب سیرابی کی کرنیوالا۔ پیاسا۔ استسقا کی بیماری والا
مستشعر ع شعار پہنے ہونے۔ خوف دلین رکہنے والا۔ وہ بچہ جو اپنی ماں کے شکم ہی بین بالدار ہو گیا ہو۔ طلب شعور کی کرنے والا
مستطاب ع خوش۔ بامزہ
مستظہر ع طلب ظہور کی کرنے والا طلب پشت پناہ کی کرنے والا
مستعار ع مانگا ہوا
مستعان ع مدد طلب کیا گیا
مُستعجل ع شتابی چاہنے والا
مستعد ع مہیّا۔ طیار
مستعذب ع شیرین۔ شیرین کیا گیا

مستعمل ع عمل بین لایا ہوا۔ کام بین لایا ہوا
مستغرق ع ڈوبا ہوا۔ غرق شده
مستغفر ع طلب بخشش گناہونکی کرنیوالا
مستغنی ع بے پرواه۔ دولتمند
مستغیث ع فریادی۔ جو شخص داد خواه ہو
مستفاد ع حاصل فائده گرفتہ شده جو بطور فائده کے حاصل ہو گیا ہو
مُستفید ع طلب فائده کی کرنیوالا
مستفیض ع طلب فیض کی کرنیوالا
مستقبح ع زبون۔ بدمعلوم کیا گیا۔ بد
مستقبل ع سامنے آنے والا زمانہ آینده
مستقر ع جای قرار جگہہ ٹہرنے کی
مستکبر ع گردن کش۔ مغرور۔ متکبر
مستقل ع مضبوط۔ مستحکم کسی کام پر تنہا جو قائم ہو
مستلزم ع طلب بخشش کی کرنے والا
مستکره ع مکروه جانتے والا۔ برا جانتے والا
مستلذات ع لذتہا۔ مرغوب چیزین جنسے لذت حاصل ہو
مستلزم ع لازم پکڑنے والا
مستمال ع مائل۔ رجوع کیا گیا
مستمر ع استوار۔ روان۔ پیوستہ۔ دائم
مستمسک ع چنگل مارنے والا۔ تمسک کرنے والا
مستملح ع نمکین
مستمند ف غمگین۔ مجازاً حاجتمند یہہ لفظ مرکب ہی مُست بمعنی غم اور مند بمعنی صاحب سے
مستنبط ع بیرون آورده شده باہر نکالا گیا
مستوجب ع واجب کرنے والا

مستوحش ع وحشت ڈھونڈنیوالا
مستور ع چھپا ہوا
مستورہ ع پوشیدہ شدہ
مستوفی ع پورا لینے والا
مستوفا ع تمام لیا ہوا۔ پورا کیا گیا
مستوقد ع بھڑ کانے والا آگ کا
مستولی ع غالب زور آور
مستوہب ع طلب ہبہ کی کرنیوالا
بخشش چاہنی والا
مستوی ع برابر۔ ہموار
مستہام ع سرگشتہ۔ حیران
مستہان ع ذلیل۔ خوار۔
لوگون کی نظر مین سبک
مستہزی ع تمسخر کرنے والا
ہنسی ٹھٹھہ کرنے والا
مستہل ع نیا چاند دیکھنے والا۔
مینہ زور شور سے برسنے والا
مستہلک ع تباہ ہونے والا۔
ہلاک ہونے والا

مستی ف نشہ۔ جوش شہوت کا
مستیقظ ع بیدار۔ نگاہبانی
کرنے والا
مسجد ع جاے سجدہ۔ سر
جھکانے کی جگھہ
مسجّع ع مقفیٰ۔ قافیہ بندی کیا ہوا
مسجّل ع نامہ مہر کیا ہوا قاضی کا
مسجون ع قیدی
مَسح ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا
مسحوق ع گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا۔ پسا ہوا
مسخ ع ایک صورت سے دوسری
صورت بدلنا مگر دوسری بدتر صورت ہو اولیٰ سے
مسخر ع تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا
مسخرگی ف ٹھٹھہ بازی۔ تمسخر
مسخرہ ع وہ شخص جسپر ٹھٹھہ کیا جاوے
مسخنات ع گرم کرنے والیان۔
وے اشیا جنسے گرمی حاصل ہو
مسخوط ع غصّہ کیا گیا۔ خفا
کیا گیا

مَسْدُود ع بند کیا گیا
مسرّات ع خوشیان۔ سرورہا
مَسَرّت ع خوشی
مسرّج ع وہ گھوڑا جسپر کاٹھی ڈالی ہوئی ہو
مُسْرِع ع شتابی کرنے والا
مسرف ع بیہودہ خرچ کرنے والا
مسرور ع خوش کیا گیا
مسروق ع چرایا گیا۔ چوری کیا گیا
مسطح ع پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ سطح کیا گیا۔
چھت دار
مسطور ع لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا
مسعود ع سعادت کیا گیا۔ نیکبخت
مِس گر ف ٹھٹھیرا تانبے کے برتن
بنانے والا
مسکر ع نشہ پیدا کرنے والی چیز۔
مستی لانے والی
مسکرات ع وے چیزین جنسے نشہ
اور مستی پیدا ہو جیسے شراب بھنگ وغیرہ
مَسْکَن ع جگھہ رہنے کی۔ گھر

مَسْکہ ع جھاگ گھی کا۔ مکھن
مسکین ع غریب۔ فقیر۔ ناتوان
مسئلہ ع سوال کوئی بات پوچھی ہوئی
مسلح ع ہتیار بند
مسلسل ع سلسلہ بندی کیا گیا
زنجیرہ بند
مُسَلِّط ع مقرر کرنے والا کسی آدمی کا
دوسری پر تسلط کرنے والا۔
غالب زور آور
مَسْلَک ع راہ۔ رستہ
مسلَّم ع تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا
مُسلِّم ع ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا
مسلِم ع مسلمان
مسلمان ف جو شخص مذہب اسلام
مین ہو
مسلمین ع جمع ہی مُسْلِم کی
مسلوک ع جاری کیا گیا۔ آمد و رفت
کیا گیا۔ راہ۔ سلوک کیا گیا
مُسْلُول ع برہنہ۔ تلوار برہنہ

مسمّی ع نام کیا گیا
مِسمار ع میخ۔ کہونٹی۔ کیلی
مَسمُوع ع سنا گیا
مسموم ع زہر دیا گیا
مسند ع تکیہ گاہ۔ تکیہ
مسند آرا ف گدی نشین
مِسواک ع دتون۔ وہ لکڑی جسے دانت صاف کرتے ہین
مسوّدہ ع لکہا ہوا۔ نوشتہ
مُسہِل ع دست آور۔ جلاّب
مسیح ع مسح کیا گیا۔ ملا گیا۔ چونکہ فرشتون نے اونکے سر پر تیل ملا تہا اِسواسطے اونکو مسیح کہتے ہین
مَسِیر ع جانا۔ سیر کرنا۔ جگہہ سیر کی جای رفتار
مشابہ ع مانند۔ مثل۔ نظیر
مشاتمت ع باہم ایکدوسرے کو گالیان دینا
مُشار ع اشارہ کیا گیا
مشار الیہ ع جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو
مشارب ع جمع ہی مشرب کی پانی پینے کی بہت سی جگہہ
مشاربت ع باہم ملکر پینا
مشارع ع جمع ہی مشرع کی۔ راہیہا۔ رستے
مشارک ع شریک ہونے والا
مشاطہ ع کنگہی کرنے والی عورت جسکا پیشہ کنگہی کرنے کا ہوتا ہی
مشاع ع جسکی تقسیم نہوئی ہو۔ مشترک فاش کیا گیا۔ اکثر استعمال اوسکا زمین پر آتا ہی
مشاعر ع جمع ہی مشعر کی
مشاعرہ ع باہم جمع ہوکر شعرخوانی کرنا
مشاعل ع جمع ہی مشعل کی
مشاغل ع جمع ہی مشغل کی کامہا۔ شغلہا
مشافہہ ع روبرو سخن کہنا۔ بات کہنی

مُشاکِل ع ہم شکل ہونے والا۔ اور نام ایک بحر کا ہی عروض سے
مُشاکَلَت ع ہمشکل ہونا۔ مانند ہونا
مشام ع محل قوت شامہ کا۔ دماغ
مشاورت ع مشورت کرنا۔ آپسمین ملکر مشورت کرنا
مشاہِد ع دیکہنے والا
مشاہِدہ ع دیکہنا اور کسی کی ہمراہ کہین حاضر ہونا
مشاہرہ ع ماہیانہ۔ ماہ بماہ دینا۔ تنخواہ
مشاہیر ع جمع ہی مشہور کی بزرگان و ناموران
مشائین ع جمع ہی مشائی کی یعنے وہ گروہ حکماء کا جو حقائق اشیا کا ادراک بدون دلیل کی نہین کرسکتے مشی کے معنی چلنے کے ہین مراد اس جگہہ دلیل چلانا غیاث اللغات
مشایخ ع جمع شیخ کی عالمان صوفیان۔ عالم دین
مُشَایَعَت ع پیروی کرنا۔ تہوڑی دور کسیکو رخصت کرنے کے واسطے جانا
مشبّک ع جالیدار۔ وہ شی جسمین سوراخ سوراخ ہون
مشت ف مکّا۔ مٹھی
مشتّت ع پراگندہ۔ پریشان
مشتاق ع جسکو اشتیاق ہو
مشتبہ ع مشکوک۔ جسمین شبہہ ہو
مشترک ع شریک دو مین اور وہ لفظ جو دو معنی کے واسطے بنایا گیا ہو یعنے ہر ایک کے واسطے علیحدہ علیحدہ موضوع ہو
مشتری ع خریدار۔ مول لینے والا کسی چیز کا
مشتعل ع سوزان۔ شعلہ مارنے والا۔ بھڑکنے والا
مشتغل ع مشغول ہونے والا
مشتق ع ایک لفظ ہی جو کسی دوسرے

لفظ سے بنایا گیا ہو
مشتمل ع شامل ہونے والا - محیط ہونے والا
مشتہر ع شہرت دیا گیا
مشتہیٰ ع مرغوب - خواہش کیا گیا
مشتہی ع خواہش کنندہ - رغبت کرنے والا
مشتہیات ع اشیای مرغوب اور اشتہا داشتہ شدہ
مشجّر ع وہ کپڑا جس پر صورت درختون کی بنی ہوئی ہو
مشحون ع بھرا ہوا - پُر
مشخص ع تشخیص کیا گیا چکوتا کیا گیا - تجویز کیا گیا
مشدّد ع باندھا گیا تشدید پڑا گیا
مشرب ع جای پانی پینے کی چشمہ - مجازاً مذہب - دین - پنتھ -

طور - طریق
مشرط ع نشتر
مشرع ع راہ - رستہ
مشرف ع بلند - بلند ہونے والا - خبردار - صدر محرر - میر محرر - قریب ہونا کسی امر کے ظاہر ہونیکا خواہ بد ہو خواہ نیک
مشرق ع جای طلوع ہونی سورج کی - پورب
مشرک ع شریک کرنے والا - وہ شخص جو ایک خدا کا قائل نہو بلکہ کسی اور کو بھی خدا کے ساتھ شریک کرے
مشروب ع پیا گیا
مشروح ع شرح کیا گیا - کھولکر بیان کیا گیا
مشروط ع شرط کیا گیا
مشروع ع جائز - جو موافق شرع کے ہو
مَشط ع کنگھا - کنگھی - شانہ

مشعر ع خبر دہندہ
مشعر ع وہ جگہہ جہان پر درمیان حج کی قربانی کرتے ہین مکہ مین اور سر کے بال منڈوانی کی جگہہ حاجیون کی - جای عبادت
مشعل ع شمع
مشعلچی ف مشعل والا - شمع رکھنے والا
مشعوف ع شیفتہ - عاشق - محب -
مشغلہ ع کام - شغل
مشغول ع کام مین لگا ہوا
مشغوف ع جس کے دل کے پردہ مین کچھہ پہنچ گیا ہو
مشفق ع ڈرنے والا - مہربانی کرنیوالا
مشق ع روز روز کرنا - کسی کام کو ہر روز کرنا
مشقت ع محنت - تکلیف
مشک ف کستوری مشہور خوشبو ہے
مشکبو ف مشک کی خوشبو

مشکل ع کٹھن - دشوار
مشکوٰت ع صحیح طور اسکے لکھنی کا یہہ ہے مشکوٰۃ چراغدان اور وہ طاق جسمین چراغ جلا جاوے
مشکور ع پسندیدہ - ستودہ
مشکوک ع شک کیا گیا
مشکوی ف بتخانہ مجازاً حرم سرای امراء یا ملوک کا
مشلول ع جسکے ہاتھہ پیر بیحس ہوگئے ہون
مشمش ع زرد آلو جسکو خوبانی بھی کہتے ہین ایک میوہ شیرین مشہور ہے
مشمول ع سب طرفسے احاطہ کیا گیا - گھیرا گیا - شامل کیا گیا
مشموم ع سونگھی ہوئی شے - معطر شے
مشمومات ع عطریات خوشبو کی چیزین جمع ہے مشمومۃ کی
مشوش ع پریشان کرنے والا

اور شورش پریشان کیا گیا
مشوق ع عاشق۔ شوق دیا گیا
مشوب ع آمیختہ شدہ۔ ملا ہوا
مخلوط
مشہد ع حاضر ہونا۔ شہادتگاہ
قبرستان شہیدون کا۔ نام ایک شہر
ایران کا ہی زمانہ قدیم مین اوسکو
طوس کہتے تھے
مشہود ع حاضر کیا گیا۔ موجود
مشہور ع شہرت کیا گیا
مشی ع پیرون سے چلنا
مشیت ع خواہش مرضی
خدای تعالی کی
مشید ع گچ کردہ شدہ۔ محکم۔
استوار کیا گیا
مشید ع محکم کرنے والا۔ استوار
کرنے والا
مشیر ع اشارہ کرنے والا۔
مشورت دینے والا

مشیمہ ع بچہ دان عورت کا
مصلا ع جای نماز۔ عید گاہ
خصوصاً عید گاہ شیراز
مصاب ع مصیبت زدہ۔
رنج رسیدہ
مصابرت ع باہم صبر کرنا۔ صبر کرنا
مصاحبت ع باہم صحبت کرنا
مصاحف ع جمع ہی مصحف کی
مصادر ع جمع ہی مصدر کی
مصاف ع میدان صف باندہنے
لشکر کا۔ جنگ گاہ۔ جنگ
مصادقت ع دلی دوستی۔
محبت قلبی۔
مصارعت ع کشتی کرنا۔ ایک
دوسرے کو پچھاڑنا
مصارف ع جمع مصرف کی خرچہا
وجای خرچہا
مصاعب ع دشواریان۔
جاہای دشوار

مصاعد ع جاہای بلند جمع
ہی مصعد کی
مصافات ع دوستی۔ اخلاص
مصابیح ع جمع ہی مصباح کی
چراغہا
مصالح ع جمع ہی مصلحت
کی۔ بہلائیان
مصاہرت ع خسر کرنا۔ داماد کرنا
یہہ لفظ دونو معنون مین مشترک ہی
مصائب ع جمع ہی مصیبت کی
مصباح ع چراغ
مصبغ ع رنگا ہوا۔ رنگ کردہ شدہ
مصحح ع صحیح کرنے والا
مصحف ع وہ کتاب جسمین رسالے
اور صحیفے جمع ہون اسواسطے قرآن شریف
کو کہتے ہین کہ اوس مین سورتین
جمع ہین
مصحوب ع ساتھ کیا گیا
مصدر ع جای نکلنے کی۔ جای صدور

۔ اور وہ کلمہ جس سے افعال
اور صفات بنائے جاوین
مصدع ع دردسر پیدا کرنیوالا
مصداق ع آواز صادق آنے معنی
کا یعنے وہ شے جسپر کوئی معنی بولے
جاسکین مثلاً انسان کی معنی زید عمرو وغیرہ
پر بولی جاسکتے ہین تو انسان کے معنی کا
زید مصداق ہی۔ عمرو مصداق ہی علی ہذا القیاس
مصدور ع صادر کیا گیا
مصدوق ع صادق کیا گیا
مصر ع شہر۔ اور نام شہر خاص
کا ہی
مصر ع اصرار کرنے والا۔ ایک کام
پر استادگی کرنے والا
مصراع
مصرع ع کواڑ۔ ایک حصہ شعر کا
مصرع ع جگہہ بچہڑنے کی
مصرف ع جگہہ خرچ کرنے کی
اور خرچ

مصروع ع پچھاڑا ہوا
مصروف ع صرف کیا گیا ۔ باز گردانیدہ شدہ
مَصعَد ع جگہہ اونچی چڑہنے کی
مصطفیٰ ع برگزیدہ ۔ صاف کیا گیا بدخصلتون سے
مصقول ع زنگ دور کیا گیا ۔ صاف کیا گیا
مُصلِح ع اصلاح کرنے والا ۔ درست کرنے والا
مصطبہ ع میخانہ ۔ شرابخانہ
مَصلَحَت ع نیک صلاح نیک تجویز ۔ صلاح
مصلوب ع سولی دیا گیا ۔ پھانسی دیا گیا
مصلّٰی ع جگہہ نماز کی ۔ جای نماز ۔ عید گاہ
مصنّع ع بنایا ہوا ۔ کاریگری کیا گیا

مُصَنِّف ع کتاب تصنیف کرنے والا ۔ بنانے والا کتاب کا
مُصَنَّف ع کتاب ۔ رسالہ وغیرہ
مصنّفات ع کتابین ۔ تصنیفات
مصنوع ع وہ شے جو کاریگری سے بنی ہو ۔ بنائی ہوئی چیز
مصوّر ع تصویر کھینچنے والا
مصیب ع درست پہنچنے والا ۔ نیک رسندہ ۔ صواب یابندہ
مصیبت ع دُکھ ۔ تکلیف ۔ حادثہ
مصیر ع جای بازگشت ۔ اور مائل ہونا
مَضاجِع ع خوابگاہین ۔ جمع ہی مضجع کی خواب گاہ
مضارب ع جمع ہی مضرب کی ۔ جای زدن
مضارع ع مشابہ ۔ اور وہ فعل جسمین معنی حال اور استقبال دونو مفہوم ہون

مضاعف ع دوچند ۔ اور وہ کلمہ کہ جسکے آخرمین دو حرف ایک جنس کے آوین
مضاف ع منسوب ۔ متعلق
مضافات ع منسوبات متعلقات وہ دیہات جو ایک شہر کے متعلق ہون
مضاف الیہ ع وہ اسم ہی جسکی طرف کسی شے کو لگاوین جیسے زید کا گھوڑا گھوڑا مضاف زید مضاف الیہ کا حرف اضافت
مضامین ع جمع ہی مضمون کی معنی ۔ مطالب
مَضَائق ع جمع ہی مَضِیق کی یعنے تنگ جگہہ ۔ جانای تنگ ۔
مضایقہ ع تنگی ایک دوسرے کو تنگ کرنا ۔ پروا
مضبوط ع ضبط کیا گیا ۔ مستحکم
مضجع ع خوابگاہ جگہہ سونے کی
مَضحَک ع جگہہ ہنسی کی
مُضحِک ع ہنسی دلانے والا ۔ ہنسانے والا
مُضحِکات ع وے لطیفے کہ جنسے ہنسی پیدا ہو ۔ ہنسانے والی چیزین
مُضِر ع ضرر پہنچانے والا
مُضَر ع نام ایک شخص کا ہی جو ایک قبیلہ عرب کا بزرگ تھا
مِضراب ع وہ آلہ جسّی مارین ۔ ستار بجانے کا اوزار
مُضِرّات ع ضرر دینے والی چیزین
مَضرَب ع جای ضرب ۔ جگھہ مارنے کی
مضرور ع وہ شخص جسکو ضرر پہنچا ہو ۔ ضرر رسیدہ
مُضطَر ع ضرر رسیدہ ۔ مجازاً بے اختیار ۔ بیچارہ
مُضطَرِب ع بیقرار ۔ اضطراب والا
مضغ ع چبانا ۔ خائیدن
مضغہ ع گوشت پارہ ۔ لقمہ ۔ اتنی مقدار جو ایکدفعہ چبائی جاوے

مُضِل ع گمراہ کرنے والا
مضمار ع میدان - آگہ دُبلا کرنے کا مراد میدان
مضمحل ع محو ہونے والا - ناچیز - سست
مضموم ع پیش کیا گیا جیسی دال دُم کی
مضمون ع ضمن مین لیا ہوا - معنی - مطلب
مضیق ع جای تنگ
مَطَا ع پشت - پٹیہہ
مطابق ع موافق - برابر
مطابقت ع موافقت برابری
مطارح ع جمع مطرح کی جاہا ی انداخت - جگہہ ڈالنے کی - کیسہا - تہیلا شکاریون کا جسمین شکار ڈالتے جاتی ہین
مطارحہ ع کسی سے بات کا کہنا - مجازاً مشورہ کرنا - اور کبھی خوشامد کے معنی مین بھی آتا ہی
مُطَاع ع اطاعت کیا گیا - سردار - مخدوم
مطاعم ع جمع ہی مطعم کی - خورشین خوراکین - کہانے
مَطَاعِن ع جمع ہی طعن کی - عیب اور طعنے
مطاف ع جگہہ گرداگرد پہرنے کی - جگہہ طواف کی
مَطَالِب ع جمع مطلب کی - مرادین
مطالبہ ع طلب کرنا - بازجستن -
مطالعہ ع دیکہنا کسی چیز کو اوس سے واقفیت پیدا کرنے کے واسطے
مَطَاوی ع جمع ہی مَطْوِی کی پیچیدگیان شکن ہا - نور دہا
مطائبات ع جمع ہی مطایبہ کی خوش طبعیان ٹھٹے - ہنسیان
مَطَایَا ع وی چارپائی جنکی پشت پر سوار ہوتی ہین جیسے گہوڑا - اونٹ - گدہا خچر وغیرہ

مطبخ ۳۲۳

مطبخ ع باورچی خانہ - جگہہ کہانا پکانے کی
مَطْبُوخ ع پکی ہوئی چیز - پکائی گئی - جوشاندہ
مَطْبوع ع طبع کی گئی - چھاپی گئی - پسند کی گئی
مَطَر ع بارش - باران
مِطَر ع تازگی
مطرات ع جمع ہی مطر کی بارانہا - مینہین
مُطْرِب ع گویا - گانے والا - ڈوم
مَطْرَح ع جای انداخت
مُطَّرِد ع ایک وتیرہ پر ہونے والا - پے درپے ایکدوسرے کے ہونے والا
مَطْرُود ع نکالا گیا - راندہ شدہ - مردود
مَطْعُون ع نیزہ مارا گیا - بہالا مارا گیا - مجازاً عیب کیا گیا - معیوب
مطفی ع بجہانی والا
مُطَلّا ع طلا کیا گیا - زراندودہ
مطلب ع جگہہ طلب کی - مراد - معنی
مُطَّلِع ع خبر دہندہ اطلاع کرنیوالا
مُطَّلَع ع خبر دیا گیا - اطلاع دیا گیا
مَطْلَع ع جای طلوع ہونے کی
مُطْلَق ع آزاد بیقید - روان کیا گیا
مطلوب ع طلب کیا گیا
مَطْمَح ع جگہہ بلند نظر رکہنے کی - جگہہ نظر پڑنے کی
مطموع ع لالچ دیا گیا - طمع دیا گیا
مُطْمَئِن ع آرمیدہ - سکون گیرندہ - اطمینان رکہنے والا
مَطْوِی ع لپٹا ہوا - لپیٹا گیا - پیچیدہ شدہ
مُطَهِّر ع پاک کرنے والا
مطیّب ع خوشبو دینے والا پاک شوندہ
مُطَیَّب ع خوشبو کیا گیا - پاک کیا گیا

مُطِیع ع فرمان بردار۔ اطاعت کرنیوالا
مطیر ع برسنے والا۔ بارش کرنیوالا
مشتق مطر سے ہے
مظالم ع جمع ہے مظلمہ کی بے انصافیان
ستم ہا اور وے جگہہ جہان پر ظالمون
کو سزا ملتی ہے عدالتین
مظاہر ع پشتی دینے والا۔ مدد دینی والا
مظفر ع فتحمند۔ فتح پایا ہوا
مظلم ع تاریک ۔ اندھیارا
مَظلَمہ ع ظلم ستم۔ بے انصافی
دادخواہی کرنا
مظلوم ع ظلم رسیدہ جسپر بے انصافی
ہوئی ہو
مظنون ع گمان کیا گیا
مظنّہ ع جگہہ گمان لیجانے کی۔
جای گمان بُردن
مظہر ع جای ظہور
مَعَ ع ساتھہ ہمراہ
مَعًا ع اتری۔ رودہ

معًا ع فورًا۔ اسیوقت۔ ساتھہ
معابد ع جمع ہے معبد کی۔ پوجا کی
جگہہ۔ پرستش گاہ
معابر ع جمع ہے معبر کی۔ جگہہ
عبور کرنی دریا کی۔ رہگذر
معاتِب ع عتاب کرنے والا۔
خفگی کرنے والا
مُعاتَب ع عتاب کیا گیا۔
خفا کیا گیا
معاد ع جای بازگشت۔ جگہہ لوٹ
کرجانیکی۔ مجازًا آخرت۔ قیامت
معادل ع برابر۔ مساوی
مُعَادَلت ع برابری مساوات
انصاف کرنا
معادن ع جمع ہے معدن کی۔
کہانین
معاذ ع جای پناہ۔ اور پناہ دینا
مَعَاذِیر ع جمع معذرت کی۔
عذر۔ بہانے

معارج ع جمع ہے معراج کی سیڑھیان نردبانہا
معارِض ع جھگڑا کرنے والا۔ متعرض
مُعَارَضہ ع جھگڑا۔ مناقشہ
معارف ع جمع ہے معرفہ کی۔
شناسائی۔ جاناہی شناختن و آشنا
لوگ۔ اہل علم اور فضل۔ نامور لوگ
معارک ع جمع ہے معرکہ کی۔ لڑائیون
کی جگہہ۔ لڑائی کے میدان
معارکہ ع لڑائی۔ جنگ
مَعَاش ع زندگانی کرنا۔ اور وہ شے
جس سے زندگانی کی جاوے۔
جای زندگانی۔ دنیا
معاشرت ع آپسمین مل جل کر زندگانی
کرنا۔ کسی کے ہمراہ عیش کرنا
مُعاصِر ع ہم عصر۔ اپنے زمانہ کا۔ ہم زمانہ
معاضد ع مددگار۔ یاری
دینے والا
مُعَاضَدت ع یاری دینا۔
بازو ایکدوسرے کے ہونا

معاطفت ع مہربانی کرنا
معاف ع بخشا گیا۔ عفو کیا گیا
معافیٰ ع اسم مفعول عفو سی مشتق
باب مفاعلۃ کا ہی۔ بخشا گیا۔ عفو کیا گیا
معافی ع صیغہ اسم فاعل کا بمعنی
معاف کرنے والا
معاقب ع عذاب کرنے والا
عقوبت کرنے والا
معاقبت ع عذاب کرنا۔ مارنا۔
باندھنا
مَعَاقِد ع جمع ہے معقد کی جاہای
گرہ بستن اور جگہہ عہد کرنے کی
مُعَاقِد ع عقد کرنے والا۔ عہد باندھنی
والا۔ نکاح کرنے والا
معاقدت ع باہم ایک بات پہ
عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ ضمان کرنا
معالج ع علاج کرنے والا۔ حکیم
معالجہ ع علاج کرنا۔ دارو
درمن کرنا

مَعَالِم ع جمع ہی معلم کی جو آلہ کا
صیغہ ہی اوسکے معنی ہین علامت کی
چونکہ یہہ جہان دلالت اور علامت صانع
حقیقی کا ہی اسلیے معالم کے معنی عالم اور
دنیا۔ اور جہان کے ہین
معاملہ ع باہم ملکر کوئی کام کرنا
معالی ع جمع ہی معلی کی جو مصدر میمی بمعنی
بلندی کی ہی معالی کے معنی بلندیان
معان ع جگہہ یاری دینے کی۔ جگہہ مدد کی
معاند ع عناد کرنے والا۔ دشمن
معاندت ع دشمنی۔ عناد کرنا
معانق ع گلے سے لگنے والا۔
گلے ملنے والا
معانی ع جمع ہی معنی کی مطالب
مراد ین
معاود ع عود کرنے والا۔ بازگشت
کرنے والا۔ پہر کر آنے والا
مُعَاوَدَت ع لوٹ آنا۔
پہر کر آنا

مَعَاوَضَت ع عوض کرنا۔
بدلا کرنا
مُعَاوِن ع مددگار۔ مدد دینے والا
مُعَاوَنَت ع مدد کرنا۔ یاری کرنا
معاہد ع عہد کرنے والا
مُعَاہَدَہ ع باہم عہد کرنا
معایب ع جمع ہی معیب مصدر
میمی کی۔ عیبہا۔ عیب
مَعَایِش ع اسباب زندگانی کا
جمع معیشت کی ہی
معاینہ ع سامنے دیکھنا
۔ آنکھ سے باہم
دیکھنا
معبد ع جای پرستش۔ جگہہ
عبادت کی
معبر ع جگہہ عبور دریا کی۔
رہ گذر
مِعبر ع وہ شے کہ جسکے سبب
دریا سے پار اُترین

معبود ع عبادت کیا گیا۔ پوجا گیا گیا
مُعْتَاد ع عادت کیا گیا۔ مقدار ہر روز
کی جتنی عادت ہو
معتبر ع اعتبار کیا گیا
معتدل ع مساوی مزاج ہین جسمین
افراط اور تفریط نہو
معتذر ع عذر کرنے والا
مُعْتِسر ع مفلس۔ غریب۔
محتاج۔
معترض ع اعتراض کرنے والا
معترف ع مقر۔ اقرار کرنے والا
معتزل ع گوشہ نشین۔
یکسو ہو کر بیٹھنے والا
معتصم ع چنگل مارنے والا کسی چیز مین
واسطے طلب مدد کے
پناہ لینے والا
معتقد ع اعتقاد رکہنے والا
دل کا۔ بھروسا رکہنے والا
مُعْتَکِف ع مسجد مین عبادت کیواسطے

جو شخص بیٹھہ رہے اور باہر نہ نکلے
معتمد ع اعتماد رکہنے والا
معجب ع تعجب مین ڈالنے والا
مِعْجَر ع اوڑہنی۔ عورت کی اوڑہنی کا ڈوپٹا
معجز ع عاجز کرنے والا
معجزات ع جمع ہی معجزہ کی۔
وہ بات جسکے کرنے پر انسان
قادر نہو
مُعجل ع جلدی کرنے والا
معجمہ ع وہ حرف کہ جسپر نقطہ ہو
معجون ع گوندا ہوا۔ کئی چیزین پیسکر
اور ملاکر مثل آٹے کے جو
گوندہی ہوئی ہون اوسکو معجون
کہتے ہین
معدلت ع عدل و انصاف
مُعْدِم ع نیست کرنے والا
معدن ع کھان۔ کان چاندی
سونے وغیرہ کی
معدود ع شمار کیا گیا۔ گنا ہوا

معدوم ع عدم کیا گیا۔ نیست کیا گیا
معدہ ع اوجھہ جسمین کہانا ہضم ہوتا ہی
معذر ع عذر کرنے والا۔ حیلہ کرنیوالا
معذرت ع عذر۔ حیلہ۔ بہانہ
معذل ع وہ شخص جسکی سخاوت وداد ودہش پر ملامت کی گئی ہو
معذور ع عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا
معراج ع ڈنڈا سیڑہی کا۔ سیڑہی
معرب ع وہ لفظ جسکو عربی بنالیا ہو اور اصل مین کسی اور زبان کا ہو
معرض ع روگردانی کرنے والا مونہہ پہیرنے والا
معرف ع تعریف ۔ حد بتلانے والا
معرفت ع شناخت۔ پہچان لغوی معنی ابال گوڑے کی
معرق ع وہ چیز جس سے پسینہ آجاوے ۔ پسینہ لانے والی شے
معرکہ ع میدان جنگ مباحثہ کی جگہہ
معروض ع عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا
معروف ع مشہور۔ جو معلوم ہو
معز ع بکری۔ بکرا
مُعَزّ ع عزت کیا گیا
معزز ع عزت کردہ شدہ۔ عزت دار
معذول ع ملامت کیا گیا
معسکر ع جگہہ لشکر اترنے کی چھاونی
مَعْشَر ع اقارب۔ رشتہ دار لوگ
مُعَشَّر ع جس کے دس گوشے ہون۔ دس کونے کی شے
معشوق ع عشق کیا گیا یعنے وہ شخص جسپر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو

معشوقہ ع عورت جسپر کوئی مرد عاشق ہو
مِعْصَر ع اوزار نچوڑنے کا
معصرۃ ع جای کشید شراب کی اور جگہہ نچوڑنے کی
معصوم ع بے گناہ۔ بچایا گیا گناہ سے
معصیت ع گناہ۔ نافرمانی
معطر ع خوشبو دار
معطش ع پیاس لگانے والی شے
معطل ع بیکار۔ خالی کام سے
معطوف ع لپٹا ہوا۔ لپیٹا ہوا
معظم ع بزرگ۔ بزرگی دیا گیا
مَعْقَد ع جگہہ باندہنے کی۔ جای گرہ
معقود ع گرہ لگایا گیا۔ باندہا گیا
معقول ع عقل مین لایا گیا۔ مناسب اچھا پسندیدہ ۔ بند ناہوا۔ پناہ بردہ شدہ
معک ع ساتھہ تیرے
معکوس ع اولٹا۔ اوندہا
معلّی ع بلند کیا گیا
معلف ع جگہہ گہاس کہانے جانورون کی۔ کہرلی
معلق ع لٹکا ہوا
معلقات ع لٹکی ہوئی چیزین
معلق زن ف کلا کرنے والا۔ بازی کرنے والا۔ ناچنے والا
معلم ع علم سکہلانے والا
معلم اول ع ارسطو
معلم ثانی ع ابو نصر فاریابی
معلم ثالث ع بو علی سینا
معلم الملکوت ع شیطان
معلول ع علت کیا گیا۔ وہ شے کہ جسکا کوئی سبب اور باعث ہو
معلوم ع علم کیا گیا۔ جانا گیا
مُعَمّا ع چیستان۔ پہیلی
معمار ع راج مستری عمارت بنانے والا
معمور ع آباد۔ بھرا ہوا۔ پر

مَعْمُورَہ ع بستی۔ شہر
مَعْمُوری ع آبادی
معمول ع عمل کیا گیا۔ روزمرہ کی بات جو کیجاوے
معنبر ع عنبر کیا گیا۔ جسمین عنبر ملایا ہو
معنوی ع منسوب ہی معنی سے باطنی
معنی ع مطلب۔ مراد۔ مضمون
مَعوضت ع وہ شے جو بدلے کسی شے کے دیجاوے
معول ع اعتماد کیا گیا یہہ صیغہ اسم مفعول کا ہی تعویل سے
معول ع صیغہ اسم مفعول کا ہی عول سے
معہذا ع ساتھ اس بات کے باوجود اسکے
معہود ع عہد کیا گیا
معیّت ع ہمراہی پن۔ ساتھ پن
معیشت ع زندگی۔ عیش کرنا

معیل ع عیالدار آدمی
معین ع مدد کرنے والا
معیّن ع مقرر کیا گیا
معیوب ع عیب دار۔ عیب کیا گیا
مَغ ف گہراو۔ عمق
مُغ ف آتش پرست
مغارہ ع وہ غار جو پہاڑ مین ہو۔ کہڈ اور جگھہ غارت کرنے کی
مغاک ف گڑہا مغ کے معنی گہراو۔ اَک کلمہ نسبت کا ہی
مغالطہ ع غلطی مین ڈالنا
مُغان ع جمع ہی مُغ کی آتش پرست لوگ۔ اور نام ایک ملک کا ہی آذربایجان مین سے
مَغَایَرَہ ع باہم غیر ہونا۔ مخالفت
مغبون ع جسکو زیان پہنچا ہو
مغرب ع جگھہ چھپنے سورج کی۔ پچھم

سوم موق

مُغرق ع جگمگا۔ چمکول
مغرور ع گھمنڈی۔ وہ شخص جسکو غرور ہو
مغروق ع ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا
مغـز ف گودا۔ دماغ
مغسول ع دہویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا
مغشوش ع کہوٹ ملایا ہوا۔ خیانت کیا گیا۔ غیر خالص
مغشی ع جسپر غشی آگئی ہو۔ بیہوش
مغص ع مروڑا۔ پیچش شکم کی۔ انتڑی اور پیٹ کا درد
مغضب ع غصہ والا۔ غصہ دلانے والا
مغضوب ع جو شخص غصہ مین ہو۔ خفا
مِغفَر ع خود آہنی
مغفرت ع بخشش۔ گناہ بخشنا

مغفور ع بخشا گیا۔ مغفرت کیا گیا
مُغُل ت نام ایک فرقہ کا ہی جو اعلی قوم ترکستان کی ہی معنی اس لفظ کی سادہ دل اور عمدہ کے ہین
مغلاق ع قفل۔ زنجیر
مغلوب ع عاجز۔ غلبہ کیا گیا
مغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا
مغلول ع طوق گردن مین ڈالا ہوا۔ عذاب کا طوق ڈالا گیا
مغموم ع غمگین۔ رنجیدہ۔
مُغنی ع گانے والا۔ گویا۔ ڈوم
مغنیہ ع گانی والی۔ ڈومنی کسبی جو گانی والی ہو
مغنی ع بے پرواہ کرنے والا
مغیر ع غارت کرنے والا۔ لوٹنی والا۔ شتابی کرنے والا
مُغیلان ع ببول کا درخت۔ کیکر یہ لفظ مفرد ہی اسکے اصل اُمّ غیلان تھی یعنے مادر دیوان الف حذف کرکے مغیلان کہنے لگے

مفاتیح ع جمع ہی مفتاح کی کنجیان

مفاجات ع اچانک ہونا آچانک ہو جانا۔ ناگاہ ہونا

مفاخرہ ع فخر کرنے والی

مُفَارِق ع فرق کرنے والا

مُفَارَق ع جمع مفرق کی تارک سر۔ ٹٹری سرکی۔ مانگ بالون سرکی

مفارہ ع جوہیا کے رہنے کی جگھہ

مفازہ ع جنگل۔ بیابان۔ جگھہ رہائی پانے کی۔ جای کامیابی

مفاسد ع جمع فساد کی برائیان۔ خرابیان

مفاصل ع جمع ہی مفصل کی جوڑبند ہاتھہ پاؤن کے

مُفَاصَلَہ ع فرق باہم

مفتاح ع کنجی۔ کلید

مفتح ع جگھہ کہولنے کی۔ جگھہ فتح کی

مفتخر ع فخر کرنے والا۔ شیخی کرنے والا

مفترع ع شاخ کیا گیا

مفترق ع علٰحدہ۔ فرق کرنیوالا

مفتری ع بہتان لگانے والا۔ جھوٹ بات بنانے والا

مفتش ع ڈہونڈنے والا۔ تفتیش کرنے والا

مفتقر ع محتاج۔ فقیر

مفتل ع بہانوان بٹاہوا ڈورا بٹاہوا خواہ رسی ہو خواہ ڈورا

مفتوح ع فتح کیا گیا۔ کہولا گیا

مفتول ع بٹاہوا پیچیدہ تار خواہ ریشم کا ہو خواہ سوت کا

مفتون ع فتنہ مین ڈالا ہوا۔ شیفتہ۔ مبتلا۔ عاشق۔

مفتی ع فتوے دینے والا

مفخر ع فخر کیا گیا۔ بہت بزرگ

مفر ع جگھہ بہاگ جانے کی

مفخم ع بہت عزت کیا گیا۔ بہت بزرگ

مفرح ع جای خوشی

مفرد ع وہ جو مرکب نہو

مفرط ع حدسے زیادہ گذرنے والا۔ زیادتی ہین۔ مجازاً کثیر۔ بسیار زیادہ

مفروش ع بچھونا بچھایا گیا

مفروق ع فرق کیا گیا

مُفسِد ع فساد کرنے والا

مفسدہ ع فساد۔ دنگا۔ بگاڑ

مُفَسِّر ع معنی بیان کرنے والا۔ تفسیر کرنے والا

مفسوخ ع فسخ کیا گیا۔ اگلی صورت بگاڑی گئی۔ یا عہد توڑا گیا

مَفشُوش ع سست عقل بیہودہ جھوٹا

مَفصَد ع جای فصد کرنے کی خون نکالنے کی جگھہ

مَفصَل ع جوڑ اعضا کا۔ بدن کا جوڑ

مفضول ع زیادتی کیا گیا۔ فضیلت دیا گیا

مفطر ع روزہ کہولنے والا۔ اسکے جمع مفاطیر آئی ہی

مُفَطِّن ع سمجھانے والا۔ فہمایش کنندہ

مفعول ع فعل کیا گیا۔ کردہ شدہ

مُفقِر ع محتاج کرنے والا۔ فقیر کرنے والا

مفقود ع گم شدہ۔ کہو یا گیا

مفکوک ع جدا کیا گیا۔ چھوڑا یا گیا

مفلاک ع خالی ہاتھہ پریشان فقیر۔ مفلس

مُفلِس ع جسکے پاس پیسہ نہو۔ محتاج

مَفلُوج ع فالج زدہ۔ جسکو فالج کی بیماری ہو

مَفلُوک ع فلک زدہ۔ مفلس

تباہ حال یہہ صیغہ جعلی ہی
مفوض ع سپرد کیا ہوا۔ سپردہ شدہ
مفہوم ع سمجھا گیا
مفید ع فائدہ دینے والا
مفیض ع فیض پہونچانے والا
مفیق ع ہوشیار ہوش مین
لانے والا
مقابر ع جمع ہی مقبرہ کی جگہ
قبر مُردے کی
مقابل ع سامنے والا
مقابلہ ع آمنا سامنا
مقابح ع برائیان۔ قباحتین
مقاتل ع باہم لڑکر قتل کرنے والا
مقاتلہ ع باہم قتل کرنا
مقادیر ع جمع ہی مقدار کی
اندازے
مقاربت ع نزدیکی۔ قرب
مقارنت ع قرین ہونا۔
نزدیک ہونا

مقاسات ع رنج کھینچنا۔
دُکھ اوٹھانا
مقاسمہ ع باہم تقسیم کرنا آپسمین
بانٹ لینا
مقاصد ع جمع ہی مقصد کی۔
مطالب۔ مقصد
مقاطر ع ٹپکانے والا پانی وغیرہ کا
مقاطیع ع جمع ہی مقطع کی جگہ
قطع کرنے کی
مقاعد ع جمع ہی مقعد کی جای
بیٹھنے کی اور پیخانہ کی راہ
مقال ع گفتگو۔ بات چیت
مقالہ ع بات کہی ہوئی
مقالید مب جمع ہی مقلد کی بمعنی کنجیان
۔ تالیان۔ کلیدہا۔ یہہ لفظ معرب
ہی کلید کا
مقام ع جگہ ٹھہرنے کی۔ ٹھہرنا
مقامر ع قمار باز۔ جوئے باز
مقامرہ ع جوے بازی۔ قمار بازی

مقاوم ع برابری کرنے والا
مقبرہ ع گور مردہ کی۔ جای قبر کی
مقبل ع مونہہ چڑھا۔ عزت دار
جسکی بات حاکم مانے
مقبل ع قبول کرنے والا فرمان حق کا
سامنے ہونے والا۔ روبرو ہونے والا
مقبوض ع قبض کیا گیا۔ پکڑا گیا
مقبول ع قبول کیا گیا۔
مانا گیا۔ منظور
مقتبس ع روشنی لینے والا۔
آتش گیرندہ
مقتدا ع وہ شخص جسکی پیروی
اور لوگ کرین
مقتدر ع قدرت رکھنے والا۔ طاقتور
مقتدی ع پیروی کرنے والا۔
پیرو
مقتصر ع تھوڑے پر صبر کرنے والا۔
مختصر کرنے والا
مقتضا ع چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا

مجازاً مراد۔ مطلب
مقتضی ع خواہش کرنے والا چاہنے
والا۔ تقاضا کنندہ
مقتفی ع پیچھے سے آنے والا۔
پیرو
مقتل ع جگہ قتل کرنے کی
مقتول ع قتل کیا گیا
مقدار ع اندازہ
مقدام ع بہادر۔ شجاع۔ دلاور جو
میدان جنگ مین آگے بڑھ کر لڑے
مقدس ع پاک مرد۔ یا پاک چیز
مقدسہ ع پاک عورت
مقدم ع سفر سے یا کسی جگہ سے
پھر کر آنا۔ اور جگہ قدم رکھنے کی
مقدم ع آگے جانے والا۔ دلیر اور
کونا آنکھ کا جو طرف ناک کے
ہی
مقدم ع پیش کرنے والا اور مقدم
پیش کیا گیا چودھری

مقدمة الجیش ع پیش خیمہ۔ یعنے وہ تھوڑا سا لشکر جو فوج کے آگے جاوے تاکہ جگھہ اترنے کی تلاش کرکے تجویز کرے
مقدمہ ع کچھہ عبارت جو مضمون کتاب کے شروع کرنے سے پہلے لکھی جاوے۔ مجازاً واردات کسی حال کی
مقدور ع طاقت۔ قوت۔ قدرت کیا گیا
مقراض ع قینچی۔ کاٹنے کا اوزار
مقر ع جگھہ قرار کی۔ جای ٹھہرنے کی
مُقَرَّب ع نزدیک کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ مجازاً خاص دوست
مقرر ع قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا
مقرض ع کاٹتا ہوا۔ کترا ہوا
مقروض ع قرضدار وہ شخص جسپر قرض ہو۔ قرض دیا ہوا
مقرون ع نزدیک کیا گیا
مقری ع پڑہانے والا۔ کور مقری اوس اندہے کو کہتے ہین جو لڑکونکو قرآن پڑھایا کرتا ہی۔ حافظ نابینا
مقسوم ع بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا
مُقشّر ع چھلکا اوتارا ہوا۔ چھیلا ہوا
مقصد ع جگھہ قصد کرنے کی۔ مطلب۔ مراد
مقصر ع قصور کرنے والا۔ کم رہنے والا
مقصود ع قصد کیا گیا۔ ارادہ کیا گیا
مقصور ع کم کیا گیا۔ قصر کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا
مقطر ع ٹپکایا گیا۔ قطرہ قطرہ کرکے ڈالا گیا
مُقَطَّع ع کاٹا ہوا۔ بریدہ شدہ زائد اطراف کاٹی ہوئی اور چھوٹے قد کا آدمی

مقطوع ع قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ اور وہ شخص جو کسی سبب سے قافلہ کے ہمراہ چلنے سے راہ مین رہجاوے۔ کپڑا قطع کیا ہوا
مقعد ع جای نشستگاہ۔ ڈھڈی دُبر۔ کُون
مُقَعَّر ع ڈونگھا۔ گہرا۔ کھودا ہوا گڑہا
مُقَفّٰی ع قافیہ کیا گیا
مُقَلِّد ع عمل کرنے والا کسی قول پر بدون دلیل کے۔ پیرو
مقلوب ع اولٹا کیا گیا۔ پلٹا گیا
مقناطیس ع چمک پتھر۔ سنگ آہن ربا
مقنب ع بھنگ ملا ہوا۔ کھانا یا کوئی شے
مِقْنَب ع شیر کی چنگال۔ توشہ دان شکاری کا جسمین شکار رکھا جاتا ہی اور گلہ گھوڑون کا (۳۰) سے (۴۰) تک یا تین سو گھوڑے کی مقدار
مقنن ع قانون بنانے والا
مقود ع دہاگا۔ ریسمان۔ رسی۔ پالہنگ
مِقْوَنس ع گھوڑون کی رسی
مُقَوَّس ع وہ شے جو خمدار ہو مانند کمان کے۔ قوس دار
مِقْوَل ع زبان۔ جیب
مُقَوِّم ع قیمت کرنے والا۔ راست دارندہ۔ سیدھا رکھنے والا
مُقَوِّی ع قوت دینے والا۔ طاقت دینے والا
مقہور ع قہر کیا گیا۔ جسپر غصہ بادشاہ یا خدا کا پڑے
مقیاس ع اندازہ۔ اور وہ شے جس سے اندازہ کرین
مُقَیَّد ع قید کیا گیا
مُقیم ع اقامت کرنے والا رہنے والا

مقئی ع قے لانے والی چیز
مُکَابِر ع وہ شخص جو اپنی بزرگی جتلانے
کے واسطے بحث کرے۔ غلبہ کرنے
والا۔ جنگ کرنے والا
مُکَاتَبَت ع باہم خط وکتابت کرنا
مُکَّار ع مکر کرنے والا مرد۔ فریبی مرد
مکارم ع جمع ہے مکرمت کی۔
بزرگیاں نوازشیں
مکارہ ع مکر کرنے والی عورت۔
فریب کرنے والی
مُکَارہ ع مکروہات۔ رنج اور
سختیاں
مُکَارِی ع کرایہ کو دینے والا
کسی چیز کا
مکاسب ع جمع کسب کی ہے۔
پیشے۔ حرفے
مُکَاشفہ ع دشمنی ظاہر کرنا۔
جنگ برملا کرنا۔ اسرار کا ظاہر ہونا۔
امور غیبی کا معلوم ہو جانا ولی اللہ کو

مُکَافات ع بدلا۔ عوض۔
باہم برابر ہونا
مکامن ع جمع ہے مَکْمَن کی وے
جگہہ جہاں پر پوشیدہ ہو سکیں۔
گھاتیں
مَکَان ع جگہہ۔ گھر
مکاید ع جمع ہے مکیدہ کی یعنے
فریب پھندا۔ بداندیشی
مُکَاہَنَت ع غیب کی خبر بتلانا
مُکَایَلہ ع باہم ملکر پیمانہ سے ناپنا
مکتب ع جگہہ لکھنے کی۔ مجازا
مدرسہ۔ اسکول
مُکْتَرِی ع کرایہ لینے والا کسی شے کا
مکتسب ع کسب کرنے والا۔
حاصل کرنے والا
مکتفی ع کافی کرنے والا۔ بس
کرنے والا
مکتنف ع پناہ ڈہونڈہنے والا۔
یکسو ہونے والا

مکتوب ع لکھا ہوا۔ لکھا گیا
مکتوم ع پوشیدہ کیا گیا۔
چھپایا گیا
مُکث ع دیر کرنا۔ انتظار کرنا
مُکث ع بالضم و بالکسر۔ دیر۔ درنگ
مُکَدَّر ع کدورت آمیز۔ گدلا
مکدر ع کدورت مین ڈالنے والا
مکر ع فریب۔ دغا
مگر ف پر۔ سوا اسکے
مکرر ع دوبارہ
مکرم ع عزت دیا گیا۔ بزرگی کیا گیا
مکرمت ع بزرگی۔ نوازش
مکروہ ع کراہیت کیا گیا۔ بہونڈا
مگس ف مکھی
مکسور ع زیر کیا گیا حرف
مکشوف ع کہولا گیا۔ ظاہر کیا گیا
مکلّف ع تکلیف دیا گیا۔ ٹیپ
ٹاپ کیا گیا
مُکَلَّل ع تاج سر پر رکہا گیا۔ درخشان

ملمع کیا گیا
مکمّل ع پورا کیا گیا۔ کامل کردہ شدہ
مکمن ع گھات کی جگہہ۔ پوشیدہ ہوکر
داو لگانے کی جگہہ
مکمون ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا
مکنت ع قدرت۔ تونگری
مکنون ع پوشیدہ کیا ہوا
مکیال ع پیمانہ۔ ٹوپہ۔ اناج ناپنے
کا برتن
مکیدن ف چوسنا
مکین ع مکاندار۔ مکان مین رہنے والا
مکبول ع بند کیا گیا۔ قیدی۔ محبوس
مُل ف شراب انگوری۔ امرود مشہور
پہل ہے
مُلَّا ع بہت پڑہا ہوا۔ عالم بہت
املا کرنے والا
ملا ع مجلس پری۔ دشت۔
بیابان
مَلَابِس ع جمع ہے ملبس کی

بمعنی پوشش - لباس
مَلّاح ع کشتی بان - کشتی چلانے والا
مَلَاحت ع نمکینی - خوبصورتی - نمک دار
مَلَاحِدہ ع جمع ہی ملحد کی - ملاحدہ بھی درست ہی
مُلَاحظہ ع کن آنکھیون دیکھنا - گوشۂ چشم سے دیکھنا - مجازاً دیکھنا
مَلَاذ ع جای پناہ
ملازمت ع ہمیشہ ہونا کسی جگہہ یا نزدیک کسی کے ہمیشہ رہنا
ملازم ع پیوستہ رہنے والا - مجازاً نوکر
مُلَاصِق ع لگا ہوا - چسپیدہ
مُلَاطِف ع مہربانی کرنے والا
مُلَاطَفہ ع کسی کے ساتھہ نیکی کرنی - مجازاً خط - نامہ - مراسلہ
ملاعب ع جمع ہی لعب کی بازیان

ملاعبت ع بازی کرنا - لعب کرنا
ملاعنہ ع جمع ملعون کی لعنت کیے گئے لوگ
ملاعین ع جمع ہی ملعون کے - مردود
مُلَاقَات ع باہم ملنا - ایکدوسرے سے ملنا
مُلَاقِی ع ملنے والا
ملال ع رنجیدگی - طبیعت کا اوکتا جانا
ملالت ع اوداسی - اوداس ہونا
مَلَام ع ملامت کرنا - جگہہ ملامت کی سرزنش کرنا
مَلَامَت ع برا بھلا کہنا - جھڑکنا - برا کہنا ڈانٹنا
مَلَاہِی ع جمع ہی لہو کی کھیل کود - لہو - بازیان
ملائک / ملائکہ ع جمع ہی مَلَک کی فرشتے
مُلَائِم ع مناسب مجازاً نرم - فراہم

ہونے والا
ملائمت ع سازواری - مناسبت - دوچیز کو باہم جمع کرنا - مجازاً نرمی
مَلبس ع لباس پہنایا گیا - کپڑی پہنے ہوئے
ملبوسات ع جمع ہی ملبوسہ کی جامہاے پوشیدنی - پہننے کے کپڑے
مِلّت ع دین - مذہب گروہ شریعت
ملتجی ع پناہ ڈہونڈنے والا - التجا کرنے والا
ملتحم ع زخم انگور لایا ہوا - بھرا ہوا زخم جو سخت ہو گیا ہو جو خشک ہونے والا قریب ہو
ملتحی ع ڈاڑہی جسکی نکل آئی ہو
مُلتزم ع التزام کرنے والا - اپنے پر لازم پکڑنے والا - نام ایک مقام کا ہی نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبہ کی جہان دعا حاجتمندون کی قبول ہوتی ہی
مُلتَصِق ع ملا ہوا - لگا ہوا
ملتفت ع التفات کرنے والا

توجہ کرنے والا
مُلتقط ع چگنے والا - کسی شے کا چگنے والا
مُلتَقِم ع لقمہ کہانے والا
ملتقی ع جگہہ ملاقات کی - ملنے کی جگہہ
ملتمس ع التماس کرنے والا - عرض کرنے والا
مُلتوی ع دیر کرنے والا - لپٹنے والا
ملتہب ع آگ بہڑکی ہوئی - شعلہ بہڑکا ہو
ملجا ع جای پناہ - جہان پر آدمی اپنی جان بچانے کو جاکر قرار پکڑے
ملیچ ت غلولہ جسکو گوپن مین رکھہ کر کہیت مین پھینکا کرتے ہین اوسکو غُلّہ بھی کہتے ہین
مِلح ع نمک
مَلَح ع دونو بازوون سے اوڑنا پرندکا اسی سے لفظ ملاح بنا ہی جو کشتیبان کو کہتے ہین
مُلحِد ع راہ حق سے پھرنے والا - فاسق

بید ین

ملحق ع لگا ہوا - ملا ہوا

ملحوظ ع لحاظ کیا گیا - دیکھا گیا

ملخ ف ٹڈی

ملزم ع کسی کے ذمہ کوئی کام کرنیوالا - لازم اور واجب کرنے والا

ملزوم ع لازم کیا گیا

ملصق ع لگایا گیا - پیوستہ کیا گیا - قریب

ملعون ع لعنت کیا گیا - مردود

ملفوف ع لپیٹا ہوا - لفافہ کیا گیا

ملقب ع لقب دیا گیا - نام یا معنی وصفی دیا گیا

ملک ع بادشاہی - ایک دیس جو ایک بادشاہ کے ماتحت ہو

ملک ع فرشتہ - جمع دوت

ملک ع بادشاہ

ملک ع جاگیر - اسباب - مال -

ملک الموت ع وہ فرشتہ جو جان نکالتا ہی

ملکوت ع بادشاہی - پروردگاری - تصرف - عالم فرشتونکا - صوفیون کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہین

ملکہ ع مہارت - اور قوت جو علم یا ہنر کی انسان مین حاصل ہوجاتی ہی

ملکی ع منسوب ملک سے فرشتہ والی فرشتہ جیسی

ملکی ع ملک کا - ملک والا

ملل ع جمع ہی ملت کی مذاہب ادیان

ملمع ع روشن کیا گیا - درخشان - چمکول - اور وہ قسم اشعار کی جنمین ایک مصرعہ یا ایک بیت عربی اور ایک فارسی کی ہو

ملوث ع لتھڑا ہوا - آلودہ

ملوک ع جمع ہی ملک کی بادشاہ لوگ

ملول ع رنجیدہ - اوداس

ملوم ع ملامت کیا ہوا

ملہم ع الہام کرنے والا - دل پر کوئی بات ڈالنے والا یعنے خدا

ملہم ع الہام کیا گیا - القا کیا گیا - دل پر کوئی بات خدا کیطرف سے پڑی ہوئی

ملہوب ع شعلہ زن کی ہوئی آگ آگ بھڑکی ہوئی

ملہوف ع غمگین - مظلوم

ملی ع بھرا ہوا - پُر

ملیح ع نمکین - نمک آلودہ

ملین ع نرمی کرنے والا - تلیین کرنے والا - قبض دور کرنے والی دوا

ممّا ع اوس چیز سے

ممات ع موت - مرنا

مماثل ع ہم مثل - اوس جیسا

ممارست ع تجربہ کرنا - کوشش کرنا کسی کام مین مشق کرنا

ممالک ع جمع ملک کی

ممالیک ع جمع ہی مملوک کی - غلام - بندہ

ممتاز ع امتیاز دیا گیا - عزت دیا گیا

ممتثل ع ہمسر مثل کیا گیا

ممتد ع دراز کیا گیا - دراز

ممتلی ع بھرا ہوا - پُر

ممتنع ع روکا گیا - باز رکھا گیا

ممجد ع بزرگی دیا گیا - بزرگ

ممدد ع نام ایک درد کا ہی جس سے پٹھے بدن کے کھنچ جاتے ہین

ممدوح ع مدح کیا گیا - تعریف کیا گیا

ممد ع مدد کرنے والا

ممدود ع دراز کیا گیا - پھیلایا گیا

ممر ع جگہ گذرنے کی - راہ گذرنی کا - راہ - سبب مجازاً

ممزوج ع ملایا ہوا - آمیختہ شدہ

اورشراب جسمین پانی یاکچھ
ع ق ملا کر پیوین
ممسک ع چنگل مارنے والا-
بخیل- خرچ نہ کرنے والا
ممسوح ع مسح کیا گیا- سر یا
کسی عضو پر ہاتھ ملا گیا
ممشوط ع کنگہی کیا گیا
ممکن ع جو بات ہوسکے- جو
انہوت نہو
مملکت ع بادشاہت-
سلطنت- ملک
مملو ع بہرا ہوا- پُر
مملوک ع ملک- غلام
- بندہ
ممنوع ع منع کیا گیا- روکا گیا
ممنون ع احسان کیا گیا
ممہ ف عورت کی چھاتیان -
پستان- چوچی
ممہد ع تمہید کیا گیا- پہلے مطلب سے

وہ بات لکھی گئی جسپر مطلب کا سمجھنا
موقوف ہو- بچھایا گیا
ممیز ع تمیز کرنے والا- بُرے کو بھلے
سے اور نیک کو بد سے
من ع وہ شخص- کون شخص
من ف مین
مَن ف وزن ۴۰ سیر کا
مِن ع سے
مِن اَجَل ع واسطے- سبب
مناب ع جگھہ کھڑے ہونے کی
قائم مقام ہونا
منابر ع جمع ہی منبر کی وہ لکڑی
کی سیڑہی لگی ہوئی ایک جگھہ بیٹھنے
کی درمیان مسجدون کے
ہوتی ہی
منات ع نام ایک بت کا ہی
جسکو قبیلہ ہزیل اور خزاعہ
عرب مین پوجا کیا کرتے تھے
مناجات ع سرگوشی کرنا

کان مین بات کہنا مجازاً دعا کرنی خدا
کی جناب مین اسطور پر کہ اوسکو حاضر
جان کر جس طرح باتین کیا کرتے ہین
مناخ ع جگھہ بٹھلانے اونٹ کی اور
جگھہ خواب کی- جای آسودہ گی
مناخر ع جمع ہی منخر کی- نتھنے ناک
کے- ناک کے سوراخ
منادی ع ندا کیا گیا- پکارا گیا
مُنَادَمَت ع باہم ندیم ہونا ہم صحبت
ہونا- ہمنشینی
مُنَادِی ع ندا کرنے والا- پکارنے
والا- ڈہنڈہورا یا
منادیل ع جمع ہی مندیل
کی- رومال
منارہ- منار ع چراغدان- جای
نور- اونچا ستون خواہ اینٹ
کا ہو یا لکڑی کا
منازع ع جھگڑالو- جھگڑنے والا
منازعت ع باہم جھگڑا کرنا

منازل ع جمع ہی منزل کی-
جگھہ اوترنے کی- مکان
مناسب ع نسبت رکھنے والا
لگاو رکھنے والا
مناسبت ع باہم لگاو رکھنا
آپسمین نسبت رکھنا
مناشیر ع جمع ہی منشور کی
فرمان بادشاہی
مناص ع گریزگاہ- بھاگنا-
باز پس ہونا
مناصب ع جمع ہی منصب کی
جای بر پا ہونے کی- مجازاً رتبہ
عہدہ جلیل
مناصفہ ع باہم آدہون آدھ کر لینا
مناظرہ ع باہم بحث کرنا- باہم
نظر کرنا نیک مطلب نکالنے کی واسطے
مناع ع روک دے امر کا صیغہ ہی
اور ایک پہاڑ قبیلہ طی کا ہی
استوار اور محکم- اور بلند

مناع ع بازدارنده - بہت روکنے والا - اور نام ایک شخص کا ہی
مَنَاعَت ع نام شہر کا جو قبیلہ ہذیل کا عرب مین ہی - اور نام ایک پہاڑ کا ہی - استوار ہونا جگہہ کا - محکمی - استواری
مَنَاعِم ع جمع ہی نعمت کی
مُنَاعَمَت ع استوار کرنا - ناز و نعمت مین پالنا
مُنَاف ع نفی کرنے والا - ضد
منافات ع ایکدوسرے کو نفی کرنا - باہم ایکدوسرے کو نیست کرنا - ضد -
مَنَافِذ ع جمع ہی منفذ کی - جگہہ نفوذ کی - جگہہ جاری ہونے کی راہ
مُنَافِر ع نفرت کرنے والا
مُنَافَرَت ع باہم نفرت کرنا اور حاکم کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے ثابت کرنے حسب اور نسب کے جانا
منافع ع فائدہ دینے والا
منافق ع نفاق رکہنے والا - وہ شخص جسکے دل مین کچہہ اور ہو اور ظاہر اوسکے خلاف کرے
مناقب ع اوصاف حمیدہ جمع منقبت کی
مناقشہ ع جہگڑا - جہگڑا کرنا
مناقض ع توڑنے والا - مخالف
مناقضہ ع نقض کرنا - اعتراض باہم ایکدوسرے کی بات کو توڑنا - جہگڑا
مُنَاکَحَہ ع باہم نکاح ہونا - عورت و مرد کا نکاح
مناکیر ع ناشایستگیان - بد - اور قبیح باتین جمع ہی منکر کی
مناکب ع جمع ہی منکب کی مونڈہی - دوش

منال ع جای یافت - جگہہ حاصل ہونے کسی شے کی جیسا کہ اراضے - ملک - جاگیر - باغ - کہیتی - دوکان یہ سب جگہہ پیدا کی ہین انکو منال کہتے ہین
منام ع خوابگاہ - جای خفتن - سونے کی جگہہ - خواب - نیند
منامات ع جمع منام کی - خوابہا
مَنَّان ع بہت احسان کرنے والا - نیکوئی کرنے والا - مراد خدا
مناہج ع جمع ہی منہج کی راہ راست راہ کشادہ
مُنَاہَدَت ع ایکدوسرے کی طرف درمیان لڑائی کے قصد کرنا - انگلیونپر فال لینا - پانسہ کسی کے ہمراہ ڈالنا فال کے واسطے
مناہل ع جمع ہی منہل کی چشمے
مَنَاہِی ع جمع ہی منہی کی منع کی ہوئی چیز - غیر شرع - ناجائز باتین
منایا ع جمع ہی منیۃ کی موتین - مرگہا
مَنّت ع احسان - نیکوئی
مِنْبَر ع ایک سیڑہی بنی ہوئی مسجدون مین ہوتی ہی جسپر عالم لوگ بیٹہہ کر نصیحت کرتی ہین
منبت ع جائی روئیدگی - جگہہ اوگنے کی
منبع ع چشمہ جگہہ - نکلنے پانی کی - سوت -
مُنْبَعَث ع برانگیختہ کیا گیا
مِن بَعد ع اِسکے بعد
منبسط ع پہیلایا گیا - بچہایا گیا - مجازًا مسرور - خوشحال
مُنَبَّہ ع خبردار کیا گیا - مُنَبِّہ خبردار کرنے والا
منتہج ع راہ اختیار کرنے والا
منتج ع نتیجہ دینے والا
منتجع ع جا نگاہ آب و گیاہ

منتخب ع انتخاب کیا گیا۔ خلاصہ کیا گیا
منتزع ع کسی چیز مین سے کھینچکر نکالنے والا
منتسب ع نسبت رکھنے والا۔ لگاو رکھنے والا
منتسج ع بافتہ شدہ۔ بنا ہوا
منتسخ ع نسخہ گیرندہ۔ اور نسخہ خوانندہ
منتشر ع بکھرنے والا۔ پھیلنے والا پراگندہ
منتظم ع انتظام کرنے والا راست اور درست ہونے والا
منتصب ع عہدہ پانے والا۔ قائم ہونے والا کسی کام پر
منتضد ع اقامت کرنے والا کسی مکان پر ایکدوسرے پر چنا ہوا
منضم ع پیوستہ ہونے والا آمیختہ ہونے والا

منتفع ع فائدہ مند
منتفی ع نیست ہونے والا
منتقع ع بھیگا ہوا۔ ترشدہ
منتقل ع انتقال کرنے والا۔ ایک مکان سے دوسرے مکان مین چلے جانے والا
منتقم ع بدلا لینے والا۔ کینہ کشندہ از کسے
منتقی ع برگزیدہ
منتن ع بدبو دارشے۔ گندہ بدبو
منتہی ع انتہا کو پہونچنے والا
منثور ع دُر ناسفتہ۔ پراگندہ۔ نثر برخلاف نظم کے
منجر ع کشیدہ شوندہ۔ کھینچا گیا۔
منجس ع ناپاک کرنے والا
منجلاب ع جاے انداخت پانی خراب کی۔ چوبچہ
منجلی ع ظاہر۔ آشکارا۔ روشن

منجم ع نجومی۔ جوتشی
منجل ع درانتی گھاس کاٹنے کی
منجمد ع ٹھرا ہوا سردی سے۔ جما ہوا بسبب سردی کے
منجنیق ع ڈھیکلی۔ ایک آلہ ہی جسمین بڑے بڑے پتھر رکھکر قلعہ کی دیوار پر مارتے ہین تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے یہہ لفظ معرب ہی من چہ نیک کا چونکہ قلعہ گیری مین مفید ہی اسواسطے یہہ نام اسکا ہوا
منحوت ع تراشیدہ شدہ۔ تراشا گیا۔ چھیلا گیا
منحدر ع اوپر سے نیچے اوترنے والا
منحات ع رندہ کرنے کا اوزار بڑھئے کا رندہ
منحرف ع پھرا ہوا۔ خم کھایا ہوا۔ برگشتہ
منخر ع سوراخ ناک کا۔ سوراخ بینی

منخرین ع دو سوراخ بینی۔ ناک کی دو سوراخ
منخرق ع پھٹنے والا۔ دریدہ شوندہ
منخرم ع ناک کٹا ہوا۔ گوش سوراخ کردہ شدہ
منخل ع چھلنی آٹا چھانتے کی
مندف ع صاحب۔ والا
مندرج ع درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا
مندرس ع کہنہ۔ گھسا ہوا
مندفع ع دفع ہونے والا
مندمج ع ٹھسا ہوا۔ داخل شوندہ
مندمل ع گھاو بھرنے والا۔ زخم جو انگور کر لاوے
مندوب ع رویا گیا۔ نوحہ کیا گیا۔ ماتم کیا گیا۔ مجازاً مردہ
مندیل ع رومال۔ دستار پٹکا جو کمر مین باندھتے ہین
منزل ع مکان۔ گھر۔ جگہہ اوترنے کی
منزلت ع رتبہ۔ درجہ

مَنزُوع ع کھینچا گیا
منزوی ع گوشہ اختیار کرنے والا
گوشہ نشین
مُنزہ ع پاک - صاف
